مسٹر عبدالرازق خاں — جناب معزز وزیر امداد باھمی غصہ نہ فرمائیں۔ میں ان کو طریقہ بتاتا ھوں کہ اگر یہ فیصلہ کرلیا ھے تو وہ بل لاسکتے ھیں۔ کیا آپ اس چیز کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے بل لائیں گے اسمبلی میں؟

وزیر امداد باھمی — جناب والا۔ یہ ان کو غلط فہمی ھورھی ھے کہ میں غصہ کر رھا ھوں۔ معلوم نہیں **ان** کو کیسے **Impression** ھوجاتا ھے۔ میں تو عرض کر رھا ھوں (قطع کلام میاں) جناب اس لئے کہ یہ سوال کئی بار پوچھا جا چکا ھے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ بار بار پوچھنے کی کوئی وجہ ھونی چاھئے۔ میں پہلے عرض کر چکا ھوں کہ وہ تیار ھے۔ اگر اسمبلی میں آسکا تو اسمبلی میں لے آئیں گے۔

مسٹر حمزہ — جناب وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ھمیں یہاں دوبارہ سہ بارہ سوال پوچھنے کی ضرورت اس لئے محسوس ھوتی ھے کہ آپ ایوان میں مسودہ قانون پیش کرنے کے خیال کا اظہار کرتے ھیں لیکن لاتے نہیں۔ کیا آپ بتائیں گے کہ مسودہ قانون موجودہ سیشن میں پیش کریں گے یا نہیں؟

Mr. Speaker: He has already answered it.

SURVEY REPORT SUBMITTED BY INDUSTRIES DEPARTMENT

*6335. **Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi:** Will the Parliamentary Secretary, Industries, please refer to part (d) of the answer to my starred question No. 3441 given on the floor of the House on 28th June, 1963 and state whether the Survey Reports have since been received; if so, the details of the Survey report submitted by Industries Department in respect of backward areas?

Parliamentary Secretary (Haji Sardar Mehboob Ali Bhayo): Survey reports of the following Districts have been published and are placed on the table of the House:—

(1) Dera Ghazi Khan; †

(2) Hazara; †

(3) Mardan; †

Survey reports in respect of Kohat, D.I. Khan and Bannu have also been completed and are under print.

CREATION OF ACCOUNTANTS AT GENERAL JAILS OF FORMER N. W. F. P.

*6353. **Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi:** Will the Minister of Labour please refer to part (c) of the answer to my starred question No. 3738 given on the floor of the House on 5th July, 1963 and state:—

(a) whether the posts of Accountants in the Central Jails of the former N. W. F. P., area have since been created;

(b) if answer to (a) be in the negative, the present stage of the case?

پارلیمنٹری سیکریٹری (میاں غلام محمد احمد خاں مانیکا) — یہ سوال ہوم ڈیپارٹمنٹ سے متعلق ہے۔

NON-PAYMENT OF SALARIES TO EMPLOYEES OF GOVERNMENT WOOLEN TRAINING CENTRE, JARED, TEHSIL MANSEHRA.

*6374. **Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the employees in Government Woolen Training Centre, Jareed, Tehsil Mansehra, District Hazara have not so far received their salaries if so, reasons therefor;

---

† *Reports placed in the Assembly Library.*

(b) the names and pay-scales of the employees in the said Centre along with the dates since which each one of them has not received his salary?

Parliamentary Secretary (Haji Sardar Mehboob Ali Bhayo): The requisite information is being collected from the quarters concerned and will be supplied on the next turn.

GOVERNMENT EMPLOYEE'S UNIONS REGISTERED WITH LABOUR DEPARTMENT

***6400. Mr. Hamza**: Will the Minister of Labour be pleased to state the namber and names of Government empuoyee's unions registered with Maneka): The list is placed up to date?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka): The list is placed on the table.

LIST OF GOVERNMENT EMPLOYEES UNIONS

1. Government Printing Press Workers Union, Bahawalpur.
2. Punjab Government Printing Press Workers Union, Lahore.
3. Government of Pakistan Press Workers Union, Lahore.
4. Government Printing and Stationery Department Technical Workers Union, Peshawar.
5. Punjab Teachers Union, Lyallpur.
6. Anjuman-e-Laboratory Attendance Plant Surveyors Association, Chemical Section, Agriculture College, Lyallpur.
7. Pakistan Government Medical Stores Employees Union, Lahore.
8. Zarati Beldar Class IV Mulazmeen Association, Lyallpur.
9. Pakistan Agriculture Employees Union, Lahore.
10. Anjuman Ittehad Patwarian, Peshawar.
11. Forest Subordinate (Executive) Union, Abbotabad.
12. Anjuman Patwarien-i-Mal West Pakistan, Lahore.
13. All P.W. Railway Guards Association, Karachi.
14. Clerks Class I Association of PWR Accounts Department, Lahore.
15. Railway Servicemen Union, Lahore.
16. N.W.R. Booking Clerks Association, Lahore.

17. P.W.R. Inspectors Production Association, Lahore.
18. P.W. Railway Stores Union, Moghalpura, Lahore.
19. P.W. Railway Press Workers Union, Moghalpura, Lahore
20. United Union of P.W.R. Workers, Lahore.
21. United Union of P.W.R. (Workshops), Lahore.
22. Pakistan Railway Employees Union, Lahore.
23. Technically Trained Train Examiners Association, Lahore.
24. Railway Mazdoor Union (leni Staff), Lahore.
25. Railway Mazdoor Union (Workshops), Lahore.
26. P.W.R. Union, Garhi Shahoo, Lahore .
27. P.W.R. Union (Workshops), Garhi Shahoo, Lahore.
28. Pakistan Post & Telegraph Workers Union, Hyderabad.
29. West Pakistan Engineering Line Staff, Postman Lower Grade and Foreign Employees Union, Lahore.
30. Anjuman-i-Mint Mulazmeen, Lahore.
31. Government Hospital Employees Union, Lahore.
32. Anti-Malaria Staff Union, Lahore.
33. Government Health Employees Union, Distt. Bannu.
34. P.W.R. Employees Union, Karachi.
35. Karachi Railway Godis Labour Union, Karachi.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر صاحب سے دریافت کر تا ہوں کہ آیا آپ کے علم میں ہے کہ اس گورنمنٹ کا ایک محکمہ Government Employees union کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہے ؟

وزیر امداد باھمی و محنت (سید احمد نواز شاہ گردیزی) — اگر مجھے بتادیں تو میں معلوم کرلوں گا۔

مسٹر حمزہ — تجاھل عارفانہ کہوں یا کیا؟ مجھے ڈر ہے کہ وہ ناراض ہوں گے۔ ان کی لاعلمی سے .....

Mr. Speaker: What is the Supplementary question?

مسٹر حمزہ — ان کی لاعلمی انتہائی افسوس ناک ہے۔ جناب سپیکر کیا ان کے علم میں نہیں ہے کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے Hospital Employees union کے بارے میں جب میں نے سوال کیا یہ بتایا تھا کہ Government Employees یونین نہیں بنا سکتے۔ اور میں نے اس کے متعلق اس ایوان میں ایک Privilege Motion بھی پیش کی تھی اور جس دن یہ سوال اس ایوان میں پوچھا گیا اس دن وزیر صاحب بنفس نفیس موجود تھے اور میرے سوالات کے جواب میں حصہ لیتے رہے ہیں۔

Mr. Speaker: The Member should not make a spech.

مسٹر حمزہ — میں ان کو یہ بتا چکا ہوں کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ایک ایسا محکمہ ہے جس نے یہ اعتراض کیا ہے کہ اسکے ماتحت ملازمین (Employees) یونین نہیں بنا سکتے۔ بحیثیت ایک وزیر کے یا اس محکمہ کے قائد کے جس کا کام مزدوروں کے اور ملازمین کے مفاد کی حفاظت کرنا ہے.....

Mr. Speaker: No comments. The member may please put the supplementary.

مسٹر حمزہ — کیا یہ بات ان کے علم میں نہیں ہے؟ اور کیا اس کے بعد ان کا یہ فرض نہیں تھا کہ وہ اس محکمہ کو اس بات پر مجبور کرتے کہ وہ ان کی یونین کو باقاعدہ Recognise کرتا۔

وزیر امداد باہمی و محنت — جناب والا۔ اگر میں گذشتہ باتوں کا حوالہ دیتا ہوں تو ناراض ہوتے ہیں حمزہ صاحب۔ میں نے ذاتی طور پر اس میں حصہ نہیں لیا تھا لیکن اسوقت مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہ کونسی یونین کا کہنا چاہتے ہیں۔ مجھے یہ خیال تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اتنی common sense عطا فرمائی ہے کہ اتنی Discussion کے بعد اور اتنی ذاتی معلومات ہونے کے بعد پتہ نہیں وہ Cheap popularity کے لئے بار بار ایسی چیزیں لے آتے ہیں جبکہ ان کے علم میں ہوتا ہے کہ کوئی نا جائز چیز ایسی نہیں ہوئی۔ اور میں Request کرونگا پارلیمنٹری سیکرٹری سے کہ وہ وضاحت سے اس کے متعلق بتادیں۔

سردار محمد اشرف خاں (پارلیمنٹری سیکرٹری)— جناب والا۔ جہاں تک حمزہ صاحب کے سوال کا تعلق ہے اور اسی موضوع پر آپکو یاد ہوگا کہ وہ پریولیج موشن بھی لائے تھے اور اس کے جواب میں میں نے جتنی قانونی اور Constitutional پوزیشن تھی وہ جناب کی خدمت میں عرض کردی تھی اور جناب نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ یہ کوئی Breach of privilege نہیں ہے۔

اور Health Department تو اس یونین کو recognise نہیں کرتی۔ اس کے جواز میں ہم نے Constitution ۔ گورنمنٹ کے circular letters اور سب چیزیں اس ایوان کے سامنے پیش کی تھیں۔ لہذا اس سے اس تکرار کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

مسٹر حمزہ— جناب سپیکر۔ میں جناب وزیر صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ایک ہی حکومت کے دو محکمے جو ایک ہی آئین کے تحت کام کرتے ہوں۔ ایک ہی مسئلہ کے دو مختلف فیصلہ کرسکتے ہیں ؟ اگر کرسکتے ہیں تو کیسے ؟

وزیر صحت— جناب والا۔ در اصل بات یہ ہے کہ

سارے جہاں کا درد ان کے جگر میں ہے

ہم تو ایک رجسٹر کرنے والی ایجنسی ہیں۔ جب بھی کوئی قاعدے قانون کے تحت ہمارے پاس آتا ہے۔ ہم اس کو رجسٹر کردیتے ہیں۔

جہاں تک disciplinary action کا تعلق ہے۔ تو اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ ہر Mill-owner اور پرائیویٹ ادارے کو action لینے کا حق حاصل ہے۔ اسی طرح گورنمنٹ کے اداروں کو بھی action لینے کا حق حاصل ہے۔ اس سلسلے میں حکومت کی طرف سے Government Servants کی association بنانے کا جو آرڈیننس ۱۹۵۸ء میں پاس ہوا تھا۔ اس میں خاص ہدایات اور instructions دی گئی ہیں۔ تو اگر کوئی شخص

ان کی خلاف ورزی کرے تو حکومت یا پرائیویٹ اداروں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ان کو recognise نہ کریں۔

جہاں تک ان Unions کے واقعات کا تعلق ہے۔ وہ یہ ہیں کہ انہوں نے outsiders کو Office-bearers بنایا ہوا تھا۔ ان کے آپس میں جھگڑے تھے اور انہوں نے غلط قسم کے عہدیدار elect کئے۔ جس کی وجہ سے محکمے نے انہیں recognise نہ کیا۔ ہم اس میں کوئی دخل نہیں دے سکتے۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ میں نے اس ایوان میں ایک تحریک استحقاق پیش کی تھی۔ اور اس کا آپ کو بھی علم ہے۔ لیکن محکمہ متعلقہ کی طرف سے اس یونین کے خلاف محض یہ اعتراض اٹھایا گیا تھا کہ Government Servants ہوتے ہوئے یہ یونین form نہیں کرسکتے۔ بات صرف اتنی ہے۔

Mr. Speaker: That is a separate question.

یہ علیحدہ بات ہے کہ وہ قانونی طور پر ایک یونین بناسکتے ہیں یا نہیں بناسکتے۔ وہ یونین موجود ہے۔ in fact صورت حال یہ ہے کہ ایک یونین موجود تھی جسے Health Department نے بعد میں recognise نہیں کیا۔ اور اس بارے میں یہ finding دی تھی کہ وہ یونین بنا نہیں سکتے۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ عرض یہ ہے کہ جناب وزیر امداد باہمی و محنت نے یہ فرمایا ہے کہ انہوں نے قاعدے قانون کے مطابق ان کی یونین کو recognise کیا۔ اب یہ صورت حال کیسے پیدا ہوئی کہ ایک محکمہ کہتا ہے کہ ہم نے انہیں قاعدے قانون کے مطابق recognise کیا ہے۔ اور دوسرا محکمہ کہتا ہے کہ وہی قاعدہ قانون ان کو recognise کرنے میں مانع ہے۔

Mr. Speaker: The registration and recongnition are two separate things.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ انہوں نے کہا ہے کہ وہ بتا نہیں سکتے ۔

Mr. Spsaker : No more speech. The member may please take his seat.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ جہاں تک Labour Department کا تعلق ہے ۔ جو (employees) مزدوروں کی یونین بنانے میں مانع ہوں یا رکاوٹ بنیں ۔ محکمہ محنت کا فرض ہے کہ ان کے خلاف کارروائی کرے ۔ کیا اس محکمہ نے محکمہ صحت کے خلاف کوئی کارروائی کی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ اس بارے میں Ruling دیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ Ruling دیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ محکمہ صحت کی طرف سے یہ اعتراض کیا جا رہا ہے کہ سرکاری ملازمین یونین نہیں بناسکتے ۔

Mr. Speaker : This is no stage for a ruling. The member may put his supplementary question if he likes.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ جناب وزیر کو اس کا جواب دینا چاہیئے ۔

Mr. Speaker : This is up to him to answer the question or not.

وزیر محنت — جناب والا ۔ سوال یہ ہے کہ جب انہوں نے recoghise ہی نہیں کیا بلکہ انہوں نے ان کے خلاف charges لگائے ہیں ۔ تو اس میں ہم کیا کرسکتے ہیں ۔ اس کی تو یہی صورت ہوسکتی ہے کہ وہ یونین ہمیں approach کرے ۔

DIFFERENT KINDS OF CLAYS FOUND IN MOUNTAINS OF KHOSA AREA IN DISTRICT DERA GHAZI KHAN

*6402. **Sardar Muhammad Ramzan Khan Drishak:** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that different kinds of clays which are used in paints and colours for building purposes are found in the mountains of Khosa area in District Dera Ghazi Khan;

(b) wehther it is a fact that a special kind of stone is also found in the said mountains which can be used in manufacturing different kinds of stone products;

(c) whether it is a fact that the late Sardar Ghulam Haider Khan Khosa Tamandar got different kinds of clays (colours) dug out from the same mountain and also got some stone products manufactured;

(d) whether it is a fact that gypsum is available in the mountain Derah Kuha of Gurchani area;

(e) if answer to (a) to (d) above be in the affirmative, whether Government intend to take any steps for the utilization of the clays, and stone found therein?

پارلیمنٹری سیکریٹری (حاجی سردار محبوب علی بھائیو) — جناب والا ۔ اس سوال کا جواب موصول نہیں ہوا ۔ اس لئے next turn پر دیا جائیگا ۔

ESTABLISHMENT OF CEMENT FACTORY IN AREA OF DUMRA DUHAR OF PARAD CHAMKANI IN KURRAM AGENCY

*6459. **Malik Zaman Khan:** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased state:—

(a) whether it is a fact that gypsum is found in abundance in the area of Dumra Duhar of Parad Chamkani in Kurram Agency;

(b) whether it is a fact that there is an acute shortage of cement in the Country;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to set-up a cement factory in the above said area; if so, when?

Parliamentary Secretary (Haji Sardar Mehboob Ali Bhayo): (a) The required information is being obtained from the Geological Survey of Pakistan Department, Government of Pakistan.

(b) The demand of cement exceeds the present production. The position is expected to improve with the going into production of the cement factories now being set up at Gharibwal, Karachi and Hattar with a capacity of 3,60,000 tons and 1,80,000 tons respectively.

(c) No proposal for setting up a cement factory in the area in question is under consideration.

DIRTY WATER COMING OUT FROM THE NATIONAL AND FIRDAUS TANNERIES, SITUATED AT G.T. ROAD BETWEEN MURIDKE AND KALA SHAH KAKU

*6480. **Mr. Abdur Raziq Khan:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the dirty water coming out from the National and Firdaus Tanneries, situated at G. T. Road, between

Muridke and Kala Shah Kaku accumulates between the Railway track and the adjacent fields and gives such a bad odour that even the passengers in the passing trains cannot escape its nauscating effect;

(*b*) if answer to (*a*) above-be in the affirmative, whether Government intend to instruct the owners of the abovesaid tanneires to make some suitable arrangement for the drainage of the said dirty waters?

Parliamentary Secretary (Haji Sardar Mehboob Ali Bhayo): Sir, this question relates to the Health Department.

مسٹر عبدالرازق خان — جناب والا ۔ میرا سوال یہ ہے کہ National Firdaus Tanneries کا جو گندا پانی باہر آتا ہے ۔ اس کی بدبو اور سڑان سے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے ۔

Mr. Speaker: He says that it relates to the Health Department.

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) — یہ Industries جہاں لگائی گئی ہیں ۔ وہاں سے گندہ پانی نکل کر باہر نالی میں آتا ہے ۔ اس کی وجہ سے تکلیف ہوتی ہے ۔ تو میں با ادب عرض کرونگا کہ یہ ذمہ داری فیکٹری کے باہر محکمہ صحت کی ہوجاتی ہے ۔ کہ وہ صفائی کریں ۔ لہذا اب یہ ذمہ داری محکمہ صحت ۔ Local Body ۔ یا میونسپل کمیٹی کی ہوگی ۔ بہر صورت اس سے محکمہ صنعت و حرفت کا کوئی تعلق نہیں ۔

Mr. Speaker: Has it been transferred to the Health Department?

Minister of Law: It has been transferred to the Health Department.

Mr. Speaker: It will be answered on the next turn of the Health Department.

ESTABLISHMENT OF INDUSTRIES IN MURREE AND KAHUTA TEHSILS OF RAWALPINDI DISTRICT

***6506. Raja Ghulam Sarwar:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state whether the West Pakistan Industrial Development Corporation has established any Industry in Murree and Kahuta Tehsils of Rawalpindi District: if so, the details thereof and if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Haji Sardar Mehboob Ali Bhayo):—West Pakistan Industrial Development Corporation have not established any large scale industry in Muree and Kahuta Tehsils of Rawalpindi District because the basic requirements for establishing industry *viz.* suitable raw

materials skilled labour, power, easy transport facilities etc. are lacking in these areas.

راجہ غلام سرور — جناب والا ۔ انہوں نے اپنے جواب میں فرمایا ہے Has not established any large scale industry in Murree and Kahuta Tehsils. تو کیا میں یہ دریافت کرسکتا ہوں کہ آپ نے وہاں Small Scale پر کونسی Industry قائم کی ہے ۔ میں نے تو یہ پوچھا ہے کہ کوئی Industry قائم کی ہے ؟ آپ نے اپنے جواب میں فرمایا ہے کہ Large Scale پر نہیں کی ہے ۔ تو کیا Small Scale پر کی ہے ؟ اس کی ذرا وضاحت فرمادیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال مومن) — جناب والا ۔ میں معافی چاہتا ہوں ۔ آنریبل ممبر صحیح فرماتے ہیں ۔ یہ سوال general ہے ۔ اس میں Large Scale اور Small Scale دونوں Industries آجاتی ہیں ۔ اس میں Large Scale کے متعلق تو جواب دیا گیا ہے ۔ لیکن Small Scale کے متعلق درج نہیں ۔ لہذا میں معذرت کرتے ہوئے یہ عرض کرونگا کہ اگلی دفعہ اس کا جواب دیدیا جائیگا ۔

SECURITY OF ONE MEHDI HASSAN, SON OF ALI BAKHSH, CASTE SHEIKH FORMERLY SUB-INSPECTOR (CONSOLIDATION).

*6520. **Mr. Hamza:** Will the Minister of Co-operation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Assistant Registrar, Co-operative Societies, Lahore has received from the Government of East Punjab (India) the security of one Mehdi Hassan, son of Ali Bakhsh, caste Sheikh formerly Sub-Inspector (Consolidation);

(*b*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether the above-said security has been paid to the abovesaid Sub-Inspector; if not, reasons therefore and the time by which the said security will be paid to him?

Parliamentary Secretary (Arbab Muhammad Afzal Khan) :—(a) Yes. (*b*) The Security has not yet been paid due to non-availability of address and will be paid on receipt of formal application from him.

GRANT OF BIDI LEAVES LICENCE TO M/S DATTA AND HAZARA BIDI FACTORY, HARIPUR

*6553. **Mr. Sultan Muhammad Awan:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce please refer to answer to starred question No. 5702

laid on the table of the House on 10th March, 1964 and state:—

(*a*) whether it is a fact that Bidi Leaves licences are issued by the Chief Controller of Imports and Exports on the recommendations of the Industries Department;

(*b*) whether it is a fact that M/s. Datta and Hazara Bidi Factory, Haripur (District Hazara) submitted an application for the grant of Bidi leaves licence to the Industries Departmnet recently;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether the said application has been recommended by the said Department to the Chief Controller of Imports and Exports for the purpose; if so, the date of the recommendation; if not, reasons thereof;

(e) whether it is also a fact that no Import Licence for Bidi Leaves has been issued to the West Pakistan Industrial Development Corporation during the period from July-December, 1962, January-June, 1963 and July-December, 1963 ?

Parliamentary Secretary (Haji Sardar Mehboob Ali Bhayo): (a) Yes,

(*b*) *Yes.* On 27th February, 1964.

(*c*) The application has not been recommended to the Controller of Imports and Exports for the issue of import licence because the Chief Controller of Imports and Exports has not invited new applications for the grant of import licences from bidi factories after 1955.

(*d*) Yes, it is a fact that no import licence for bidi leaves has been issued to the W.P.I.D.C. during the shipping period July-December, 1962, January-June, 1963, and July-December, 1963.

خان اجون خان جدون — اس سے پہلے ایک سوال نمبر ۲۰۷ کے جواب میں یہ کہا گیا تھا کہ بلا واسطہ اجازہ یابی کے لئے یہ یونٹ چیف کنٹرولر آف امپورٹس اینڈ ایکسپورٹس کے پاس درج شدہ نہیں ہے۔ تاہم یہ بیڑی کے پتوں کا کوٹا مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کی چھوٹی صنعتوں کی ڈویژن لے رہی ہے۔

اب میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا PIDC کو بیڑی کے پتوں کا امپورٹ لائسنس ملتا ہے یا نہیں۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) :—

I will read a short note and I hope it will satisfy the Member.

"Prior to shipping periods July-December 1962, January-June 1963 and July-December, 1963, Government had issued the import licence of the

value of Rs. one lakh for the import of bidi leaves for distribution amongst the genuine quota holders borne on the list of the Director of Industries, West Pakistan, Lahore.

The Small Industries Division established a letter of credit in September, 1962, for the import of bidi leaves from India against this allocation of one lakh. This credit was valid upto 15th November, 1962, for the shipment of this material. Anyhow this consignment was got cleared sometimes in January, 1963 and its selling price was fixed in May, 1963, with the instructions to the Zonal Managers to commence the sale to its consumers. The distribution of bidi leaves therefore continued during the period July-December, 1963.

It is evident from the aforementioned text that this consignment of bidi leaves had covered all the three shipping periods under question during which no import licence was issued but the quotas of bidi leaves had been issued to the consumers.

خان اجون خان جدون — اس یونٹ کو کوٹا علیحدہ کیوں دیا نہیں گیا۔ یہ بھی ایک Recognized یونٹ تھا۔

وزیر قانون — جیسا کہ (سی) میں کہا گیا ہے۔ لائسنس دینا کنٹرولر امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کا کام ہے۔ وہ جسکو چاہے دے جس کو چاہے نہ دے۔ اس نے ۱۹۵۵ء کے بعد ابھی تک نئی درخواستیں نہیں مانگیں اور اس سے پہلے کے تمام Existing یونٹ کو باقاعدہ لائسنس دئے جارہے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم لائسنس نہ ملنے کی وجوہات بتائیں تو آپ نیا سوال بھیجیں ہم پتہ کرکے بتادیں گے۔

Syed Zafar Ali Shah: What is the method of distribution of this item to the retailers?

Mr. Speaker: He has explained that it is a central subject.

Minister of Law: The import licences are issued by the import and

Minister of Law: The import licences are issued by the Import and Export Department here which is under the Central Government.

Syed Zafar Ali Shah: What about its distribution? It is done by the Small Industries Corporation which is under the Provincial Government.

Minister of Law: Yes, it is done by the Small Industries Corporation which is under the Provincial Government.

Syed Zafar Ali Shah: What is the method of distribution?

Minister of Law: Put a separate and question and we will tell you.

خان اجون خان جدون - ہزارہ کی جو بیڑی فیکٹری ہے جب نئی درخواستیں طلب کی جائیں گی اور وہ بھی لائسنس کی درخواست دے تو کیا محکمہ انڈسٹری اس کی سفارش کرے گا۔

وزیر قانون - ہم پوچھ کر بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۵۵ع کے بعد اس یونٹ کو کیوں لائسنس نہیں دیا گیا۔ یہ ایک نیا سوال ہے۔ اگر صرف یہ بات ہے کہ نئی درخواستیں طلب کرنے پر یہ فیکٹری بھی درخواست دے تو کوئی وجہ نہیں کہ اسے Recommend نہ کیا جائے۔

EMPLOYEES WORKING IN VARIOUS CONCERNS RUN BY CO-OPERATIVE INVESTMENT AND MANAGEMENT AGENCIES IN RAWALPINDI DISTRICT

*6562. **Raja Ghulam Sarwar:** Will the Minister of Co-operatoin be pleased to state:—

(*a*) the number of employees working in the various concerns run by the Co-operative Investment and Management Agencies in Rawalpindi district;

(b) the number out of those mentioned in (a) above who belong to Kahuta and Murree tehsils?

Parliamentary Secretary (Arbab Muhammad Afzal Khan):—(a) 36.

(b) Kahuta Tehsil.....1

Murree Tehsil.....5

راجہ غلام سرور - کیا وزیر امداد باہمی ارشاد فرمائیں گے کہ ملازمت اختیار کرنے کا طریقہ کار کیا ہے۔

وزیر امداد باہمی (سید احمد نواز شاہ گردیزی) - لوگ درخواستیں بھیجتے ہیں اور ان کی سلیکشن ہوتی ہے۔

راجہ غلام سرور - آپ نے فرمایا ہے کہ ۳۶ ملازمتیں دی گئی ہیں ان میں سے مری کے لئے ایک اور کہوٹہ کے لئے ۵۔ اس لئے کہ یہ پس ماندہ علاقے ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ ان دو تحصیلوں کو صرف اتنی ہی ملازمتیں دی گئی ہیں۔

وزیر امداد باھمی — آپنے خود ھی فرمایا ھے کہ یہ پس ماندہ علاقے ھیں۔

راجہ غلام سرور — اس جواب سے بات نہیں ٹل سکتی۔ ان لوگوں کے پاس زمینیں کم ھیں۔ سوائے ملازمت کے ان لوگوں کے لئے کوئی اور گذارے کی صورت نہیں۔ میں وثوق سے کہہ سکتاھوں کہ کئی درخواستیں دی گئی ھیں۔ مگر ان کو ملازمت نہیں مل سکی۔

وزیر امداد باھمی — یہ ممکن ھوسکتا ھے جیسا کہ آنریبل ممبر نے فرمایا ھے۔ لیکن سوال یہ ھے کہ اس کے لئے کوئی کوٹا مقرر نہیں۔ اگر ہر وقت ھمارے نوٹس میں یہ بات آتی تو ھم ضرور کوشش کرتے۔ اب بھی اگر معزز ممبر بتائیں گے کہ کوئی زیادتی ھوئی ھے تو ھم ضرور اس پر ایکشن لیں گے۔

راجہ غلام سرور — میں نے یہ دریافت کیا ھے کہ طریق کار کیا ھے۔

وزیر امداد باھمی — وہ تو بتا دیا ھے اب اگر وہ یہ سمجھتے ھیں کہ کسی کے ساتھ زیادتی ھوئی ھے۔ تو ھمیں بتا دیں تاکہ مناسب کارروائی کی جاسکے۔

خان اجون خان جدون — جہاں کم ملازمتیں دی گئی ھیں۔ کیا وزیر صاحب تحقیقات کریں گے اور کوشش کریں گے کہ ان علاقوں کو آئندہ ترجیح دی جائے۔

وزیر امداد باھمی — اس کے لئے کوئی Basis ھونا چاھئے ھر آدمی کو ترجیح نہیں دے سکتے۔

Mr. Speaker: The Question Hour is over.

مسٹر نصراللہ خان خٹک — پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ میں اس اسمبلی میں دو سال سے بہ حیثیت ممبر بیٹھتا ھوں اور کئی بار Protest کر چکا ھوں کہ میرے نام کے ساتھ خٹک کو

کھٹک نہ لکھا کریں۔ یہ غلطی برقرار ہے اور جب ایجنڈا آتا ہے تو اس میں نصراللہ خان کھٹک لکھا ہوتا ہے۔ تعجب ہے کہ اتنی عظیم‌الشان قوم کا صحیح نام بھی نہیں آتا۔ شرم کرنا چاہئے۔ میں آپ کی وساطت سے اپیل کرتا ہوں کہ ایسی غلطی کو آئندہ کے لئے درست کیا جائے۔

Mr. Speaker: I assure the member that it will not be repeated.

QUESTION OF PRIVILEGE

RE-BREAKING OF QUORUM IN THE ASSEMBLY BY THE LAW MINISTER AND PARLIAMENTARY SECRETARIES ON 18TH MARCH, 1964.

Mr. Speaker: There is a question of privilege sought to be raised by Allaha Rehmatullah Arshad. The Member may as for leave of the House to raise it.

علامہ رحمت‌اللہ ارشد (بہاولپور۔ ۲) — میں تحریک استحقاق پیش کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ اس مسئلہ پر کل مورخہ ۱۸ مارچ ۱۹۶۴ء کو حکومت نے میرے غیرسرکاری بل قومی زبان کے پاس ہونے میں دانستہ رکاوٹ پیدا کی اور بعض وزرا غیر پارلیمانی پریکٹس کے ذریعہ نہایت ہی ناپسندیدہ انداز سے ایوان کا کورم توڑ کر قومی زبان ایسے اہم مسئلہ پر ایوان کو فیصلہ دینے میں رکاوٹ ثابت ہوئے۔

میں روزنامہ امروز لاہور مورخہ ۱۹-۳-۶۴ پیش کرتا ہوں۔ جس کے صفحہ ۴ پر ڈرامہ کے عنوان سے لے کر آخر کالم تک کارروائی ملاحظہ فرمائیں میں نے اس حصہ کو خط کشید کر دیا ہے۔ اس روداد میں حسب ذیل حصہ قابل ملاحظہ ہے۔

> ''اتنے میں وزیر قانون مسٹر غلام نبی میمن ایوان میں داخل ہوئے اور خواجہ محمد صفدر نے سپیکر سے شکایت کی کہ وزیر قانون اپنے پارٹی کے ارکان کو کورم توڑنے کے اشارے کر رہے ہیں۔ چند پارلیمانی سیکرٹری ایک صوفے سے دوسرے صوفے تک بھاگ دوڑ رہے تھے۔ اور سرگرمیاں جاری تھیں۔ سرکاری پارٹی کے ارکان ایک ایک کر کے ایوان سے باہر جانے لگے''

"چند ارکان اپنے ساتھیوں کو ایوان سے باہر لے جانے میں بدستور مصروف تھے اور حزب مخالف کے ارکان شور مچا رہے تھے دیکھ لیجئے۔ بل کو ملتوی کرنے کے لئے کورم توڑا جا رہا ہے۔ جب ایوان میں ارکان کی تعداد ۴۰ سے کم رہ گئی۔ تو سرکاری پارٹی کے نووارد رکن مسٹر احمد میاں سمرو نے سپیکر کو اطلاع دی کہ کورم نہیں ہے۔ گنتی کی گئی۔ کورم ٹوٹ چکا تھا"

جناب صدر۔ مسٹر غلام نبی میمن وزیر قانون کے اس طریق کار اور پارلیمانی سیکرٹریوں کی اس سرگرمی سے ایوان کا وقار بری طرح مجروح ہوا ہے اور شدید قسم کی استحقاق شکنی ہوئی ہے۔

جناب صدر۔ مجھے آپ کے توسط سے اس ایوان کے معزز ارکان سے یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ آزاد قوم کا مقننہ ان کی عزت اور وقار کی علامت ہوتی ہے اور قوانین کے ماخذ جہاں سے قانون بن کر پورے صوبہ پر حکم کرتا ہے۔ اور اگر اس کا وقار مجروح ہو جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس ایوان کے ساتھ اس قوم کی نمائندگی کے ساتھ اس صوبے کے ان لوگوں کے ساتھ جنہوں نے اس ایوان کے معزز اراکین کو اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا ہے بڑی ہی شدید قسم کی ناانصافی ہے۔ جو کچھ ۱۸—مارچ کو اس ایوان کے اندر ہوا مجھے اجازت دیجئےان الفاظ کے کہنے کی کہ اس کے سب سے بڑا گواہ آپ خود ہیں۔ اردو کو سرکاری زبان بنانے کا مسئلہ کسی ایک جماعت کا مسئلہ نہیں ہے اگر یہ بل پاس ہو جاتا مسودہ قانون پاس ہو جاتا تو مجھے یہ کہنے میں قطعاً تامل نہیں ہے کہ یہ Credit حکمران پارٹی کو ہوتا اس لئے کہ کوئی قانون ووٹوں کی اکثریت ہی سے پاس ہو سکتا ہے اور ووٹوں کی اکثریت ان کے پاس ہے ہمارے پاس نہیں ہے۔ اور یہی وجہ تھی کہ جناب یہ پورے صوبے کا مسئلہ تھا ایک ایسی قوم کا مسئلہ تھا جس نے اردو زبان کے نام پر ملک بنایا تھا۔ ایوان میں اس طرف سے اور حکمران جماعت کے معزز اراکین نے بھی بڑی وضاحت کے ساتھ غیر مبہم انداز میں بڑی سرگرمی

اور گرم جوشی کے ساتھ اس بل کا خیرمقدم کیا اور اس کی تائید کی اور اس کا بھی ہم سب کو اعتراف کر لینا چاہئیے کہ یہ قانون اس صوبے کے پڑھے لکھے لوگوں کی توجہات کا مرکز ہے جب صورت حال یہ ہو کہ ایوان کے ہر طرف سے اس بل کی تائید کی گئی جناب محمد یاسین خان صاحب وٹو وزیر تعلیم جب جواب دینے کے لئے کھڑے ہوئے تو انہیں نے صورت حال کا اس طرح جائزہ لگایا کہ ان کی جماعت کے اراکین بھی اس بل کی ہمنوائی کرنے لگے ہیں اور شاید یہ بل پاس ہو جائے چنانچہ انہوں نے قائد ایوان جناب شیخ مسعود صادق صاحب سے کمک کی درخواست کی اور شیخ مسعود صادق صاحب ایوان کے اندر تشریف لے آئے مختلف اراکین سے ملے آئین کی کتاب ان کے ہاتھ میں تھی۔ قائد اختلاف سے بھی ملے اور ادھر بھی ملے اور ادھر بھی ملے اور جب اس طرح بھی کوئی صورت نہ بنی تو آخر یہ سوچا گیا کہ ایوان کا کورم توڑ دیا جائے۔ اس اثناٗ میں محترم اور معزز وزیر صاحب غلام نبی میمن صاحب اس دروازے سے داخل ہوئے اور انہوں نے اراکین کو باہر آنے کے لئے اشارہ کیا اس وقت ہی جناب کے نوٹس میں قائد حزب اختلاف خواجہ صفدر صاحب نے یہ گذارش کردی تھی کہ وزیر قانون کورم توڑنے کے لئے کہہ رہے ہیں اسی لئے میں نے عرض کیا تھا کہ اس کے آپ سب سے بڑے گواہ ہیں۔ پھر جب میں یہاں بیٹھا ہوا تھا تو میرے معزز بھائی میاں شریف صاحب پارلیمنٹری سیکریٹری یہاں تشریف لائے۔ یہاں پر عبدالحق صاحب تشریف رکھتے تھے پچھلی سیٹ پر واجہ نادر خان صاحب تشریف رکھتے تھے انہوں نے کہا کہ شیخ مسعود صادق صاحب نے آپ کو طلب کیا ہے بل نہیں پاس ہونے دینا ہے کورم توڑنا ہے یہ الفاظ میں نے اپنے کانوں سے سنے ہیں۔ اس صورت حال سے جناب صدر میں سمجھتا ہوں کہ دو طرح سے استحقاق شکنی ہوئی ہے کسی مسودہ قانون کو پاس کرنا ہر ممبر کا حق ہے اور نارمل کورس میں ایوان کی کارروائیاں معروف انداز میں ایوان کے سامنے پیش ہونا یہ بھی معروف اور مسلمہ امر ہے۔ یہ ایوان کی مرضی ہے کہ

وہ جس قانون کو چاہے پاس کر دے اورجس قانون کو چاہے وہ مسترد کرد ے۔ ایک طرف کورم توڑ کر مجھے اس حق سے محروم رکھا گیا اور دوسری طرف دیدہ و دانستہ اور جان بوجھ کر عمداً اس ہاؤس کو کام کرنے سے منع کیا گیا روکا گیا کارروائی میں رکاوٹ ڈالی گئی اور نتیجہ یہ ہوا کہ وہ بل دوسرے غیرسرکاری دن پر ملتوی کیا گیا۔

اب جناب اس ایوان کا وقار کس انداز میں اور کس حد تک مجروح ہوا ہے میں نے نیشنل پریس کی کٹنگ جناب کی خدمت میں پیش کردی ہے اگر آپ اجازت دیں تو چند فقرے میں اخبار ''امروز'' سے بھی آپ کی خدمت میں پیش کر دوں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اخبارات نے اس ساری کارروائی کو ڈرامہ کے عنوان سے تعبیر کیا۔ جناب اس معزز صوبے کے بلند ترین ایوان کے متعلق یہ کہا گیا کہ یہ قانون سازی کی بجائے ایک ڈرامہ کھیلا گیا اور اس ڈرامہ کے ذریعہ ایک مسودہ قانون کی منظوری میں رکاوٹیں ڈالی گئیں یہ ساری جناب تفصیلات لکھی ہوئی ہیں۔

Mr. Speaker: Allama Sahib, it should be a short statement.

علامہ رحمت اللہ ارشد — میں صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ جتنی تفصیلات لکھی ہیں وہ تفصیلات بجائے خود یہ بات بتاتی ہیں کہ اس ایوان کا وقار کس بری حد تک مجروح ہوا اگر قانون سازی کا یہی حال ہے تو مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ اس ایوان سے اس صوبے کے لوگ کچھ زیادہ پرامید نہیں ہیں۔

حاجی عبدالمجید جتوئی — یہ پاکستان کے وفادار ہیں۔

علامہ رحمت اللہ ارشد — میں ہر شخص کو محب وطن سمجھتا ہوں مجھے کسی کی وفاداری میں شبہہ نہیں ہے۔ لیکن یہ جو طریقہ کار ہے یہ کسی مقننہ کے لئے قابل فخر نہیں ہو سکتا۔ یعنی اگر ہمیں کسی مسودہ قانون کی مخالفت کرنا ہے تو کھل کر کریں اور سامنے آکر مخالفت کریں میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ اگر یہ بل پاس ہو جاتا تو یہ کریڈٹ ان کو ہوتا اور یہ پاس نہ ہوتا تو یہ Discredit بھی

ان ھی کے کھاتہ میں لکھا جائے گا۔ میں نے ان حقائق جن کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرائی ھے کو آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ھے اور میں یہ عرض کرتا ھوں کہ اس مسودہ قانون کے ذریعہ یہ Breach of Privilege ھوا ھے۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir this motion involves many complicated questions and I would, therefore, crave the indulgence of the Chair to give me a little more time so that I should be very clear about this because some motions have been actually tabled in this House even in the past.

Sir the motion made by the member involves two things. First is the factual aspect and the other is the legal aspect. Now dealing with the factual aspect first, I would unhesitatingly admit much against the expectation of the member himself that I did come over here and actually desired Mr. Mir Muhammad, Member, to come out. The reason was that I was sitting in my room and I was informed that while Mr. Yasin Wattoo, the Education Minister, was on his legs and was making his respectful submission before the House on the Language Bill, there was some turmoil here in the House.

علامہ رحمت اللہ ارشد– پوائنٹ آف آرڈر جناب یہ فیصلہ فرماتے ھیں کہ اس پریولیج موشن کے لئے آپ وقت دیں گے تو پھر اسی دن کے لئے آپ اس کو ملتوی کر دیں یہ کیا کہ piece meal اور جستہ جستہ یہ فرمائیں آپ اگر ان کو موقع دینا چاھتے ھیں تو دے دیں اور آج اس کو postpone کر دیں۔

سپیکر – علامہ صاحب جو کچھ وہ بیان فرمانا چاھتے ھیں ان کو کہنے دیجئے۔

There is no harm in it.

Minister of Law : I don't request for time. I am arguing the motion with regard to admissibility. As I was respectfully submitting, I wanted to know from the member as what really happened in the House which had resulted in this uproar. He came out and told me the facts. In the meantime some members actually came out and I saw myself, that there was no quorum and the bells started ringing. I would submit that either the mover of this motion himself or the Leader of the Opposition or the reporter of this news-item, the paper whereof has been produced, will he be in a position to say that I did not utter a word in this connection, with which this privilege motion has been tabled, that the member should come out or induce others

or force others to come out and see that there is no quorum? I would submit that the evidence is still wanting. That evidence is not yet before the House. I frankly admit that I did call a member to know from him.....

علامہ رحمت اللہ ارشد – اس میں لکھا ہوا ہے کہ آپ نے اشارہ کیا۔

Minister of Law: My submission is that so far as the legal aspect of the motion is concerned it is two-fold. Firstly, according to the member himself this incident has taken place in the House on the 18th; on a day and at a time when the member was himself present in the House. Therefore, at the earliest possible opportunity, which is a sin quo non of the previlege motion like adjournment motion, this should have been brought before the House, that is on the 19th. The Speaker has been condoning the delay on the ground that the member who moved a motion has come to know about it in a paper but this will not apply here because here is a case where the member himself was fully and effectively aware of all the details relating to this motion as he himself was present in the House throughout as has been argued by him. Therefore, this motion not having been brought before the House yesterday cannot be considered because it has not been brought at the earliest possible opportunity.

Now, Sir, added to that, I would respecfully submit and very humbly request the Chair kindly to consider this question dispassionately and give a considered ruling on this issue because such incidents are likely to occure in this Assembly off and on. Occasions have arisen when on a particular motion or at the ruling of the Chair some of the members have actually left the House is protest or stage a walk-out at the suggestion and bidding of a member or the Leader of the Opposition. Supposing if at that time some work is on and they stage a walk-out with the result that the House falls short of quorum, can we say that because of this walk-out by some of the members which has resulted in the fall of quorum the business of the could not be transacted further and there has been a breach of privilege? I would submit that the breach of privilege of a member of the House will come in only when it is established that some particular member was forced against his wishes or that violence was used against him and he was forcibly driven out of the Assembly and was thus not permitted to exercise his right of being present in the House and participating in the deliberations or the debates of the Assembly. Till that is established there is nothing wrong if some of the members on account of protest or on account of feeling dis-interested in any particular measure or in any particular subject which being debated, leave the House of their own accord or at the suggestion of a friend or at the suggestion of anybody else.

Major Sultan Ahmed Khan: It is feared that the House is again not in quorum purposely and deliberately.

Mr. Speaker: Let there be a count. (*Count was taken*). There is no quorum in the House. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*)

Minister of Law: can be now complain that his motion could not be discussed and debated because the House was not in quorum and privilege has been breached?

Mr. Speaker: The House is in quorum now.

Minister of Law: I was submitting that merely because some members left of their own accord or at the suggestion of a Minister or a Parliamentary Secretary or, as a matter of fact, any other member with the result that the House fell short of quorum, assuming that is established by the evidence actually produced before the Chair even then I would submit that no breach of privilege of an individual member of the House occurs. It is the individual choice of the members to be here or not to be here. As I have said, and I repeat with all respect, that if there is any force used, of course, there is a breach of privilege because it is the privilege of every member to be here. But if he, at the suggestion of somebody or of his own accord, goes out, there will be no breach of privilege. These things are happening and if a ruling is given and if we all agree that this will be tantamount to the breach of a privilege. I am afraid all these walk-outs which have the sanction of at least parliamentary custom and convention will be stopped. Now, for example, tomorrow I cannot bring a motion on the plea that when I started adressing the House, those who were sitting here left the House and because I have been deprived of addressing the House there is a breach of my privilege. My submission is that both from the factual aspect as well as the legal angle there has been no breach of privilege. It cannot be tantamount to a breach of privilege. I would, therefore, request the Speaker to over-rule this motion.

Mr. Speaker: Does the Minister want more time?

Minister of Law: I have made my submission on the factual aspect. I have denied the motive that I actually persuaded a member or members to come out of the House.

Mr. Speaker: When the Minister started his speech, I think, he said that he wanted time.

Minister of Law: About my speech, Sir?

Mr. Speaker: Yes.

Minister of Law: No, Sir. I have placed the legal aspect before the House that these things do occur and, therefore, it does not amount to a breach of privilege.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔ ۱) — جناب والا۔ یہ انتہائی رنج دہ مسئلہ ہے۔ جو آج اس ایوان کے سامنے پیش ہوا ہے میرے محترم دوست جناب وزیر قانون نے اس مسئلے کو واقعاتی طور پر اور قانونی طور پر یعنی دو صورتوں میں اپنے حق میں ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ واقعاتی طور پر

جو کچھ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ وہ خود ایک معزز ممبر کو بلانے کی غرض سے تشریف لائے تھے۔ اور انہوں نے اشارہ کیا تھا۔ مجھے ان کی یہ وضاحت قبول کرنے میں تامل نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے۔ کہ وہ ایک معزز رکن کو کسی خاص وجہ سے جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے۔ بلانے کے لئے تشریف لائے ہوں۔ لیکن اس وقت میرا تاثر یہ تھا۔ اور میں نے بلند آواز سے آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول بھی کرائی تھی۔ کہ جناب وزیر قانون دروازے میں کھڑے ہو کر ممبروں کو بلا رہے ہیں۔ اس کے بعد میں نے مختلف پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے نام لے لیکر آپکی توجہ دلائی تھی۔ میں نے سردار احمد علی صاحب جو کہ پارلیمنٹری سیکرٹری تو نہیں ہیں۔ اور میرے بڑے اچھے دوست ہیں۔ ان کا نام لے کر کہا تھا۔ کہ وہ پچھلی نشستوں پر جا کر اس معزز ایوان کے معزز اراکین کو باہر لے جانے کی کوشش فرما رہے ہیں۔ یہاں تک کہ چند ایک دوستوں نے جو کہ اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں۔ باہر جانے سے انکار کیا۔ ان کی آواز بھی میں نے بھی سنی اور آپ نے بھی سنی تھی۔ اس لئے واقعاتی طور پر جو کچھ جناب میمن صاحب نے ارشاد فرمایا ہے۔ میں ذاتی طور پر تو ان کی وضاحت کو قبول کرتا ہوں۔ کہ وہ درست فرماتے ہیں۔ لیکن جو کچھ میری آنکھوں نے دیکھا ہے۔ اس کو کیسے جھٹلاؤں۔ اور جو کچھ آپ نے دیکھا تھا۔ وہی اس بات کی سب سے بڑی شہادت ہے۔ اور جہاں تک میرے محترم دوست نے اس کے قانونی پہلو پر روشنی ڈالنے کی سعی فرمائی ہے۔ تو اس کے متعلق میں یہی کہوں گا۔ کہ وہ سعی لاحاصل تھی۔ انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ یہ نقطہ استحقاق اس ایوان میں اولین فرصت میں نہیں اٹھایا گیا۔

اولین فرصت پرسوں کے بعد کل ہی ہو سکتی تھی۔ میرے محترم دوست جناب علامہ صاحب نے آپ کی خدمت میں یہ تحریک استحقاق تحریر کرنے کے بعد اور ضروری کاغذات کے ساتھ پیش کردی تھی۔

Mr. Speaker: Why was the notice not given before the start of the session?

خواجہ محمد صفدر — میرا جہاں تک خیال ہے، Recent سے یہ مراد نہیں ہوسکتی۔ ورنہ تو اس طرح ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ پرسوں جب کورم ٹوٹا تھا، اس کو زبانی طور پر Raise کر دینا چاہئے تھا۔

Mr. Speaker: The words are not "recent", but "at the earliest possible opportunity".

خواجہ محمد صفدر — Yes, sir. ۔ میرے سامنے ہے ۔ earliest possible opportunity سے مراد میری رائے میں Immediate نہیں ہے ۔

وزیر زراعت — کیوں؟

خواجہ محمد صفدر — یہ میری رائے ہے ۔ آپ اپنی رائے کا اظہار فرما سکتے ہیں ۔ اس سے مراد یہی ہے کہ ضروری کاغذات اکھٹے کریں اور اسے ضبط تحریر میں لائیں اور جو دوسرے ضروری عوامل ہیں، ان کو پورا کرنے کے لئے جو وقت درکار ہے ، وہ لیں ۔ مطلب یہ ہے کہ جو معزز رکن یہ نقطہ استحقاق اٹھانا چاہیں وہ دیر نہ کریں سستی نہ ہو ۔ اور کم سے کم جتنی ایک انسان میں اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے چستی ہونی چاہئے وہ ہو ۔ ورنہ earliest possible opportunity تو اس وقت تھی جب یہ اشارہ کر رہے تھے اور میں آپ کی توجہ دلا رہا تھا ۔ یہ earliest possible opportunity ہے اور میں نے آپ کی توجہ بھی دلا دی تھی ۔ اسوقت زبانی بھی Raise کر سکتا تھا ۔ جہاں تک یہ مسئلہ ہے، اس میں میرے خیال میں اتنی قوت نہیں ہے جیسا کہ وزیر قانون نے خود ہی زیادہ dilate نہیں کیا اور نہ اس پر زور دیا ہے ۔

وزیر قانون — میں نے کیا ہے ۔ اچھی طرح کیا ہے ۔

Khawaja Muhammad Safdar: Alright, you may do it again.

دوسری بات جس پر انہوں نے خصوصیت سے زور ڈالا ہے وہ یہ ہے کہ یہاں اس ایوان کی استحقاق شکنی اسوقت تک نہیں ہوسکتی جب تک کسی شخص کو مجبور کرکے ، اس کو پابند کرکے ، جبر کے ذریعہ زور کے ذریعہ اس کو اس ایوان میں داخل ہونے سے نہ روکا جائے ۔ یا اسے ایوان سے باہر نکال دیا جائے ۔ میں ان سے نہایت ادب سے اس مسئلہ

میں اختلاف کرتا ہوں۔ کیوں؟ دو طریقے ہیں۔ ایک کا نام ہے مجبوری اور دوسرے کا نام ہے ترغیب و تحریص ۔ قانون ان دونوں چیزوں کو قبول کرتا ہے ۔ کسی کو Persuade کرکے نکالا جائے، dissuade کرکے نکالا جائے، کسی کو مجبور کرکے نکالا جائے۔ یہ سارے طریقے جو ہیں یہ قانونی طور پر ۔ میرے محترم دوست بڑے فاضل وکیل ہیں اور جانتے ہیں کہ ایک شخص کو مثلاً اغوا کے کیس میں ایک شخص کو زبردستی اغوا کرکے موٹر میں ڈالا جا سکتا ہے اور ایک شخص کو صرف بہلا پھسلا کر اور persuade کرکے اسی موٹر میں لے جایا جا سکتا ہے۔

Minister of Agriculture: By fraud, deception otherwise not.

خواجہ محمد صفدر — جناب وہی میں عرض کر رہا ہوں۔

Minister of Agriculture: Prove that.

خواجہ محمد صفدر — اس وقت مسئلہ ۳۶۶ کو ثابت کرنے کا نہیں ہے جناب۔ اس وقت مسئلہ یہ ہے کہ اس ایوان سے کس طرح اراکین کو باہر رکھا جا سکتا ہے۔ انہیں اس طرح بھی ڈرایا جا سکتا ہے کہ دیکھئے صاحب ہم پارٹی کے لیڈر ہیں۔ پارٹی ڈسپلن کے ماتحت آپ کے خلاف Action لینگے اگر آپ ہمارے ساتھ اس مسئلہ میں Cooperate نہیں کریں گے۔ جو کچھ اس دن ہوا، اس میں شک نہیں کہ کسی کو زبردستی اٹھایا نہیں گیا لیکن persuade کیا گیا ہے۔ پارٹی کا واسطہ دیا گیا ہے کہ آئیے باہر آئیے۔ ہمارے دیکھتے دیکھتے سبھی باہر چلے گئے ما سوائے چند کے۔

Mr. Speaker: Any proof or mere presumptions?

خواجہ محمد صفدر — جناب یہ تو امر واقعہ ہے اور ہمارے سامنے ایک دوست دوسرے دوست کو persuade کر رہے تھے اور اس کو باہر لے جا رہے تھے اور آپ کے سامنے اس بنچ سے اٹھکر اس بنچ پر اور اور اس بنچ پر جا رہے تھے اور میں آپ کی توجہ دلا رہا تھا۔ اس

presumption کا اور ثبوت کیا ہے کہ آپ بھی دیکھ رہے تھے اور میں بھی دیکھ رہا تھا ۔ بات تو وہی ہے جو ہم نے دیکھی ہوئی ہے ۔ اس کے بعد بھی کسی ثبوت کی ضرورت ہو تو البتہ اور بات ہے ۔ اسلئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر — میں صرف اس کے متعلق عرض کر رہا تھا کہ پارٹی کا واسطہ دیکر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر — وہ تو جناب علامہ صاحب نے (اس وقت میرے محترم دوست میاں شریف تشریف نہیں رکھتے) علامہ صاحب نے آپ کے سامنے عرض کیا ہے کہ انہوں نے اپنے کانوں سے سنا ہے چند دوستوں کو جو کچھ وہ ارشاد فرما رہے تھے ۔

جناب والا ۔ دوسرا مسئلہ جو کہ وزیر قانون نے اٹھایا ہے ، وہ یہ ہے کہ ہر روز یہاں walk out بھی ہوتے ہیں ۔ ٹھیک ہے ۔ ہوتے ہیں ۔ اور یہ اپوزیشن کے استحقاقات میں سے ایک ہے کہ اپوزیشن آپکے رویہ کے خلاف یا کسی اور مسئلہ کے خلاف احتجاجاً walk out کرے ۔ میں نے رات بھتیرا تلاش کیا کہ سابقہ تاریخ میں سے یہ معلوم ہو کہ Majority party walk out کر گئی ہو ۔ لیکن مجھے افسوس ہے ایسا کوئی precedent نہیں مل سکا پارلیمانی تاریخ میں ۔ یہ precedent قائم کرنا، یہ تاریخ بنانا انہی کا حصہ ہے ۔ اس قسم کی تاریخ یہی بنا سکتے ہیں ۔ اس سے پہلے جو بزرگ ان بنچوں پر بیٹھا کرتے تھے، وہ نہیں بنا سکے ۔ اسلئے walk out سے متشابہ نہیں ہوسکتا جو کچھ اس دن ہوا ۔ walk out ایک پارلیمانی طریقہ ہے احتجاج کا ۔ وہ جائز ہے ۔ لیکن جو کچھ اس دن ہوا وہ آپ اپنے گریبانوں میں منہ ڈال کر دیکھیں کہ یہ walk out تھا احتجاجاً یا اس لئے کہ اس بل کو پاس نہیں ہونے دینا ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں درخواست کرتا ہوں کہ یہ تحریک بالکل in order ہے ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور - ۲) — جناب صدر - پہلی بات تو وزیر صاحب نے یہ ارشاد فرمائی کہ اس میں تاخیر روا رکھی گئی ہے - سب سے پہلے تو مجھے اس کی وضاحت پیش کرنی ہے - اٹھارہ تاریخ کو ڈیڑھ بجے دن کے اس ہاؤس سے فارغ ہوئے- چار ساڑھے چار بجے کے قریب میں نے اس تحریک کو لکھا - دوسرے دن صبح پیپلز میں میرے پاس نہ کوئی ٹائپ رائٹر ہے نہ منشی اور متصدی کہ جو اس کی دو دو تین تین کاپیاں بناتا - آتے ہی پونے نو بجے میں نے آپ کے ہاں سے اس کو ٹائپ کرایا - جب وہ ٹائپ ہوگیا تو ضروری کاغذات اس کے ساتھ شامل کرکے اسے آپ کی خدمت میں پیش کر دیا - اس میں تاخیر کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا -

باقی رہا کورم کے توڑنے کا سوال - اس میں صرف ایک لفظ کے ذریعہ آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ کورم اس ہاؤس میں ٹوٹتا رہتا ہے اور یقیناً اس ہاؤس کے لئے کوئی قابل فخر کارنامہ یہ نہیں ہے - ایک ہے کورم کا ٹوٹ جانا - دوسرا ہے دانستہ کورم کا توڑنا - ان دونوں میں یقینی طور پر فرق ہے - اور یہ تحریک استحقاق اسی بات پر مبنی ہے -

باقی رہا اس بات کا ثبوت کہ پارٹی کا واسطہ دیا گیا ہے، میرا خیال ہے جناب صدر کہ دنیا میں سب سے بڑی دلیل مشاہدہ ہے - اس سے بڑی دلیل دنیا میں کوئی نہیں ہو سکتی - اس وقت جناب اگر مجھ سے اس بات کا ثبوت مانگنا چاہیں کہ اس وقت آسمان پر آفتاب چمک رہا ہے، سورج چمک رہا ہے تو میں مشاہدہ ہی پیش کر سکتا ہوں - اس کے لئے کوئی اور ثبوت پیش نہیں کر سکتا کیونکہ :-

آفتاب آمد دلیل آفتاب

Mr. Speaker: I will give my ruling on the 26th.

ADJOURNMENT MOTIONS.

REFUSAL OF JHELUM DISTRICT AUTHORITOES TO DE-SEAL THE PREMISES OF DEFUNCT JAMAAT-E-ISLAMI, KHEWRA.

Mr. Speaker: The first adjournment motion No. 218 is from Rao Khurshid Ali Khan. That was sought to be moved on 17th March.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Orders have been issued for desealing.

Mr. Speaker: Does Rao Sahib press it?

Rao Khurshid Ali Khan: No, Sir.

Mr. Speaker: The motion is not pressed.

REFUSAL OF GUJRAT DISTRICT AUTHORITIES TO DE-SEAL THE OFFICE OF DEFUNCT JAMAAT-E-ISLAMI AT LALA MUSA.

Mr. Speaker: Next motion is also from Rao Khurshid Ali Khan. This was also sought to be moved on 17th March.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Orders have been issued on the 17th of March. Desealing has been effected.

Mr. Speaker: Does Rao Sahib press it?

Rao Khurshid Ali Khan: No, Sir.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

STOPPAGE OF REGULAR WATER SUPPLY IN ROHRI AND DAD DIVISION (SUKKUR BARRAGE)

Mr. Speaker: Next Motion, by Syed Zafar Ali Shah. This was sought to be moved on 17th.

Syed Zafar Ali Shah: I had not made a short statement on that motion. (*At this stage, Minister of Irrigation, Malik Qadir Bakhsh handed over a statement to Syed Zafar Ali Shah*)

Minister of Irrigation: You can read it.

Syed Zafar Ali Shah: It will be difficult to go through this statement at this stage. I know the facts and I would like to place them before the house. The fact is that it has become a regular feature. Every year the regular water supply is stopped. Now, when the crop is ripening the stoppage of regular water supply amounts to the destruction of crops and you can very well imagine how much dis-satisfaction and anxiety must be prevailing among the farmers and agriculturists on this account. The basic fact is that in the upper reaches of the river the distribution is made inproportionately. I think, somewhere in Bahawalpur the distribution is diturbed and it is not made proportionately: With the result that the Sukkur Barrage canals (perennial) always suffer. In seasonal cannals no credit goes to the Government because there is lot of water and they have nothing to do with except supply is to the respective canals otherwise the water will fall into the sea. But it is the perennial canals where the efficiency or inefficiency of the Government comes in picture. In Sind, in Sukkur Barrage on the left bank there are a few canals which are perennial and others are non-perennial (seasonal). It has become a regular feature that these perennial cannals get an irregular supply of water in these months and the crop is damaged.

Mr. Speaker: Since when the distribution of water has become unfair and irregular?

Syed Zafar Ali Shah: It started some weeks back. But now it has become very acute. I am not speaking about the starting of this irregular supply but the damage that has resulted due to this irregular supply. The shortage has now become so acute and persistent that it has damaged the crops.

Mr. Speker: The adjournment motion which the member wants to discuss is about the irregular water supply in Rohri and Dad Division and he says that it has been in process since weeks.

Syed Zafar Ali Shah: The damage caused due to it. The shortage can start at any time but the damage has been caused now.

Mr. Speaker: That is the result of a particular occurrance. In the adjournment motion you discuss an occurrence. The occurrence is the irregular distribution of water and that is a continuing process. How is it recent?

Syed Zafar Ali Shah: I may submit that the damage is recent. We are only concerned with the result of the occurrence. Both the things - occurrence and the result of the occurrence are dependent on each other. If I had moved this motion at the very outset when the shortage occurred I would not have been able to prove the damage.

Minister of Irrigation (Malik Qadir Bakhsh): Sir, it is opposed on the ground that it is not the damage, which my friend wants to discuss, but the action of the Government in stopping the regular supply of water. The motion is not definite. No date is given as to when the shortage started. Rather, he has himself said that it has become a regular feature. I agree with him that it has become a regular feature for the last one or two years because this is an act of God not mine.

(g) if answer to (a) to (f) above be in the affirmative, whether Government took any action against the Town Committee, Fort Abbas, for taking the charge of unserviceable water-works and also against the Engineers of both the abovementioned Departments;; who were responsible for the wastage of public money; if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Yes, however, canal water is available.

(b) Relates to Irrigation and Power Department.

(c) Relates to Irrigation and Power Department.

(d) Yes. The old works being 1½ miles away were not economical. The new scheme envisaged construction of water works close to the town. Old pipe-line was dismantled. Out of the useful material, part of it was re-used and credit given to the scheme for the remaining pipes.

(e) An estimate amounting to Rs. one lac was prepared which provided for Sand filters, collecting tanks, pump house and other relevant works. Against this estimate Rs. 50,000 were received as grant-in aid. All these works have been constructed.

(f) No. It is not a fact. All the work had been completed according to the provision in the estimate and the water works, etc. is in working order. The water works could not be put into operation as the Town Committee has not yet paid the annual maintenance charges for this year. The Chairman, Town Committee has been requested many a times during these 6 months to deposit maintenance funds, for the operation of water works but due to paucity of the funds, the Local Body has so far failed to deposit these in spite of repeated requests.

(g) The question does not arise. The works are in good working order. The Town Committee has not yet taken over the works for maintenance purposes and the Chairman has desired that that the Public Health Enginering Department may operate the scheme for some time.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی:- آپ نے (ب) اور (ج) کے جواب میں ارشاد فرمایا ہے کہ یہ محکمہ انہار کے پاس ہے۔ اور (د) میں کہا ہے کہ جو پائپ کام کا تھا وہ نکال لیا ہے۔ یہ آپ کو کیسے معلوم ہوگیا کہ کچھ پائپ کام کا تھا اور کچھ کام کا نہ تھا۔

Parliamentary Secretary: Sir, I think the member has not followed the point. The number had asked in part (b) 'whether it is a fact that in 1952 the Notified Area Committee, Fort Abbas, paid a sum of Rs. 75.000 to the Irrigation Department, Hakrah Division, Bahawalnagar, for a water-works scheme in the said town ?', and we have said that this question relates to the Irrigation Department.

Mr. Speaker: Has the Parliamentary Secretary finished the reply?

Parliamentary Secretary: Yes Sir.

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی– میں نے یہ کہا تھا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ یہ محکمہ انہار کے پاس ہے (ج) میں یہ دریافت کیا تھا کہ یہ درست ہے کہ ڈیڑھ میل لمبی پائپ لائین لگائی گئی اور اس پر ۰۰ ہزار روپیہ خرچ ہوا اس کے جواب میں آپ نے فرمایا کہ یہ Details ہمارے پاس نہیں ان کے پاس ہیں۔ بعد میں (د) کے جواب میں آج آپ نے تفصیلات دے دی ہیں اور کہا ہے کہ جو پائپ کا کام تھا وہ نکال لیا اور جو کام کا نہیں تھا وہ چھوڑ دیا۔ یہ Details آپ کو کہاں سے ملی ہیں۔

Parliamentary Secretary: This is very clear that question (b) and (c) pertain to the year 1952, and the work was done by the Irrigation Department, whereas the Public Health Engineering Department came into existence in 1961.

مسٹر سپیکر– عباسی صاحب نے پوچھا ہے کہ یہ details آپ کو کہاں سے ملی ہیں۔

Parliamentary Secretary: This work was done by the Public Health Engineering Department, which is a section of the Health Department. The Previous work was done by the Irrigation Department, and we have got no details of that.

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی– میں جناب کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ ۰۰ ہزار روپیہ ایک محکمہ نے ضائع کیا ہے۔ کیا آپ admit کرتے ہیں۔ کہ وہ پائپ محکمہ نہر نے وہاں بلا ضرورت لگایا تھا۔

Parliamentary Secretary: This pertains to the Irrigation Department as I have already said. The member can get the details from that Department.

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی– کیا وہ پائپ لائن آپ نے چوری کی تھی۔

Mr. Speaker: This is no supplementary.

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی– میں یہ پوچھ رہا ہوں کہ یہ پائپ لائن جو نکل رہی ہے وہ کس کی پراپرٹی ہے اور کس طرح انہوں نے نکالی تھی۔

Parliamentary Secretary: The member has used unparliamentary words. We have admitted that the work was done in 1952 by the Irrigation Department and we have not got details of that work. Those details can be had from the Irrigation Department. The Public Health Department took the work in hand in 1961 of which we have given the details.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — جناب والا - پارٹ (اے) میں یہ پوچھا گیا ہے کہ کیا یہ امر واقعہ ہے کہ فورٹ عباس شہر میں پانی کی قلت ہے جواب میں آپ نے کہا ہے (ہاں) نہری پانی دستیاب ہورہا ہے۔

اور (و) اور (ب) کے جواب میں لکھا ہے کہ ایک لاکھ ۲۰ ہزار روپے لگا کر ایک واٹر سپلائی سکیم مکمل کردی ہے تو کیا اس وقت تک گندہ پانی پی رہے ہیں -

Parliamentary Secretary: The works are complete but they could not be put into operation because the Town Committee, Fort Abbas, has failed to pay the maintenance and revenue charge of the scheme.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — جناب کیا آپ ایسی کمیٹیوں کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کے لئے تیار ہیں جن کی وجہ سے گندہ پانی لوگ پی رہے ہیں -

Parliamentary Secretary: We have got no concern with this question as it pertains to the Basic Democracies Department.

APPOINTMENT OF LADY HEALTH VISITORS IN HEALTH CENTRES, DISTRICT MULTAN

*6134. **Mr. Atta Hussain Khan Khakwani:** Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that District Council, Multan, approved the opening of Health Centre at Jhandwee-wah 136/10-R-5773/EB and Jalalpur Pirwala and constructed buildings for the said centres;

(b) whether it is a fact that the above said Health Centres have not started functioning so far;

(c) whether it is a fact that Government have not so far appointed Lady Health Visitors in the above said Health Centres;

(e) if answers to (b) and (c) above be in the affirmative, reasons therefor and the time by which Lady Health Visitors will be appointed there?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Yes. Buildings has been constructed at all places accept Jalalpur Pirwala.

(b) Yes.

(c) The Lady Health Visitors are to be appointed by the District Council as these Maternity and Child Welfare Centres have been started by the Local Body who will bear all the expenses in this connection.

(d) See replies in paragraphs (b) and (c) above.

ERADICATION OF MALARIA IN BAHAWALPUR DIVISION

***6154. Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) the amount of expenditure incurred during 1961-62 and 1963 under Malaria Eradication Scheme by the Public Health Department on purchasing medicines for each of three Districts of Rahimyar Khan, Bahawalpur and Bahawalnagar of Bahawalpur Division;

(b) whether Government have fully eradicated malaria in District Bahawalnagar; if not, reasons therefor and the action Government intend to take in this behalf;

(c) the number of places villages in Tehsil Fort Abbas visited along-working in Bahawalnagar District along with the extent of work done by the said staff in Tahsil Fort Abbas;

(d) the number of pleaces villages in Tehsil Fort Abbas visited along-with the number of people amongst whom medicines were distributed by the said staff?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) — (الف) صفر۔

(ب) تاحال نہیں۔ مالی سال رواں کے دوران میں انسداد ملیریا پروگرام کو صرف ضلع بہاولنگر تک ہی پھیلایا گیا ہے۔ ضلع میں ابتدائی تیاریاں مکمل کی جارہی ہیں اور چھڑکاؤ کے مرحلے کو جولائی ۱۹۶۴ء تک میں شروع کیا جائیگا جو بعد ازاں لگاتار چار سال تک جاری رہے گا۔

(ج) ضلع بہاول نگر میں صوبائی حکومت کی طرف سے انسداد ملیریا کا کوئی یونٹ کام نہیں کر رہا ہے۔ انسداد ملیریا کے عملے کی فہرست منسلکہ ضمیمہ ''و،، میں دی گئی ہے۔

(د) سوال پیدا نہیں ہوتا۔

ضمیمہ (و)

فہرست سٹاف :-

(۱) ڈسٹرکٹ ملیریا ایراڈیکیشن آفیسر بہاول نگر	۱
(۲) ماٹیکروسکوپٹمس	۱۰
(۳) انسیکٹ کلکٹرز	۴
(۴) لیبارٹری اٹینڈینٹس	۲
(۵) ملیریا سپرنٹنڈنٹ	۱
(۶) ہیلتھ ایجوکیٹر	۱
(۷) ڈرافٹسمین	۱
(۸) ملیریا انسپکٹر/اسسٹنٹ ملیریا انسپکٹرز	۲۰
(۹) ملیریا سپروائزرز	۲۰
(۱۰) ایڈمنسٹریٹو آفیسر	۱
(۱۱) اکاؤنٹنٹ	۱
(۱۲) سینئر کلرکس	۳
(۱۳) جونیئر کلرک	۱
(۱۴) سٹور کیپر	۱
(۱۵) سینئر موٹر مکینک	۱
(۱۶) ڈرائیورز	۱۰
(۱۷) چپراسی	۲
(۱۸) خاکروب	۱
(۱۹) گارڈ	۲

AMOUNT SPENT ON PUBLIC HEALTH IN BAHAWALNAGAR DISTRICT

*6155. **Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) the total amount spent by the Government on public health in Bahawalnagar Districts from the year 1961 to 1963;

(b) the number of Hospitals functioning in the said district alongwith the names of hospitals wherein qualified doctors have been posted and the number of those hospitals where Dispensers are holding charge of the hospitals;

(c) number of Health Centres functioning in the said Districts;

(d) number of Health Centres to be opened in the said District for which Government have accorded its approval;

(e) the likely date by which the Health Centre referred to in (d) above will start functioning, their location and the expenditure likely to be incurred thereon;

(f) number of Child and Maternity Centres functioning in Bahawalnagar District at present;

(g) whether sanction has been given for the establishment of some new Child and Maternity Centres in the current year; if so, the names of the places where these will be located;

(h) whether it is a fact that Civil Hospital, Fort Abbas is situated in an old small building;

(i) whether any amount has been earmarked for the extension of the Civil Hospital Fort Abbas, if so, the amount so allocated and the date by which Government intend to undertake extension of the building of the said Hospital ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)— (الف) ۴۶,۱۳۶ روپے۔

(ب) (i) چار۔

(ii) ۱۔ ضلع ہیڈ کوارٹر ہسپتال بہاولنگر۔

۲۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چشتیاں۔

۳۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ہارون آباد۔

۴۔ ٹاؤن کمیٹی ہسپتال منڈی صادق گنج۔

(iii) کوئی ہسپتال کسی ڈسپنسری کی نگرانی میں نہیں ہے۔

(ج) صفر۔

(د) ایک۔

(ہ) سال ۶۵—۱۹۶۴ع کے دوران منڈی صادق گنج میں تقریباً ۳۶۷۳ لاکھ روپے کے صرف سرمایہ اور تقریباً ۷۰ ہزار سالانہ متوالی خرچ پر۔

(و) چار۔

(ز) (i) صفر۔

(ii) یہ سوال پیدا نہیں ہوتا۔

(ح) جی ہاں۔

(ط) (i) جی ہاں۔

(ii) ۱۶۰ لاکھ روپے۔

(iii) محکمہ عمارات وشارعات کی جانب سے فنی منظوری حاصل ہوتے ہی اس عمارت کی توسیع کا کام شروع کیا جائے گا۔ توقع ہے کہ یہ توسیعی کام مالی سال رواں کے دوران مکمل ہوجائے گا۔

DEVELOPMENT SCHEMES OF THE HEALTH DEPARTMENT FOR THE FORMER N.-W. F.P.

*6165. **Master Khan Gul:** Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) the names of Development schemes of the Health Department for the former N.W.F.P. area included in Second Five-Year Plan along with the estimated costs;

(b) the details of the total expenditure incurred on said schemes;

(c) the names of the schemes out of these mentioned in (a) above which (i) have been completed so far and (ii) which are still under implementation;

(d) the names of schemes, out of those mentioned in (a) above which pertained to Kohat District?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) List "Appendix I" *gives the required information.

(b) List "Appendix II" *gives the required information.

(c) List Appendix III (i) and III (ii) *give the required detail under (i) and (ii), respectively.

(d) List "Appendix IV" *gives the required detail.

ماسٹر خان گل– میرے سوال کے جواب میں سابق صوبہ سرحد کے لئے جو رقم میزان کے طور پر بنتی ہے وہ ۲- کروڑ ۱۴- لاکھ ۱۴- ہزار چارسو ۴۰- ہے میں نے پوچھا ہے کہ ان میں سے کتنی سکیمیں مکمل ہوگئی ہیں تو انکی فہرست کا میزان ہے ۱۷- لاکھ ۷۲- ہزار ۶۰- روپے ہے باقی جو رقم بچتی ہے وہ ۲- کروڑ ۲۳- لاکھ ۸۹- ہزار تین سو ۸۰- روپے ہے تو چار سال گذرنے کے بعد صرف ۱۷- لاکھ روپیہ کا کام ہوا ہے- اور ۲- کروڑ ۲۳- لاکھ ۸۹- ہزار تین سو ۸۰- روپے بقایا ہیں تو اسکی کیا وجہ ہے-

Parliamentary Secretary : This is a phased programme and all schemes are under consideration.

ماسٹر خان گل– جناب آپ اردو میں کہئے تو میں سمجھوں-

پارلیمنٹری سیکریٹری– جناب یہ ایک Phased پروگرام ہے جسکے تحت یہ کام چل رہے ہیں اور جسکے تحت یہ رقومات مقرر کی گئی ہیں جہاں تک ان تمام سکیموں کا تعلق ہے ان سب پر کام ہو رہا ہے- اور امید ہے کہ جلد ختم ہو جائیگا-

---

*Please see *Appendix I at the end.*

ماسٹر خان گل – یہ بات صاف ہے کہ ۴- سال ہوئے اور ۱۷- لاکھ روپے خرچ ہوئے ہیں اور ۲- کروڑ ۲۳- لاکھ ۸۹- ہزار تین سو ۸۰- روپے کی رقم بچائی گئی ہے ہم سے یہاں تو یہ کہا جاتا ہے کہ تم کو دولت دے رہے ہیں لیکن ۲- کروڑ ۲۳- لاکھ روپے بچ گئے ہیں اور چار سال میں صرف ۱۷- لاکھ روپے خرچ کئے گئے ہیں۔

Mr. Speaker: No lengthy speech.

SUPPLY OF DRINKING WATER TO FORT ABBAS TOWN

*6193. **Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that no arrangements exist in Fort Abbas Town for the supply of drinking water and the people of the said town have to use dirty water for drinking purposes;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether Government intend to make arrangements for the supply of hygienically pure drinking water to the people of the said town?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (a) Yes. The filtered clean water could not be supplied to the residents of Fort Abbas as the Town Committee has not deposited the maintenance charges for running the completed water works. However, P.H.E. Department has prepared a scheme for laying distribution main from the water works to the town at an estimated cost of Rs. 18,000 and as soon as the funds are allocated and the scheme approved; the work of laying the main will be executed.

(b) Yes. As soon as the Town Committee deposits the funds for operating the water works the hygienically fit drinking water will be supplied.

چودھری محمد علی – جناب والا واٹر ورکس کی تعمیر پر ڈیڑھ لاکھ روپیہ خرچ ہوچکا ہے اگر اسکو چالو نہیں کرنا تھا تو اسکو تعمیر کیوں کیا گیا۔

Parliamentary Secretary: The running of water works is not the responsibility of the Public Health Department. This is the responsibility of the Town Committee itself. If the member is keen to get the details he should ask from the Basic Democracies Department.

سردار عنایت الرحمان خان عباسی– کیا پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب اس امر کا اعتراف کرنے کے لئے تیار ہیں کہ یہ معاملہ بینک ڈیما کریٹس کے پاس آجائے تاکہ وہ کورٹ آف وارڈس کی کمیٹیوں کے خلاف اقدام کرے۔

Parliamentary Secretary: I have already said that we have got no connection with this affair.

PROVIDING OF MEDICAL FACILITIES TO PEOPLE OF AREA STRETCHING FROM WESTERN SIDE OF QADIRABAD TOWN IN TEHSIL PHALIA, DISTRICT GUJRAT

*6268. **Chaudhri Sai Muhammad:** Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that there is no Civil or Veterinary Hospital within the 25 square miles water-logged area, stretching from the Western side of Qadirabad Town in Tehsil Phalia, District Gujrat alongside the river to the Western side of village Phatowala, Tehsil Phalia;

(b) whether it is also a fact that in the absence of the said hospitals people of the above said area are experiencing great hardship and always remain exposed to fatal diseases;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, reasons for neglecting the abovesaid area and whether Government inten to provide medical facilities to the people of the said areas?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) — (الف) جی ہاں۔ سول ہسپتالوں کی صورت میں۔ باقی دوسرے بیطاری شفاخانوں کے ساتھ محکمہ صحت کا کوئی سروکار نہیں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) سوال کے پہلے حصے کا جواب یہ ہے کہ اس علاقے کو نظرانداز نہیں کیا گیا ہے اور سوال کے دوسرے حصے کا جواب اثبات میں ہے۔

چودھری سعی محمد– میرے پاس الف کے جواب میں کہا گیا ہے "جی ہاں" .....

Parlimentary Secretar: The member has asked.....

Mr. Speaker: The Parliamentary Secretary may please resume his seat and let the member put his supplementary.

چودھری سعی محمد — میں نے سوال کیا ہے کہ کیا آپ ۲۰- میل لمبے دریا کے کنارے پر ہسپتال کھولنے کیلئے تیار ہیں تو انہیں نے فرمایا (جی ہاں) (ب) میں فرماتے ہیں (جی نہیں) تو مجھے یہ نہیں معلوم ہوسکا کہ ہاں اور جی نہیں کس میں فرما رہے ہیں کیونکہ صرف ایک صفر کا فرق ہے۔

پارلیمنٹری سکریٹری — جناب والا جہانتک میرا خیال ہے۔ معزز ممبر اپنے سوال کو خود نہیں سمجھ رہے ہیں۔ سوال کا پہلا جزو یہ ہے کہ ...

"(a) Whether it is a fact that there is no Civil or Veterinary Hospital within the 25 square miles water-logged area....."

تو جہانتک سول ہسپتال کا تعلق ہے۔ ہم نے جواب دیدیا ہے۔ جہانتک ویٹرنری ہسپتال کا تعلق ہے.....

We have got no connection with that.

Part (b) of the question is:

"Whether it is also fact that in the absence of the said hospitals people of the above said area are experiencing great hardship....."

We have said 'No'.

چودھری سعی محمد — میں نے یہ عرض کیا ہے۔ کہ وہاں جو پچیس میل لمبا دریا کا کنارہ ہے۔ کیا وہاں کے باشندوں کو دوائیوں کی ضرورت ہے۔ کیا وہاں ہسپتال کھولنے کی ضرورت ہے۔ اور آپ ہسپتال کھولنے کے لئے تیار ہیں۔

Parliamentary Secretary: This is a new question.

اسکے متعلق ہم نے detail دیدی ہے۔ کہ جہانتک سول ہسپتال کا تعلق ہے۔ دوائیوں کی قلت نہیں ہے۔ اور کوئی خاص تکلیف اس سلسلے میں نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Next Question.

DEVELOPMENT IN THE AREAS OF LORA, NARA, BAKOT AND BOI IN TEHSIL ABBOTTABAD

*6327. **Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi:** Will the Minister of Health please refer to part (b) and (c) of the answer to my starred question No. 2621 given by the Parilemntary Secretary, Planning Development in the House on 15th April 1963 and state:—

(a) the date on which the construction of the dispensary at Boi was completed and whether it has started functioning; if not, reasons therefor;

(b) the details of development schemes relating to Health Department included in the Third Five-Year Plan for implementation in the areas of Lora, Nara, Bakot and Boi in Tehsil Abbottabad?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)۔

(الف) (۱) ۲۶—۱۲—۱۹۶۱ء۔

(۲) جی نہیں۔

(۳) جیسا کہ رکن ھذا صوبائی اسمبلی کے اسمبلی سوال نمبر ۳۴۳۰ کے جواب میں بیان کیا جا چکا ھے ضلع کونسل نے یہ ڈسپنسری حکومت کی منظوری ما قبل حاصل کئے بغیر بلکہ حکومت کے محکمہ صحت کے مشورے کے بغیر تعمیر کی تھی۔

(ب) ناظم خدمات صحت نے تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں بکوٹ کے مقام پر ایک دیہی مرکز صحت قائم کرنے اور نارا کے مقام پر ایک سول ڈسپنسری کی عمارت تعمیر کرنے کی تجویز کی ھے۔

سردار عنایت الرحمان خان عباسی — جناب والا۔ آپ نے یہ ارشاد فرمایا ھے۔ کہ یہ ڈسپنسری سنہ ۱۹۶۱ میں تعمیر کی گئی ھے۔ تو میں آپکی یاد تازہ کرنے کیلئے یہ عرض کردوں۔ کہ بیس ہزار آپ نے اس پر خرچ کیا ھے۔ اور آپ نے جواب کے تیسرے حصے میں اب یہ فرمایا ھے۔ کہ ڈسٹرکٹ کونسل نے آپکی منظوری کے بغیر چونکہ یہ ڈسپنسری تعمیر کی ھے۔ اس لئے وھاں آپ نے کوئی ھسپتال نہیں دیا تو کیا میں آپ سے یہ پوچھ سکتا ھوں۔ کہ بیس ہزار

روپیہ یہاں پبلک فنڈ کا involve ہوا ہے۔ اور تین سال گذر چکے ہیں۔ تو اسکی ذمہ داری کس کے سر ہے۔

پارلیمنٹری سیکریٹری — میرا جواب بالکل واضح ہے۔ کہ یہ ڈسپنسری ڈسٹرکٹ کونسل نے تعمیر کی ہے۔ اور صوبائی حکومت کو اسکی کوئی اطلاع نہیں دی گئی۔ اور اس ڈسپنسری کو چلانا اور اسکو دوائیاں مہیا کرنا اس ڈسٹرکٹ کونسل کی ذمہ داری ہے۔ لیکن ابھی تک اس ڈسٹرکٹ کونسل کی طرف سے حکومت کو کوئی request موصول نہیں ہوئی۔

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی — کیا میری اطلاع کو قبول کرتے ہوئے آپ یہ ارشاد فرما سکتے ہیں۔ کہ آپ وہاں ڈسپنسری کھولنے کے لئے تیار ہیں۔

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) — اس کے متعلق میں اپنے فاضل ممبر کو بتانا چاہتی ہوں۔ کہ لورا میں already ایک رورل ہیلتھ سینٹر اور جبری میں ایک سب سینٹر کام کر رہے ہیں۔

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی — میں تو بوئی کے متعلق کہہ رہا ہوں۔

وزیر صحت— اسکے متعلق میں یہ عرض کرتی ہوں۔ کہ جیسا کہ میں نے بتایا ہے۔ کہ ہلیتھ سینٹر ڈسٹرکٹ کونسل کا بنایا ہوا ہے۔ اور اس میں گورنمنٹ کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہ ہمیں اکھٹکر بھیجیں اور باقاعدہ طور پر منظوری لیں۔ تو پھر ہم اس پر غور کرسکتے ہیں۔ لیکن چونکہ اب یہ تیار ہوگیا ہے۔ اس لئے ہم نے پشاور کے ڈائریکٹر آف ہیلتھ سروسز کو کہا ہے کہ وہ ہمیں اسکے متعلق معلومات بہم پہنچائیں۔ اور وہاں سٹاف مہیا کریں۔ وہاں کوارٹر بھی نہیں ہیں۔ اس لئے بھی وہاں تکلیف ہے۔ ہم نے ڈائریکٹر کو کہا ہے۔

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی — میں بیگم صاحبہ صرف اتنی عرض کرونگا کہ آپ ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز پشاور سے یہ بھی پوچھ لیں۔ کہ وہ کیا وجوہات ہیں کہ ۱۹۶۱ع کے بعد ایسے مقامات پر ڈسپنسریاں کھولی گئی ہیں۔ جہاں پر عمارتیں نہیں تھیں۔ لیکن یہاں پر تو بیس ہزار روپے حکومت نے اپنے فنڈ سے لگایا ہے۔ تو کیا وجہ ہے کہ یہاں پر ڈسپنسری نہیں کھولی جا رہی ہے۔

Mr. Speaker: This is a suggestion for action.

ماسٹر خان گل — اگر کوئی ڈسٹرکٹ کونسل یا کوئی اور ادارہ اس قسم کی بیس ہزار روپے کی رقم یا کم و بیش رقم ضایع کرے۔ جیسا کہ اس سوال سے معلوم ہوتا ہے۔ تو کیا حکومت اسکے متعلق باز پرس کرنے کے لئے تیار ہے۔

وزیر صحت — اس کے متعلق یہ عرض ہے۔ کہ صرف عمارت بنانا کافی نہیں ہے۔ بلکہ ہمیں recurring expenditure بھی دیکھنا ہوتا ہے۔ اسکے پلان کے متعلق فنانس ڈیپارٹمنٹ جتنے پیسے دے۔ اسے دیکھنا ہوتا ہے۔ خالی عمارت بناکر آپ یہ کہیں۔ کہ یہ بنا دیا جائے تو حکومت جبتک ان سے مشورہ نہ کرے۔ کہ وہ اسکے اخراجات پورے کرسکتا ہے یا نہیں۔

خان اجون خان جدون — یہ جو ڈسپنسری وغیرہ جو ڈسٹرکٹ کونسل وغیرہ منظور کرتی ہے۔ اور اسے بناتی ہے۔ کیا ڈسٹرکٹ کونسل اسکو review نہیں کرتی۔ کیا ہیلتھ سروسز کا کوئی نمائندہ یا سول سرجن وہاں پر نہیں ہوتا۔ ان سکیموں کی تشکیل کے وقت ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز بھی موجود ہوتے ہیں۔

وزیر صحت — یہ بوئی کے متعلق جو ہے یہ سکیم ہماری منظوری کے بغیر ہوئی ہے۔ باقی سکیموں کی منظوری ہمیشہ ڈسٹرکٹ کونسل دیتی ہے۔ تو اسکے بعد ہم اسکے مطابق کام کرتے ہیں۔

INSTALLATION OF AN X-RAY PLANT IN RAJANPUR

*6341. **Sardar Muhammad Ramzan Khan Drishak:** Will the Minister of Health, be pleased to state, whether Government intend to install an X-Ray Plant in Rajanpur, if so, when?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) — جی ہاں۔ اس معاملے پر تیسرے پنجسالہ منصوبے کے پہلے سال میں غور کیا جائے گا۔

RAJANPUR HOSPITAL

*6342. **Sardar Muhammad Ramzan Khan Drishak:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the building of Rajanpur Hospital is about hundred years old;

(b) whether it is a fact that the boundary walls of the said hospital have collapsed;

(c) whether it is also a fact that the wards and servant quarters of the said hospital are in a dilapidated condition;

(d) whether any Lady Doctor is working in the said hospital; if not, reasons therefor and whether Government intend to post a Lady Doctor there;

(e) whether it is a fact that there is an acute shortage of medicines in the said hospital due to the reasons that medicines have not been supplied for one and a half year;

(f) If answer to (e) above be in the affirmative, reasons therefor and the steps Government intend to take to regular ensure supply of medicines to the said Hospital?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) —

(الف) جی ہاں۔ یہ بہت پرانی ہے۔

(ب) چار دیواری نامکمل ہے اور بعض جگہوں پر گری ہوئی ہے

(ج) جی نہیں۔

(د) فی الحال نہیں۔ لیڈی ڈاکٹر جو پہلے وہاں تعینات تھیں اکتوبر ۱۹۶۳ میں ایک خصوصی ایم۔ بی۔ بی۔ ایس کورس میں داخل ہوگئی تھیں۔ دوسری لیڈی ڈاکٹر کی تعیناتی کے احکام جاری کردئے گئے ہیں۔

(ہ) جی نہیں ۔

(و) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

سردار محمد رمضان خان دریشک — آپ کسی ملازم کو تبدیل تو کرسکتے ہیں۔ اور یہ نہیں کہہ سکتے ہیں کہ وہ ڈاکٹر وہاں پر کب پہنچے گا۔

Parliamentary Secretary : A lady doctor has already taken over.

QUOTA OF MEDICINES FOR LALGARH HOSPITAL (TEHSIL JAMPUR)

***6343. Sardar Muhammad Ramzan Khan Drishak :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that medicines worth Rs. 300 only are made available to Lalgarh Hospital (Tehsil Jampur) annually;

(b) whether the said quota of medicines is commensurate with the needs of the said Hospital;

(c) if answer to (b) above be in the negative, whether Government intend to increase the said quota of the said hospital; if so, when, if not, reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) —

(الف) جی نہیں ۔

(ب) سالانہ مہیا کردہ رسد شفاخانے کی ضروریات کے مطابق ہے ۔

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

سردار محمد رمضان خان دریشک — کیا یہ ممکن ہوسکتا ہے کہ ایک ایسا ہسپتال جسکے گرد و نواح میں بیس میل تک کوئی ہسپتال نہ ہو اور وہاں پر صرف چودہ آنے یومیہ کی دوائی خرچ ہو۔ کیونکہ صرف تین سو روپیہ سالانہ کا کوٹہ اس ہسپتال کو دیا جاتا ہے ۔

Parliamentary Secretary : The member has asked whether medicines worth Rs. 300 only are made available to Lalgarh hospital, and we have said 'No'. The facts are that this is a District Council dispensary and the medicines worth Rs. 1,500 are supplied from the Medical Store Depot, Lahore.

NUMBER OF RURAL HEALTH CENTRES ESTABLISHED IN THE TEHSILS OF MARDAN AND SWABI

*6406. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) the number of Rural Health Centres so far established and to be established in the Tehsils of Mardan and Swabi during the 2nd Five-Year Plan;

(b) the number of rural health centres together with their locations opened in Mardan District during the years 1960-61 to 1963-64;

(c) whether it is a fact that no rural health centre has been opened in Tehsil Swabi during the years 1960-61 to 1963-64; if so, whether it is a fact that a rural health centre has been proposed to be opened at Ambar-Kunda in the said tehsil;

(d) if answer to (c) above be in the affirmative, whether the said centre will be opened during the year 1964-65; if not, reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) —

(الف) تحصیل مردان میں دو، تحصیل صوابی میں کوئی نہیں۔

(ب) ضلع مردان میں دو، کٹلنگ اور تخت بھائی کے مقامات پر۔

(ج) (۱) جی ہاں۔

(۲) جی ہاں۔

(د) جی نہیں۔

(۱) دیہی مراکز صحت کو امبر کنڈا اور ٹاردھر کے درمیان منتقل قائم کرنے کے سوال پر مجلس وزراء نے فروری ۱۹۶۴ کے آخر میں فیصلہ کیا تھا۔ اس تاریخ سے پہلے کسی قسم کی کوئی کارروائی کرنا ممکن نہ تھا۔

(۳) دیہی مراکز صحت کے لئے دوسرے منصوبے کی رقوم تمام و کمال طور پر مختص کی جا چکی ہیں اور دوسرے منصوبے کے بقیہ حصے کے دوران مزید دیہی مراکز صحت کی منظوری کے لئے کوئی رقوم دستیاب نہیں ہو سکتیں۔

خان اجون خان جدون – میں وزیر متعلقہ سے پوچھتا ہوں۔ کہ مردان تحصیل میں تو دو ہیلتھ سینٹر کھولے گئے ہیں۔ لیکن تحصیل صوابی میں ہیلتھ سینٹر نہیں کھولا گیا۔ آپ کہتے ہیں۔ کہ فروری ۱۹۶۳ء میں shifting of site decide ہوا ہے۔ یہ تو آپ کے پلان میں تھا۔ کمیٹی میں یہ بھی committed تھا۔ کہ یہ اگلے سال میں سکیم آجائے۔

Parliamentary Secretary: Sir, in addition to the centres listed under (b) above Rural Health Centres were proposed to be constructed in Mardan District at Gambat and Ambarkunda during 1963-64 and 1964-65 respectively. However, the Second Plan allocation for 150 Rural Health Centres was found in actual practice to be adequate for 71 Rural Health Centres only which have already been administratively approved. The remaining programme of the Second Plan will have to be carried over into the third Five Year Plan.

خان اجون خان جدون – یہ کنڈہ کے پیسے آپ نے مردان میں کیوں خرچ کئے ہیں۔ مردان میں تو آپ نے ایک کھولدیا ہے۔

Parliamentary Secretary: I have already made it clear that out of 150 Rural Health Centres, the present allocation was hardly sufficient for 71 Centres for which the administrative approval has been given. Obviously as there is no fund available, no provision for the remaining Rural Health Centres is made in the next year.

خان اجون خان جدون – میں ایک ہیلتھ سینٹر کی بات نہیں کر رہا ہوں۔ آپ مردان ڈسٹرکٹ ہیلتھ سینٹر کی بات کر رہے ہیں۔ میں کنڈہ کی بات کر رہا ہوں۔ وہاں کے لوگوں نے ہزاروں روپے کی زمین دی ہوئی ہے۔ یہ ساری تحصیل کے ساتھ نا انصافی ہے۔ آپ اس پر غور کریں۔

Mr. Speaker: This is a suggestion for action.

CONSTRUCTION OF AN EIGHT BEDDED HOSPITAL AT KAPGANI TEHSIL SWABI

*6408. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that a scheme for the construction of an 8 bedded hospital at Kapgani, Tehsil Sawabi was included in Annual Development Programme at the beginning of the current financial year;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether it is a fact that the work on the construction of the said hospital has not so far, been started if so, reasons therefor and the date by which the said work will be started?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)— (الف) جی ہاں۔

(ب) تعمیر کا کام ابھی شروع نہیں ہوا ہے کیونکہ محکمہ داخلہ کی طرف سے انتظامی منظوری کا ابھی تک انتظار ہے۔ انتظامی منظوری موصول ہونے پر کام شروع کیا جائیگا۔

خان اجون خان جدون— یہ تو پچھلے سال Provide ہوا تھا۔ ابھی دوسرا سال ختم ہونے والا ہے۔ Administrative Approval کب ملے گی؟

Parliamentary Secretary: This pertains to the Home Department.

ARRANGEMENTS FOR COMPLETE TREATMENT OF CANCER IN LADY READING HOSPITAL, PESHAWAR.

*6409. **Maulana Ghulam Ghaus:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that complete arrangements for the treatment of Cancer radiotherapy or otherwise have not been made in Lady Reading Hospital, Peshawar;

(b) whether it is a fact that 40% of the patients suffering from the said disease admitted in the Mayo Hospital, Lahore, belong to the former N.W.F.P. and tribal ateas;

(c) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to make arrangements for complete treatment of Cancer in the Lady Reading Hospital, Peshawar?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)— (الف) ریڈیو تھراپی سے سرطان کے علاج کے انتظامات مہیا کر دیئے گئے تھے لیکن ڈیپ تھراپی یونٹ خراب ہوجانے کی وجہ سے فی الوقت یہ انتظامات کام نہیں کر رہے ہیں۔

(ب) میو ہسپتال کے ریڈیو تھراپی کے شعبے میں داخل ہونے والے سرطانی مریضوں میں سے تقریباً ۲۰ فی صد سابق شمال مغربی صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

(ج) جی ہاں۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور کے لئے ایک نیا ڈیپ ایکس رے تھراپی پلانٹ مہیا کرنے کا قصد ہے۔ اور اس کے لئے انتظامات

کئے جا رہے ہیں۔ یہ انتظامات ڈیپ لاشعاعی تھراپی کے پرانے پلانٹ کی مرمت کے علاوہ کئے جارہے ہیں۔

سسٹر عبدالرازق خان— پارلیمانی سیکریٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ وہاں انتظام کردیا جائیگا۔ یہ تو بڑی شکریہ کی بات ہے۔ لیکن یہ کب ہو جائے گا؟

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان)— بہت جلدی۔

Parliamentary Secretary: An indent for the purchase of deep Ex-Ray machinery has been placed to the Director of Industries and it is in the process of procurement.

CIVIL DISPENSARY AT JALALPUR PIRWALA

***6413. Syed Diwan Ghulam Abbas Bukhari:** Will the Minister of Health please refer to the answer to my starred question No. 4788 given by Minister of Health on the floor of the House on 5th December 1963 and state wheher the upgraded Civil Dispensary of Jalalpur Pirwala has started functioning, if not, reasons therefor and the time by which the said dispensary will be furnished with all medical facilities?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): This question has been transferred to the Basic Democracies Department

---

SUPPLY OF DRINKING WATER TO THE RESIDENTS OF JALALPUR PIRWALA TOWN

***6414. Syed Diwan Ghulam Abbas Bukhari:** Will the Minister of Health please refer to the answer to my starred question No. 2088 given in the House by Minister of Health on 26th March 1963 and state the steps for taken to arrange for the supply of drinking water to the residents of Jalalpur Pirwala Town?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): This also relates to the Basic Democracies Department and it has been transferred to them.

OPENING OF HEALTH CENTRE AT KHARKI

***6431. Major Abdul Majid Khan:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the population of Ilaqa Doaba, District Peshawar is about 2 lacs;

(b) whether it is a fact that there is only one Dispensary at village Khatki for the whole of the above said area which is run by only one compounder;

(c) whether Government are aware of the fact that patients of the said area are carried in Tongas to the Tribal Hospital at Pirqila which is 5 to 10 miles away from the villages of Ilaqa Doaba;

(d) if answer to (a) to (c) above be in affirmative, whether Government intend to open a Health Centre at Kharpni or at any other centrally located place of the above said Ilaqa?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)۔ (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) جی ہاں۔ صرف بذریعہ تانگا ہی نہیں بلکہ بس اور تانگے کے ذریعے۔

(د) جی ہاں۔

Major Abdul Majid Khan: The answer needs further classification. Part 'd' of the question reads :—

"if answer to (a) to (c) above be in the affirmative, whether Government intend to open a Health Centre at Karachi or at any other centrally located place of the said Ilaqa?"

May I know what steps the Government has taken towards the establishment of such health centre?

Parliamentary Secretary: The Director Health Services has proposed one rural health centre at Matta Mughal Khel during the third 5-Year Plan.

T. B. Cases

*6449. **Mr. Hamidullah Khan:** Will the Minister of Health, be pleased to state, the names of the Districts where the index of T.B. Cases is comparatively higher and where Hospitals for eradicating the said disease have been opened?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)۔ ۱۹۶۲ کے دوران مغربی پاکستان کے ہر ضلع میں علاج کردہ ٹی بی مریضوں کی تعداد مع ٹی بی کلینکوں ٹی بی ہسپتالوں اور سٹیٹوریا کی جائے وقوع منسلکہ کیفیت نامے* میں درج ہے۔

*Please see Appendix II at the end.

سٹر حمید اللہ خان – کیا آج تک جناب والا میانوالی میں ٹی بی ہسپتال کھولا گیا ہے ؟

Mr. Speaker: He wants to know whether any T.B. Clinic has been opened in Mianwali or not?

Parliamentary Secretary: There is a T.B. Clinic at Mianwali.

Haji Gul Hassan Mangi: May I know whether there is a T.B. Clinic in every region?

Parliamentary Secretary: I think every Region has got a T.B. Clinic and the details are given in the answer. It is all very clear.

Haji Gul Hassan Mangi: May I know whether there is a T.B. Clinic in Khairpur or Sukkur?

Parliamentary Secretary: If the Member sees the schedule he will be able to know.

Haji Gul Hassan Mangi: Why don't you reply?

Parliamentary Secretary: There is a T.B. Clinic in Khairpur.

WATER WORKS SCHEMES IN TEHSILS MIANWALI AND ISAKHAIL

*6451. **Mr. Hamidullah Khan:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) whether any funds were provided in the Budget for 1963-64 for water works schemes;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the amount out of the allocated funds spent on water works schemes in Tehsils Mianwali and Isakhail?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)– (الف) جی ہاں۔ کالا باغ تحصیل عیسٰے خیل میں بہم رسانی آب کی سکیم کا آغاز کرنے کے لئے ۱۹۶۳–۱۹۶۴ء کے میزانیہ میں ۱,۴۰,۰۰۰ روپے کی گنجائش فراہم کی گئی ہے۔ اس پر لاگت کا تخمینہ ۲,۳۴,۸۰۰ روپے ہے۔

(ب) ۱,۴۰,۰۰۰ روپے کی رقمی گنجائش میں سے اس سکیم پر ۵۴۲۱۲ روپے خرچ کئے جاچکے ہیں۔ کام جاری ہے اور مالی سال رواں کے آخر تک تمام تعیین کردہ رقم سے استفادہ حاصل کرلیا جائے گا۔

مسٹر حمید اللہ خان — تحصیل میانوالی میں کیا کچھ روپیہ خرچ کیا گیا ہے؟ پانی کی قلت تو دونوں تحصیلوں میں ہے۔ کیا اس پر روپیہ خرچ کیا ہے یا نہیں؟

پارلیمنٹری سیکریٹری — دیہی پانی کی فراہمی کی سکیم زیر غور ہے۔ ایسی ہی سکیم جناب والا تحصیل میانوالی ہے جس پر دو لاکھ چودہ ہزار روپیہ خرچ کیا جائیگا۔ دوسری میانوالی کی ہے جس کے اوپر ایک لاکھ باون ہزار روپیہ خرچ کیا جائیگا۔

مسٹر حمید اللہ خان — جناب کیا تحصیل میانوالی اور عیسے خیل میں پینے کا پانی ہے؟ ایک لاکھ سے کیا بنے گا؟

پارلیمنٹری سیکریٹری — اس کا دارو مدار تو روپیہ پر ہے جو کہ محکمہ کو مہیا کیا جاتا ہے۔

مسٹر حمید اللہ خان — جناب والا۔ دونوں تحصیلوں میں پانی کم ہے۔

پارلیمنٹری سیکریٹری — جناب والا۔ یہ تو بنیادی طور پر پینے کا پانی مہیا کرنے کی ذمہ داری بنیادی جمہوریت والوں پر ہے۔ چند بڑی سکیمیں جو ہیں وہ پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ از خود دیتا ہے اور بہت کم رقم ملتی ہے۔

خان اجون خان جدون — جناب پارلیمانی سیکریٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ بنیادی طور پر پینے کا پانی مہیا کرنے کی ذمہ داری بنیادی جمہوریت والوں پر ہے۔ شہروں میں تو میونسپل کمیٹیاں کافی ہیں لیکن دیہاتوں کے لئے یہ چیز بنیادی جمہوریت والوں کے حوالے کیوں کی گئی ہے؟

Mr. Speaker: This is a question of policy and not a supplementary question.

مسٹر حمید اللہ خان — پانی کو تو چھوڑو۔ ہسپتال دو۔ کیا تحصیل میانوالی میں آج تک ایک پائی کا کام ہوا ہے؟

Haji Gul Hassan Mangi: Will the Government complete the water schemes sanctioned during this financial year in West Pakistan?

Parliamentary Secretary: This is a new question.

DIRTY WATER COMING OUT FROM THE NATIONAL AND FIRDAUS TANNERIES, SITUATED AT *G.T.* ROAD BETWEEN MURIDKE AND KALA SHAH KAKU

***6480. Mr. Abdur Raziq Khan:** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) whether is a fact that the dirty water coming out from the National and Firdaus Tanneries, situated at G.T. Road, between Muridke and Kala Shah Kaku accumulates between the Railway track and the adjacent fields and gives such a bad odour that even the passengers in the passing trains cannot escape its nauscating effect;

(b if answer to (a) above be in the affirmative, whether Government intend to instruct the owners of the abovesaid tanneries to make some suitable arrangement for the drainage of the said dirty waters?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : This question pertains to the Basic Democracies Department and it has been transferred to them.

مسٹر عبدالرازق خان — یہ جناب میں نے انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ سے سوال کیا تھا لیکن اس کو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ والوں کے پاس منتقل کردیا ۔ اب جناب معزز پارلیمانی سیکریٹری فرما رہے ہیں کہ یہ بنیادی جمہوریت والوں کے پاس جائے گا تو جب تک تو سیشن ختم ہوجائیگا ۔ کیا وہ از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ وہ کسی محکمہ کے پارلیمانی سیکریٹری کو کچھ ہدائیت فرمائیں گے کہ وہ جواب دیں ۔

مسٹر سپیکر — میرا خیال ہے کہ پچھلی دفعہ جب یہ سوال انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کی ٹرن میں پوچھا گیا تھا تو جناب میئن صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ وہ دیکھیں گے کہ یہ کس محکمہ سے تعلق رکھتا ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان — جناب والا ۔ مرید کے اور کالا شاہ کاکو دو ریلوے سٹیشن ہیں ۔ ان دونوں کے درمیان Tanneries ہیں ۔ ان سے گندا پانی باہر آتا ہے جس کی سخت بدبو ہوتی ہے حتےٰ کہ ریل میں بیٹھے ہوئے مسافر بھی اس سے نالاں ہوتے ہیں تو میں نے یہ سوال کیا تھا کہ اس گندے پانی کی نکاسی کے لئے کچھ کیا جائیگا یا نہیں ۔

Mr. Speaker : Will the Parliamentary Secretary please tell me to which department this question relates?

Parliamentary Secretary: It relates to the Basic Democracies Department Sir.

Mr. Speaker: Is the Parliamentary Secretary on sure ground?

Parliamentary Secretary: We have transferred it to the Basic Democracies Department.

Mr. Speaker: Will they not say that this does not relate to them? He may please confirm it and let me know.

Haji Gul Hassan Mangi: This question has been going from one department to another. Are the Secretaries to Government not able to locate to which department this question relates?

Mr. Speaker: This is not a supplementary.

بیگم جہاں آرا شاہنواز – صدر محترم۔ میں آپ کی وساطت سے یہ دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ کیا اس منسٹری میں joint responsibility نہیں ہے ؟ اگر کوئی سوال پوچھا جائے تو کیا ان کا فرض نہیں ہے کہ وہ سوال اگر ان کے ڈیپارٹمنٹ کو relate نہیں کرتا تو متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو خود بخود ہی بھیج دیں اور ہاؤس میں کہدیں کہ بھیج دیا گیا ہے اور یہ جواب دیا جائے گا۔ بجائے اس کے کہ یہاں یہ کہا جائے کہ

It has not relate to this Department.

مسٹر سپیکر – انہوں نے کہا ہے کہ یہ Basic Democracies کا سوال ہے۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز – کہا یہ جائے کہ وہ جواب دیں گے۔

مسٹر عبدالرازق خان – Basic Democracies سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

Mr. Speaker: He will confirm it and let me know. Then I will inform the member.

RAISING OF DISPENSARY TO HOSPITAL AT VILLAGE LAHORE, TEHSIL SAWABI

***6501. Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the population of village Lahore, Tehsil Sawabi and that of the surrounding villages is a approximately 11,000 and 30,000 respectively;

(b) whether it is a fact that there is only one dispensary at village Lahore, which is not sufficient for the needs of the population of the said area;

(c) whether it is a fact that the Civil Surgeon, Mardan and District Council, Mardan have recommended that the said dispensary be raised to an eight-bedded Hospital;

(d) if answers to (a) to (c) above be in the affirmative, whether Government intend to raise the said dispensary to 8 beded hospital; if so, when?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) — (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں ۱۹۶۰ء میں لیکن موزوں زمین نہ ملنے کی وجہ سے یہ سکیم وقت کے اندر عملی جامہ نہ پہن سکی۔

(د) جی نہیں کیونکہ امرکنڈا میں ایک دیہی مرکز صحت قائم کرنے کی تجویز ہے جو لاہور سے ۴ میل کے فاصلے پر ہوگا۔

خان اجون خان جدون — ایک ہیلتھ سنٹر میں کتنے beds ہوتے ہیں مریضوں کے علاج کے لئے ؟

Parliamentary Secretary: There are four beds in each Centre Sir?

خان اجون خان جدون - Eight-bedded ہسپتال کا ہیلتھ سنٹر سے کیا تعلق ہے۔ Eight-bedded ہسپتال تو وہاں کی آبادی کے تناسب سے ہوتے ہیں۔ اور پھر لاہور جو ہے یہ وہ لاہور ہے جسکے نام پر یہ شہر لاہور بنا ہے۔ بڑی امپورٹنٹ جگہ ہے۔ آبادی بھی زیادہ ہے۔ وہاں eight-bedded hospital آپ کیوں نہیں consider کرتے ؟

Mr. Speaker: That is a suggestion.

CONSTRUCTION OF DISPENSARY AT DARBELO

*6508. **Syed Zafar Ali Shah:** Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that no site for the proposed dispensary at Darbelo has so far been selected; if so, reasons therefor;

(b) the date since when the matter of acquisition of land for the said dispensary is pending;

(c) whether it is a fact that the Assistant Director Health, Khairpur, assured the Divisional Council Khairpur in August, 1963, that he would visit the site personally and finalise the matter with the Revenue authorities; if so, reasults thereof;

(d) whether the delay in acquiring the land is justified; if not, the action Government intend to take in the matter?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) — (الف) جی نہیں۔

(ب) ۱۳-۴-۱۹۶۳ع۔

(ج) حصہ اول کا جواب اثبات میں ہے۔ حصہ دوم کے جواب کے سلسلہ میں عرض ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نواب شاہ اس معاملے میں پیروی کر رہے ہیں اور یہ معاملہ ابھی تکمیل پذیر نہیں ہوا ہے۔

(د) تاخیر ضرور ہوئی ہے لیکن یہ ناگزیر تھی کیونکہ حصول اراضی کے تحت طریق کار اور ضابطہ کی کارروائیوں میں وقت لگتا ہے۔ حکومت اراضی حاصل کرنے کے لئے پہلے ہی پوری طرح کوشش کر رہی ہے۔

Syed Zafar Ali Shah: Sir is it a fact that the acquisition proceedings have been started since long and it has taken unduly long time? It is not being completed since about a year and a half.

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) — ڈیپارٹمنٹ اس کو persue کر رہا ہے۔ کوشش کریں گے کہ جلدی ہوجائے۔

NAWABSHAH MUNICIPAL DRAINAGE SCHEME

***6511. Syed Nazar Shah:** Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that Government undertaken to pay 1/3rd of the cost of Nawabshah Municipal Drainage Scheme; if so, whether funds have been made available to the said Municipality by the Government, if not, reasons therefor and the time by which Government intend to provide the funds?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Sir this question also relates to the Basic Democracies Department and it has been transferred to them.

ESTABLISHMENT OF A DENTAL CLINIC AT KOHAT

*6512. **Syed Haziq Ali Shah:** Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that establishment of a "Dental Clinic" for Kohat has been sanctioned during the current fiscal year;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether the said clinic has been opened there; if so, the details of the expenditure incurred on its establishment and the details of the staff appointed in the said clinic;

(c) whether it is a fact that the present Dental Surgeon is the fourth Dental Surgeon since the establishment of the said clinic; if so, reasons for such quick transfers;

(d) the details of equipment required for a fullfledged "Dental Clinic" and the details of the equipment so far provided in the said clinic?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) — (الف) جی ہاں۔

(ب) (۱) جی ہاں۔

(۲) ۲۳۴۳/- روپے - عملہ ایک ڈینٹل سرجن اور ایک ڈینٹل ٹیکنیشین پر مشتمل ہے۔

(ج) (۱) جی نہیں۔

(۲) سوال پیدا نہیں ہوتا۔

(د) ڈینٹل کلینک کے لئے درکار معیاری ساز و سامان کی تفصیلات منسلکہ ضمیمہ ۱ * میں اور پہلے سے خرید کردہ ساز و سامان کی تفصیلات ضمیمہ ۲ * میں دی گئی ہیں۔

سید حاذق علی شاہ — Appendix II میرے جواب کے ساتھ نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Has not the member been supplied with Appendix II?

Syed Haziq Ali Shah: No Sir.

*Please see Appendix III at the end.

Parliamentary Secretary: We will check it up Sir and we will supply a copy of that to the member just now.

سید حاذق علی شاہ – میں نے پوچھا تھا کہ expenditure جو already ہوچکا ہے اس کی details دی جائیں - تو انہوں نے صرف دو ہزار تین سو تینتالیس روپے بتائے ہیں - اسکی کوئی تفصیل نہیں دی گئی - اور کہا گیا ہے کہ ایک Dental Surgeon اور ایک Technician ہے - تو یہ سکیم 1963-64 میں ہے - آیا اب وہاں Dental Surgeon ہے یا نہیں ہے ؟

Parliamentary Secretary: The Dental Surgeon is already there Sir.

Syed Haziq Ali Shah: Will the Parliamentary Secretary please confirms it because I know that there is no Dental Surgeon?

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) – temporary basis پر لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں اسکی services ، allocate کی گئی تھیں - اب پھر اس کو وہاں واپس بھیج دیا جائیگا -

---

MATERNITY WELFARE CENTRES IN THE PROVINCE

***6514. Sahibzadi Mahmooda Begum:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) the total number of Maternity Welfare Centres in the Province along with the locations thereof;

(b) the number of Maternity Welfare Centres to be established during the rest of the current fiscal year along with the names of places where these centres will be opened?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): This is a very long list Sir which has been placed on the Table of the House.

صاحبزادی محمودہ بیگم – میں محترمہ ہیلتھ منسٹر صاحبہ سے معلوم کرنا چاہتی ہوں کہ یہ زچہ اور بچہ کی بہبود کے جن مراکز کی لسٹ دی گئی ہے - ان کے فرائض کیا ہیں؟ اور آیا ان میں بیمار خواتین کو اور بچوں کو صرف وقتی طور پر دوائی دے کر فارغ کردیا جاتا ہے یا ان

*Please see Appendix IV at the end.

کے داخلے کی گنجائش ہوتی ہے؟ اور انکی جو شکایات ہوں، ان کا پوری طرح ازالہ ہوتا ہے؟ ان مراکز کے فرائض مجھے مہربانی کر کے بتائے جائیں

Mr. Speaker: That would be a too long reply I think.

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خاں) — یہ ساری لسٹ ان کو دی ہے۔ اس کے علاوہ دو چیزیں ہیں۔ ایک تو Welfare Centres ہیں جہاں بچہ اور زچہ جاتی ہیں۔ اور بچہ کی پیدائش سے پہلے انکی Checking وغیرہ ہوتی ہے اور دوائیاں دی جاتی ہیں۔ جس جس چیز کی کمی ہوتی ہے وہ دی جاتی ہے۔ اور ایک Maternity Sections ہیں ہسپتالوں میں جہاں بچے پیدا ہوتے ہیں۔ ان دونوں میں فرق ہے۔ فاضل ممبر کس کے متعلق وضاحت چاہتی ہیں؟

صاحبزادی محمودہ بیگم — یہ لسٹ جو دی گئی ہے، یہ کس چیز کے متعلق ہے؟

Mr. Speaker: This is about Maternity Welfare Centre.

وزیر صحت — یہ تو ہیلتھ سنٹر ہیں۔

صاحبزادی محمودہ بیگم — ان میں بیمار بچوں کے اور بیمار خواتین کے داخلے کا بندوبست ہے؟

وزیر صحت — یہ تو Indoor نہیں ہیں۔ یہاں تو Outdoor Patients جاتی ہیں۔ وہاں صلاح مشورہ ان کو دیا جاتا ہے۔ وہاں جو Health Visitors ہوتی ہے، وہ ان کی دیکھ بھال کرتی ہیں۔ بچوں کا وزن لیا جاتا ہے۔ کسی دوائی کی ضرورت ہو تو وہ دی جاتی ہے۔ یہ Ante-natal اور Post-natal قسم کے کام کے لئے ہوتے ہیں۔

صاحبزادی محمودہ بیگم — Civil Hospitals جو ہمارے تمام اضلاع میں ہیں، کیا ان میں خواتین کے لئے علیحدہ شعبہ ہے؟ ان میں بچوں اور زچوں کو علیحدہ رکھنے کا کوئی بندوبست ہے؟

وزیر صحت — اس کے متعلق میں خود اس بات کو محسوس کرتی ہوں۔ مجھے پوری ہمدردی ہے اپنی بہنوں سے۔ کافی تعداد میں ہمارے پاس ابھی یہ سنٹر نہیں ہیں۔ اور زیادہ ہونے چاہئیں۔ آئندہ انشاءاللہ ہماری یہ سکیم ہے کہ ہر دیہی علاقہ میں ہر سنٹر کے ساتھ بچہ زچہ کا انتظام کیا جائے گا۔ اور اب ہسپتالوں میں بھی یہاں جو لیڈی ایچیسن ہسپتال ہے۔ اس میں نئی نئی عمارت Extend کر رہے ہیں۔ یہاں بھی کوئی ڈھائی سو تین سو کے قریب پلنگ رکھے جائیں گے۔ بچوں اور زچوں کے لئے مجھے معلوم ہے کہ فی الحال آبادی کے لحاظ سے یہ سہولتیں کم ہیں۔ کوشش کی جائے گی کہ زیادہ سے زیادہ سہولت بچہ اور زچہ کو پہنچائی جائے۔

بیگم ممتاز صفدر — علاقہ بنوں میں کوئی ایسا ہیلتھ سنٹر نہیں ہے زچہ و بچہ کے لئے۔ جو لسٹ دی گئی ہے اس میں نہیں ہے۔ کیا آپ غور فرمائیں گی؟

وزیر صحت — تین سنٹر ہیں۔ اگر میری بہن دیکھیں تو ان کو سمجھ آجائے گی۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز — کیا معزز وزیر صحت یہ بتائیں گی کہ جب سے لیڈی ولنگڈن ہسپتال جو ایک ہی Maternity Hospital لاہور میں ہے، بنا ہے، اس میں کوئی Beds addition میں نہیں کی گئی؟

Mr. Speaker: This is a new question.

سیٹھ محمد اکبر خان کانجون — جناب والا۔ صوبے میں زچہ اور بچہ کے جو مراکز ہیں وہاں زچہ اور بچہ کو خطرناک بیماری کی حالت میں داخل کرنے کے انتظام پر حکومت غور کریگی اور وہاں اس چیز کا انتظام کرنے کی کوشش کریگی؟

وزیر صحت — ضرور کریگی۔ اور جو سہولت بھی ممکن ہوسکے گی۔ دی جائیگی۔

REPAIR OF BUILDING OF LADY AITCHISON HOSPITAL, LAHORE

*6515. **Sahibzadi Mahmooda Begum:** Will the Minister of Health, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the building of Lady Aitchison Hospital, Lahore, is in state of disrepair;

(b) whether it is a fact that in Summer female patients even during confinement are kept in the verandas of the said building for want of accommodation which adversely affects the health of the newly-born babies as well as of their mothers;

(c) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to repair the said building and also construct some new wards there?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) — (الف) یہ ایک بہت پرانی عمارت ہے لیکن محکمہ تعمیرات عامہ کی طرف سے اس کی سالانہ مرمت ہر سال کی جاتی ہے۔ گذشتہ مرمت دسمبر ۱۹۶۳ء میں کی گئی تھی۔

(ب) ہسپتال میں بستروں کی تعداد ۱۰۰ ہے۔ اقامتی مریضوں کی اوسط ۱۴۰ ہے۔ زائد مریضوں کو برآمدوں میں بھی جگہ دی جاتی ہے۔ اس سے بچوں اور ماؤں کی صحت پر برا اثر نہیں پڑتا کیونکہ زائد مریضوں کو ویسی ہی طبی امداد دی جاتی ہے۔ تاہم قدرتی طور پر ایک مریض برآمدے میں خود کو اتنا آرام دہ حالت میں محسوس نہیں کرتا جتنا کہ ایک کمرے میں۔

(ج) مرمتوں کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ لیڈی ایچیسن ہسپتال کی توسیع کا مسئلہ مستعدی سے زیر غور ہے۔

صاحبزادی محمودہ بیگم — جناب والا۔ میں محترمہ بیگم صاحبہ کی خدمت میں request کرتی ہوں کہ وہ خود وہاں تشریف لے جائیں اور اس ہسپتال کو دیکھیں۔ صرف یہ کہہ دینا کہ کمرے اور برآمدے میں کوئی فرق نہیں۔ میں نے خود دیکھا ہے کہ گرمی کے موسم میں بعض اوقات بچے تڑپ تڑپ کر مر جاتے ہیں۔ وہاں اس درجہ شدت کی گرمی ہوتی ہے اور ہسپتال کی عمارت اس قدر نا گفتہ بہ حالت میں ہے کہ یہ معمولی مرمت جو وہاں ہو رہی ہے۔ اس کے کوئی معنی نہیں۔

جہانتک اس بات کا تعلق ہے کہ ایک نیا ہسپتال بنے گا۔ تو یہ قصہ ہم کئی سال سے سن رہے ہیں۔ ہم نے سنجرانی صاحب کی خدمت میں بھی عرض کیا اور اب لیڈی منسٹر صاحبہ کی خدمت میں عرض ہے۔کہ سالہا سال سے یہ قصہ چل رہا ہے۔ اور یہ ہسپتال ابھی تک اسی حالت میں ہے۔

مسٹر سپیکر — صاحبزادی صاحبہ آپ ضمنی سوال کریں۔

صاحبزادی محمودہ بیگم — اس لئے بیگم صاحبہ وہاں جائیں اور اس ہسپتال کو دیکھیں۔ یہ کوئی جواب نہیں کہ برآمدے اور کمرے میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ فرق کیوں نہیں ہوتا۔ وہاں اس قدر بری حالت ہے کہ جس کا کوئی ٹھکانہ نہیں۔

Mr. Speaker: This is a suggestion for the Health Minister.

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) — جناب والا۔ میں اس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں۔ میں اپنی بہن کی اطلاع کیلئے عرض کردوں کہ میں اس ہسپتال سے ہوآئی ہوں۔ اور اسے دیکھ بھی آئی ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ وہاں بڑی تکلیف ہے۔ لیکن ہماری جو نئی سکیم ہے۔ اس کے تحت ۲۰۰ بستروں کا ایک اور نیا ملحقہ ہسپتال بنایا جا رہا ہے۔ اور کئی ایک وارڈ بنائے جا رہے ہیں۔

مسٹر عبدالرازق خان — جناب والا۔ اس ہسپتال میں اس معزز ایوان کی ایک انکوائری کمیٹی کے سلسلے میں میں بھی گیا تھا۔ تو جیسا کہ بیگم صاحبہ فرما رہی ہیں۔ سکیم یہ ہے کہ ایک ۲۰۰ بستروں کا ہسپتال بنایا جائے۔ تو میں آپ کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ لوگ اس سے قطعاً اتفاق نہیں کرتے۔ کیا وزیر صحت صاحبہ از راہ کرم لاہور کے لوگوں کی مرضی کے مطابق اس ہسپتال میں improvement کر کے وہاں زیادہ بستر مہیا کرنے کا انتظام کرنے کی کوشش فرمائیں گی۔ کیونکہ اگر آپ کسی اور جگہ ہسپتال بنائینگی تو غریب لوگ وہاں جا آ نہ سکینگے۔ یہ شہر کے وسط میں ہے اور نہایت مناسب جگہ پر ہے۔

وزیر صحت – جناب والا ۔ وہاں جتنی expansion کی گنجائش ممکن ہوگی کی جائیگی ۔ لیکن چونکہ اب آبادی بڑھ رہی ہے ۔ اور لوگوں کی ضروریات بھی بڑھ رہی ہیں ۔ شہر کے جس کونے میں بھی ہسپتال ہوگا ۔ لوگوں کو ضرور اس سے فائدہ پہنچے گا ۔ کوئی وجہ نہیں کہ کسی اور جگہ ہسپتال ہو اور لوگ اس سے فائدہ نہ اٹھائیں ۔ میرے نزدیک یہ کوئی معقول بات نہیں ۔

مسٹر محمد حنیف صدیقی – جناب والا ۔ اگر برآمدے اتنی آرام دہ جگہیں ہوتی ہیں تو ہم برآمدے میں اپنے اجلاس کیوں نہیں کرتے ؟

Mr. Speaker: This is not a supplementary but a suggestion.

صاحبزادی محمودہ بیگم – جناب والا ۔ یہ جواب کہ اور ہسپتال بنے گا ۔ یہ اس سوال کا جواب نہیں ۔ ہم صرف یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ اگر اس ہسپتال کو وہیں رکھا گیا ۔ تو اس کی مرمت اور اسے گرا کر بنانے کا کیا arrangement ہے ۔ یہ تو مریضوں کو آرام کی بجائے تکلیف دینے کا موجب ہوگا ۔ اسکی مرمت اور اسے ٹھیک کرنے کا کیا انتظام ہے؟

ماسٹر خان گل – on a Point of Order Sir جناب والا ۔ ہسپتال بنانے والے تو سامنے بیٹھے ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم اسے بڑھائینگے ۔

Mr. Speaker: This is no point of order.

GOITERS DISEASE IN MOUNTANEOUS AREAS

***6614. Mr. Abdur Raziq Khan:** Will the Minister of Health, be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that due to Iodine deficiency in the mountaneous areas the disease of Goiters is steadily increasing;

(b) whether it is a fact that Government undertook a thorough survey of the said disease; if so, the details of the survey report and the names of the officials who submitted it;

(c) whether it is a fact that before Independence salt mixed with Iodine used to be prepared in the Institute of Hygiene, Lahore, for distribution in the hilly areas;

(d) if answers to (c) above be in the affirmative, reasons for discontinuing the supply of Iodine mixed with Salt in the said areas?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : We have not received reply to this question as it was received very late.

Mr. Speaker : Will it then be replied on the next turn?

Parliamentary Secretary : Yes, Sir.

ADJOURNMENT MOTIONS

FAILURE OF GOVT. TO MAINTAIN LAW AND ORDER IN LAHORE

Mr. Speaker : Now, the Adjournment Motions. The first adjournment motion is 292 and, I think, it was sought to be moved by Mr. Hamza on 19th March.

Mr. Hamza : Yes, Sir.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : I had objected to the admissibility of this motion on the last occasion but had, at the same time, made a submission that I had written to the authorities to let me know the figures and their comments about the news-item which had appeared in the Paper. The figures that I have received from the official source show as under:—

Crime	1964	1963	Decrease
Up-to-date	1399	1471	72
Robbery	8	16	8
Burglary	151	171	20
Theft	405	452	47
Stabbing	35	39	4

It would, thus, appear from the figures, I have placed before the House, that crime according to the official figures is actually on the decrease or decline rather than on the increase.

About the reports recently reported from Krishan Nagar, the Investigating Authorities have successfully worked them out and this expression probably means that the culprits have been apprehended and will be brought to book very soon. It appears that some exaggerated figures about the commission of crime here in the city of Lahore are being brought to the notice of newspapers and, without verification, they give publicity to these news-items. In view of the figures which I have placed before the House, I think, the member will agree with me that there is nothing of the nature

actually suggested by the daily 'Imroze', dated 18th March, 1964, that there is an alarming situation created here in the city of Lahore. Undoubtedly, these crimes are committe but this is a normal routine of any big city where population runs into many many lakhs. I would, therefore, subnit that no case has been made out for any apprehension in the minds of the public or any resentment amongst them. I further assure this House, including the member, that all possible efforts are being made and will be made by the Department concerned, that is, the Police Department, to see that the incidence of crime is kept at its lowest ebb and that all efforts is made to give relief to the citizens to which they are entitled.

Mr. Speaker: Does the member press it?

مسٹر حمزہ — جناب والا - مجھے اس کے جواب میں کچھ عرض کرنا ہے - افسوس ہے کہ جناب وزیر قانون نے جو وزیر اطلاعات بھی ہیں - اس (News item) کو مکمل طور پر نہیں پڑھا - اور اس کے باوجود انہوں نے اس Adjournment Motion کے سلسلے میں اس ایوان کے سامنے اعداد وشمار پیش کرنے کی زحمت گوارا کی ہے - اعتراض یہ ہے کہ جرائم کی تعداد اس قدر زیادہ ہے جس کی وجہ سے لاہور کی آبادی سخت پریشان ہے معروف وجوہات کی بنا پر محکمہ پولیس تمام جرائم درج نہیں کرتا - اس (News item) میں واضح طور پر یہ بیان کیا گیا ہے - اور میں چند ایک فقرے آپ کے سامنے پڑھ کر سناتا ہوں -

"جہاں کے رہائشی کنندگان ان بڑھتی ہوئی وارداتوں سے نہایت خوف زدہ ہوگئے ہیں - لیکن اس کے باوجود ان علاقوں کی پولیس اس طرف کوئی خاص توجہ نہیں دے رہی اور ان علاقوں میں رات کو پولیس گشت کرتی ہے جس کی وجہ سے چوروں کو ہاتھ رنگنے کے کافی مواقع میسر آرہے ہیں اور وہ شریف اور پر امن شہریوں کی خون پسینے کی کمائی دونوں ہاتھوں سے لوٹ کر روپوش ہوجاتے ہیں - چنانچہ ان علاقوں کے رہائشی کنندگان نے پولیس سے مایوس ہوکر اپنی اور اپنے مال کی حفاظت کرنے کی غرض سے کتوں اور چوکیداروں کا انتظام کیا ہے اور اہل محلہ باہمی طور پر مل کر ان چالاک چوروں کے پنجہ سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے طرح طرح کی تدبیریں کررہے ہیں - ان علاقوں کے رہائشی کنندگان کا کہنا ہے کہ چوری کی متعدد ایسی وارداتیں بھی

ہوئی ہیں جو پولیس کے نوٹس میں نہیں آئیں۔ کیونکہ یہ معمولی نوعیت کی تھیں جن کے بارے میں پولیس کو مطلع نہیں کیا گیا۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ یہ افراد پولیس کو ان چوریوں کی اطلاع دے دے کر خود مصیبت میں مبتلا ہونا نہیں چاہتے کیونکہ انہیں یہ بخوبی علم تھا کہ اگر انہوں نے رپورٹ درج کرائی تو انہیں متعدد بار تھانے کا منہ دیکھنے کے علاوہ پولیس پر یہ ثابت بھی کرنا ہوگا کہ ان کے ہاں واقعی چوری ہوئی۔ اور جو سامان چوری ہوا ہے وہ واقعی اس کے مالک تھے۔ یہ خاصا دشوار مسئلہ ہے۔ چنانچہ وہ چوری کے بعد صبر شکر کر کے بیٹھ گئے۔

اکثر لوگ اس بات سے خوف زدہ ہوکر کہیں آنے جانے سے بھی گریز کرتے ہیں۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ پولیس جو شہریوں کی جان و مال کی ذمہ دار ہے۔ وہ اس سلسلے میں کوئی ٹھوس قدم کیوں نہیں اٹھاتی۔"

Mr. Speaker: This is an expression of opinion. The member may not read that.

مسٹر حمزہ — جناب والا۔ حقیقت یہ ہے کہ جرائم کی تعداد بہت بڑھ چکی ہے اور امن عامہ قطعاً تسلی بخش نہیں۔

Mr. Speaker: After the statement of the Minister of Law, does the member still press it?

مسٹر حمزہ — یہ مردہ اعداد و شمار حالات و حکایات حکومت کے اچھے کام کی عکاسی نہیں کرتے۔

Mr. Speaker: Does the member press it?

Mr. Hamza: Yes, Sir, I do press it.

Mr. Speaker: Then the member may please take his seat.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا۔ اس میں شک نہیں کہ جو اعداد و شمار وزیر قانون صاحب نے پیش کئے ہیں ان سے خوشی ہوئی ہے۔

لیکن میں گذارش کرونگا کہ اخبارات میں دو ماہ سے ہم نے دیکھا ہے کہ لاہور میں ڈاکہ چوری کی واردات حد سے زیادہ بڑھ گئی ہیں۔

جہاں تک میرا خیال ہے حمزہ صاحب کا اس تحریک التوا کے پیش کرنے کا یہ مقصد ہے کہ وہ حکومت کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتے ہیں کہ لاہور جو صوبہ کا دارالخلافہ ہے یہاں ایسی واردات بڑھ رہی ہیں اور لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں وہ رات کو بے چین رہتے ہیں اور نگرانی کے لئے ان کو جاگنا پڑتا ہے یہ اچھی صورت حال نہیں۔

Mr. Speaker: That has been brought to the notice of the Minister of Law and he has given an assurance.

خواجہ محمد صفدر۔ اگلے روز دوران گفتگو میں ہمارے بزرگ ملک قادر بخش صاحب نے فرما یا تھا کہ عام طور پر چوری اور ڈاکہ کی واردات کا اندراج نہیں کیا جا تا جب تک مال مسروقہ برآمد نہ ہو۔ اور پولیس جان بوجھ کر واردات کے درج کرنے سے گریز کرتی ہے۔ ایسی ایک مثال نہیں کئی مثالیں ہیں۔ لاہور میں بھی ایسا ہوتا ہے۔ اس لئے اس امر کی سخت ضرورت ہے جس قدر جرائم ہوں ان کو باقاعدہ درج کیا جائے اور ان کا سراغ لگا کر مجرموں کو قرار واقعی سزا دی جائے۔

Minister of Law: Sir, for the satisfaction of the Leader of Opposition, I may submit that I entirely agree with the very good sentiments which he has expressed and I assure him that this Government stands for the protection of the smallest and the poorest individual not only in the city of Lahore but everywhere in the province. Nothing is more dear and precious to this Government then to protect the lives and property of the citizens who have a right to be here. I assure the Leader of the Opposition that if there is any lapse on the part of the subordinate police officials who are anxious to burke the crime and refuse to enter it, he will be punished adequately. Fortunately here in the city, we have got the Senior Superintendent of Police, we have got the D.I.G., we have got the I.G., we have got the Home Secretary and we have got the Government, and I do not think that all these authorities have entered into unholy alliance to see that the crime is burked. If there is any complaint against a subordinate official, I would very humbly request the citizens and the members here that through them they can bring this fact to the notice of authorities and I hope every crime committed will be registered and necessary steps will be taken. I assure you, Sir, that we will do everything and *Insha Allah* there will be no grievance.

Mr. Speaker: Does the Member press his motion?

Mr. Hamza: I do not prees it.

Begum Jehan Ara Shah Nawaz: May I just say something.

جناب صدر - میری بھی کچھ چیزیں چوری ہو گئی ہیں اس سلسلہ میں میں کچھ روشنی ڈالنا چاہتی ہوں اور بتانا چاہتی ہوں کہ اس قسم کے جرائم کے لئے ایک قانون بنانا چاہئے -

Mr. Speaker: The lady member should know that he is not pressing the motion.

Minister of Law: The effective remedy is that if the members agree with the application of Criminal Law Amendment Act, within two hours crimes will be detected and the culprits will be punished.

NON-AVAILABILITY OF IRRIGATION WATER TO CHAK NO. 104 DB, OF TEHSIL YAZMAN, DISTRICT BAHAWALPUR.

Mr. Speaker: The next motion is from Amir Habibullah Khan Saadi. This was also sought to be moved on 19th March. Yes, Malik Sahib.

Minister of Irrigation and Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): Sir, the learned member has failed to point out as to how the Government has failed in their duty to supply water to a channel wherein they must have taken water. On the other day I had submitted that all depends on the availability of water. Of course, if this had been like this that this channel was by any action of the Government debarred and we took water, which should have gone through this channel, to some other channel, then to some extent there would have been some justification for bringing this adjournment motion. In fact there is no water between Islamabad Head and Sulemanke. During winter, of course India-we do not get anything from India-whatever supply we can get is from regeneration and this is passed on to that canal. Moreover, this adjournment motion fails from the very inherent defect that the failure has not been defined; whether any subordinate of mine was mischievous enough to debar those people and see that crops are damaged or whether we failed in maintaining the canal. That is also not the charge. The position is that on account of the shortage of water, water did not go, but 1000 cusecs, which was no right of this canal, the Bahawal canal, from which this further canal towards Jazdan runs, there was no right, and we took that water from the rights of other people and saw that the water should go. I deny the fact that people are leaving places or that any crops were damaged. We did whatever was possible.

مسٹر سپیکر — سعدی صاحب آپ نے کس ایکشن کے متعلق تحریک التوا پیش کی ہے -

اسیر حبیب‌اللہ خان سعدی – ہر ذمہدار حاکم اپنے فرض کو سمجھتا ہے۔ میں اس امر کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ وہاں کھاد کی فصل کو بطور چارہ استعمال کیا گیا ہے۔

مسٹر سپیکر – کب سے کمی پیدا ہوئی ہے۔

اسیر حبیب اللہ خان سعدی – گندم کی کھڑی فصل کو کاٹ کر بطور چارہ استعمال کر رہے ہیں۔

مسٹر سپیکر – یہ کمی کب سے ہوئی ہے۔

اسیر حبیب اللہ خان سعدی – جناب میرا پوائنٹ یہ نہیں ہے جس پر اتنا زور بیان دیا گیا ہے میں نے تو یہ صورت حال بیان کی ہے اور یہ بتایا ہے کہ لوگ اجناس کی فصلوں کو پانی نہیں دے سکتے۔

مسٹر سپیکر – آپ کی مصدقہ اطلاع کیا ہے۔

اسیر حبیب‌اللہ خان سعدی– ایک ذمہدار آدمی نےاطلاع دی ہے۔

Mr. Speaker: The facts have been denied by the Government on the other side.

اسیر حبیب‌اللہ خان سعدی – ابھی تو تحقیقات ہورہی ہیں۔

Minister of Irrigation: I have done all this as a matter of grace because after all they are our citizens.

ہم نے ان پر کوئی احسان نہیں کیا۔

اسیر حبیب‌اللہ خان سعدی – میں گذارش کرونگا کہ میں پانی کا مطالبہ نہیں کررہا میں تو اس صورت حال کو آپ کے نوٹس میں لارہا ہوں۔

Mr. Speaker: Does the member press it?

اسیر حبیب‌اللہ خان سعدی – میں اسے Press نہیں کرتا۔

Mr. Speaker: He has already ascertained the facts and the position. Does the member press it?

Amir Habibullah Khan Saadi : I do not press it.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

Mr. Speaker : The next adjournment motion No 296 is from Sardar Muhammad Ramzan Drishak wherein he has given notice to discuss the in action of the Irrigation Authorities on the assurance given by the Minister of Irrigation, Power, Food and Agriculture, on 25th February, 1964 on his adjournment motion No. 197, and as the canal patwari of Rajanpur is still mutilating the girdawari to hoodwiak the assurance and to escape punishment for his wrong doings. As this inaction is in the continuing process, the matter is not of recent occurrence. I, therefore, withhold my consent under Rule 47 from moving this motion.

Minister of Agriculture and Irrigation (Malik Qadir Bakhsh) : On a personal explanation.

میں نے وہ گرداوری کا ریکارڈ اپنے قبضہ میں لے لیا تھا اور پٹواری کو معطل کردیا تھا۔ پھر وہ ریکارڈ کو کسی طرح Mutilate کر سکتا ہے۔

The facts are wrong. I took possession of the record myself.

یہ تو یہ ہوا کہ ۔

I am also a party to those mutilations.

Failure of Govt. to bring about reapproachment between the management of Zeenat Textile Mills and Rafhan Maize Products, Lyallpur.

Mr. Speaker : Next motion is from Mr. Hamza. The Member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government in bringing about reapproachment among the Mill management of Zeenat Textile Mills and Rafhan Maize products, Lyallpur and the respective labour unions; which has created tense law and order situation in Lyallpur. The Labour Unions have already given strike notices as reported in the daily Pakistan Times, Lahore, dated 19th March 1964.

Mr. Hamza, since when there is a dispute ?

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ پہلے سے ہو گیا ہوگا لازماً ۔

مسٹر سپیکر — کب سے؟

مسٹر حمزہ — میں تو جو چیز اس تحریک التوا کے ذریعہ سے اس

ایوان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں جسپر بحث کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ انہوں نے سٹرائک کا نوٹس دیا ہے۔

مسٹر سپیکر — آپ فرمائیں کہ یہ Dispute کب سے ہے۔

مسٹر حمزہ — نوٹس جو دیا گیا ہے اسکی اطلاع اخبارات میں ۱۹ تاریخ کو ہے۔

مسٹر سپیکر — Dispute کب سے ہوا۔

مسٹر حمزہ — Dispute لازمی پرانا ہوگا۔ لیکن تازہ ترین جو صورت حال ہوئی اور اس سے اندیشہ پیدا ہوا ہے۔

Mr. Speaker: The matter is not of recent occurrence and the Motion is ruled out of order.

Mr. Speaker: Next adjournment motion is from Amir Habibullah Khan Saadi.

اس ایڈجورنمنٹ موشن میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور نے ایک ماہ تک ضابطہ فوجداری کے تحت متعدد مقامات پر اجتماعات ممنوع قرار دیئے ہیں۔ جہاں تک دفعہ ۱۴۴ ۔ کے نفاذ کا تعلق ہے اسکے متعلق کوئی ایڈجورنمنٹ موشن نہیں آسکتا اسلئے میں زیر قاعدہ ۷۴۔ اسکی منظوری نہیں دیتا۔

مسٹر افتخار احمد خان — پوائنٹ آف آرڈر۔ صدر گرامی میں آپ کی رولنگ کو تو چیلنج کرنا نہیں چاہتا لیکن اسکے Interpretation کے سلسلے میں عرض کرونگا کہ ۱۴۴ ۔ کا بغیر کسی وجہ سے لگا دینا اور Tension کے بغیر کہ ذرا سا بھی خطرہ نہیں ہے Breach of Privilege نہیں ہے۔

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): He is challenging the ruling.

مسٹر افتخار احمد خان — ہر Case کو آپ Examine کیا کریں آیا یہ واقعات ہیں یا نہیں ہیں۔

مسٹر سپیکر — آپ ۱۴۴ ۔ سے متعلق مجھے ایک رولنگ بھی دکھا دیجئے کہ ۱۴۴ ۔ پر ایک ایڈجورنمنٹ موشن بھی Admit ہوا ہو۔ میں

آپ کو Refer کرتا ہوں پراونشل لیجسلیٹو اسمبلی کا ڈیبٹ صفحہ ۳۲۰ - Vol. IX اور Volume ۲۳ - صفحہ ۹۷ -

مسٹر افتخار احمد خاں- اسکے معنی صدر گرامی یہ ہیں کہ ایسی غیر ذمہدار حکومت بھی کبھی نہیں آئی جسنے ایسی غلطیاں کی ہوں -

Mr. Speaker: No discussion about that the member may please take his seat.

وزیر زراعت- پوائنٹ آف آرڈر میں کہتا ہوں کہ نوابزادہ صاحب کے ایسے غیر ذمہدار ممبر بھی نہیں آیا کرتے تھے -

Mr. Speaker: This is no point of order.

ARRESTS OF WORKERS OF FATEH TEXTILE MILLS, HYDERABAD.

Mr. Speaker: Next motion is from Khawaja Muhammad Safdar. The Member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the uncalled for and unwarranted arrests of a large number of workers including the Secretary of the Labour Union of Fateh Textile Mill, Hyderabad. The Police lathi-charged, tear-gassed and opened fire, injuring several workers who were protesting against an illegal lock-out by the Mill management. These arrests coupled with the high-handedness of the Police have caused widespread resentment among the public of Hyderabad.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The Motion is opposed. The brief statement of facts is that a large number of mill workers walked out of the Mill known as Fateh Textile Mill and took out a large procession. They wished to force their entry into some Mills which were at that time working. They were bent upon disturbing public peace and therefore Police force was called in to prevent the procession from disturbing public peace and damaging some of the Mills. The workers attacked the Policemen and were lathi-charged by the Police to prevent them from forcibly entering into the working Mills. No tear gas was used and no firing was resorted to. On the contrary seven or eight of the Policemen have been injured as a result of brickbatting. Thirty-three ring leaders who were indulging in anti-social activities have been arrested.

The present position is that cases under the Penal Code for the substantive offence of opposing the Police Force and committing other acts of violence have been registered and the cases (33 in number) have been challaned before the District Magistrate, Hyderabad, where their cases are pending. All Mills are now working and open and there is no tension, no lawlessness and the matter is sub-judice. I have for the information of this House and

the Leader of the Opposition narrated a brief summary of the facts with a view to satisfy him, that as against the violence that is alleged to have been used against the workers,-(on the contrary)- the Police people who were called in to restore law and order have had a rough handling at the hands of the workers and they sustained injuries.

But the matter is sub-judice and it will neither be proper nor wise to discuss facts on the floor of the Assembly so long as the case is before a judicial authority. I would, therefore request the mover not to insist and he may consider the advisability of withdrawing his motion.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ) — جناب والا۔ میں نے یہ ایڈجورنمنٹ موشن تار کے ذریعہ اطلاع ملنے پر اس ایوان میں پیش کیا تھا اس تار میں یہ درج ہے کہ پولیس نے ان کارکنوں ان مزدوروں کو جو فتح ٹیکسٹائل مل میں **Lock out** ہونیکی وجہ سے مظاہرہ کررہے تھے یہ ان کارکنوں اور مزدوروں کا حق ہے کہ وہ کس **Illegal** طریقہ پر **Management** کے خلاف مظاہرہ کریں ۔ جہاں تک میرا علم ہے وہ کسی دوسرے مل میں داخل نہیں ہونا چاہتے تھے نہ ہی دوسرے مل کی طرف کوئی جھگڑا اور فساد ہوا تھا یہ تمام معاملہ فتح ٹیکسٹائل مل کے دروازے پر ہوا ہے اور **Management** مزدوروں کو اندر نہیں جانے دیتا تھا۔ اور **Lockout** خلاف قانون تھا دوسری بات جسکی طرف محترم وزیر قانون نے اشارہ فرمایا تھا کہ وہاں گولیاں نہیں چلیں اور نہ **Teargas** استعمال کیا گیا۔ جہاں تک میری اطلاع ہے ہوائی **Fire** کئے گئے اگر آپ کہیں تو میں تار پڑھ دوں ہوائی **Fire** اور **Tear gas** کیا گیا تھا اور بیشمار مزدور وہاں زخمی ہوئے ہیں اسکے علاوہ مل کی یونین کے سیکریٹری اور تمام قائدین کو اس بنا پر گرفتار کیا گیا کہ انہوں نے وہ مظاہرہ کیوں کیا۔

Mr. Speaker : The learned Law Minister has said that the matter is sub-judice.

خواجہ محمد صفدر — Subjudice تو Arrest ہوسکتی ہے لیکن میں نے تو High handedness اور انکے تشدد کے خلاف الزام لگایا ہے ۔

Mr. Speaker : No, it is the "uncalled for and unwarranted arrests....."

Khawaja Muhammad Safdar: Yes Sir.

"...These arrests coupled with the high-handedness of the Police (have caused widespread resentment among the public of Hyderabad)"

دونوں ہیں جناب اگر آپ مناسب سمجھتے ہیں تو Arrest آپ نکال دیں اور پولیس کی High handedness discuss کرلیں۔

Mr. Speaker: It would be better if the member does not press it. As stated by the Law Minister the matter is sub-judice.

خواجہ محمد صفدر— جناب والا۔ آپ یہ تار دیکھ لیں۔

"Illegal lock out in Fateh Textile Mill Hyderabad since seventeenth evening police lathi charged the labours tear gas used air fires big number of labourers arrested and severey injured workers throughout restive demand release of the arrested workers office secretary trade union arrested demand immediate release police and managements highhandedness demand redress".

Mr. Speaker: This would also be sub-judice whether there is high-handedness of the police or not; whether the police was justified in opening fire or not.

خواجہ محمد صفدر— صرف اس موضوع پر جہانتک میرا خیال ہے۔ رولز کے مطابق ہم یہاں تحریک التوا پیش کرسکتے ہیں۔ کہ پولیس نے خلاف قانون یا قانون کی حد سے تجاوز کر کے تو کوئی ایکشن نہیں کیا۔

Mr. Speaker: Even if the matter is sub-judice?

Khawaja Muhammad Safdar: Of course not Sir. When the matter is sub judice, then that matter has to be separated from the rest of it. "Tab ho sakta hai warna nahin."

I do admit Sir.

Mr. Speaker: That is very difficult.

Khawaja Muhammad Safdar: I don't press it.

Mr. Speaker: The motion is not pressed.

NON-PAYMENT OF SALARIES TO EMPLOYEES OF SOCIAL WELFARE CENTRE, NOWSHERA, DISTRICT PESHAWAR.

Mr. Speaker: Mr. Abdur Raziq Khan wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the general rest-lessness prevailing amongst the public as a result of non-payment of salaries for the last six months to class III and class IV employees of the Social Welfare Centre, Nowshera, District Peshawar, functioning under the administrative control of Directorate of Labour and the hardship being faced by the said employees.

Mr. Speaker: I would like to know the facts from the Government side.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir the Minister Incharge of Local Government is again not well today, and I would request the Speaker and the member to agree to the postponement.

Mr. Abdur Razik Khan: Alright Sir.

Mr. Speaker: For what day should we defer this motion.

Minister of Education: Two-three days may be given sir.

Mr. Speaker: On Friday, the 27th March there should be a reply from the Government side.

DEATH OF A PATIENT IN LADY READING HOSPITAL, PESHAWAR.

Mr. Speaker: Next motion is from Master Khan Gul. The Member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely the death of a female patient of the Lady Reading Hospital Peshawar (As reported by Daily "Bangi-i-Haram", Peshawar, in its issue of the 20th March) as a result of sheer carelessness and neglect of duty on the part of a doctor.

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) — جناب والا ۔ یہ ایک سنگین معاملہ ہے ۔ اور ہم نے ڈائریکٹر ہیلتھ سروس پشاور کو یہ کہا ہے ۔ کہ وہ اس معاملے میں مکمل تحقیقات کر کے اسکے مفصل facts ہمیں مہیا کرے ۔ اور چونکہ بائیس مارچ اور تیئیس مارچ کو مکمل چھٹی تھی ۔ اس لئے وہ اسکی مکمل تحقیقات نہیں کرسکے ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ اس تحریک التوا کو کچھ روز کے لئے ملتوی کردیا جائے ۔

سپیکر — ماسٹر صاحب ۔ جہانتک آپکی اس تحریک التوا کا تعلق ہے ۔ تو اسکے متعلق انہوں نے کہہ دیا ہے ۔ کہ وہ اسکے متعلق تحقیقات کر رہے ہیں ۔ Does he still press it

ماسٹر خان گل — جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا ہے ۔ کہ چونکہ بائیس اور تیئیس مارچ کو گزٹیڈ چھٹیاں تھیں ۔ اس لئے وہ اسکی تحقیقات نہیں کرسکے ۔ تو اسکی تحقیقات کے بعد فیصلہ کردیں گے ۔

Mr. Speaker: Then this motion will be taken up on 30th.

FAILURE OF GOVT. TO SUPPLY ELECTRICITY TO CERTAIN VILLAGES, OF TEHSIL BAHAWALNAGAR.

Mr. Speaker: Pir Muhammad Zaman Chishti wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite mater of recent and urgent public importance, namely, the grave resentment prevailing amongst the residents of tehsil Bahawalnagar. District Bahawalnagar as a result of the failure of the Government in providing electricity to Chak Hadir Shah, Chak Pir Khana, Chak Noor Muhammad Bingarun, Chak Bhattian, Chak Ali Gohar No. 326, Chak Adompur, Chak Sheer Garh, Chak Syed Ali Chak Momin Abad as the proposed main supply line has been purposely so designed so as to pass through village

Chak Fazal Abad where the ex-Chief Secretary of West Pakistan owns some lands, and thus it is of no use for other land-owners of the said area.

Minister of Power and Irrigation (Malik Qadir Bakhsh): The facts are denied Sir.

میں نقشہ لایا ہوں ۔ جناب والا ۔ چشتیاں سے لیکر بہاول نگر تک کوئی اسکو بل نہیں دیا گیا ہے ۔ یہاں یہ ہے ۔ کہ چشتیاں سے بہاول نگر ۔۔۔۔۔

خواجہ محمد صفدر — وہ علاقہ کونسا ہے ۔ جسکا ذکر تحریک التوا میں کیا گیا ہے ۔

Minister of Power and Irrigation: It falls on the way.

یہ لائین ہے ۔ ٦٦ ہزار کلو واٹ کے لئے ۔ اسکے لئے بہاول نگر میں ایک گرڈ لگایا گیا ہے ۔ جو ابھی تک مکمل نہیں ہوا ہے ۔ But when لیکن اس لائین this line has been energised to the extent of 11,000 پر بدقسمتی سے اس بیچارے چیف سیکرٹری کا گاؤں جسکا نام لیا گیا ہے ۔ لیکن ہمیں وہاں کے لوگوں Exactly falls on the straight line ..... سے جتنی بھی درخواستیں آئیں ۔ تو ہم انکو اس گیارہ ہزار کی energy سے Meet کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ اور میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں ۔ کہ جن علاقوں کا انہوں نے ذکر کیا ہے ۔ گرڈ کے مکمل ہونے کے بعد اور فنڈز کے مہیا ہونے کے بعد ہم وہاں بھی بندوبست کردینگے —

They are in our programme and Sir I deny the facts that purposely...

وہ میرے پاس آجائیں میں انکی تسلی کردونگا ۔

Mr. Speaker: Does the member press it?

Babu Muhammad Rafiq: No Sir.

Mr. Speaker: The motion is not pressed.

NON-AVAILABILITY OF DRINKING WATER FOR THE PRISONERS OF QUETTA DISTRICT JAIL.

Mr. Speaker: Next motion is from Babu Muhammad Rafiq. The Member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent

public importance, namely, the failure of the Government in this behalf, non-availability of sufficient drinking water for the prisoners of Quetta District Jail, which has created great resentment and restlessness among the said community, as per news in Daily Mashriq, Lahore, dated 21st March, 1964.

وزیر جیل خانہ جات (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل میں پانی کے دینے کے دو ذرائع ہیں ۔ ایک تو وہاں پر کنواں ہے ۔ اور دوسرا پائپ ہے ۔ جن میں واٹر سپلائی کمپنی پانی سپلائی کرتی ہے ۔ یہ بات درست ہے ۔ کہ پچھلے چند دنوں میں نل میں پانی واٹر سپلائی کمپنی نے پورا سپلائی نہیں کیا ہے ۔ لیکن جہانتک پینے کے پانی کا تعلق تھا ۔ اس میں کوئی ایسی دقت پیش نہیں آئی ہے ۔ کیونکہ وہاں پر کنواں موجود ہے ۔ ویسے میں فاضل ممبر اور ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کردوں ۔ کہ آج سے چار یوم پیشتر پانی کی وہ کمی بحال کردی گئی ہے ۔ اور مزید ہدایات افسران متعلقہ کو جاری کردی گئی ہیں ۔ کہ وہ یہ دیکھیں ۔ کہ نلوں میں پانی کی کمی نہ ہو ۔ اور اس سلسلے میں کم سے کم تکلیف بھی نہ ہو ۔ اس لئے میں یہ استدعا کرونگا ۔ کہ جس چیز کی طرف فاضل ممبر نے ہماری توجہ دلانی چاہی ہے ۔ وہ تکلیف بھی اب دور ہوگئی ہے ۔ اور آئندہ کے لئے بھی ہدایات جاری کردی گئی ہیں ۔ کہ نلوں میں جو پانی کم تھا ۔ اور پینے کے پانی کی تکلیف تھی ۔ وہ کنویں سے پوری کردی جایا کرے ۔ اس لئے وہ اسے واپس لے لیں ۔

Mr. Speaker : Does the member press it?

Babu Muhammad Rafiq : No Sir.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

LODGING OF SARDAR ATA ULLAH KHAN MANGAL MNA IN BAHAWALPUR JAIL

Mr. Speaker: Next motion is from Mr. Hamza. The Member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment caused among the public due to the most uncalled for and short-sighted action of the Government in lodging Sardar Ata Ullah Khan Mangal, a member of the National Assembly, in Bahawalpur

Jail, althrough he is being tried in Karachi as revealed by him his statement on 21st March 1964 before Mr. Muzaffar-ud-Din, Special Magistrate, so that his relatives may not be able to see him in Jail without undergoing a lot of trouble and bearing heavy financial burden.

وزیر جیل خانہ جات (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا۔ چونکہ مجھے ابھی تک اسکے متعلق اطلاع نہیں آئی ہے۔ اس لئے میں یہ استدعا کرونگا۔ کہ یہ کسی اور تاریخ پر ملتوی کردی جائے۔ تاکہ میں اسکے متعلق ضروری اطلاعات فراہم کرسکوں۔

Mr. Speaker : It will be taken up on Friday.

Adjournment Motion No. 305, by Mr. Hamza, will also be taken up on Friday.

ACTION OF GOVT. IN NOT PROVIDING ADEQUATE MEDICAL FACILITIES TO KHAN ABDUL GHAFFAR KHAN.

Mr. Speaker : Next motion is again from Mr. Hamza. The member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment caused among the public due to the short-sighted and cruel action of the Government in not providing adequate medical facilities at Rawalpindi to Khan Abdul Ghaffar Khan, a well known Political Leader, although he had requested to D.C., Peshawar, in writing for the same. Mohammad Afzal Khan Bangash, Advocate, contacted the D.C., Peshawar, on 21st March 1964 and was informed that the Government have not given the necessary approval as yet inspite of the fact that the health of the Khan is fast deteriorating and is rightly causing a great anxiety among the public especially of the former NWFP.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : The Health Minister is not here and I would request that the motion may be postponed.

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Sir, I have not got the details and would request you kindly to postpone it to Monday, the 30th March.

Mr. Speaker : Why not on Thursday?

Won't he be able to get information till then.

Parliamentary Secretary : Alright Sir.

Mr. Speaker : This motion will be taken up day after tomorrow.

REFUSAL OF GOVT. TO GRANT MAINTENANCE ALLOWANCE TO THE FAMILY OF MR. SADIQ HUSSAIN.

Mr. Speaker : Rao Khurshid Ali Khan wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a

definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment caused due to the refused of the Government of West Pakistan, Home Department to grant maintenance allowance to the family of M. Sadiq Hussain, detenue of the defunct Jamaat-e-Islami, Karachi, despite the fact that he has been deprived of the sufficient income due to his detention.

Rao Sahib, when was this order passed?

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری—۳)— جناب والا ۔ یہ احکام جنکا مجھے تو پتہ نہیں لیکن کل ۲۲ تاریخ کو غالباً یہ لوگ یہاں سے Shift ہوکر گئے تھے ڈسٹرک جیل لاہور سے کراچی جیل میں۔ وہاں ہمیں عام حالات میں ملنے کی اجازت نہیں دیتے لیکن سٹیشن پر اتفاق سے ملاقات ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ آج کل میں ہمیں یہ احکام Convey ہوئے ہیں کہ تمہاری فیملی الاؤنس کی جو درخواست تھی وہ مسترد کردی گئی ہے میں نے کہا کہ کیا وجوہات دیئے ہیں تو انہوں نے بتایا کہ انہوں نے گویا صرف ایک لفظ لکھکر مسترد کردی کہ چونکہ تمہاری کافی آمدنی ہے اس واسطے تمہاری درخواست مسترد کی جاتی ہے ۔

Mr. Speaker : Is it not the discretion of the Government?

راؤ خورشید علی خان — میں جناب والا بڑے ادب سے آپ سے درخواست کرتاہوں ۔۔۔ (قطع کلامی) ایک شخص کی آزادی کو بغیر ثبوت بہم پہنچائے سلب کرنا ٹھیک نہیں ۔ مجرم ثابت کرنے کے بعد ایک آدمی اگر پھانسی پر چڑھنے کے مستحق ہو تو ۔۔۔ (قطع کلامی)

Mr. Speaker : Is it obligatory on the Government to sanction maintenance allowance?

راؤ خورشید علی خان — جناب والا میں تو فیملی الاؤنس کے متعلق عرض کرتاہوں ۔

Mr. Speaker : I want to know the legal position about that?

Rao Khurshid Ali Khan : I am submitting about that but, Sir, let me say it in my own words.

مسٹر سپیکر — کون سے رولز کے تحت یہ لازم ہے کہ حکومت فیمیلی الاؤنس منظور کرے وہ کون سے رولز ہیں ؟ ان کا حوالہ دیں ۔

راؤ خورشید علی خان – جناب وقت ضایع ہوجائیگا ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The Chair has rightly pointed out that it is entirely discretionary with the Government under the Detenue Rules. At least I am not aware of any law or any rule which binds the Government or makes it obligatory on the part of the Government to give family allowance to the family members of a detenue. As has been stated by the member himself, the Government has refused it on the ground that the detenue has got his own property and independent source of income. Therefore, to talk of or to beg of or to request for family allowance is really out of place and, as the member himself says, the Government has refused it on the ground that it is uncalled for. The matter being entirely within the discretion of the Government, I think, no case for an adjournment motion is made out. I have not found out the actual position as to how the facts stand, if at all that allowance has been refused or not but I am submitting on the basis of the remarks made by the member himself that it is not a fit case for an adjournment motion.

Mr. Speaker : We will take up this motion tomorrow.

Minister of Law : Let it be day after tomorrow, Sir, because I have to collect facts.

Mr. Speaker : He means to say on the 26th. Alright. I think, the same is the position and the case of adjournment motions from 308 to 311?

Minister of Law : The same is the position with all these motions.

Mr. Speaker : All these motions will be taken up on the 26th.

Minister of Law : I am sorry, Sir. Adjournment motion No. 310 is on a different subject. It relates to the keeping of Maulana Mueenud-Din with the lunatics in the lunatic Ward of the District Jail, Dera Ismail Khan.

Mr. Speaker : Is the Law Minister prepared to answer it?

Minister of Law : No, Sir. This motion relates to the Jail Department and that portfolio has been assigned to Mr. Wattoo who is not here at the present moment. This motion may go on to tomorrow or day after.

Mr. Speaker : This motion will be taken up tomorrow. What is the position about 311? I think it relates to the Basic Democracies Department?

Minister of Law : Yes, Sir.

Mr. Speaker : Then it will be taken up on the 26th.

REMOVAL OF 150 LABOURERS BY M/S QAISER ENGINEERS LTD, SHORKOT ROAD.

Mr. Speaker: Amir Habibullah Khan Saadi wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the removal from service of 150 Labourers by a foreign firm known as Messrs Qaiser Engineer Ltd; Shorkot Road, which has been given the contract for the construction of Trimu-Sidhnai Link Canal who were demanding for increase in their salaries in a constitutional way as is evident from news item published in newspaper on 22nd March 1964 and the failure of the Government in safeguarding the rights of the Labourers with the result that they have come into the grip of sudden unemployment and starvation.

Saadi Sahib, may I know as to how the administrative responsibility of the Provincial Government is involved?

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائلپور - ۷)— جناب والا - میں اس سلسلہ میں محترم وزیر صاحب کا اعلان پیش کرتا ہوں۔ اس سے پہلے ایوان میں صوبائی وزیر محنت صاحب نے کافی دفعہ یقین دہانی دلائی ہے - انکو برطرف کر رہے ہیں - جناب گردیزی صاحب نے کہا ہے کہ معاشرتی استحکام ضروری ہے اور کہ مزدوروں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں مہیا کی جائیں اور انکے ساتھ منصفانہ سلوک کیا جائے - موجودہ لیبر قوانین میں خوبیاں موجود ہیں کہ مزدوروں کا جائز تحفظ کیا جائے - یہ معاملہ اتنا معمولی نہیں کہ ایک غیر ملکی فرم کو اتنی سہولتیں دیدیں اور انہیں تمام قواعد سے مستثنے کردیں - اس کا نتیجہ لازماً یہ ہے کہ اب وہ من مانی کریں گے - جسے چاہیں گے رکھیں گے - جسے چاہیں گے ، نکالیں گے -

Mr. Speaker: I think no administrative responsibility of the Provincial Government is involved. The motion is ruled out of order.

FAILURE OF HEALTH DEPARTMENT TO FULFIL THE DEMANDS OF ITS EMPLOYEES IN THE ANTI MALARIA DEPARTMENT.

Mr. Speaker: Next motion is again from Amir Habib Ullah Khan Saadi: The Member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Health Department in fulfilling the legitimate demands of its employees working in Anti Malaria Department, as is evident from the news item published in the daily "Mashriq" Lahore dated 22nd March 1964 ventilating the grievances of the respective employees in Peshawar Region as result of which great restlessness and anxiety is prevailing amongst such employees.

Saadi Sahib, how is the matter of recent occurence?

اسیر حبیب‌اللہ خان سعدی (لائلپور — ۷) — بائیس تاریخ کے اخبار میں یہ مطالبہ شایع ہوا ہے۔ اس سے زیادہ recent اور کیا ہوسکتا ہے۔ وہاں اضطراب ہے اور انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے۔ اگر آپ کوئی اور رہنمائی فرمائیں اسے recent بنانے کے لئے، تو میں حاضر ہوں۔

مسٹر سپیکر — پوزیشن یہ ہے کہ بائیس تاریخ کو تو یہ خبر اخبار میں شایع ہوئی ہے لیکن یہ جو ان کا مطالبہ ہے، یہ بھی بائیس کو شروع ہوا؟ یہ تو پہلے سے ہوگا۔

اسیر حبیب‌اللہ خان سعدی — اکیس تاریخ سے ہوا ہے۔

Mr. Speaker: I would like to know the facts.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The Health Minister is not here. This may go for tomorrow or the day-after-tomorrow.

Mr. Speaker: It will be taken up on the 26th.

Minister of Law: The rest of the motions may also go till tomorrow.

Khawaja Muhammad Safdar: Yes, no objection.

سردار عنایت‌الرحمان خان عباسی — مسٹر سپیکر۔ آج میری بھی تحریک التوا تھی اور وہ اس ضمن میں تھی کہ اگر ان لوگوں کو وہاں آٹا مہیا نہ ہوا وہ بھوکے مرجائیں گے۔ اب آج وہ آئی نہیں۔ تو میرا خیال ہے اسکی باری تین چار دن کے بعد آئے گی جب تین چار آدمی مر چکے ہوں گے۔

Mr. Speaker: That will be taken up tomorrow, rest assured.

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS ON THE QUESTION OF PRIVILEGE RAISED BY KHAWAJA MUHAMMAD SAFDAR

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, with your kind permission I beg to present the Final Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the privilage motion raised by me.

Mr. Speaker: The Report stands presented.

The Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill 1964.

Minister of Law : Sir, I beg to introduce the Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill 1964.

Mr. Speaker : The Bill stands introduced.

The Code of Civil Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1964.

Minister of Law: Sir, I beg to introduce the Code of Civil Procedure (West Pakistan Amendment) Blil 1964.

Mr. Speaker : The Bill stands introduced.

The Motor Vehicles (West Pakistan Amendment) Bill, 1964.

Minister of Law : Sir, I beg to introduce the Motor Vehicles (West Pakistan Amendment) Bill 1964.

Mr. Speaker : The Bill stands introduced.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I have discussed item No. 4 on the Order of the Day with the Leader of the Opposition and with Mian Abdul Latif. I have expressed my regret that this was really not intended. What the idea in my mind was that item No. 5, that is to say, the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands Bill, should have priority. Therefore, with all apologies I have offered to the Leader of the Oposition and which I offer to this House and to the Chair, I would request that Item No. 5, that is to say, the consideration of the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands Bill, may be resumed and Item No. 4, that is, the consideration of the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, may stand till tomorrow.

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ ۱) — مسٹر سپیکر۔ میں وزیر قانون کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس آئیٹم نمبر ۴ کو جو ضابطہ فوجداری کے متعلق تھی، آج defer کردیا ہے تاکہ اس پر کسی اور وقت غور کیا جائے۔ بل بہت اہم ہے۔ اس کے لئے سارا ضابطہ اور لاء کمشن کی رپورٹ مطالعہ کرنا ازبس ضروری ہے۔ اور اس کے علاوہ ہاؤس کے ممبران کو وقت مل جائے گا تاکہ وہ اس میں باقاعدہ معقول contribution کر سکیں میں اس side کی طرف سے وزیر صاحب۔ قانون کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

The West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands Bill (*Resumption of discussion*).

Mr. Speaker: The House will now resume clause by clause consideration of the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands Bill 1964. Clause 12 was under discussion.

Clause 12.

چودھری عبدالرحیم (سیالکوٹ-۴)— میں ترمیم پیش کرتا ہوں :
کہ مسودہ قانون ھذا جیسا کہ اس کے بارے میں مجلس قائمہ برائے مال نے سفارش کی ہے کہ ضمن ۱۲ کی تحتی ضمن (الف) حذف کردی جائے اور موجودہ تحتی ضمن (ب) کی بجائے مندرجہ ذیل عبارت ثبت کی جائے یعنی :-

"(ب) رجسٹر شدہ معاھدہ کی صورت میں مرتہن معاھدہ کی شرائط کے مطابق معاوضہ کا مستحق ھوگا"

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:

That in clause 12 of the Bill, as recommended by the Standing Commitee on Revenue, para, (a) be deleted and for the existing para (b) the following be substituted, namely:—

"(b) In the case of registered contract the mortgage shall be entitled to compensation according to the conditions of the contract".

Minister of Revenue: Opposed.

چودھری عبدالرحیم— صاحب صدر۔ میرے اس ترمیم پیش کرنے کا زیادہ مقصد جو چھوٹے چھوٹے زمیندار ہیں، ان کو آپس میں لین دین کے لئے سھولیت بہم پہنچانے کا ہے۔ کیونکہ اس سے یہ ھوگا کہ جب کسی چھوٹے زمیندار کو روپیہ کی ضرورت پڑے گی تو وہ آپس میں کوئی معاھدہ کرلیں گے تو معاھدہ کی وجہ سے ان کو کچھ سہولت ھوجائے گی۔ اور اپنے کاروبار یا فصل کے بیج کے لئے یا مویشیوں کی خرید کے لئے وہ روپیہ حاصل کرسکیں گے۔ میرے خیال میں اگر یہ سب چیزیں بند ھوگئیں تو تو مجبوراً ایک چھوٹا زمیندار اپنی زمین بیع کرنے پر مجبور ھوجائیگا۔ اسلئے میں گورنمنٹ کی خدمت میں عرض کرتا ھوں کہ یہ چھوٹے زمینداروں کے لئے،

جنکی زمین ساڑھے بارہ ایکڑ سے کم ہے، ان زمینداروں کے لئے اگر یہ مقرر کردیا جائے تو بجائے نقصان کے فائدہ ہوگا کیونکہ گورنمنٹ کا یہ کام ہے کہ وہ طبقے کو ایک جیسا دیکھے۔ اگر یہ ترمیم نہ لائی گئی تو میرے خیال میں چھوٹے زمینداروں کو جو کہ دو چار یا دس ایکڑ کے مالک ہیں یعنی جن کی زمین ساڑھے بارہ ایکڑ سے کم ہے، ان کو نقصان ہونے کا احتمال ہے۔ (قطع کلامیاں)

جناب والا۔ میں میاں محمد شریف صاحب کے الفاظ کے خلاف احتجاج کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: What are those words?

چودھری عبدالرحیم— اور میں تو کہتا ہوں کہ سب سے جاہل تو وہ ہیں جو یہ الفاظ استعمال کرتے ہیں۔

Parliamentary Secretary (Mian Muhammad Sharif): I never said that. (*interruptions*).

Mr. Speaker: He says, he never said that.

Parliamentary Secretary: No. I never said Sir.

جناب والا۔ مجھے ان کا بڑا احترام ہے۔ اور وہ میری پارٹی کے رکن بھی ہیں۔

چودھری عبدالرحیم— جناب وہ تو ایک ان پڑھ منسٹری کے امیدوار ہیں۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان)— جناب والا۔ مجھے افسوس ہے کہ نوک جھونک میں خواہ مخواہ وقت ضائع ہو رہا ہے۔ بہرحال صاحب صدر۔ میں اس کی مخالفت اس لئے کرتا ہوں کہ جہانتک compensation کا تعلق ہے۔ وہ تو کلاز نمبر ۲ کے ضمن (b) میں دی گئی ہے۔

(b) In case of an express contract to the effect that the mortgagee shall be entitled to compensation for improvements made by him in the mortgaged land determine the amount of such compensation;

تو جہانتک ترقی۔ صحت یا compensation کا تعلق ہے۔ وہ کلاز نمبر ۱۲ ضمن (ب) میں دی گئی ہے۔ اور وہ اسے cover کرتی ہے۔ اور اس کے ساتھ compensation کو بھی cover کرتی ہے۔ اگر contract ہے تو کلکٹر بحیثیت ایک ذمہ دار افسر کے اسے بھی دیکھیگا کہ contract کی تحریر اور اس کی شرائط کی رو سے وہ کس قدر improvements یا compensation کا حقدار ہے۔ چنانچہ وہ اس کے مطابق فیصلہ کرکے award دیگا۔ اور m rtgager سے کہے گا کہ وہ رقم داخل کرے۔ اس کا procedure بھی دیا گیا ہے۔ اور یہ ایک speedy طریقہ ہے۔ اس لئے موجودہ شکل میں جو ترمیم آئی ہے۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

اس کے علاوہ جو کچھ میں معزز ممبر سے سمجھا ہوں۔ وہ یہی ہے کہ چھوٹی زمینوں مثلاً دو یا اڑھائی ایکڑ کو اس بل کی provision سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔

Mr. Speaker: That is already provided in sub-clause (b).

Minister of Revenue: That is provided. The Member said something else.

چودھری عبدالرحیم— جناب والا۔ جو کچھ وزیر مال صاحب فرما رہے ہیں۔ میرا یہ مقصد نہیں۔

وزیر مال— جناب والا۔ جو کچھ معزز ممبر فرما رہے ہیں۔ اس کیلئے تو پہلے ہی provision موجود ہے۔

Mr. Speaker: The question is:—

That in clause 12 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, Para, (a) be dated and for the existing Para (b) the following be situated, namely:—

"(b) In the case of a registered contract, the mortgage shall be entitled to compensation according to the conditions of the contract".

(The motion was lost)

Mr. Speaker: Next Chaudhri Abdur Rahim.

Chaudhri Abdur Rahim: Not moving.

Mr. Speaker: Not moved.

The questions is:

That Clause 23 stand part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 13

Mr. Speaker: The question is :—

That clause 13 stand part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 14.

Mr. Speaker: Clause 14. There is an Amendment by Mian Latif.

Mian Abdul Latif: I move :

That in clause 14 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, sub-clause (2) be deleted.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 14 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, sub-clause (2) be deleted.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Opposed.

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ ۔ ۱)— جناب والا۔ اس قانون کی دفعہ ۱۲ appeals کے متعلق ہے۔ اس سلسلے میں میں پہلے گذارش کر چکا ہوں کہ redemption کے متعلق ایکٹ کی ترمیم کی سکیم کچھ اس طرح ہے کہ نہ اس میں ایک اپیل ہے اور دوسری اپیل۔ نہ ایک نگرانی ہے اور نہ دوسری نگرانی۔ اور نہ ہی نظرثانی ہے۔ Restitution کے سلسلے میں اس باب میں قدرے قیاضی ہے کہ پہلے ایک اپیل ہے اور پھر اسی عدالت کے پاس ایک نگرانی ہے۔ پھر دوسری اپیل ہے اور اس کے ساتھ اسی عدالت کے پاس ایک نگرانی ہے میں یہ سمجھ سکتا ہوں کہ آپ کمشنر کے پاس ایک اپیل allow کرتے ہیں یعنی کلکٹر پہلے رہن ختم کرنے کا آرڈر کرتا ہے یا درخواست نامنظور کرتا ہے۔ جس فریق کے خلاف حکم ہوتا ہے وہ اس حکم کو کمشنر کی عدالت میں اپیل کی شکل میں challenge کرتا ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ پھر

کمشنر کے پاس نگرانی کی provision کیوں رکھی گئی ہے۔ جب اس عدالت کو اختیار ہے کہ اپیل میں اس کی سماعت کرکے پورا review دے سکتی ہے۔ تو پھر revision کیوں۔

اس کے بعد جناب دفعہ ۱۸ میں یہ provide کیا گیا ہے کہ کمشنر کے فیصلے کے بعد Board of Revenue کو یہ اختیار ہے کہ وہ کسی کی درخواست پر سارا ریکارڈ طلب کرلے۔ اور جو مناسب سمجھے حکم صادر کردے اسی دفعہ کے ضمن ۲ میں بورڈ کو اپیل کی عدالت کے اختیارات دیئے گئے ہے۔ لیکن اس کی ٹانگ۔ بازو۔ اور آنکھ سب توڑ پھوڑ دئے گئے ہیں۔ کیونکہ عدالت اپیل کے اختیارات اتنے محدود کر دئے گئے ہیں کہ نہ تو اس عدالت کو شہادت کو touch کرنے کا اختیار ہے۔ نہ findings کے تبدیل کرنے کا اختیار ہے۔ یعنی merits پر عدالت جا ہی نہیں سکتی۔ اس پر حد بندی یہ کردی گئی ہے کہ اگر عدالت دیکھے کہ کسی قانون کی خلاف ورزی ہوگئی ہے یا ضابطے کی خلاف ورزی ہوئی ہے یا کسی تنقیح کو زیر غور نہیں لایا گیا۔ تو گویا Board of Revenue کے پاس ان چیزوں کی اپیل ہوسکتی ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ جب merits پر جانے کا Board of Revenue کو کوئی اختیار ہی نہیں۔ وہ شہادت پر انگلی رکھ ہی نہیں سکتا۔ تو ایسی صورت حال میں اس کے پاس کوئی شخص کیوں اپیل کریگا۔ جب دفعہ ۱۸ میں یہ provision موجود ہے کہ کسی کلکٹر یا کمشنر کے فیصلے کے خلاف کوئی شکایت ہو تو وہ اس دفعہ کے تحت Board of Revenue کے پاس اپیل کرسکتا ہے۔ اور Board of Revenue ریکارڈ طلب کرنے اور parties کو hear کرنے کے بعد جو بھی چاہے۔ واقعات کی روشنی میں۔ شہادت کی روشنی میں۔ دستاویزات کی روشنی میں۔ فیصلہ کرسکتا ہے۔

تو میری گذارش یہ ہے کہ قانون اورقانون سازی ایک اس قسم کا مسئلہ ہے کہ اس میں ایک coma بھی غیر ضروری نہیں ہوسکتا۔ اس میں ایک full stop یا ایک semi-colon بھی غیر ضروری نہیں ہوسکتا۔ اس میں ہرچیز کا

مطلب ہوتا ہے۔ اور ہر چیز کسی ضرورت کے ماتحت رکھی جاتی ہے۔ اب میں اپنے بڑے بھائی خان پیر محمد خان صاحب سے پوچھتا ہوں کہ جب آپنے دفعہ ۱۵ کے ضمن نمبر ۱ میں کمشنر کے فیصلے کے بعد بورڈ کو یہ اختیار دیا ہے۔

15 (1) The Board of Revenue may at any time call for the record of any case pending before, or disposed of by, any Revenue Officer subordinate to it.

اس کے آگے جناب دفعہ ۱۵ کا ضمن ۳ ہے۔

(3) The Board of Revenue may in any case called for under sub-section (1) and a Commissioner may in any case called for under sub-section (2) pass such order as it or he thinks fit.

گویا کمشنر کا فیصلہ ہو جانے کے بعد جب Board of Revenue کو دفعہ ۱۵ ضمن نمبر ۱ اور ۲ کے تحت فیصلے میں مداخلت کے پورے اختیارات موجود ہیں۔ تو پھر آپ نے truncated اور لولے لنگڑے سے اختیارات ضمن ۲ میں کیوں رکھے ہیں۔ اپیل نمبر۲ کیوں رکھی ہے۔ اور اگر آپ نے اپیل نمبر ۲ رکھی ہے۔ پھر آپ نے Board of Revenue کے اختیارات کیوں محدود کئے ہیں۔

Mr. Speaker: Now the House is adjourned for twenty minutes for evening prayers.

(The Assembly then adjourned for Maghreb Prayers.)

The Assembly met after Maghrib Prayer at 6-40 P.M. Mr. Speaker in the chair.

Mr. Ali Gohar Khuro: Sir, there is no quorum.

Mr. Speaker: Let there be a count. *(Count was taken).*

The House is not in quorum. Let the bells be rung. *(Quorum bells were rung)* The House is in quorum.

میاں عبداللطیف— جناب والا۔ میں دفعہ نمبر 14 کے متعلق عرض کررہا تھا۔ کہ قانون جناب بنایا جاتا ہے۔ ضرورت کیلئے ۔ مجھے اعتراف ہے ۔ کہ یہاں اپیل کی ضرورت تھی۔ اور اپیل کی Provision کرنا ضروری تھا۔ لیکن

یہ بھی محسوس کرتا ہوں۔ کہ اپیل کا مرحلہ طے ہونے کے بعد بورڈ آف ریونیو میں ہر فریق کو اجازت ہو۔ کہ وہ اپنے معاملے کو پیش کرے۔ یہ بھی ایک ضرورت کی چیز تھی۔ لیکن قانون بنانے میں common sense اور ترتیب کو بہت دخل ہے۔ اگر ترتیب نہ ہو۔ تو قانون بہت زیادہ الجھن پیدا کرتا ہے۔ نقصان پیدا کرتا ہے۔ میں اس میں دیکھتا ہوں۔ کہ اس میں ترتیب کی انتہائی ضرورت ہے۔ کمشنر کے ہاں کلکٹر کے فیصلے کے بعد اپیل ہونا ضروری تھا۔ اور یہ دفعہ نمبر 14 کے ضمن (الف) میں اسکو provide کردیا گیا ہے۔ یہ بالکل ٹھیک ہے۔ اور اس کے آگے سر تسلیم خم ہے۔ لیکن دفعہ نمبر 15 میں پھر اسی کمشنر کو یہ حق دیا گیا ہے۔ کہ تم اسکی revision کردو۔ یہ میری سمجھ سے بالکل باہر ہے۔ خان پیر محمد خان صاحب یا تو اتنی بخیلی کرتے ہیں۔ کہ نہ اپیل۔ نہ نگرانی، نہ نظر ثانی کا ہی اختیار دیتے ہیں۔ اور یا اتنی فیاضی کرتے ہیں۔ کہ اپیل اور پھر اسی افسر کے پاس نگرانی اور پھر دوسری اپیل اور پھر اسکے پاس نگرانی۔ آخر یہ ستم ظریفی ہے کیا۔

کمشنر کو اپیل کا اختیار دینا۔ ٹھیک ہے۔ لیکن اسکو نگرانی کا اختیار دینا۔ یہ غیرضروری ہے۔ یہ حق آپ چھین لیں۔ کمشنر کے فیصلے کے بعد سیدھی سادھی نگرانی بورڈ میں جائے۔ تاکہ مقدمے کے تمام پہلوؤں پر — اس کے Merits پر، شہادت پر اور قانونی معاملات کی تمام الجھنوں پر بھی وہ غور کریں۔ اور انہیں حل کر کے وہ ایک قطعی فیصلہ کردیں۔ یہاں بورڈ کو جو اپیل ثانی کا حق دیا گیا ہے۔ یہ انتہائی غیر ضروری ہے۔ کیونکہ اس اپیل میں اسے اختیار کیا دیا گیا ہے۔ یہی کہ وہ یہ فیصلہ کردے۔ کہ یہ فیصلہ قانون اور ضابطے کے مطابق ہوا ہے۔ تمام تنقیحیں فیصلہ ہو گئی ہیں۔ آخر ان تمام چیزوں کو رکھنا کیا انکے خیال میں صحت کے لئے مفید ہے۔ پبلک کو تو چار کی ضرورت نہیں ہے۔ پبلک کو صرف کمشنر کے پاس ایک اپیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اور بورڈ کے پاس نگرانی کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ کمشنر کی نگرانی اور بورڈ کے پاس دوسری اپیل کرنا انتہائی غیرضروری چیزیں ہیں۔ اور یہ دونوں ہی حذف ہونے کے لائق ہیں۔ لیکن میں اب یہ محسوس کر رہا ہوں۔

اور اب یہ ہاؤس میں مظاہرہ دیکھ رہے ہیں۔ کہ یہاں اختلاف برائے اختلاف کیا جاتا ہے۔ میں اگر کوئی ترمیم پیش کرتا ہوں۔ تو اُدھر سے محض اختلاف برائے اختلاف کیا جاتا ہے۔ وہ دل میں یہ محسوس کرتے ہیں۔ کہ لطیف کہتا تو ٹھیک ہے۔ لیکن چونکہ مخالفت کرنی ہے۔ اختلاف برائے اختلاف کرنا ہے۔ اور وہ اس بات پر بالکل ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔ کہ حزب مخالف کی طرف سے خواہ کوئی بھی چیز پیش ہو۔ تو ہم اسے قبول نہیں کرینگے۔ خواہ وہ بالکل ٹھیک ہی کیوں نہ ہو۔ تو یہ قانون نہ اسطرف کیلئے بنا ہے۔ نہ اُس طرف کےلئے بنا ہے۔ یہ قوم کی چیز ہے۔ یہ عدالتوں کیلئے ہے۔ یہ عوام کے لئے ہے۔ زیادہ تر دیہاتیوں کیلئے ہے۔ ممکن ہے شہروں میں بھی اس قسم کی زمینیں ہوں۔ راہن اور مرتہن کا آپس میں لین دین ہو۔ اور اس کو کنٹرول کرنا ہو۔ اس میں نہ کمی ہونی چاہیئے۔ نہ زیادتی ہونی چاہیئے۔ جہاں Redemption کی Side میں کمی ہے۔ وہاں کوئی اپیل کرنے کا حق نہیں ہے۔ یہاں زیادتی ہے۔ اپیل ثانی انتہائی درجہ غیرضروری چیز ہے۔ اسکو حذف کیا جائے۔ آگے جو کمشنر کی نگرانی ہے۔ اسکو بھی حذف کرنا چاہیئے۔ میں استدعا کرتا ہوں۔ کہ وہ اس پر غور کریں۔ اور سنجیدگی سے غور کریں۔ تاکہ یہ غیرضروری چیزیں اس قانون میں سے نکل جائیں۔

وزیرِ مال (خان پیرمحمد خان) — سب سے پہلے جناب میں یہ عرض کروں کہ یہ بہت غلط تاثر لیا جا رہا ہے آپوزیشن کی طرف سے جو کوئی اچھی چیز ہوتی ہے تو اس کی بھی ہم ضرور مخالفت کرتے ہیں۔ یہ غلط ہے ان کی طرف سے اچھی بات کم آتی ہے لیکن اگر آجاتی ہے تو اسے ہم قبول کرتے ہیں اور انشا اللہ قبول کریں گے۔ اب اسی ضمن میں میں یہ عرض کرونگا کہ میں ان کی کیوں مخالفت کرتا ہوں جیسا کہ انہوں نے rightly کہہ دیا۔ Redemption اور Restitution دو جدا چیزیں ہیں۔ جہاں تک Restitution کا تعلق ہے۔ ایک مظلوم پارٹی کو Speedy remedy دی گئی ہے۔ اس کو اپیل کرنے کا حق دیدیا گیا ہے۔ اور جہاں تک پہلی اپیل کا تعلق ہے۔ میں ہاؤس کا وقت ضایع کرنا مناسب نہیں سمجھتا۔

He agrees with me and I stick to what I have done.

جہاں تک دوسری اپیل کا تعلق ہے میں انکی خدمت میں سی پی سی کی دفعہ ۱۰۰ عرض کر دیتا ہوں کہ بعینہ یہی پروویژن ہے۔ یہ دفعہ ۱۰۰ سول پروسیجر کوڈ ہے۔ دوسری اپیل جناب۔

100 (1) Save where otherwise expressly provided in the body of this Code or by any other law for the time being in force, an appeal shall lie to the High Court from every decree passed in appeal by any Court subordinate to a High Court, on any of the following grounds, namely:—

(a) the decision being contrary to law or to some usage having the force of law:

اور اس کو لفظ بلفظ ہم نے نقل کیا ہے۔

میاں عبداللطیف — تو اس میں نگرانی نہیں ہے۔

وزیر سال — اگر پارلیمانی طریقہ برتا جائے تو ہم کہیں گے ..... (قطع کلامی)۔

Mr. Speaker: There should be no interruption.

وزیر سال — وہ اگر کریں تو غیر آئینی ہوگا۔

(b) the decision having failed to determine some material issue of law.....

جیسا کہ میرے دوست کہہ رہے تھے کہ Compensation کا کوئی سوال آجائے یا کوئی اور میٹیرل بات آجائے جس کےلئے Issue وضع کرنا چاہیئے تھا اور وہ Issue وضع نہیں ہوا تو وہ دوسری اپیل سن لیں گے۔ اب ان کی مرضی ہے چاہے Appellate Side پر فیصلہ کریں یا دوبارہ ان کے پاس بھیج دیں کیونکہ you give your decision on this issue کیونکہ Issue تو تب ہوتے ہیں۔ When you allege something and I deny that, then اور اگر ایک طرف سے Allegation ہے اور دوسری طرف سے denial ہے اور Issue decide نہیں ہوا تو he must frame an issue that issue must arise اور (سی) یہ بھی بالکل حرف بحرف ہے۔

(c) a substantial error or defect in the procedure provided by this Code or by any other law for the time being in force, which may possibly have produced error or defect in the decision of the case upon the merits.

تو میں یہ ہوبہو ان کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں جو سینکڑوں سالوں

سے ہو رہا ہے اور ہمارے مشہور جج صاحبان جو ہیں انہوں نے کبھی کوئسچن نہیں کیا کہ یہ پروویژن نہیں ہونی چاہیئے۔ رہا Revision کا سوال تو جہاں تک بورڈ آف ریونیو کے اختیارات کا تعلق ہے میرا خیال ہے میرے دوست مجھ سے اتفاق کرتے ہیں Am I right?

Khawaja Muhammad Safdar: Yes, I agree.

وزیر مال — انکا اعتراض صرف یہ ہے کہ کمشنر کو Revision کے اختیارات کیوں دئے گئے ہیں۔ اس لئے کہ Revision کے اختیارات بڑے لامحدود ہوتے ہیں۔ لیکن دیکھنا یہ ہے جیسا کہ میں ابھی عرض کر رہا تھا۔ سی پی سی کے Revision کے اختیارات آپ کو پڑھائے دیتا ہوں۔ ۱۹۳۸ع کا Redemption ایکٹ۔ اس کے تحت سابق پنجاب کے فائننشل کمشنر کے پاس Exactly وہی اختیارات تھے۔ اور وہی بورڈ آف ریونیو کے پاس رکھے ہیں اور یہی اختیارات کمشنر کے ہیں .....

10-A. The Financial Commissioner.....

اس کی جگہ "Board of Revenue" لکھنا ہے۔

...may, at any time, of his own motion or on application made, call for the record of any case pending or decided under this Act and may in any such case pass such order as he thinks fit:

Provided that he shall not under this section pass any order reversing or modifying any proceedings or order without giving the person concerned an opportunity of being heard.

Khawaja Muhammad Safdar: Agreed upto this.

وزیر مال — ہم نے کمشنر کو اختیارات اس لئے دیدیئے ہیں کہ جب یہ ایکٹ پاس ہوا تو صرف یہ سابق پنجاب پر Apply کر رہا تھا اب مغربی پاکستان کی Integration کے بعد جو صوبہ بنا تو اس کا رقبہ اتنا وسیع ہوگیا کہ اگر ایک آدمی کے ساتھ کوئی Irregularity Misca riage of Justice ہوجائے اور اسے یا As of compulsion یہاں بورڈ آف ریونیو میں آنا پڑے ایک حد تک اسے بتایا گیا کہ You go there and file a revision petition there also. تو اس کے لئے پروسیجر اور ضابطہ To facilitate the poor man who cannot afford to come from ہوتا ہے

یعنی فرنٹیئر پراونس جس کے ساتھ a long distance say Frontier Province,
میرے دوست کو بہت ہمدردی ہے (قہقہہ) (قطع کلامی)

Mr. Speaker: No interruptions.

میاں عبداللطیف — مجھے ہر ایک کے ساتھ ہمدردی ہے۔

وزیر مال — تو اس کو سہولت دینے کے لئے کہ وہ Nearest
کے پاس جاکر پیٹیشن داخل highest authority on the revenue side
کردے اور اسی لئے کمشنر کو اختیارات دے دیئے کہ وہ دیکھیں کہ
These powers are exercised judicially sir.

Mr. Speaker: The questios is :—

That in clause 14 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on revenue sub-clause (2) be deleted.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker: The question is:—

That Clause 14 stand part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

Clause 15

Mr. Speaker: The question is :—

That Clause 15 stand part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

Clause 16

Mr. Speaker: The question is :—

That Clause 16 stand part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

Clause 17

Mr. Speaker: Clause 17. There is notice of an Amendment by Chaudhri Abdur Rahim.

Chaudhri Abdur Rahim: Sir, I move:—

That Clause 17 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue be deleted and the subsequent clauses be re-numbered accordingly.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is :—

That Clause 17 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be deleted and the subsequent clauses be re-numbered accordingly.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): Opposed.

چودھری عبدالرحیم (سیالکوٹ۔ م) — صاحب صدر۔ میرا مقصد اس ترمیم کے لانے کا یہ ہے کیونکہ قانون جب بنایا جاتا ہے وہ عوام کے انصاف حاصل کرنے کے لئے بنایا جاتا ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ ایگزیکیوٹو لائین میں زیادہ مصروفیت کی وجہ سے وہ وقت نہ دے سکیں اور انصاف نہ ہو سکے اس لئے کہ جوڈیشل عدالتوں کے لئے کافی وقت ہوتا ہے اور وہ اچھی طرح سے ان مقدمات کی چھان بین کر سکتے ہیں۔ ثبوت دے سکتے ہیں۔ اور وقت دے سکتے ہیں۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ یہ ترمیم نہایت اہم ہے اس لئے گورنمنٹ اس کو منظور کرے۔

Mr. Speaker: Does the Minister want to speak?

Minister of Revenue: No Sir. Let me also hear Mian Latif.

Mr. Speaker: Mian Latif.

Mian Abdul Latif: I beg to move:—

That Clause 17 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue be deleted and the subsequent clauses 18 to 24 be renumbered as clauses 17 to 23.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:—

That Clause 17 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue be deleted and the subsequent clauses 18 to 24 be renumbered as clauses 17 to 23.

Minister of Revenue: Opposed.

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ۔ ۱) — عالیجاہ یہ کلاز جس کے متعلق میں نے گذارش کی ہے اس میں جناب پروویژن یہ ہے کہ کلکٹر کے یا بورڈ آف ریونیو کے یا کمشنر کے کسی فیصلے کو سول کورٹ میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا اور کسی کارروائی کے جواز کو عدالت دیوانی میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا کچھ عرصہ سے جناب Tendency چلی آرہی ہے کہ عدالت ہائے دیوانی کے اختیارات کم کئے جائیں۔ اور انکے یہ اختیارات اور کوئی findings کسی قانون کے جواز کے متعلق یا کسی کارروائی کی قانونی حیثیت کے متعلق جس کے متعلق وہ فیصلہ کرسکیں کم کر دیئے

جائیں ۔ اور جہاں تک جناب اس قانون کا تعلق ہے عدالت ہائے دیوانی کے اختیارات کو علیحدہ کر دیا گیا ہے ۔

ہو سکتا ہے جناب کہ کہیں ایسی situation پیدا ہو جائے جہاں سوائے دیوانی عدالت کے اور کوئی چارہ ہی نہ ہو اسکو relief ہی نہ مل سکے۔ مثلاً جناب ایک شخص نے— یہاں سوال تو یہ ہے : کیا بیس سال ہوگئے ہیں یا نہیں؟ ایک سوال جناب ۔ دوسرا جناب یہ ہوسکتا ہے کہ کیا مدعی یا سائل راہن بھی ہے؟ ان دو سوالوں کا جواب بنیادی طور پر civil کا معاملہ ہے ۔ لیکن یہاں Restitution of Mortgaged lands بل کے تابع کلکٹر کے پاس اس کا فیصلہ ہوتا ہے ۔ انتقال جناب درج ہوتا ہے کسی رہن کا ۱۹۳۵ میں ۔ لیکن اس کا انتقال فیصلہ ہوتا ہے ۱۹۴۵ میں ۔ یعنی اب اس کو، انتقال کو فیصلہ ہوئے انیس سال ہوگئے۔ بیس پورے نہیں ہوئے ۔ لیکن ادھر جناب اس کو ہو چکے ہیں تقریباً ۲۸ سال، ساڑھے اٹھائیس یا انتیس سال ۔ عدالت مال فیصلہ کر دیتی ہے کہ بھئی ہم تو میعاد لیتے ہیں انتقال کے فیصلے سے ۔ اور وہ تمہارے اٹھارہ سال، انیس سال پورے ہوئے ہیں ۔ تمہاری درخواست خارج ۔ کمشنر صاحب بھی Leisurely فیصلہ کر دیتے ہیں کہ انیس سال ہوئے ہیں ۔ ابھی بیس سال ہوئے نہیں۔ تو میں یہ پوچھتا ہوں کہ اگر ہم Civil Courts کا اس آدمی کے لئے دروازہ بند کر دیں تو جس آدمی کو زمین رہن کئے ہوئے، قبضہ دئے ہوئے انتیس تیس سال ہوگئے ہیں تو ہمارے کلکٹر کے فیصلے کے ماتحت وہ اس قانون کے فائدے سے مکمل طور پر محروم ہو جائے گا ۔ اس کے لئے دیوانی عدالت کا دروازہ بند کر دیا ۔ کلکٹر نے اسکو Relief نہیں دیا ۔ اس کے لئے کیا چارۂ کار باقی رہ گیا ہے ۔

Mr. Speaker : Appeal for revision.

میاں عبداللطیف — وہ تو جا چکا ہے ۔ انہوں نے کہدیا کہ چونکہ تمہارا انتقال فیصلہ ہوا ہے ۱۹۴۵ میں، اس لئے وقت پورا نہیں ہوا اس لئے ضروری تھا کہ اس کو Civil Courts میں اس پوائنٹ کے فیصلے

کے لئے بھیج دیتے کہ کیا اس کو بیس سال ہوگئے ہیں؟ تو وہ دیوانی عدالت یہ فیصلہ کرتی ۔ چونکہ اس شخص نے زمین کی جو transaction کی تھی، وہ complete ہوچکی ہے ۱۹۳۵ میں ۔ اسلئے وہ قبضہ بھی دے چکا تھا ۱۹۳۵ میں اور mortgagee ۱۹۳۵ سے اس کا فائدہ حاصل کر رہا ہے اسلئے بیس سال پورے ہو چکے ہیں ۔ Land اس کو Resume کردیا جائے۔

مسٹر سپیکر—لیکن میاں صاحب اس میں بھی Different Interpretations ہو سکتی ہیں ۔

میاں عبداللطیف — Civil Courts میں جناب چونکہ summary معاملات نہیں ہوتے ۔ وہ بہت غور و خوض کے بعد فیصلہ کرتے ہیں ۔ summary قصے مختلف ہوتے ہیں اس لئے وہاں ہم یہ توقع نہیں کرتے کہ یہ فیصلہ کر دیں گے کہ اس میں ابھی بیس سال نہیں ہوئے summary سلسلہ میں ہم اس قسم کی توقع کر سکتے ہیں کہ اس قسم کا فیصلہ ہوجائے۔

اس کے علاوہ جناب ایک آدمی زمین رہن کرتا ہے ۔ اس کے بعد فوت ہو جاتا ہے ۔ اس کا بیٹا درخواست کرتا ہے کہ میں متوفی کا بیٹا ہوں اور میری زمین کی Restitution کا order کر دیا جائے ۔ عدالت فیصلہ کرتی ہے کہ سال تو واقعی بیس گذر گئے لیکن یہ مرتہن کہتا ہے کہ یہ اس کا بیٹا نہیں ہے ۔ انتقال ابھی اس کے حق میں فیصلہ نہیں ہوا ۔ اسلئے یہ اس کا بیٹا نہیں ہے ۔ summary معاملہ ہے ۔ کلکٹر صاحب نے بھی دیکھا کہ اسکی پیدائش کا سرٹیفکیٹ نہیں آیا ۔ نمبرداران کی شہادتیں نہیں ہوئیں بھئی تم اس کے فرزند نہیں ہو۔ اب وہ کیا کرے؟ Lie,Second Application نہیں کرتی ۔ اس کے چار مہینے کے بعد فیصلہ ہوگیا کہ متوفی کا بیٹا وہی ہے ۔ انتقال اسکے نام فیصلہ ہوگیا ۔ اب مجھے بتائیں خان صاحب اس کے پاس علاج کیا ہے؟ تو ایسی صورتوں کے علاج کے لئے اگر یہ رکھ دیا جائے کہ Civil Court بھی اس میں interfere کر سکتی ہے تو parties میں سے کسی کا نقصان نہیں ۔ فائدہ دونوں کا ہے ۔

Mr. Speaker: The member means to say that first there should be an application, then an appeal, then a revision and then a civil suit.

میاں عبداللطیف — of course,sir کیونکہ اس کا راستہ کھلا ہونا چاھئے۔ جیسے اور قانونوں میں ہے اور فیصلوں میں ہے۔ ھائیکورٹ میں writs بھی ہوتی ہیں۔ ھائیکورٹ میں چیلنج بھی کیا جا سکتا ہے اس کو۔ حالانکہ ادھر اپیل بھی ہوتا ہے۔ Revision بھی ہوتی ہے۔ Settlement میں یہی ہو رہا ہے۔ Revenue میں بھی آج کل ہو رہا ہے۔ Revenue میں جناب پہلے اپیل ہوتا ہے۔ پھر دوسرا اپیل ہوتا ہے۔ پھر نگرانی ہوتی ہے۔ پھر اس کے بعد شاید Full Board میں بھی ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد ھائیکورٹ میں پہنچ جاتے ہیں کیس۔ اس کے بعد Civil Courts میں پہنچ جاتے ہیں۔ ریونیو کے جتنے احکامات ہیں، وہ challengeable ہیں Tenancy Act-in Civil Courts کے ماتحت جتنے بھی احکامات ہیں، وہ سب Civil Courts میں challenge ہو سکتے ہیں تو ان میں کیا خصوصیت ہے کہ ان کو exclude کر دیا جائے Civil Courts کے operations سے۔ میری التجا یہ ہے کہ Civil Courts کا دروازہ اس کے لئے بند نہ کیا جائے۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) — مسٹر سپیکر۔ میں نے اپنے دوست کی اپنی amendment کی تائید میں جو تقریر سنی، اس میں انہوں نے دو نقطے اٹھائے ہیں۔ پہلا اعتراض تو ان کا یہ ہے کہ فرض کریں کہ انتقال کے متعلق جھگڑا ہے۔ اندراج انتقال کا ۱۹۳۵ء میں ہوا اور کہیں فیصلہ انتقال کا ۱۹۴۵ء میں ہوا۔ تو دس سال کا عرصہ گذر گیا۔ تو پہلے تو میں اسے meet کر رہا ہوں جناب۔ میں کچھ مدت Civil side پر رہا۔ پھر میں نے وہ چھوڑ دیا۔ لیکن مجھے شک ہے اور میرا خیال ہے، بعض اوقات شک یقین کی حد تک پہنچتا ہے، میرا خیال ہے کہ میرے دوست زیادہ تر Civil side پر ہی کام کرتے ہیں۔ تو میں ان کی خدمت میں صرف preamption کا، جو شفعہ کا ہوتا ہے کیس، وہ ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ Limitation کب شروع ہوتی ہے۔ Preamption

cases میں جب ایک سال کی میعاد رکھی گئی ہے تو وہ limitation کب شروع ہوتی ہے ایک سال کی؟ اگر Registered deed ہے تو from the date of registration ۔ اگر زبانی معاہدہ ہے تو اس میں دو شق ہیں جناب۔ میرے دوست پھر اعتراض کریں گے کہ شق ہے۔ میں ہمیشہ اسے شق کہتا ہوں .and I stick to what I have said (قطع کلامیاں)۔

Mr. Speaker: Order, please.

وزیر مال — اللہ خیر کرے جی۔ اللہ سے رحم کی درخواست کریں گے۔ (قہقہہ)

تو اس میں، oral saying میں یہ ہے کہ

...from the date of possession or registration and mutation, whichever is earlier (Am I right?) That is the provision.

تو اس میں دیکھا جائے گا جناب۔ چاہے mutation کو پندرہ سال attestation پر لگ جائیں۔

If the mortgagee has been put in possession.

اور ہماری کلاز کی Specific provision ہے جناب اور ہم نے نہ attestation کو touch کیا ہے، نہ کسی اور چیز کو۔

in the possession of which the mortgagee should remain for twenty years....

وہ دیکھے گا جناب۔ best criterion تو ہمارے پاس ہوتا ہے۔ Civil Courts میں اسی پر rely کرتے ہیں۔ اگر۔۔۔ (قطع کلامیاں) خواجہ صاحب میں توجہ چاہتا ہوں۔

Mr. Speaker: Order, please.

وزیر مال — Civil Courts بھی جب کسی کے title کو determine کرتی ہیں تو sir. they refer to our records جمعبندی کو دیکھتے ہیں۔ گرداوری کو دیکھتے ہیں۔ اور بارہ سالہ قبضہ جو

ہوتا ہے، وہ ہمارے records سے لیتے ہیں۔ تو اتنے authentic ریکارڈ کے ہوتے ہوئے میں نہیں سمجھتا کہ میرے دوست کو کیوں یہ غلط فہمی ہو رہی ہے۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں تک determination کا تعلق ہے، اس کے بیس سال کا وہ ہمارے پاس ریکارڈ مکمل ہوتا ہے اور اس میں کوئی غلطی نہیں ہو سکتی۔ نہ امکان اس کا ہو سکتا ہے۔ رہا یہ سوال کہ جیسے میرے دوست فرماتے ہیں Civil Courts ۔ Civil Courts سے ہم shy نہیں ہیں۔ ہم نے ان کو اختیارات دئے ہیں۔

But not in the case of restitution.

اور پھر restitution میں جیسے Chair نے rightly ان کو point out کر دیا کہ ہم نے اتنے safeguards رکھے ہیں کہ کہیں بھی miscarriage of justice کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اگر کلکٹر کے مرحلہ پر کوئی ایسی بات ہو جائے کہ miscarriage of justice ہو تو اپیل ہے۔ اور پھر Second Appeal کی provision ہے۔ Revision کی provision ہے تو اتنے stages کے باوجود بھی اگر میرے دوست کو یقیناً کچھ ایسی غلط فہمی ہے تو میں عرض کرتا ہوں کہ ہم نے حد سے زیادہ safeguards رکھے ہوئے ہیں۔

دوسرا اعتراض انہوں نے یہ کیا کہ اگر کوئی یہ سوال اٹھائے کہ یہ اس کا بیٹا ہے یا نہیں تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں، کہ Civil Court بھی اگر کسی کا فیصلہ کر دے کہ یہ اس کا بیٹا ہے۔ یا نہیں تو اس کے لئے دو ہی چیزیں ہو سکتی ہیں کہ جو most authentic record ہے، they again refer to our pedigree table, جو ہم رکھتے ہیں۔ ہر ایک بندوبست میں شجرہ نسب تیار ہو جاتا ہے ہر ایک آدمی کا۔ اور جو مر جاتا ہے۔ اس کا attestation تو mutation سے ہوتا ہے۔ اور attestation of mutation تو ایک summary چیز ہے۔ جس وقت افسر مال کے پاس مجمع عام میں ایک بات آتی ہے کہ (الف) مر گیا ہے۔ اور (ب) کہتا ہے کہ میں اس کا لڑکا ہوں۔ تو یہ

ایک summary procedure ہوتا ہے۔ اور وہیں اس کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔ کہ واقعی وہ اس کا لڑکا ہے۔ یا نہیں۔ دیہات میں یہ ہو سکتا ہے کہ ایک لڑکا فرض کیجئے (ج) آتا ہے اور کہتا ہے کہ میں (الف) کا بیٹا ہوں۔ تو اول تو اسے جھوٹ کہنے کی جرات نہیں ہوتی کیونکہ وہاں اس کی برادری کے لوگ بیٹھے ہوتے ہیں۔ ایک آدمی ہے جو اس برادری سے بھی تعلق نہیں رکھتا۔ اس گاؤں سے بھی تعلق نہیں رکھتا (ج) آتا ہے اور کہتا ہے کہ نہیں میں اس کا بیٹا ہوں۔ وہاں ذمہ دار لوگ بیٹھے ہوتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں بھئی تم کیا کہہ رہے ہو۔ (ب) دراصل (الف) کا لڑکا ہے اور وہی وراثت کا حقدار ہے۔ چنانچہ وراثت کی تصدیق ہو جاتی ہے۔ اور اسی پر وہ rely کرتے ہیں۔ اگر اس سلسلے میں Civil Court میں جائیں تو پھر بھی عدالت oral evidence پر rely کرے گی۔ اگر ہمارا ریکارڈ نہ ہو تو اسے oral evidence پر rely کرنا پڑے گا۔ زبانی شہادت (ب) بھی دے گا اور (ج) بھی دے گا۔ لیکن جہاں تک safeguards کا تعلق ہے۔ ہم نے Restitution کے cases میں اتنے زیادہ safeguards رکھ دئے ہیں۔ اورحقوق کا اتنا زیادہ تحفظ کیا ہے کہ اب مجھے کوئی ایسی وجہ نظر نہیں آتی کہ میں ان کی ترمیم کو تسلیم کروں۔

Haji Gul Hassan Manghi: Mr. Speaker, I.....

مسٹر سپیکر – منگھی صاحب اگر آپ اس پر تقریر کرنا چاہتے تھے تو آپ کو وزیر مال صاحب کے جواب سے پہلے اٹھنا چاہیئے تھا۔ غالباً آپ نے ابھی mind make up کیا ہے۔

The member has made up his mind to speak after the speech of the Minister?

Haji Gul Hassan Manghi (Sukkur-I) : Mr. Speaker, I support the amendment moved by Chaudhri Abdur Rahim. So far as the law is concerned it should be general and powers should be given to all authorities. In this respect, I think, it is very essential to give powers to the Civil Courts. I was a Mukhtiarkar in the Revenue Department. I feel honestly that they are not doing justice. The Deputy Commissioners, they are Executive Officers, favour sound parties. But sometimes they are not in a mood to hear any-

body and when we go to them they say "No, No." In the civil courts they scrutinize everything properly according to law was well as facts. There we have got powers to engage Advocates. Law is being discussed there and everything comes out as to what are the true facts. Khan Pir Muhammad Khan opposed this amendment because, it seems, he did not receive good treatment from the Civil Judges when he used to practic there. (After a pause) If he feels these words I withdraw them.

Minister of Revenue: I have not taken notice of those.

Mr. Speaker: No direct talks. Please address the Chair.

Haji Gul Hassan Manghi: I support this amendment with the words that powers should be given to Civil Courts.

Mr. Speaker: The question is:

That Clause 17 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be deleted and the subsequent clauses be re-numbered accordingly.

(The motion was lost)

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 17 stands part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 18

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 18 stands part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 19

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 19 stands part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 20

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 20 stands part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 21

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 21 stands part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 22

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 22 stands part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 23.

Mr. Speaker: The question is :—

That clause 23 stands part of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 24.

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 24 stands part of the Bill.

(The motion was carried.)

New clause.

Mr. Speaker: There is notice for the addition of New Clause by Mian Abdul Latif.

Mian Abdul Latif: I move:—

That after clause of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, the following new clause 25 be added, namely:—

"25. Nothing herein contained shall apply to evacuee property."

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is :—

That in clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, the following new clause 25 be added, namely:—

"25. Nothing herein contained shall apply to evacuee property."

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ-۱)— جناب عالی - ہمارے دستور کے تحت Evacuee Property ایک مرکزی Subject ہے - اس کے متعلق صوبائی اسمبلی کسی طرح Legislate نہیں کرسکتی - مرکزی حکومت کا جو Rehabilitation Act اور Displaced persons Compensation Act اس کے متعلق قوانین ہیں - ان کے تحت Evacuee Property کی disposal کیلئے مختلف احکامات جاری کئے ہوئے ہیں - اور وہ احکامات قانون کی حیثیت رکھتے ہیں- مرتہنان اور راہنان کے متعلق Chief Settlement Commissioner نے مرکزی حکومت کی Concurrence سے باقاعدہ کئی سکیمیں جاری ہوئی ہیں - مہاجرین میں راہنان بھی ہیں اور مرتہنان بھی - اور اکثر لوگ

یہاں موجود ہیں ۔ یعنی وہ دو آدمی جو ایک ہی رشتے میں منسلک تھے۔ ایک راہن اور دوسرا مرتہن ۔ دونوں پاکستان میں آگئے ۔ دونوں کو زمینیں الاٹ ہوگئی ہیں ۔ ان کے اس رشتے کو govern کرنے اور ان کے rights کو determine کرنے کیلئے مرکزی حکومت نے Chief Settlement Commissioner کی recommendation پر باقاعدہ سکیمیں نافذ کی ہوئی ہیں ۔ جو قانون کی حیثیت رکھتی ہیں ۔ ان احکامات کے خلاف ہم نہ کوئی قانون بنا سکتے ہیں ۔ نہ ان کو amend کرسکتے ہیں ۔ اور نہ ہی ہم ان کو کسی طرح revise ہی کرسکتے ہیں ۔

جناب عالی۔ ۱۹۵۱ء میں جب ہم لوگوں کو allotments شروع ہوئیں ۔ اور بہت سے لوگوں کو مرتہنان کی شکل میں الاٹ ہوا ہے ۔ اس رقبے کے راہنان کم از کم ۷۰ فیصدی پاکستان میں موجود ہیں ۔ اگر آج ہم اس قانون کو اس زمین پر لاگو کردیں تو جب بیس سال پورے ہوجائینگے تو وہ زمین automatically ان راہنان کے پاس چلی جائینگی۔ لیکن Rehabilitation Department نے اپنی سکیموں کے ماتحت راہنان کو پوری زمینیں الگ دیدی ہیں ۔ اور مرتہنان کو ایک ہزار یونٹ تک زمین الگ دیدیہوئی ہے ۔ اور اس کے بعد یہ احکامات جاری کردئے ہیں کہ اگر مرتہن دس سال کے اندر زر رہن کی بجائے دس روپے فی یونٹ کے حساب سے اس زمین کی قیمت داخل کردے تو وہ مالک بن جائیگا ۔ آپ کا یہ حکم اس سے متصادم ہوتا ہے ۱۹۵۱ء سے آج تیرہ سال ہوگئے ہیں سات سال کے بعد اس زمین کا راہن کلکٹر کے پاس درخواست کرسکتا ہے کہ جناب یہ ہے میرا مرتہن ۔ میں ہوں اس کا راہن ۔ یہ ایک روپیہ کی درخواست لے لیجئے اور زمین میرے نام فق کردیجئے آخر آپ ان حلقوں کے لئے اس Litigation کے لئے ایک نیا میدان اور ایک نیا scope کیوں کھولتے ہیں آپ صاف طور پر لکھیں کہ جہاں تک Evacuee Property کا تعلق ہے اس پر یہ قانون لاگو نہیں ہوگا ۔ اگر آپ یہ نہیں کرتے ۔ تو آپ اپنی ضرورت پوری کرلیں کہ ہم اپوزیشن کی بات نہیں مانتے ۔ لیکن الجھاؤ کے لئے آپ گنجائش چھوڑ دیں گے ۔ دراصل اس وقت ریہیبلیٹیشن ڈپارٹمنٹ یا سنٹرل گورنمنٹ کی Evacuee Property

کے متعلق ہدایات ہیں کہ اس نے ان کو سیل نہیں کیا اس کے باوجود یہ قانون ان پر لاگو ہوگا۔ اگر آپ کے خیال میں لاگو نہیں ہوگا۔ اور آپ کا یہ قانون سنٹرل گورنمنٹ کی ہدایات کے خلاف نہیں ہوگا۔ آپ کا یہ قانون Evacuee Property کے متعلق جو حکومت نے قانون بنانے میں ان سے متصادم نہیں ہوگا۔ اس کے باوجود لوگ درخواست دیں گے یہ کہہ کر کہ ۲۰ سال ہوگئے ہیں اور ہمکو زمین فق کردی جائے۔ ایسی الجھنوں کو رفع کرنے کے لئے میری apprehensions ہیں اور یہ صحیح ہیں کہ آج سے کچھ عرصہ بعد یہ الجھاؤ نمودار ہوگا اس کا آج ہی قلع قمع کیجئے اور آج ہی سب کو صاف طور پر پتہ چل جائے کہ یہ لوکل زمینوں کے لئے ہے اور مہاجرین کے چونکہ اس قسم کے قانون نہیں اس کا لگاؤ نہیں ہوگا۔ یہ ترمیم عوام کے لئے مفید ہوگی۔ اور مہاجرین کے لئے خاص طور پر۔ اس لئے میں درخواست کرتا ہوں کہ اس پر دوبارہ غور کرلیجئے۔ یہ مفید ہے۔ اور اسے adopt کرلیجئے۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) — جناب والا۔ میں اصولاً اس کی مخالفت کرتا ہوں۔ اور لیگل پوائنٹ سے جہاں تک Evacuee Property کے قانون کا تعلق ہے وہ مرکز کا قانون ہے اور ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں جس وقت بھی عدالت کے سامنے ہمارے cases آئینگے اگر میرے دوست جیسے فرماتے ہیں کہ restitution کے cases میں اگر یہ مان لیا تو جہاں ابھی ابھی میں نے عرض کیا کہ اس کے لئے کئی stages ہیں کلکٹر کی stage سے لے کر بورڈ آف ریونیو کی stage تک۔ وہ قانون دان لوگ ہیں وہ دیکھیں گے کہ اگر کسی مرحلہ پر بھی Evacuee Law کا اور اس لا کا تضاد آتا ہے تو Central Law shall Prevail ان حالات میں اس کی Safeguard کے لئے کہ وہ پہلے ہی آئین میں بھی ہے کہ جہاں تک Evacuee Law کا تعلق ہے وہ Central Subject ہے اور اگر کسی وقت صوبائی اور مرکزی قانون کا کسی وقت بھی تضاد ہوگا۔ تو وہ prevail کرے گا۔ تو ہر ایک فریق کو حق حاصل ہے کہ اگر راہن کے حقوق affect ہوتے ہیں اور اس کی تسلی ہے۔ کہ میرے حق میں Evacuee Law ہے تو objection اٹھائے گا اور دیکھا

جائے گا کہ اگر واقعی وہ applicable ہے تو اس کو وہ entertain نہیں کریں گے۔ اس مرحلہ پر میرے دوست نے amendment پیش کی ہے یہ redundant ہے۔ قبل از وقت ہے اور اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اس لئے میں اس کو oppose کرتا ہوں۔ یہاں تو ہم اس property کو deal کرتے ہیں جس پر Evacuee Law بالکل apply نہیں ہوتا۔

Mr. Speaker: The question is:—

That after Clause 24 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, the following new clause 25 be added, namely:—

"25, Nothing herein cotained shall apply to evacuee property."

(The motion was lost)

Preamble

Mr. Speaker: The question is:—

That Preamble be the Preamble of the Bill.

(The motion was carried.)

Clause 1

Mr. Speaker: There is an amendment to clause 1 by Chaudhri Abdur Rahim. He may please move it.

Chaudhri Abdur Rahim: Sir, I move.

That in clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue—

(a) in sub-clause (2) the words "except the Tribal Areas", occurring in line 2, be deleted;

(b) for sub-clause (3), the following be substituted, namely:—

"(3) It shall come into force on such dates and in such areas as the Government may, by notification in the official gazette, direct, which shall not be before the date of the passing of this Act;" and

(c) after subclause (3), the following sub-clause (4) be added, namely:—

(4) It shall not apply to such lands as were mortgaged by the non-Muslim evacuee mortgagors in favour of the Muslim mortgagees."

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:—

That clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue—

(a) in sub-clause (2), the words "except the Tribal Areas", occurring in line 2 be deleted;

(b) for sub-clause (3), the following be substituted, namely:—

"(3) It shall come into force on such dates and in such areas as the Government may, by notification in the official gazette, direct, which shall not be before the date of the passing of this Act;" and

(c) after subclause (3), the following sub-clause (4) be added, namely:—

"(4) It shall not apply to such lands as were mortgaged by the non-Muslim evacuee mortgagors in favour of the Muslim mortgagees."

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): Opposed.

چودھری عبدالرحیم (سیالکوٹ ـ مہ) — جناب عالی۔ جب یہ کہا جائے کہ تمام صوبوں کو یک جا اور اکٹھا کیا جائے اور ان کے لئے ایک قانون نافذ کیا جائے تو یہ بالکل غلط ہے ۔ ایسا نہیں ہوا قبائلی علاقہ بھی پاکستان کا جزو ہے اگر اس میں مسلمان رہتے ہیں تو ان کے لئے بھی شریعت کا وہی قانون ہوتا ہے جو ہمارے لئے ہے اس لئے میں عرض کروں گا کہ وہ بھی پاکستانی ہیں ان کو مغربی پاکستان سے علیحدہ کیوں کیا جارہا ہے ان کو بھی مسلمان تصور کیا جائے ۔ اور ہمارے ساتھ شامل کیا جائے تاکہ وہ بھی ہمیشہ مفاد حاصل کریں ۔

لیکن آج آپ ان کو اپنے علاقہ سے علیحدہ کر رہے ہیں ۔ آپ ان کو دھوکا نہ دیں ۔ ہوسکتا ہے کہ کل یہ قانون نہ ہو اور وہ رہن پر زمین لے چکے ہوں تو ان کو زیادہ نقصان پہنچنے کا احتمال ہے ۔ اس لئے میں گذارش کرتاہوں ۔ کہ جب ہم ایک ہی ملک کے باشندے ہیں ایک ہی ملک کے رہنے والے ہیں ۔ ایک ہی طرح کے پاکستانی ہیں ہم پر ایک ہی قانون نافذ ہونا چاہئے ۔ اس وقت ایک ملک ہے ایک قوم ہے لیکن دو قانون نافذ کئے جارہے ہیں ۔ چونکہ آپ اس علاقہ کو مستثنیٰ قرار دے رہے ہیں اس لئے اس ترمیم کی ضرورت پیش آئی ۔

دوسری عرض یہ ہے کہ جو زمین کوئی شخص رہن پر رکھتا ہے تو وہ کسی معاہدہ کے تحت ہی رکھتا ہے اور ہر وہ معاہدہ جو فریقین میں ہو جاتا ہے اس معاہدہ پر ان کو پابند ہونا پڑتا ہے ۔ اس لئے اگر ان لوگوں نے آپس میں اسی طرح کو کوئی معاہدہ کیا ہوا ہوگا تو اس قانون کی زد سے انہیں نقصان ہوگا ۔ نیز اس سے آپس میں بہت سے شکوک پیدا ہوجائیں گے ۔ اور آگے جو لین دین کریں گے اس میں ان کا اعتماد جاتا رہے گا حالانکہ دلوں میں اتحاد کا ہونا نہایت ضروری چیز ہے ۔

جب دو اشخاص آپس میں معاهده کرتے هیں تو ان کو معاهده پر پابند هونا چاهئے اس قانون سے تو ان کو مجبور کیا جارها هے که وه اپنے معاهده پر قائم نه رهیں یه بهی ایک قسم کی غیر اسلامی بات هے ۔ که دو اشخاص کے درمیان معاهده هو اور ایک قانون کے ذریعه اسے توڑ دیا جائے ۔ یه غلط هے ۔ جیسا که میاں لطیف صاحب نے کها هے اور جناب وزیر صاحب نے فرمایا هے۔ یه Central Subject هے اور غیر مسلم تارکان وطن کی جائداد پر حاوی نهیں هوتا اس لئے میں اسے press نهیں کرتا ۔

Mr. Ali Gohar Khuro : Sir, the House is not in quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count (*coant was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is now in quorum. Yes Khan Sahib.

وزیر مال (خان پیر محمد خان) ۔ ایک جو امنڈ منٹ تهی وه Evacuee property سے متعلق تهی اور اسکو انهوں نے press نهیں کیا تو اسکا میں جواب دینا ضروری نهیں سمجهتا هوں اور انهوں نے ایک امنڈ منٹ یه پیش کی هے ۔

That this should apply to the Tribal Areas

انکی اطلاع کیلئے میں عرض کردوں که آرٹیکل ۲۲۳- کے تحت جو بهی پراونشل گورنمنٹ کوئی ٹرائیبل ایریاز کیلئے قانون بناتی هے تو وه گورنر کی منظوری اور اسکے بعد پریسیڈنٹ صاحب کے Approval کے بعد وهاں Apply هوتا هے شاید میرے دوست کو ٹرائیبل ایریاز کے متعلق کوئی صحیح اطلاع نهیں هے ۔ تو انکی اطلاع کیلئے میں عرض کروں که ٹرائیبل ایریاز میں جو Speady Justice هورهی هے کاش که میرے دوست کو اعتراض نه هوتا که سول کورٹ سے بها گئے هیں اور سپریم کورٹ کے فیصلوں کو منظور نهیں کرتے تو میں سمجهتا هوں که جسٹس In real sence هورهی هے اس سے آپ انکار نهیں کرسکتے که ٹرائیبل ایریاز میں جو عام طور پر ایک غلط طریقه پر No man's لینڈ کهی جاتی هے وهاں Murder جو هوتے هیں تو ٹرائیبل ایریاز اور جسکی آبادی همارے ضلع کے برابر هے وهاں جرائم کی تعداد دیکهئے اور یهاں کے جرائم کی تعداد دیکهئے تو معلوم هوگا که یهاں کتنی جرائم کی تعداد هے انکے جو جرگے کورٹ هیں کاش که هم اپناسکیں لیکن پهر همارے یه دوست کهتے هیں که Fundamental rights, fundamental rights تو انکو یه دیکهنا چاهئے که وه خوش هیں اور اس سے هماری Administration

difficulties ہونگی کہ ہم سٹیلمنٹ کورٹ قائم کریں ریونیو ریکارڈ لائیں کمشنر اور کلکٹرز وہاں لائیں تو یہ سب اس مرحلہ پر آسان نہیں ہے ۔

مسٹر محمد حنیف صدیقی- ایک دن سارے West Pakistan کو Tribal area بنادینگے ۔

وزیر مال- حنیف صاحب پ دیکھیں یہ کوئی چیز ہے وہ خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا وہ میمن صاحب جانتے ہیں۔

Mr. Speaker: Order, please.

Minister of Revenue: I am sorry. Because he interrupted me therefore he should be paid in the same coin.

تو میں یہ عرض کررہا تھا کہ جہاں Administrative لا اینڈ آرڈر کا تعلق ہے اگر ہم انکے اندرونی معاملات میں Interfere کریں ۔

The least we interfere there the better it would be in their interest.

تو یہ ہمیں حق نہیں کہ اس مرحلہ پر ہم انکے معاملات میں جائیں اسلئے میں اس امنڈ منٹ کی مخالفت کررہا ہوں ۔

Mr. Speaker: The question is:—

That in clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue—

(a) in sub-clause (2), the words "except the Tribal Areas", occurring in line 2, be deleted;

(b) for sub-clause (3), the following be substituted, namely:—

"(3) It shall come into force on such dates and in such areas as the Government may, by notification in the official gazette, direct, which shall not be before the date of the passing of this Act; and

(c) after sub-clause (3) the following sub-clause (4) be added, namely:—

"(4) It shall not apply to such lands as were mortgaged by the non-Muslim evacuee mortgagors in favour of the Muslim mortgagees.

(The motion was lost.)

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 1 stand part of the Bill.

(The motion was carried.)

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): I move.—

That the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands Bill 1964 be passed.

Mr. Speaker: Motion moved is:—

That the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands Bill 1964 be passed.

Mian Abdul Latif (Sheikhupura-I) : I oppose the motion.

جناب عالی۔ اس قانون کے دو باب ہیں ایک انفاک رہن کے متعلق ہے اور ایک رہن کے Restitution کے متعلق ہے۔ میں پہلے اپنی گذارشات رہن کے انفکاک کے متعلق پیش کرونگا اور پھر Restitution کے متعلق۔

جناب والا۔ جہاں تک آپوزیشن کا تعلق ہے ہم ہر قسم کے سودی لین دین کو شریعت کے مطابق غلط اور حرام سمجھتے ہیں اور اسکو ہم جتنا جلد کرسکیں ہم اس کوشش میں گورنمنٹ کا پورا ساتھ دینے کیلئے تیار ہیں اور ایسے لین دین کے معاملات میں اور دوسرے معاملات میں شریعت کا نفاذ جلد سے جلد چاہتے ہیں۔ لیکن جس وقت تک ہماری گورنمنٹ شریعت کے ان معاملات کو نافذ نہیں کرسکتی اسوقت تک ہم ان لوگوں کے تعلقات میں دو چیزیں چاہتے ہیں۔ جسٹس اینڈ Fair play ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ اس قانون میں جسٹس اور Fair play کو مدنظر نہیں رکھا گیا ہے بعض حالات میں قانون غلط بنائے گئے ہیں بعض حالات میں قانون بے ترتیب اور بے ہنگم ہیں جہاں تک انفکاک کا تعلق ہے یہ ایک حد بندی لگا دی گئی ہے کہ جس آدمی کی زمین ۵۔ ایکڑ ہو۔ یا ۵۔ایکڑ سے کم ہو وہ فک رہن کی درخواست کرسکتا ہے اور زمین کے حق سے قطع نظر اگر زر رہن کی تعداد ۵ہزار روپیہ یا اس سے کم ہے تو محض ایسی حالت میں فک رہن کی درخواست کرسکتا ہے۔ میں نے پہلے بھی گذارش کی تھی کہ اس سلسلے کا تعلق دیہاتی آبادی سے ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ دیہاتی آبادی میں سے مقروض طبقہ خواہ مقروض ۵۔ایکڑ کی زمین کا مالک ہو خواہ مقروض ۵ہزار کا زیر بار ہو وہ مقروض ہے۔ وہ آدمی جس نے اپنے ذریعہ معاش کا ۵ہزار روپیہ یا ۶ہزار روپیہ کرلیا ہے یا جس کی زمین ۶۔ایکڑ ہے اس نے اپنی زمین میں اگر ۵ ایکڑ ڈالا ہے وہ مقروض ہونے کی وجہ سے ہمدردی کےلائق ہے۔

ایک آواز— وہ فضول خرچ ہے۔

میاں عبداللطیف— میرے بھائی فرماتے ہیں کہ وہ فضول خرچ ہے میں یہ چارج ان کے خلاف لگانے کے لئے تیار نہیں ہوں ممکن ہے ان میں سے کوئی شخص ان کے ذہن میں ہو جو فضول خرچ ہو لیکن مقروض مقروض ہے غریب غریب ہے۔ تو جناب ہم یہ سہولت ایک مقروض کو پہنچاتے ہیں اور اس سہولت سے ہم دوسرے اس کلاس کے آدمی کو محروم کرتے ہیں۔ اور یہ کرنے کے بعد یہ بھی نہیں کہ رہن فک نہیں کروایا ہے لیکن اسکا جو ضابطہ ہماری وزارت نے Lay down کیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ سول کورٹ میں جائے Restitution کے معاملات میں جب ہم کہتے ہیں کہ عدالت دیوانی میں ان کو نہ بھیجا جائے لیکن فک رہن میں یہ اصرار کرتے ہیں کہ وہ عدالت دیوانی میں جائے جناب اس کی بھی ایک وجہ ہے وہ یہ ہے کہ پہلے ہی دن وہ زر رہن کا ۱۰ فیصدی حصہ سرکاری خزانے میں پیش کریگا۔ میرے فاضل بھائی وکیل ہیں اور پرانے وکیل ہیں ان کو معلوم ہے کہ دیوانی کا دروازہ کھٹکھٹانا کوئی سہل اور آسان کام نہیں ہے۔ اور سستا سودا بھی نہیں ہے جو نئی ترمیم انہوں نے پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ زر رہن کا وہ ۱۰ فیصدی حصہ عدالت میں کورٹ فیس کی شکل میں پیش کرے۔ اس کے بعد اسی پر اکتفا نہیں ہوگی۔ کہ وہ کورٹ فیس دیدیگا۔ درخواست دیدیگا۔ اور اس کو ڈگری مل جائے گی۔ بلکہ اس کے بعد خان پیر محمد خان صاحب کی بھی ضرورت ہوگی۔ کہ وہ ان کو assist کریں۔ اور سال دو سال لگا کر اسے کامیاب کریں۔

Mr. Speaker: The member was pleading for the jurisdiction of the civil courts.

میاں عبداللطیف— میں کہتا ہوں۔ کہ یہ تضاد کتنا ہے۔ ادھر انکار کرتے ہیں۔ ادھر مجبور کرتے ہیں۔ جناب والا۔ میں یہاں اس کے لئے پندرہ فیصد خرچ reserve کرتا ہوں۔ اس میں وکیل کا خرچ، منشی کا خرچہ گواہوں کا خرچہ اور دوسرے تمام خرچ اس میں شامل کردیں۔ تو گویا پچیس فیصد خرچ زر رہن سے پہلے ہی عدالت میں خرچ ہوجائیگا۔ اس کے بعد یہ نہیں ہے۔ کہ وہ دو مہینے میں ختم ہو جائیگا۔ اس کے لئے

کم از کم دو سال کی مدت درکار ہے ۔ اس کی یہ finding حاصل کرنے کے لئے کہ واقعی اس کی زمین گروی ہے۔ اور اتنے روپےمیں رہن ہے۔ اور وہ فق الرھن کا حق رکھتا ہے ۔ اگر کسی وجہ سے کسی شخص کے خلاف یہ finding ہوجائیں ۔ کہ فریقین میں تنازعہ ہے۔ اور وہ عدالت اپیل میں جائیں اور وہاں ان کی relief نہیں ہے ۔ تو وہاں آپ کو دس فیصد کورٹ فیس ادا کرنا پڑیگا ۔ تو کم از کم بارہ پندرہ فیصدی دوسرے متفرق اخراجات ہو کر یہ پچیس فیصدی خرچ ہو جائیگا ۔ پھر ہائی کورٹ ہے۔ ہائی کورٹ میں تو دس دس سال کے مقدمات Pending ہیں ۔ میں اس کے لئے زیادہ سے زیادہ تین سال کی مدت رکھتا ہوں ۔ تو بھی اس طرح ایک Simple issue کو طے کرانے میں چھ سال کی مدت صرف ہوگی ۔ اور زر رہن کا پچہتر فیصدی روپیہ خرچ ہو جائیگا ۔ اور معاملہ کیا طے کرنا ہے ۔ ایک ہی ۔ کہ کیا بیس سال ہوگئے ہیں ۔ فق الرھن کے سلسلے میں ۔ اور کیا یہ زمین اس کی ہے ۔ اور زر رہن کیا ہے ۔ ریکارڈ انکے پاس موجود ہے ۔ Summary طور پر ان کو طے کرتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker: The member had very ably argued this point on the first reading.

میاں عبداللطیف— جناب والا۔ جو اصول اس بل کے پہلے طے کیا گیا ہے ۔ اس پر روشنی ڈالی ہے ۔ کہ شاید ان کے دل میں خیال آ جائے ۔ اور وہ اسے قبول کرلیں ۔

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: Sir, it is not easy to hammer an argument into the brain of the Minister on that side. He is only laughing 'ha ha'.

(Interruption)

وزیر مال— آپ کے مرض کا علاج میرے پاس نہیں ہے۔

میاں عبداللطیف— اس مقروض قوم کو، اس مقروض دیہاتی آبادی کو اس تباہی سے بچانے کے لئے میں التماس کرتا تھا ۔ کہ ان کے لئے ایک اپیل کی Provision کر دی جائے ۔ یا نگرانی کی Provision کر دی جائے ۔ تاکہ وہ اپنے Summary معاملے کو سمری عدالت میں لے جاکر مختصر طور پر اس کو طے کر سکیں ۔ میری یہ گذارشات فق الرھن کے سلسلے میں تھیں ۔

جناب والا۔ اس کے بعد Restitution of mortgages ہے۔ جہانتک اس کا تعلق ہے۔ ہمیں فق الرھن کے قانون سے اختلاف نہیں ہے۔ بلکہ اتفاق ہے۔ Restitution of mortgages کے قانون کے اصول سے بھی اتفاق ہے۔ لیکن جیسا کہ میں نے پہلے بھی گذارش کی تھی۔ کہ جب تک ہم شریعت کا نفاذ نہیں کر سکتے۔ اس وقت تک فریقین میں مکمل Justice اور Fair play ہونی چاھئے۔ یہاں بسم اللہ ھی میں اُن کی بے ترتیبی ملاحظہ فرمائیے۔ ۱۹۳۸ء میں سرسکندر مرحوم نے یہ قانون پاس کیا تھا۔ انھوں نے اس کو یہاں مخض Uso fractu Mortgages پر ھی لاگو کیا۔ لیکن اس کے بعد خان عبدالقیوم خان نے مسلم لیگ وزارت کے زمانے میں ۱۹۵۰ء میں اس کو سابقہ صوبہ سرحد میں Uso fractu mortgages پر لاگو کیا۔ لیکن اب ان کو کچھ اور ھی سوجھی ہے۔

سسٹر سپیکر— ۱۹۳۸ء میں جب یہ پنجاب میں پاس ہوا تھا۔ تو اس میں "Uso fractu mortgages" کے الفاظ نہ تھے۔ وہ لفظ صرف Mortgage's تھا۔

میاں عبداللطیف— یہ لفظ تو نہیں تھا۔ "Mortgages" کا لفظ تھا۔ لیکن Apply اسی طرح کیا تھا۔ لیکن اب ان کو جو سوجھی ہے۔ تو وہ غلط سوجھی ہے۔ جو نئی بات کی وہ غلط کر ڈالی۔ ان کی یہ نئی بات جو ۱۹۶۴ء کی Discovery ہے۔ وہ غلط کی ہے۔ ایک اور کلاز بھی یہاں موجود ہے۔ کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

"or of any usufractuary mortage the period whercof has expired,"

جناب والا۔ فرض کیجئے۔ کہ uso fractu mortgage کی میعاد مقرر ہے۔ سات سال ھی تھی۔ تو یہاں period define نہیں ہے۔ کیا اس پر لاگو ہوگا۔ اور آئندہ پانچ سال سے زیادہ پٹہ نہیں ہوسکتا۔ یہ لاگو ہوگا ۱۹۶۰ء کے پہلے میعادی رھن پر۔ اس وقت اسکے لئے کوئی پابندی نہ تھی۔ فرض کیجئے۔ کہ وہ چالیس سال کی میعادی رھن ہے۔ بیس سال پورے ہونے کے بعد وہ شخص درخواست کرتا ہے۔ کہ میری تو

میعادی رہن تھی ۔ بیس سال گذر گئے ہیں ۔ بیس سال ابھی باقی ہیں ۔ لہذا اسکو فق کیا جائے ۔ تو اسکے لئے خان پیر محمد خان کا حکم دیکھئے ۔ کہ ۔۔۔۔

"Where the Collector is satisfied that the petition is not in respect of uso fructu mortgage, the period whereof is expired".

تو کیا ہوگا ۔ "it shall be dismissed" جسکا period بیس سال باقی ہے ۔ بیس سال گذر چکے ہیں ۔ کلکٹر satisfied ہے ۔ کہ ابھی مدت ختم نہیں ہوئی ۔ لیکن وہ حکم کیا دیگا ۔ " درخواست خارج " ۔ اور آگے چلئے ۔ کہ اگر وہ دیکھتا ہے ۔ کہ اسکی میعاد پوری ہوچکی ہے ۔ تو کیا کرتا ہے ۔ کہ mortgage کو set aside نہیں کرتا۔ رہن ختم ہوچکی ہے ۔ راہن پر روپیہ دینا مالک کی ذمہ داری نہیں ہے ۔ معاملہ سارا ختم ہوچکا ہے ۔ پھر خان صاحب کیا حکم دیتے ہیں ۔۔۔۔

"If the Collector finds that the application is in respect of mortgaged land the possession whereof has remained with the mortgagee for a period not less than twenty years, or is in respect of morgaged land the term of he mortgage whereof has expired..."

کوئی قصہ باقی نہیں ہے ۔ کوئی روپیہ دینا باقی نہیں ہے ۔ نہ میعاد باقی ہے ۔ تو حکم کیا ہوگا ۔ کہ " درخواست منظور "۔ کس چیز کے لئے ۔ نہ کوئی روپیہ ادا ہونا ہے ۔ روپیہ بالکل ختم ہوچکا ہے ۔ میعاد بلکل ختم ہوچکی ہے ۔ زمین نے مالک کے پاس واپس جانا ہے ۔ کلکٹر اس پر کیسے آرڈر دیگا ۔ اور آرڈر کیا ہے ۔

"The Mortgage shall be extinguished".

ارے بھئی وہ mortgage کہاں ہے ۔ جسکو کلکٹر extinguish کرتا ہے ۔ آپ تو خود کہتے ہیں۔ کہ وہ کلکٹر درخواست اسوقت منظور کریگا۔ جسوقت میعاد ختم ہوچکی ہو۔ تو اسوقت extinguish کریگا ۔ حالانکہ انکے معاہدے کے تحت تو وہ خود بخود extinguish ہوچکی ہے ۔ آخر اس بے ترتیبی کا کیا فائدہ ہے ۔ اس میں سوائے الجھاؤ کے اور کیا رکھا ہے ۔ مجھے سرکاری پارٹی کے ایک بہت ہی معزز رکن سے بات چیت کرنے کا اتفاق ہوا ۔ میں نے ان سے کہا ۔ کہ مجھے یہ سمجھ نہیں آئی ۔ کہ

آپ نے یہ چیز کیوں رکھ دی ہے ۔ تو انہوں نے جواباً کہا ۔ کہ یہ اس لئے رکھ دی ہے ۔ کہ تمہارے جیسے وکیل سر پٹختے پھریں ۔ تو میری سمجھ میں یہ بات آگئی ۔ کہ واقعی Litigant پبلک ۔ عدالتیں۔ وکیل ۔ عام لوگ ۔ راھن ۔ مرتہن سب ھی سر پٹختے پھریں ۔ یہ چاھتے ھیں ۔ کہ کسی کی سمجھ میں بات ھی نہ آئے ۔ تو میری التماس یہ ہے۔ کہ آخر یہ چیزیں جو محض الجھاؤ پیدا کرتی ھیں ۔ انکو رکھنے سے مطلب کیا ہے ۔ یہ آپ نے کیوں رکھا ہے ۔ اس سے کس کو فائدہ پہنچتا ہے ۔ راھنان کو ۔ مرتہنان کو یا عدالتوں کو ۔

مسٹر سپیکر — مستاجری کی میعاد ختم ھونے کے بعد کلکٹر کو کیسے اختیار ھوگا۔ اگر یہ Provision نہ ھو ۔

میاں عبداللطیف— اسکی تو ضرورت‌ھی‌نہیں ہے۔ جسکی میعاد ختم ھو چکی ھو۔ قبضہ تو تب ھی دینا ہے ۔ اسکو تب دینا ہے ۔ جب وہ (۱) Mortgage کو extinguish کرے۔ وہ تو extinguish نہیں کرتا۔ وہ تو پہلے ھی سے extinguished ہے۔ اسکی تو Jurisdiction ھی نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: But he can restore him the possession.

Mian Abdul Latif: That is no part of his duty.

یہ Subsistence Mortgage پر apply کرسکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر — Subsistence Mortgages پر بھی اور ان Mortgages پر بھی جن Mortgages کی معیاد ختم ھو چکی ھو۔

میاں عبداللطیف— تو وہ جو کلاز (a) ہے۔ جس پر کہ اس نے لکھنا ہے کہ میں Mortgages کو extinguish کرتا ھوں ۔

Mr. Speaker: The mortgage has already been extinguished by lapse of time.

میاں عبدالطیف— اس نے تو extinguish کرنا ہے ۔ جو سکیم ہے ۔آپ وہ ملاحظہ فرمائیں۔ وہ آرڈر کریگا۔ نمبر ایک پر کہ

"(a) order that the mortgage shall be extinguished without payment of the mortgage money or any part thereof;"

گویا اس وقت کوئی روپیہ واجب الادا تھا۔ جو اسکو ادا نہیں کیا جائیگا۔ Mortgage موجود تھی۔ اسکو Kill کیا جائیگا۔ یعنی نہ رھن ھے نہ روپے کا سوال ھے۔

اسکے بعد میں نے یہ گذارش کی تھی۔ کہ سر سکندر نے (خدا اسے غریق رحمت کرے) جس رھن کو ختم کرنا تھا۔ اسکی میعاد 37½ سال رکھی تھی۔ فرنٹیئر منسٹری نے اسکی میعاد تیس سال رکھی۔ سر سکندر مرحوم نے 37½ سال رکھنے کے بعد in order to be only fair کہ کم از کم پچیس یا تیس سال کے بعد اسکو دوگنا روپیہ تو وصول ھوجائے۔ یہاں ھمارے پاس ایک ایسی جماعت ھے۔ جو ایک سال میں سو روپیہ دیکر ایک سو بیس روپیہ سود لیتی ھے۔ اس کے لئے تو میرے فاضل بھائی کچھ نہیں کرتے۔ اور اگر یہاں لوگ یہ مطالبہ کریں۔ کہ بیس بیس سال میں اسکو کم از کم دوگنا روپیہ تو ملجائے۔ تو یہ اسکے لئے کوئی Provision رکھنے کے لئے تیار نہیں ھیں۔ اسکے بعد ایک اور کلاز جو فرنٹیئر کے قوانین میں ابھی تک موجود ھے۔ کہ اگر کسی آدمی نے قانون بننے سے پہلے، اسکی توقع میں نہیں تھا۔ کہ آج قانون بن رھا ھے۔ اس لئے میں آج ھی کچھ اور کردوں۔ اسکے لئے نہیں۔ مثلاً جناب والا آج ھی قانون بن رھا ھے۔ اور ھم یہ دیکھتے ھیں کہ مرتہن نے اپنی زمین لی ھوئی ھے۔ اس کو ۲۲ سال ھوگئے۔ اس کے ایک سال کے بعد ۱۹۶۳ء میں وہ زمین خان پیر محمد خان کے پاس رھن کردیتا ھے بیس ھزار روپیہ میں۔ یہ Innocent party ھیں۔ جنھوں نے Transaction کی ھے اس وقت جب کہ میعاد ۶۰ سال تھی۔ لیکن آج یہ قانون بنتا ھے کہ میعاد اس کی بیس سال کی ختم ھوچکی ھے۔ وہ راھن آرام سے اپنے گھر میں بیٹھ گیا۔ پہلا مرتہن اپنے گھر میں آرام سے بیٹھ گیا، مارا گیا خان پیر محمد خان۔ ان کے پاس ایک پیسہ بھی نہیں۔ جب یہ Consolidate کر رھے ھیں اپنے قوانین کو تو اس کلاز کو چھوڑو کیوں۔ کیا کوئی اصلی Reason

ہے یا کہیں وہ کلاز ملک میں Exist نہیں کرتی ۔ کلاز Exist کرتی ہے۔ Proposition موجود ہے ۔ Issue موجود ہے لیکن اس کو Tackle کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ اس کے بعد جناب میں اس بل کے اصول سے متفق ہوں لیکن مجھے یہ بتائیں کہ سر سکندر حیات خان نے کیا لکھا تھا ۔ مگر یہاں تو ڈبل کردیا ۔

Mr. Speaker: That point has already been argued and answered by the Revenue Minister.

Minister of Revenue: All these points have been argued and replied.

میاں عبداللطیف — میں جناب ایسے ضلعے کو Belong کرتا ہوں جہاں سے دریا گذرتا ہے ۔ زمینیں رہن ہوتی ہیں ۔ وہاں سیم اور تھور کی بیماری بھی ہے ۔ ایک سال کے بعد رہن شدہ زمین دریا بہا کر لے جاتا ہے ۔ انکا ریکارڈ کہتا ہے کہ زمین دریا میں بہہ گئی اور انکا ریکارڈ یہ کہتا ہے کہ بیس سال ہوگئے ہیں ابھی تک نہیں نکلی ۔ ایک روپیہ اس مرتہن کو وصول نہیں ہوا ۔ کلاز موجود ہے لیکن اس کا حل اس میں کوئی نہیں ۔ اس کے بعد جناب بے ترتیبی کے سلسلے میں یہاں جو ٹیکنیکل چیزیں ہیں وہ میں نہیں عرض کرونگا ۔ مختصر طور پر عرض کرتا ہوں کہ اگر یہ چیز پاس ہوجائے تو اس کا نتیجہ کیا ہوگا ۔ وہ یہ ہے کہ رہن کی جو Institution ہے یعنی قرض حاصل کرنے کی Institution گاؤں میں ایک آدمی کو ضرورت دوسرے آدمی سے یہ ختم ہوجائیگا ۔ ضرورت تو انسان کے ساتھ لگی ہوئی ہے رہ کیا جائیگا ۔ کسی نہ کسی ضرورت کے تحت قرضہ حاصل کرنا اور اس کے پاس محض دو راستے ہیں ۔ رہن شدہ زمین سے تو کچھ نہیں لے گا ۔ پٹہ پانچ سال سے آگے نہیں چلتا ۔ تو ایک ہی راستہ ہے کہ وہ اپنی زمین کو بیع کرے اور وہ ایک المیہ ہوگا کہ ایک آدمی اپنی ضرورت کے تحت اپنا سرمایہ حیات مکمل طور پر بیع کرنے پر مجبور ہوجائے ۔ اور وہ ایک کلاس جو اس ملک میں پھرتی ہے جو سو کا ایک سو بیس حاصل کرتی ہے محض انٹرسٹ یا منافع کا نام پر وہی کلاس باقی رہ جائیگی ۔

Minister of Revenue: This point has been repeated more than a dozen times.

Mr. Speaker: Next point please.

میاں عبداللطیف — تو ایسی حالت میں جب تک یہ کریڈٹ کی سہولتیں مناسب اور معقول دیہات میں فراہم نہیں کرتے تب تک اصلاح حال ممکن نہیں۔ اس وقت میں نے یہ Proposition پیش کی ہیں وہ لازمی موجود رہیں گی اور دیہاتیوں کے لئے تباہی کا باعث ہونگی۔ باقی جناب میں انکی اپیل کے متعلق پہلے ہی گذارش کرچکا ہوں اور میں اس کو دوہرانا نہیں چاہتا۔

وزیر مال — مسٹر سپیکر۔ میں تو اس وقت اس اسمبلی کا ممبر نہیں تھا لیکن میری انفارمیشن ہے کہ زیادہ تر سود کے معاملات میں۔ مجھے یاد آتا ہے کہ یہی Argument سر گوکل چند نارنگ دیا کرتے تھے جو میرے دوست میاں عبداللطیف صاحب دے رہے ہیں۔ انہوں نے انکا ریکارڈ پڑھا ہوگا اور میں انکو انکی وراثت بخشتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ سر گوکل چند نارنگ کی وراثت میرے دوست کو چلی جائے۔

Mr. Speaker: He was also on these benches.

Minister of Revenue: Yes, he was on those benches. The member is in the right place and in the right line and that was expected of him.

جو arguments پیش کئے ہیں انکا جواب جناب میں نے تقریباً نصف درجن دفعہ دیا ہے اور ایک درجن سے زیادہ وہ کہہ چکے ہیں اور کوئی نئی بات درمیان میں نہیں آئی جناب۔ With one breath وہ کہتے ہیں کہ سول کورٹس کو کیوں oust کرتے ہیں اور اسی breath میں جب restitution کا سوال آتا ہے تو کہتے ہیں کہ کاش کہ سول کورٹس کی Jurisdiction ہوتی اور حقوق کا فیصلہ ہوتا۔ میں نے پہلے بھی عرض کر دیا تھا اور اب بھی صاف طور پر انہیں کہہ دیتا ہوں کہ restitution میں زیادہ safeguards رکھی ہیں کہ ان سے زیادہ رکھنا امکانی طور پر ناممکن تھا جناب۔

کلیکٹر فیصلہ کرے گا۔ Revision ہوگا۔ اس میں ہاؤس کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا اور جہاں تک redemption کا تعلق ہے اس میں ایک نکتہ انہوں نے اٹھایا ہے جو انہیں کے خلاف استعمال ہوسکتا ہے اور جہاں تک کورٹ فیس کا تعلق ہے This is the law of the land میرا دوست اس سے اچھا مسودہ لے آئے اور ہمیں convince کرے۔ ابھی تک تو یہ نہ لا سکے مگر جہاں تک کورٹ فیس کا تعلق ہے کہ کورٹ فیس زیادہ ہے کم ہونی چاہیئے اس کے متعلق یہ کہ ایک بات جو انہوں نے کی ہے کہ وہ بہت عرصہ لیگا وہی بات انکے خلاف استعمال ہوتی ہے۔ یہ چیز انکے خلاف استعمال ہوگی۔ کہ بیس سال پورے ہوگئے اور اگر litigation نہیں رہے گی تو نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری۔ تو automatically restitution ہو جائیگا۔ اور کوئی کوئسچن arise نہیں ہوگا۔ تو وہ انکے اپنے خلاف استعمال ہوتا ہے۔ mortgagee آرام سے آکر درخواست دیدے گا اور mortgagee صاحب قابض رہے ہیں مجھے بغیر کسی رقم کے دیئے واگزار کر دی جائے وہ واگزار اس کو ہو جائیگی۔ دوسرا اعتراض انہوں نے یہ اٹھایا اور یہ بھی کئی دفعہ فرما چکے ہیں کہ ایک کلاس موجود ہے جو سو کی بجائے ایک سو بیس لیتے ہیں۔ کاش کوئی ایسا بل تو لے آتے۔ میں کہتا ہوں کہ کوئی ایسا سخت قانون ایسی کلاس کے لئے لے آئیں۔ ایسا کوئی بل تو لے آئیں جو پھانسی کی سزا تک ہو اور اس کو shape کردیں۔ ویسے آپکے تخیل میں کوئی ہوا ہے تو اس کا ہمارے پاس علاج نہیں ہے۔ لیکن اگر واقعات اور حقائق میں جائیں .....

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: Order Please.

Minister of Revenue: Just hear me.

اگر آپکا کوئی دماغی ہوا ہے تو اس کا میرے پاس کوئی علاج نہیں ہے۔ لیکن اگر واقعات میں جائیں تو پھر میں اس کو Deny کرتا ہوں اگر ایسا نہیں تو لے آئیے کوئی بل اس کو Substantiate کر دیں۔ اور اگر کوئی ہمیں Convince کرے I will be the first man to agree with him لیکن

Playing to the gallery. Condemnation of this that is just argument for argument sake تو میں اس کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں جناب۔ دوسرا سرگوکل چند نارنگ کے متعلق جو میرے دوست عبداللطیف کہہ رہے ہیں۔ اب موجودہ حالات میں جہاں تک Petty زمینداروں کا تعلق ہے ان کے لئے تقاوی Long and short terms دونوں کی ہیں جناب۔ اگر اس کا بیل مر جاتا ہے He can go to Tehsil اور شارٹ ٹرم کی تقاوی سو یا دو سو روپیہ تقاوی لے سکتا ہے اور آسان قسطوں میں اس کی ادائیگی کریگا۔ اگر بڑا متمول زمیندار ہے اور زمین کی Levelling کی ضرورت ہے تو اور مد تقاوی کی بھی ہمارے پاس ہے جس سے اس کو زیادہ پیسے مل سکتے ہیں۔ اور آسان قسطوں میں ادائیگی وہ کر سکتا ہے۔ وہ بنیا جس کا اشارہ میرے دوست کر رہے ہیں وہ شیخوپورہ میں رہتا ہوگا کیونکہ انکو تکلیف وہیں سے ہوتی ہے۔

Mr. Speaker: The Minister may please conclude his speech.

وزیر مال۔ Yes Sir تو میں عرض کر رہا تھا جناب کہ کریڈٹ کے متعلق کوآپریٹو سوسائیٹیاں موجود ہیں۔ بنک ہیں۔ اے ڈی سی کے بنک بھی ہیں۔ تو یہ نوبت جناب نہیں آئے گی۔ تو آخیر میں میں جناب عرض کرونگا کہ یہ ایک ایسا بل ہے جو کہ مفید ہے اور بڑے اور چھوٹے زمیندار کے حق کا میں جواب دے چکا ہوں اور میں ہاؤس کا وقت ضایع نہیں کرتا۔ میں عرض کرتا ہوں کہ یہ ایک ایسا بل ہے کہ زرین گورنمنٹ کے اس کارناموں میں ایک کارنامہ لکھا جائیگا اور میں اپیل کرتا ہوں کہ they should accept it۔

Mr. Speaker: The question is :—

(*a*) whether it is a fact that the Union Council Bater, Tehsil Abbottabad, District Hazara passed serveral resolutions urging the Government to construct a road between village Kachi and Village Bater and also approached the local P.W.D. authorities in this connection;

(*b*) if answers to (*a*) above be in the affirmative, the action taken by Government on the said resolutions and whether the Government intend to take steps for the construction of the said road?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) - (الف) جی ہاں۔
(ب) تیسرا پنج سالہ منصوبہ بناتے وقت اس کام کو اس میں شامل کرنے پر غور کیا جائیگا۔

مسٹر سلطان محمد اعوان۔ کیا وزیر صاحب یہ بتا سکیں گے کہ چونکہ وہ ایک پسماندہ علاقہ ہے۔ اس لئے پسماندگی کی وجہ سے اسکو top priority دی جائے گی۔

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جنیجو) ۔ہم کوشش کریں گے۔

CONSTRUCTION OF ROADS CONNECTING DISTRICT HEADQUATERS WITH TEHSIL HEAD QUARTERS

*5826. **Mir Haji Muhammad Bux Talpur:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that Government have a scheme to connect by roads the District Headquarters with the Tehsil Headquarters in the whole of the Province, if so, (*i*) the name of the authority who formulated the said scheme along with the date on which it was formulated, (*ii*) the time by which the work on the scheme will be started, (*iii*) the expected date by which the said work will be completed; and (*iv*) in case the work on the above said scheme has been started the names of the districts where the said work has been started and the volume of work done, so far, in each of the said District?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری منظور حسین) - جی نہیں - ایسی کوئی سکیم گورنمنٹ کے زیر غور نہیں ہے۔

حاجی میر محمد بخش خان تالپور - میں آپ کی وساطت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ middle roads بنانے کے متعلق priority کس طرح دیتے ہیں ؟ اس کے متعلق کوئی پالیسی ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - جہاں تک priority کا تعلق ہے ہم یہ کوشش کرتے ہیں کہ پہلے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز کو تحصیل ہیڈکوارٹرز سے ملائیں -

حاجی میر محمد بخش خان تالپور - ہم بھی یہی چاہتے ہیں -

ماسٹر خان گل - جنابوالا - حاجی صاحب فرماتے ہیں کہ مجھے میرے سوال کے جواب کی سمجھ نہیں پڑی -

مسٹر سپیکر - ماسٹر خان گل صاحب - آپ دیر سے تشریف لائے ہیں - آپ ان کو میری طرف سے عرض کردیں کہ ان کا سوال بعد میں لیا جائیگا -

---

CONSTRUCTION OF SHOPS ALONG THE G. T. ROAD IN SARAI ALAMGIR

*5835. **Chaudhri Gul Nawaz Khan:** Will the Minister of Communications and Works please refer to answer to my starred question No. 2157 given on the floor of the House on 22nd March 1963 and state:—

(*a*) the action taken against the defaulters;

(*b*) in case no action has so far been taken, the officer responsible for it and whether Government have taken any action against the said officer for not proceeding against the defaulters; if not; reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) - (الف) و (ب) قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو نوٹس جاری کئے گئے تھے - اور یہ معاملہ متعلقہ ایس-ڈی-او نے حوالہ پولیس کر دیا ہے۔

CONSTRUCTION OF ROADS IN DISTRICT GUJRAT

*5839. **Chaudhri Gul Nawaz Khan:** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state:—

(*a*) the names of the roads constructed during the Ist and 2nd Five Year Plan Periods in the District Gujrat, alongwith the length of each road;

(*b*) the names of roads which are likely to be constructed during the Third Five-Year Plan period in the said District;

(*c*) the names of roads which are likely to be completed by the end of this year in the said District?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) ۔

(ا) (I) سڑک گوجرہ ملک وال کے تقریباً ٦ میل

(II) سڑک رسول منڈی بہاؤالدین کے تقریباً ۲ میل

(ب) تیسرا پنج سالہ منصوبہ ابھی تیار نہیں ہوا ۔ اسلئے یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ج) سڑک رسول منڈی بہاؤالدین کے تقریباً ۲ اور میل اس سال کے آخر تک مکمل ہو جائیں گے۔

چودھری سعی محمد ۔ جناب والا۔ کیا میں پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب سے دریافت کرسکتا ہوں کہ منڈی بہاؤالدین سے رسول تک ۸ میل لمبی سڑک کو جسے مکمل ہونے میں معمولی سا کام رہ گیا ہے۔ آپ نے اپنی سکیم میں شامل کیوں نہیں کیا ؟ تاکہ وہ مکمل ہو سکے ؟

وزیر تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ جناب والا ۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ وہ مکمل ہو جائے ۔

چودھری سعی محمد ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ منڈی بہاؤالدین سے رسول تک ۸ میل لمبی سڑک ہے ۔ جس کی soling ہو چکی ہے۔ آپ نے اس سال کے منصوبے میں شامل کرنے کے متعلق نہیں فرمایا ۔ آخر اس کے شامل نہ ہونے کی وجوہات کیا ہیں ؟ اس پر تو خرچ بھی بہت تھوڑا آتا ہے۔ اگر آپ اسے اب نہ بنائینگے تو اس پر جو کچھ خرچ ہو چکا ہے وہ بالکل تباہ ہو جائیگا ۔ کیا آپ اسے اس سال کے منصوبے میں رکھنے کیلئے تیار ہیں ؟

وزیر تعمیرات ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ جب یہ سکیم پہلے بنی تھی تو اس سے Road length کوئی دو میل زیادہ تھی جو واقعی ہمارے محکمہ کی غلطی سے رہ گئی ہے۔ ویسے ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اسے بھی مکمل کر دیا جائے ۔ تاکہ کوئی شکایت نہ رہے ۔

METALLING OF ROAD BAHAWALNAGAR AND FORT ABBAS

*5894. **Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Government have prepared a scheme to connect Tehsil Headquarters with their respective District Head quarters and one Police Station with an other through metalled roads;

(*b*) whether it is a fact that a road, the major portion of which is unmetalled, connects Bahawalnagar and Fort Abbas which are District Headquarter and Tehsil Headquarter respectively;

(*c*) whether it is also a fact that five important commercial markets, namely, Bahawalnagar, Donga Bonga, Harun Abad, Faqirwali and Fort Abbas and four Police Stations of Bahawalnagar, Donga Bonga, Harunabad and Fort Abbas are situated on the road mentioned in (*b*) above;

(*d*) whether it is a fact that the metalling of the above-mentioned 67 mile long road is included in the Second Five-Year Plan;

(*e*) whether it is a fact that a 30 mile long stretch of the said road from Bahawalnagar to Harunabad was metalled before 1962;

(*f*) whether it is a fact that the metalling of 12 mile long stretch of the said road from Harunabad to Faqirwali was undertaken last year; if so, whether it is a fact that not even half of the said stretch of road has so far been metalled;

(*g*) if answers to (*a*) to (*f*) above be in the affirmative, whether Government intend to take effective steps for metalling of the said road before the expiry of 2nd Five-Year Plan Period?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) ۔ (ا) جی نہیں۔

(ب) جی ھاں بلکہ 64.75 میں سے 37 میل سڑک بھاولنگر کی جانب سے پختہ ھو چکی ھے۔

(ج) جی ھاں۔

(د) جی ھاں مگر موجودہ پنجسالہ منصوبہ میں تکمیل شامل نہیں

(ہ) جی ھاں۔

(و) جی ھاں مگر آدھے سے زیادہ حصہ مکمل ھو چکا ھے

(ز) متذکرہ کام کا کل تخمینہ 40.88 لاکھ دوسرے پنجسالہ منصوبے میں شامل نہیں تھا جسکی وجہ سے کام مکمل نہ ھوسکے گا لہذا اسے تیسرے پنجسالہ منصوبے میں شامل کرنا ھوگا۔

چودھری محمد علی ۔جناب والا ۔سوال کے جزو (د) میں بتایا گیا ھے کہ موجودہ پانچ سالہ منصوبے میں یہ کام شامل نہیں۔ میں یہ دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ جب یہ سڑک سال ۱۹۵۰ء سے شروع ھے تو اسے کس منصوبہ میں رکھا گیا تھا؟

وزیر تعمیرات (مسٹر محمد خان جنیجو) — جناب والا۔ یہ حقیقت ھے کہ اس سڑک کا پہلا plan کافی عرصہ پہلے منظور ھوا تھا ۔چونکہ یہ

کافی لمبی چوڑی سڑک تھی اس لئے آھستہ آھستہ کام ھوتا آیا ھے۔ اس سال بھی ھم نے پانچ لاکھ روپئے رکھے ھیں۔ ھمارا خیال ھے کہ جو کچھ ھوسکے اس سال مکمل کریں اور جو portion باقی بچے ا 3rd Five Year Plan میں رکھیں۔ چنانچہ اس وقت جو ھمارا plan ھے۔ اس کے مطابق ۱۹۶۶-۶۷ تک یہ سڑک مکمل ھوجائیگی۔

METALLING OF SHABKADAR-BATAGRAM ROAD

*5898. **Major Abdul Majid Khan:** Will the Minister of Communications and Works, please refer to answer to my starred question No. 2343 given on the floor of the house on 3rd April, 1963, and state whether the metalling of Shabkadar-Batagram Road has been included in the 3rd Five-Year Plan, if not, reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) تیسرے پنج سالہ منصوبہ پر ابھی صرف ابتدائی غور ھورھا ھے۔ اس لئے اسوقت سوال پیدا نہیں ھوتا۔

WIDENING OF BRIDGE OVER RIVER NEAR NOWSHERA

*5917. **Major Abdul Majid Khan :** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the bridge over the river near Nowshera is situated between Nowshera Cantt. and Risalpur Cantt;

(*b*) whether it is a fact that the rule of one way traffic is being observed on the above said bridge and long Military Conveys frequently pass through the said bridge in between the above said two Cantonments causing a road-block for the general public;

(*c*) whether it is a fact that trains and bullock carts also pass through the above said bridge;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to widen the said bridge to avoid traffic jams and danger of accidents?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) (ا) جواب اثبات میں ھے۔

(ب) جواب اثبات میں ھے۔

(ج) جواب اثبات میں ھے۔

(د) یہ پل محکمہ ریلوے کی ملکیت ھے اور روڈ ٹریفک کی زیادہ دقت محکمہ دفاع کو ھے صوبائی حکومت یا محکمہ دفاع کی طرف سے کوئی سکیم علحیدہ سڑک کا پل تعمیر کرنے کے لئے زیر تجویز نہیں ھے۔ صوبہ بھر میں ایسے بہت سے ضروری پل ھیں جہاں سڑک کا ٹریفک بھی ریلوے کے پل پر سے گذارا جارھا ھے ایسے تمام پلوں پر کروڑوں روپئے کی لاگت آئیگی تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں بعض ایسے پلوں کے تعمیر کی تجویز پر غور و خوض کیا جارھا ھے۔

METALLING OF MATHRA-KHAZANA ROAD IN PESHAWAR DISTRICT

***5919. Major Abdul Majid Khan:** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Mathra-Khazana Road in Peshawar District is the main road for the vast area of Ilaqa Daud Zai;

(*b*) whether it is a fact that the said road is maintained by Buildings and Roads Department;

(*c*) whether it is a fact that the above said road is unmetalled and becomes unservicable for traffic during rainy season;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in affirmative, whether Government intend to metal the said road; if not, reasons therefor;

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) ۔ (الف) جی ہاں۔
(ب) جی ہاں ۔
(س) کچی سڑک ہونے کی وجہ سے بارش کے موسم میں اسکی حالت تسلی بخش نہیں رہتی۔ کچی سڑکیں خوشگوار موسم کیلئے ہوتی ہیں ۔
(د) تیسرا پنج سالہ منصوبہ بناتے وقت اس سڑک کو پختہ کرنے کے کام پر غور کیا جائے گا۔

میجر سلطان احمد خان ۔ جناب‌والا ۔ یہ 3rd Five Year Plan کے الفاظ ہر دوسرے فقرے کے بعد آتے ہیں ۔ آخر یہ 3rd Five Year Plan کب شروع ہوگا؟

وزیر تعمیرات ۔ جناب‌والا ۔ یہ ۱۹۶۵-۶۶ء میں شروع ہوگا ۔

Major Sultan Ahmed Khan: No definite date.

Minister of Communications & Works (Mr. Muhammad Khan Junejo): It is definite sir.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: Mr. speaker sir, in our budget speeches we requested the Government to place these plans before the House and give us a chance to discuss them. We have not heard anything about it. Will the Minister kindly tell us whether Government intends to do so.

Mr. Speaker: I think that is a question for the Department of Planning and Deveplopment to answer.

Major Sultan Ahmed Khan: They are referring to the Plans.

Mr. Speaker: Yes, they are referring. .....

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: Mr. Speaker Sir, unfortunately although we have been the Committes, but as you know in the rules we have been debarred from the initiation of legislation. That is why one of the most important committees, of

which I was given the privilege of being the Chairman has not met. Unless a bill is sent by somebody, the Committee cannot met, therefore we have been debarred completely from raising any voice or in any way trying to influence the Government to take up important schemes. Sir I am asking the Minister that as far as Communications are concerned ,is there any intention of placing the proposals that are included in the Five Year Plan before this Assembly so that these be discuss here?

Minister of Communications & Works: May I explain the position Sir. So far as the Second Five-Year Plan was concerned, we had called for proposals from the various regions for construction of roads in West Pakistan, and the pro--posals exceeded over a hundred crores of rupees. But knowing the limitation of our own resources, we were promised that we will get twenty five crores of rupees in the Second Five-Year Plan, and we had to curtail from a hundred crores to twenty five crores of rupees. Similarly for the Third Five-Year Plan, we had called for proposals from various regions and they are in hundreds of crores. What we have been promised is that approximately about 75 crores of rupees will be given for communications, and we are trying to adjust and try to give priority to important schemes, and try to include them. I can assure that when we meet in June, I will be able to put the data before the House approximately as to what are our plans for the next Plan.

Major Sultan Ahmed Khan: Begum Sahiba's question is not whether it involves a hundred crores or twenty five crores of rupees. She wants to know whether these Plans are going to have public opinion involved in them or only the official opinion.

Mr. Speaker: He has answered that he will put before the House what--ever material is available with him in the Budget Session.

TOLL TAX ON PEHUR BOAT BRIDGE

***5941. Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Minister of Communications and Works please refer to answers to part (*a*), (c) and (d) of my starred question No. 1674 given on the floor of the House on 13th March 1963 and state:—

(*a*) whether any decision has been taken by Government to abolish the toll tax on the Pehur Boat bridge; if so, a copy of the orders issued in this behalf may be placed on the table of the Assembly;

(b) in case no decision has so far been taken reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) ۔ (الف) جی نہیں ۔

(ب) کشتیوں کے پلوں کی نگہداشت کی خطیر لاگت کو پورا کرنے کی غرض سے عائد شدہ محصول گزران کو ختم کرنے کا حکومت کوئی ارادہ نہیں رکھتی ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ کیا وزیر صاحب کے علم میں یہ ہے کہ پیدل چلنے والوں سے ٹیکس وصول کیا جاتا ہے؟

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ میرے علم میں نہیں ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ میں وزیر صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ پیدل چلنے والوں سے ٹیکس وصول کیا جاتا ہے یہ لوگ تربیلا ڈیم میں مزدوری کا کام کرنے کے لئے آتے ہیں ان غریب پیدل چلنے والوں سے ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔

وزیر مواصلات ۔ لازمی ہے کہ ہم اسے consider کریں گے کہ جو لوگ پیدل آتے ہیں ان سے ٹیکس وصول نہ کیا جائے ۔

Major Sultan Ahmed Khan: May I know from the Minister what is the total income from this particular bridge.

Minister of Communications: For this, I need a separate notice.

Major Sultan Ahmed Khan: If the figure known to us are to be taken as the basis, it is understood that an income of rupees thirty-five thousand is derived to the Government. As against this income of Rs.35,000/- the Government is losing a large number of visitors for commercial, tourism and other purposes. Is the Government prepared to forego this sum of Rs.35,000/-?

Minister of Communications: Who has given the figure of Rs.35,000/-?

Major Sultan Ahmed Khan.: I am informing you that the total income derived to the Government from that particular bridge is Rs. 35,000/- and this sum is making lives of the people miserable and discouraging people from vis-iting that area.

Minister of Communications: Normally, the policy of the Government is that wherever we have got sufficient income from the bridges, we decrease the rates. But here particularly for this bridge I was told that the actual expenditure is much more than the income. If the member wants to know the income and expenditure of this particular bridge, I will supply the requisite information on receipt of a fresh notice.

مسٹر سلطان محمد اعوان—کیا یہ بات وزیر صاحب کے علم میں ہے کہ موٹر پر ٦ روپیہ وصول کیا جاتا ہے ۔

وزیر مواصلات— میرے علم میں نہیں ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان—میں وزیر صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ موٹر پر ٦ روپیہ بطور ٹیکس وصول کیا جاتا ہے ۔ یہ ٹیکس بہت زیادہ ہے اسے کم کیا جائے ۔

وزیر مواصلات— اس کو maintain کرنے کے لئے حکومت کو لاکھوں روپیہ خرچ کرنا پڑتے ہیں ۔ اگر آپ نیا سوال پوچھیں تو میں بتادوں گا کہ ٦ روپیہ وصول کرنے سے کتنی آمدنی ہوتی ہے ۔ اور کتنا خرچ ہوتا ہے پھر آپ خود اندازہ لگاکر اسے justified سمجھیں گے کہ حکومت زیادہ خرچ نہیں کررہی ۔

CONSTRUCTION OF ROAD FROM NAROWAL TO LAHORE

*5978. **Chaudhri Muhammad Ibrahim:** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state:—

(*a*) the total area of land in acres acquired for the construction of the P.W.D. proposed road from Narowal, District Sialkot to Lahore;

(*b*) the date or dates on which the said land was acquired;

(*c*) the year-wise expenditure incurred on the construction of the said road, since the acquisition of the land;

(*d*) the type of work so far done on the construction of the said road; alongwith the present condition of that road;

(*e*) the present condition of the adjoining land from where earth has been dug out for the construction of the said road;

(*f*) whether Government intend to level up the lands mentioned in (*e*) above in order to make it fit for cultivation;

(*g*) whether Government intend to compensate the land owners, whose lands were acquired for the said purpose;

(*h*) whether it is a fact that the land-owners mentioned in (g) above are still required to pay land revenue for the lands acquired by Government?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین)— (الف) تکنیکی طور پر منظور شدہ تخمینے میں ۱۹۳.۹۴ ایکڑ زمین کی گنجائش ہے ۔ ڈسٹرکٹ کونسل سیالکوٹ نے جسکی تحویل میں پہلے یہ سڑک تھی ۱۱۸.۴ ایکڑ زمین حاصل کی تھی ۔ زمین حاصل کرنے کے بعد یہ سڑک پی ۔ ڈبلو ۔ ڈی کی تحویل میں آئی ہے ۔ ضلع لاہور میں کوئی زمین حاصل نہیں کی گئی۔

(ب) چونکہ یہ سڑک ڈسٹرکٹ کونسل سیالکوٹ کی تحویل سے آئی ہے ۔ اس لئے اس محکمہ کو زمین حاصل کرنے کی تاریخ معلوم نہیں ۔ یہ ڈسٹرکٹ کونسل سیالکوٹ سے معلوم کی جاسکتی ہے ۔

(ج)

۱۹۴۶-۴۷	۷,۰۰۰
۱۹۴۷-۴۸	۱۷,۱۵۵
۱۹۴۸-۴۹	۲۰۴,۹۹۶
۱۹۴۹-۵۰	۴۷,۴۰۵
۱۹۵۰-۵۱	۱۵,۶۱۱
۱۹۵۱-۵۲	۱۵,۷۵۶
۱۹۵۲-۵۳	۱,۷۲۷
کل	۲,۴۴,۸۴۰

(د) مٹی کا کام ۴.۰ میل میں ہوگیا ہے ۔ میل نمبر ۱۴ میں سامان کو اکٹھا کرنے اور پل اور موڑ بنانے کا کام ۱۹۵۰ میں مکمل کرلیا گیا تھا۔

زیادہ تر مٹی کا کام گذشتہ سالوں کے زبردست سیلابوں اور موسلا دھار بارشوں میں بہہ گیا تھا ۔ کیونکہ سڑک دریا کے ساتھ ساتھ جاتی ہے ۔

(ہ) کچھ کھتان نہیں ۔ لیکن زیادہ تر زمین اصلی حالت میں ہے ۔

(و) اس وقت کوئی ایسی تجویز نہیں۔ اس محکمہ میں طریقہ یہ ہے۔ کہ ٹھیکیدار خود زمین کے مالکوں سے زمین کا انتظام کرواتا ہے ۔ اور انہیں معاوضہ دیتا ہے ۔ اسلئے مالک خود زمین کو ہموار کرتے ہیں ۔

(ز) چونکہ زمین ڈسٹرکٹ بورڈ نے حاصل کی تھی ۔ اسلئے گورنمنٹ کا معاوضہ دینے کا سوال پیدا ہی نہیں ہوتا ۔

(ح) یہ اطلاع اس محکمہ کے پاس نہیں ہے محکمہ مال سے لی جاسکتی ہے۔

LINKING OF TEHSIL HEADQUARTERS WITH THEIR DISTRICT HEADQUARTERS IN JACOBABAD DISTRICT THROUGH PUCCA ROADS

***5989. Mr. Ahmed Mian Soomro:** Will the Minister of Communication and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that none of the tehsil headquarters in Jacobabad District except Jhatpat are connected with the district Headquarter directly by pucca roads;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to connect the said tehsil headquarters with their district headquarter through pucca roads, if so, the steps intended to be taken in this behalf?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین)—(الف) جی ہاں ۔

(ب) گدو بیراج روڈ پروگرام کے تحت ایک پختہ سڑک تھل اور ہمالوں کے درمیان زیر تعمیر ہے جو کہ جیکب آباد اور تحصیل سیفل اور کھنڈکوٹ کے فاصلے کو نسبتاً کم کردیگی ۔ جیکب آباد اور گڑھی خیرو کے درمیان ۳۸ میل میں سے ڈوڈاپور تک ۲۶ میل لمبی پختہ سڑک تعمیر ہوچکی ہے ۔ باقی ماندہ ڈوڈاپور سے گڑھی خیرو ۱۲ میل لمبی سڑک کی تعمیر پہلے سے ہی شروع ہے جو کہ اگلے سال تک مکمل ہوجائے گی ۔ لہذا تمام تحصیلی مقامات اپنے ضلعی صدر مقام جیکب آباد کے ساتھ بذریعہ سڑک منسلک ہو جائینگے ۔

حاجی میر محمد بخش تالپور (سندھی)—وزیر صاحب کو معلوم ہے کہ تھرپارکر ضلع کے تھر سب ڈویژن میں راستے پکے نہیں ہیں اور کچے اور خراب حالت میں ہیں تو انکو پکا کرانے کا کوئی خیال ہے ۔

Mr. Speaker: That has got nothing to do with this question.

حاجی گل حسن منگی (سندھی)—وزیر صاحب کو معلوم ہے کہ سندھ میں سڑکوں کی حالت خراب ہے اور خصوصاً وہ سڑک جو تحصیل ہیڈ کوارٹرز کو ضلع ہیڈ کوارٹرز سے ملاتی ہے جہاں سے بیل گڑی کا چلنا مشکل ہوتا ہے تو آیا کا اس سڑک کو میٹیل کرانے کا ارادہ ہے ؟

مسٹر سپیکر — آپ اس کا ترجمہ بھی کردیں ۔

Haji Gul Hassan Manghi: If you say I will put in English but.....

Mr. Speaker: The member can speak English as well as Sindhi. This facility is only for those members who cannot express themselves in any other language.

Haji Gul Hassan Manghi: If you say I will put the question in English.

Is the Government aware of the fact that roads in Sind specially the roads connecting Tehsil Headquarters with the District are in very bad condition and people travel by bullock-carts? Is there any scheme to connect these roads and metal them in order to bring people to Tehsil and District headquarters? What about Humayoon Road which is already pending since 8 years?

Minister of Revenue: Point of information. May I know whether the member was speaking in English or Sindhi?

Mr. Speaker: This is no point of information.

Minister of Communications (Mr. Muhammad Khan Junejo) So far as roads in Sind are concerned we are actively considering to put them in Third Five-Year Plan and to see that all the important towns are connected with Tehsil and Districts. Particularly this Humayoon-Dadar Road is under construction and is expected to be completed by 1965-66.

حاجی میر محمد بخش تالپور (سندھی) کیا وزیر صاحب بتائینگے کہ backward areas کی طرف تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں توجہ دی جائیگی ۔

وزیر مواصلات (سندھی) ۔ ہم کوشش کررہے ہیں کہ backward areas کے لئے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں گنجائش رکھی جائے ۔

Haji Gul Hassan Manghi: In the Resolution discussed by the Assembly, some portions of Sukkur, Sanghar and Tharparkar have been declared backward areas. Does the Government intend to construct roads there.

Mr. Spaker : That is a separate question. The member may give fresh notice for that.

CONSTRUCTION OF BRIDGES ON NULLAH BASANTAR AND NULLAH BUDDI

***6004. Chaudhri Abdur Rahim:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

Whether Government intend to construct bridges on Nullah 'Basantar' and Nullah 'Budhi' near Jassar town; if so, when?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین)—جواب اثبات میں ہے۔ اگلے مالی سال کے بجٹ میں پانچ لاکھ روپیے کی مانگ رکھی گئی ہے۔ مناسب قاعدوں کے بعد کام شروع کر دیا جائے گا۔

MALAKWAL-GOJRA ROAD

*6039. **Chaudhri Sai Muhammad:** Will the Minister of Communications and Works please refer to answer to my starred question No. 654 given on the floor of the House on 5th December 1962 and state whether any decision on the alignment of the Malakwal-Gojra Road has been taken; if not, reasons therefor and the time by which the work on the road will be started?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین)—چک نظام ملکوال گوجرہ سڑک کی الائن منٹ کے بارے میں ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ کیونکہ ابھی یہ فیصلہ نہیں ہوا کہ یہ سڑک دریائے جہلم پر ریلوے پل سے گذرے گی یا کشتیوں کے پل پر سے۔ کشتیوں کا پل بنانے کی تجویز مرکزی حکومت کو منظوری کے لئے بھیجی ہے۔ جس کا ابھی تک انتظار ہے۔ الائن منٹ کے سوال پر صرف اس وقت ہی فیصلہ ہوگا۔ جب مرکزی حکومت اپنا فیصلہ بھیجے گی۔

اس سڑک پر کام اس وقت شروع کیا جائیگا جب منظوری آئیگی۔ جس کے لئے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کو قومی اقتصادی کونسل سے منظوری لینے کے لئے پہلے ہی تخمینہ بھیجا جاچکا ہے۔

چودھری سعی محمد — سوال نمبر ۵۸۳۹ کے ضمنی سوال کے جواب میں منسٹر صاحب نے جواب دیا ہے کہ ملک وال سڑک تیسرے پنجسالہ منصوبے میں رکھی گئی ہے اور اس سوال نمبر ۶۰۳۹ کے جواب میں کہہ رہے ہیں کہ ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہے اور سنٹرل گورنمنٹ جب تک دریائے جہلم پر پل بنانے کی منظوری نہیں دیگی اسوقت تک یہ منصوبہ تیار نہیں ہو سکتا۔ کیا آپکا پہلا جواب درست تھا یا یہ درست ہے۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جنیجو) — جہانتک پہلے سوال کا تعلق ہے میں اسے دیکھکر بتاؤنگا لیکن میں نے یہ جو جواب دیا ہے کہ پل بنانے کے لئے سنٹرل گورنمنٹ کو papers بھیجے ہیں اور انکی approval جب تک نہیں حاصل ہوگی کوئی منصوبہ تیار نہیں ہوسکتا۔

چودھری سعی محمد — ٹھیک ہے لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے سوال نمبر ۵۸۳۹ کے جواب میں کہا ہے کہ گوجرہ سے

ملک وال سڑک کا ٦ میل کے ٹکڑے کا منصوبہ بنا لیا ہے لیکن اب آپ کہہ رہے ہیں کہ جب تک سنٹرل گورنمنٹ کی منظوری نہیں آجائیگی اسوقت تک نہیں بنایا جائیگا تو میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پہلا سوال جو آپ نے ١٠ منٹ پہلے دیا تھا وہ درست ہے یا جو اب دے رہے ہیں وہ درست ہے ۔

پارلیمنٹری سکریٹری — جناب ٢ میل کا ٹکڑا منڈی بہاؤالدین۔۔۔

چودھری سعی محمد — منڈی بہاؤالدین والا نہیں۔ آپ نے ابھی چودھری گل نواز کے جواب میں کہا ہے کہ گوجرہ تک ٦ میل کا ٹکڑا بنانے کے لئے منصوبہ تیار ہوگیا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری — میں نے جو جواب دیا ہے کہ سڑک گوجرہ سے ملک وال تک ٦ میل کا ٹکڑا فرسٹ Five Year پلان میں رکھا گیا تھا چونکہ اس سڑک کو بنانے کے لئے مرکزی حکومت کی منظوری لینی ہے اس لئے ابھی تک فیصلہ نہیں ہوسکا ۔

چودھری سعی محمد — دوسرے سوال میں یہ پوچھا گیا تھا کہ کون کونسی سڑکیں اس سال کے منصوبہ میں رکھی گئی تھیں آپ نے جواب دیا ہے کہ ملک وال تک گوجرہ کا ٦ میل کا ٹکڑا رکھا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر — وہ فرسٹ Five Year Plan میں رکھا گیا ہے لیکن وہ بنے گا اس وقت جب اسکی منظوری سنٹرل گورنمنٹ دے دیگی ۔

چودھری سعی محمد — اگلے کا تو فیصلہ ہی نہیں ہوا جناب ۔

مسٹر سپیکر — اسکا تو جواب انہیں نے دے دیا ہے ۔

چودھری سعی محمد — مجھے تو پتہ نہیں چلا جناب کو کیسے معلوم ہوا ۔

مسٹر سپیکر — جواب انہیں نے دیا ہے آپکو چودھری صاحب ۔

چودھری سعی محمد — اس سوال میں کونسا صحیح ہے جو یہاں سکریٹری صاحب نے بتایا ہے ۔

مسٹر سپیکر — انہیں نے کہا ہے کہ فرسٹ Five Year Plan اور سیکنڈ Five Year پلان میں گنجائش رکھی گئی ہے لیکن سینٹرل گورنمنٹ کی منظوری نہیں آئی تھی ۔

METALLING OF PHALIA-BHAIROWAL SECTION OF GUJRAT-JHANG ROAD

*6053. **Chaudhri Sai Muhammad:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) the year-wise amount sanctioned for metalling Phalia-Bhairowal Section of Gujrat-Jhang Road since 1951 to 1957;

(*b*) the year, in which the estimate for the said purpose was prepared;

(*c*) the dates on which the estimate was approved;

(*d*) the date on which tenders for the said work were invited;

(*e*) whether it is a fact that there is a scheme to link Police Stations with the Headquarters by metalled roads;

(*f*) whether Government are aware of the fact that there is no metalled road up to Qadirabad Police Station which is situated on Phalia-Bhairowal Road;

(*g*) if answer to (*e*) and (*f*) be in the affirmative, whether Government intend to expedite the metalling of the said Roads; if so, the date by which the above-mentioned section of the said road will be metalled?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) — (الف) صوبائی حکومت نے ۱٫۴۵ لاکھ اور ۲٫۰۰ لاکھ سے بالترتیب ۱۹۵۲-۵۳ اور ۱۹۵۳-۵۴ کے لئے اس شرط پر منظور کئے تھے ۔ کہ مرکزی حکومت روڈ ڈیولپمنٹ فنڈ سے قرضے کی منظوری دے ۔ چونکہ مرکزی حکومت نے اس پر اتفاق نہ کیا اسلئے ان سالوں میں کام شروع نہ کیا جاسکا ۔ ۱۹۵۴ء سے اس کام کے لئے کوئی رقم منظور نہیں ہوئی ۔

(ب) اس کام کا تخمینہ ۱۹۵۹ء میں تیار کیا گیا تھا ۔

(ج) چونکہ یہ کام پہلے پانچسالہ منصوبہ میں شامل نہیں تھا ۔ اسلئے یہ تخمینہ منظور نہیں ہوا ۔

(د) اگست ۱۹۵۸ء میں ٹینڈر طلب کئے گئے تھے ۔ لیکن تخمینہ کی منظوری کی عدم موجودگی میں کام شروع نہ کیا جاسکا ۔

(ہ) اس محکمہ کو ایسی کسی سکیم کا علم نہیں ۔

(و) قادرآباد پولیس سٹیشن کسی بھی پکی سڑک سے ملا ہوا نہیں ۔ قادرآباد اور پھالیا کے درمیان ایک پکی سڑک ہے ۔ جو ڈسٹرکٹ کونسل گجرات کی تحویل میں ہے ۔

(ز) اوپر دیئے گئے جواب (الف) اور (و) کی بنا پر کام کو جلدی کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

چودھری سعی محمد — کیا میں پارلیمنٹری سکریٹری صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ ۱۹۵۳ء میں اس پر ۴ کروڑ کا estimate لگایا گیا تھا اور ۱۹۵۳ء میں دولتانہ وزارت میں اس پر ۴ کروڑ روپیہ کا بجٹ estimate لگایا گیا تھا ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جنیجو) -- میں اس کا جواب دئے دیتا ہوں ۱۹۵۲-۵۳ء میں اس پر ڈیڑھ لاکھ اور ۱۹۵۳-۵۴ء میں ۲ لاکھ پراویزن رکھا گیا تھا جو کچھ آپ کہہ رہے ہیں وہ صحیح ہے -

---

METALLING OF ROAD FROM CULVERT NO. 14 TO ADDA BASERA IN MULTAN DISTRICT

*6076. **Mr. Atta Hussain Khan Khakwani:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the unmetalled road from culvert No. 14 to "Adda Basera" in Multan District has an exceptional importance in the area of former Zail Qureshiwala;

(*b*) whether it is a fact that Mr. Nasim, a former Deputy Commissioner, of Multan District made recommendation to Government for its metalling;

(*c*) whether it is a fact that the Tehsil Council, Khanewal, also recommended to the District Council, Multan that the said road be metalled;

(*d*) whether it is a fact that the District Council, Multan, at its meeting held on 14th January 1963, recommended to the Government to metal the said road;

(*e*) if answers to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to metal the said road; if so, the time by which it will be metalled?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) (ا) اس سڑک کی اہمیت اس محکمے کے علم میں نہیں ہے-

(ب) محکمہ تعمیرات کو علم نہیں -

(ج) جی ہاں -

(د) جی ہاں مگر سفارش ڈویژنل کونسل کو گئی تھی -

(ہ) ڈویژنل کونسل نئے سالانہ منصوبہ بندی کی سفارشات میں سڑک تذکرہ کو شامل نہیں کیا تھا لہذا اس سڑک کے پختہ کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں -

مسٹر عطاحسین خان خاکوانی- جناب والا- پہلے تو اسمیں فرمایا گیا ہے کہ اس سڑک کی اہمیت اس محکمہ کے علم میں نہیں ہے - حضور عالی تحصیل کونسل ڈسٹرکٹ کونسل کی میٹنگوں میں اسکیلئے recommendation ہوئے ہیں اور ڈویژنل کونسل نے بھی اسکو بہت اہمیت دی ہے اور

ڈویژنل کونسل کیطرف سے بھی کہا گیا ہے اور سابق ڈپٹی کمشنر نسیم صاحب نے بھی اسکی اہمیت کو جلسہ عام میں قرار دیا اور پھر انہیں نے ڈسٹرکٹ کونسل کے ایجنڈے پر بھی رکھا تھا تو اب مجھے یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ اسکی اہمیت کسوجہ سے نہیں رہی۔

وزیر مواصلات۔ جہاں تک ڈسٹرکٹ کونسل کا تعلق ہے ممکن ہے اسکی اہمیت وہاں تک رہی ہو لیکن ڈویژنل کونسل نے ممکن ہے اسکو اسوجہ سے drop کر دیا ہو کہ انکی نظر میں کوئی اور سڑکیں important ہوں۔

مسٹر عطا حسین خان خاکوانی۔ کیا جناب وزیر صاحب اس سڑک کی اہمیت کو معلوم کرنیکی کوشش فرمائیں گے اگر یہ کسی اہمیت کی حامل ثابت ہو جائے تو اسکو تیسرے پنجسالہ منصوبے میں رکھنے کا انتظام فرمائیں گے۔

وزیر مواصلات۔ ہم پھر اسکو consider کریں گے اور ڈویژنل کونسل سے اسکی اہمیت معلوم کریں گے۔

Haji Gul Hassan Manghi: The member has said that the road is important and it has been recommended by the District Council. Will the Minister consider to include this road in the Five-Year Plan?

Mr. Speaker: He has already replied this question.

CONSTRUCTION OF NEW ROADS IN BAHAWALPUR DIVISION DURING 1961-62 AND 1962-63.

***6082. Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) the district-wise amount allocated for the construction of new roads in Bahawalpur Division during 1961-62 and 1962-63;

(*b*) the amount, out of that mentioned in (*a*) above, actually spent each year alongwith the reasons for not utilizing the remaining amount?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) (الف) و (ب) مطلوبہ معلومات کیفیت نامہ میں درج ہیں۔

بہاولپور ڈویژن میں مالی سال ۱۹۶۱-۱۹۶۲ اور ۱۹۶۲-۱۹۶۳ کے دوران میں نئی سڑکوں کی تعمیر پر اخراجات

نمبر شمار	نام ضلع	تعین برائے سال ۱۹۶۲-۱۹۶۳	اخراجات ۱۹۶۱-۱۹۶۲	بچت ۱۹۶۱-۱۹۶۲	اخراجات ۱۹۶۲-۱۹۶۳	بچت (-) یا زیادتی
۱-	ضلع بہاولپور	۱۰،۷۲،۰۰۰	۱۲،۳۲،۸۹۷	-۳،۳۴۳	۱۱،۰۷،۱۳۲	- ۳۵۱۳۲ +
۲-	ضلع بہاول نگر	۹،۵۸،۰۰۰	۱۲،۶۲،۶۹۸	-۱،۴۳،۳۰۲	۷،۹۴،۶۵۰	- ۱،۶۳،۳۵۰
۳-	ضلع رحیم یار خان	۸،۶۵،۰۰۰	۴،۳۱،۳۳۸	-۱،۱۱،۶۶۲	۸،۱۱،۸۳۵	- ۴۳،۱۶۵
	میزان	۲۸،۹۵،۰۰۰	۲۹،۳۶،۹۳۳	-۲،۵۹،۳۰۷	۲۷،۱۳،۷۱۷	۲،۰۶،۵۱۵ +۳۵۱۳۲

معمولی سی بچت بڑی حد تک معاوضہ اراضی کی ادائیگی کے فیصلوں کی عدم تکمیل سامان کی نقل و حمل کے لئے ریلوے ویگنوں کی قلت اور سڑک بنانے والی مشینری کی قلت کی وجہ سے تھی۔ اخراجات کا فیصد ۱۹۶۱-۱۹۶۲ کے دوران میں ۹۱۶۸ فیصد اور ۱۹۶۲-۱۹۶۳ء کے دوران میں ۹۳۶۸ فیصد تھا۔

چودھری محمد علی ۔ جناب والا۔ میں دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ جو رقم کسی خاص کام کیلئے گورنمنٹ کیطرف سے مخصوص کر دیجاتی ھے تو اسکو نہ خرچ کرنے کی ذمہ داری کس پر عائد ھوتی ھے؟

Minister of Communications and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo) There are many reasons. First of all, we have to acquire land after that we have to start work and see that the amount is properly utilised within the time limit. In some cases contractors are at fault and in some cases even my Department is at fault. But if Chaudhri Sahib quotes certain roads where on the part of my Department some delay has happened, definitely, I will look into it.

THE NUMBER AND NAMES OF THE ROADS IN BAHAWALNAGAR DISTRICT CONSTRUCTED SINCE NOVEMBER, 1958

***6083. Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) the number and names of the roads in Bahawalnagar District constructed since November, 1958;

(*b*) the particulars of roads proposed to be constructed in the said District during the Third Five-Year Plan period?.

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) (ا)

بہاولنگر ضلع میں ۱۹۵۸ء سے لیکر ابتک مندرجہ ذیل نئی سڑکوں کی تعمیر ھوئی ھے۔

(۱) بہاولنگر بھکن روڈ لمبائی ۶۴۷۸ میل

(۲) بہاولنگر فورٹ عباس روڈ ۱۶۴۵۰ میل

(۳) سٹیٹ ھائی وے (بہاولپور سے بہاولنگر تک) ۳۹ میل

(ب) تیسرے پنجسالہ منصوبے کے تحت مذکورہ ضلع میں جن سڑکوں کی تعمیر ھو گی اسکے متعلق حتمی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا کیونکہ تیسرا پنجسالہ منصوبہ ابھی زیر غور ھے۔

TOTAL MILEAGE OF KACHA ROADS IN BAHAWALNAGAR DISTRICT

***6084. Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) the total mileage of Kacha Roads in Bahawalnagar District to be metalled during the current financial year;

(*b*) the names of the places connected by the each of the said roads?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) (الف)

بہاولنگر فورٹ عباس سڑک کے سات میل

(ب) بہاولنگر ھارون آباد مبارک پور اور فقیر والی

CONSTRUCTIONS OF NEW ROADS IN THE PROVINCE

***6085. Chaudhri Muhammad Ali:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Central Government have agreed to provide a sum of Rs. 3 crores to the Provincial Government for the construction of new roads in the Province; if so, whether Government have formulated any schemes in this behalf;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the Division-wise details of each scheme alongwith the names of the authorities who prepared the scheme relating to Bahawalpur Division and the factors on which these schemes are based?

پارلیمنٹری سکریٹری (چودھری منظور حسین) (الف) مرکزی حکومت نے دوسرے پنجسالہ منصوبہ کی حد میں ساڑھے تین کروڑ روپے کی رقم کے اضافہ کیلئے وعدہ کیا تھا مگر بعد میں یہ اضافہ نہیں کیا۔

(ب) اوپر دیئے گئے جواب کے بعد سوال پیدا نہیں ہوتا۔

DEVELOPMENT SCHEMES OF COMMUNICATIONS AND WORKS DEPARTMENT REGARDING CONSTRUCTION OF ROADS BRIDGES, ETC. IN FORMER NORTH-WEST PROVINCE

***6164. Master Khan Gul:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) the names of development schemes of Communications and Works Department regarding construction of roads, bridges, etc. in the former North-West Frontier Province are included in the Second Five-Year Plan;

(*b*) details of the expenditure incurred on the said schemes;

(*c*) the names of the schemes, out of those mentioned in (*a*) above, which (*i*) have been completed so far (*ii*) are still under implementation;

(*d*) the names of schemes, out of those mentioned in (*a*) above which pertained to Kohat District?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین)۔ (ا) محکمہ تعمیرات و شارعات کی سابقہ صوبہ سرحد کی سڑکوں اور پلوں کی ترقیاتی سکیمیں جو دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں شامل کی گئی تھیں۔ بمعہ خرچ برائے 1963-64ء مندرجہ ذیل ہے۔

نمبر شمار	سکیم کا نام	تخمینہ	پہلے پانچ سالہ منصوبہ کا خرچ	دوسرے پنج سالہ منصوبہ کا خرچ	میزان	کیفیت
(1)	درستگی و پختگی کوٹری کشمور ڈیرہ غازی خاں روڈ۔ ڈیرہ اسماعیل خاں کا درمیانی حصہ (میراں ڈیرہ اسماعیل خاں کوہاٹ پشاور روڈ)	75.68	36.94	27.67	64.61	کام پہلے 5 سالہ منصوبہ سے ہورہا ہے۔ اور تیسرے 5 سالہ منصوبہ میں مکمل ہوگا۔

نمبر شمار	سکیم کا نام	تخمینہ	پہلے پانچ سالہ منصوبہ کا خرچ	دوسرے پانچ سالہ منصوبہ کا خرچ	میزان	کیفیت
(2)	درستگی اور توسیع ڈھانسر ڈیرہ اسماعیل خان روڈ۔ (ڈیرہ اسماعیل خان اور دربان کا درمیانی حصہ)	41.61	5.57	12.04	17.61	کام پہلے 5 سالہ منصوبے سے ہو رہا ہے اور تیسرے 5 سالہ منصوبہ میں مکمل ہوگا۔
(3)	تعمیر سڑک از کوائی تاباٹا کنڈی (کاغان وادی) تاکہ سڑک مزکورہ پر موٹریں چل سکیں	38.94	5.22	19.01	24.23	ایضاً یہ کام دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں ختم ہوجانے کی توقع ہے۔
(4)	درستگی۔ اے۔ایم روڈ (حصہ از ٹھٹھہ تا ٹنھیر)	29.95	4.86	24.03	28.89	ایضاً
(5)	درستگی سڑک جو اچھریاں کو چتر میدان سے ملاتی ہے۔ بمعہ پل بر بٹکاس نام۔	18.38	—	17.43	17.43	ایضاً
(6)	تعمیر پل کلان بر دریائے کابل بمقام جہانگیرہ۔	—	29.45	22.83	22.83	ایضاً
(7)	کالاباغ ستکردرہ روڈ ضلع کوہاٹ۔	1.41	—	1.38	1.38	ایضاً کام 1959-60ء میں مکمل ہو چکا ہے۔
(8)	پشاور پانڈو کچوری میرہ ارسار روڈ	6.15	6.18	—	6.18	

نمبر شمار	سکیم کا نام	تخمینہ	پہلے سال کے منصوبہ کا خرچ	دوسرے سال کے منصوبہ کا خرچ	میزان	کیفیت
(9)	9 میل پشاور چارسدہ روڈ تخت آباد اول براستہ بابوزائی اور شاہ عالم	2.60	1.48	1.11	2.59	یہ کام سنہ 1960-61 میں ختم ہوچکا ہے۔
(10)	توسیع ریلوے پل واقع بالا حصار (پشاور)	7.00	—	—	—	مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے یہ کام شروع نہیں ہو سکے۔
(11)	لکی ماروت عیسا خیل کالا باغ میانوالی سرگودھا لائل پور (حصہ شمالی ریجن یہ لکی تاجوزائی دارہ تونگ روڈ)	5.20	—	—	—	

(ب) اخراجات کی رقم اوپر کی آئٹیم (الف) میں ملاحظہ فرمائیں۔

(ج) (i) سکیم مندرج سیریل نمبر 8 اور نمبر 9 مکمل ہو چکی ہیں۔

(ii) تمام سکیمیں ماسوائے نمبر 10 کے زیر تعمیر ہیں۔

(د) جواب (الف) میں سکیم مندرج سیریل نمبر 7 ضلع کوہاٹ سے تعلق رکھتی ہے۔

ماسٹر خان گل۔ یہ کل 1,97,75,000 روپے کی سکیمیں ہیں۔ جو کہ انہوں نے بتائی ہیں اس فہرست میں نمبر 8 اور 9 پر دوسڑکیں بن چکی ہیں۔ جن پر 8,70,000 روپے خرچ ہوچکے ہیں۔ باقی 1,88,98,000 روپے بچتے ہیں۔ اور سال صرف ایک رہتا ہے۔ جیساکہ ابھی سوال ہواتھا۔ کہ اتنی بڑی رقم دکھاکر اور پھر اتنی تھوڑی سی رقم خرچ کرنا۔ جیساکہ میں نے کل بھی سوال کیا تھا۔ 2,41,00,000 روپے میں سے صرف 17,00,000 لاکھ خرچ ہوئے ہیں۔ یہاں بھی وہی پوزیشن ہے۔ آپ اسکی وضاحت کریں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات(مسٹر محمدخان جنیجو)۔ مجھے اس کا احساس ہے۔ کہ واقعی ایسی تین سکیمیں ہیں۔ کہ جنکے لئے لاکھوں روپے رکھے گئے ہیں۔ لیکن وہ روپیہ وہاں پر استعمال نہیں کیا گیا ہے۔ میں ماسٹر صاحب سے یہ گذارش کرونگا۔ کہ وہ مجھے ایسی سکیمیں بتائیں۔ کہ وہ کونسی سکیمیں ہیں کہ جن پر کام نہیں ہوا۔ ہم دیکھینگے۔ کہ اگر اس میں ہمارے محکمے کا قصور ہو۔ تو ہم اسکے متعلق تحقیقات کرینگے۔ اور کوشش کرینگے کہ یہ کام وقت پر ہو۔ اور یہ رقم وقت پر خرچ ہو۔

مسٹر نصراللہ خان خٹک۔ میں وزیر متعلقہ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔ کہ جہاں چار سال کے عرصے میں 1,97,00,000 روپے میں سے صرف 78,00,000 روپے خرچ ہو سکیں۔ کیا یہ ممکن ہے۔ کہ باقی ایک سال میں 1,88,00,000 روپے خرچ کرسکیں۔

وزیر تعمیرات۔ یہ جو آپ کہہ رہے ہیں۔ یہ تو بمشکل سات فیصدی کام ہوا ہے۔ یہ جو آپکی calculation ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں۔ کہ اس سے زیادہ کام ہوا ہوگا۔ بہر حال میں اسکو check up کرونگا۔ اور میں یہ کوشش کرونگا۔ کہ جہانتک ہوسکے۔ کہ آئیندہ سال رقم دیکر وہاں کچھ نہ کچھ کام کیا جائے۔

Haji Gul Hassan Mangi: Is it a fact that certain schemes are provided in the Budget only to satisfy the Members and subsequently instructions are given to Officers not to implement these schemes.

Minister of Communications & Works: Whenever money is provided the intention of the Government is that the work should be completed.

ماسٹر خان گل۔ یہ جو بقایا رقم ہے۔ کیا وزیر صاحب یہ یقین دلائینگے۔ کہ ہماری یہ رقم محفوظ رہیگی۔ اور یہ اگلے سال ختم نہ ہونگے lapse نہیں ہونگے۔

وزیر تعمیرات—میں نے جو تفصیل دی ہے۔ اس میں آپ نمبر item دیکھیں۔ اسکی cost 75,00,000 روپے ہے۔ یہ پہلے پلان میں تھی۔ اور ہم نے تقریباً 36,00,000 روپے اس پر خرچ کئے ہیں دوسرے پلان میں 27,00,000 روپے خرچ کئے ہیں ہر سکیم پر کافی روپیہ خرچ ہوا ہے۔ تو یہ آپ کیسے کہتے ہیں کہ یہ پیسے خرچ نہیں ہوئے۔ آپ اسکو دیکھیں۔

Item No. 1— Improving and metalling Kotri-Kashmor-D.G. Khan Road-Total estimated cost is seventy five lakhs sixty eight thousand. Expenditure during the Ist Plan is thirty six lakhs ninety four thousand. Expenditure during the second Plan 1963-64 is twenty seven lakhs sixty seven thousand.

ٹوٹل cost ہماری 64,61,000 روپے ہو چکی ہے۔۔۔۔۔

Second scheme — Total stipulated cost is forty one lakhs. Out of this upto this year we have spent seventeen lakhs.

تو اس طرح آپ دیکھیں۔ کہ ہمنے ہر ایک سکیم پر کافی خرچ کیا ہے

Almost fifty percent has been spent on the scheme. I believe if you check the statement you would satisfied yourself.

آپ جو کچھ کہہ رہے ہیں۔ میں ان ہی اعداد و شمار کے ذریعے اسکا جواب دے رہا ہوں۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز۔ مسٹر سپیکر۔ اغلباً معزز وزیر صاحب کو معلوم ہوگا۔ کہ دنیا بھر کی پارلیمنٹوں میں اور خصوصاً جہاں فیڈرل سسٹم ہو وہاں ہرسال کے بجٹ کے لئے یا پانچ سالہ منصوبوں کے لئے جو نگران کمیٹی یا مرکز کی اور صوبے کی جو mixed کمیٹیاں ہوتی ہیں۔ یہ کمیٹیاں دیکھتی ہیں۔ کہ آیا جو روپیہ allocate ہوتا ہے۔ خواہ بجٹ میں خواہ otherwise وہ مکمل طور پر خرچ ہوتا ہے یا نہیں۔ کیا گورنمنٹ اس چیز پر غور کریگی کہ ایسی کمیٹیاں یہاں بھی بنائی جائیں۔

Minister of Communications & Works : I welcome the suggestion of the member and we will definitely consider her proposal

---

RELAXATION OF HIGHWAY AUTHORITY RULES IN MOUNTAINOUS AREAS

***6171. Haji Malik Mir Hassan Shah Orakzai:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that under the Highway Authority Rules, no construction can be raised within an area of 220 feet on each side of a road;

(*b*) whether it is a fact that the said condition is also applicable to the mountainous areas where open spaces on either side of the road are hardly 30 to 40 feet wide;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to relax this condition in the mountainous areas; if not reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین)۔ (الف) جی ہاں۔ لیکن ایسی تعمیرات جو کہ سڑک کے ساتھ ملحقہ اراضی کی کاشت کے سلسلہ میں کی جائیں اور غیر رہائشی ہوں ان قوانین کی زد میں نہیں آتیں۔

(ب) جی ھاں ۔ یہ بھی ایک حقیقت ھے۔

(ج) مغربی پاکستان ھائی وے آرڈیننس مجریہ ۱۹۵۹ء میں اس رعایت کی گنجائش رکھی گئی ھے۔ قانون کی اس دفعہ ۱۱ کی رو سے ھائی وے اتھارٹی مجاز ھے کہ اگر علاقہ کے حالات کا تقاضا ھوتو سڑک سے ۲۲۰ فٹ کے اندر اندر ایسی تعمیرات کی اجازت دے دے ۔

METALLING OF ROAD IN TRIBAL AREA

***6204. Mr. Abdur Rehman:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the road between 'Khaki' and 'Ogi' in tribal area is "Kutcha" road;

(*b*) whether it is a fact that there is no bridge on nullah "Sarori" near Ogi with the result that traffic remains suspended for several day on the said road during rains and snow-fall;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether any scheme for metalling the said road and constructing a bridge on the said Nullah; is under the consideration of Government for inclusion in the next Five-Year Plan; if so; the time by which the said scheme likely to be implemented?

پارلیمنٹری سکریٹری (چودھری منظور حسین) — (الف) جی ھاں یہ سڑک قبائلی علاقہ میں نہیں ھے ۔

(ب) جی ھاں ۔

(س) اس سڑک کی تعمیر بمعہ پل کے حکومت نے منظورکرلی ھے ۔ لہذا کام آئندہ ۱۹۶۴-۶۵ میں شروع ھونے کی توقع ھے ۔ اس مقصد کے لئے ۱۹۶۴-۶۵ میں ۲ لاکھ روپیہ کی رقم مخصوص کرنے کی تجویز کی گئی ھے۔

مسٹر عبدالرحمن — کیا آپکو یہ علم ھے کہ قبائل کا یہی ایک واحد راستہ ھے ۔

وزیر تعمیرات — میرے علم میں ایسی کوئی بات نہیں ھے ۔

METALLING OF STRETCH OF KUTIALA-BUSHKHAN-MIANWAL ROAD IN TEHSIL PHALIA, DISTRICT GUJRAT

***6253. Chaudhri Sai Muhammad:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the stretch of Kutiala, Bushkhan-Mianwal Road in Tehsil Phalia, District Gujrat is unmetalled ; if so, the length of the said stretch;

(*b*) whether Government have proposed any scheme for metalling the above said stretch of road; if so, the time by which it is expected to be metalled?

پارلیمنٹری سکریٹری (چودھری منظور حسین)—(الف) یہ سڑک محکمہ بلڈنگ اینڈ روڈز کے چارج میں نہیں ہے ۔

(ب) اوپر دیئے گئے جواب کے بعد سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

METALLING OF HEAD RASOOL-MANDI BAHAUDDIN ROAD IN DISTRICT GUJRAT

***6254. Chaudhri Sai Muhammad:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) the year in which approval was accorded by Government for metalling the Head Rasool-Mandi Baha-ud-din Road, in District Gujrat;

(*b*) the year during which tenders were invited for under taking the said metalling work alongwith the names of contractors, whose tenders were accepted;

(*c*) the length of the above said road which has so for been metalled;

(*d*) in case the metalling work on the above said road has not yet started reasons therefor and the time by which the said work will be completed?

پارلیمنٹری سکریٹری (چودھری منظور حسین) — (الف) اس کام کی محکمانہ منظوری ۱۹۵۰ میں سابق پنجاب گورنمنٹ نے مبلغ -/۳۴۴۴۰۰ روپئے کی دی تھی ۔ بعد میں اس سڑک کی لمبائی میں ۱۶۲۳ میل کی ایزادی اور پلیں بنانے اور اراضی کی قیمت بڑھ جانے کی وجہ سے ۱۹۵۲ع میں سابق پنجاب گورنمنٹ نے دوبارہ مبلغ ۵۶۰۲ لاکھ روپیے منظور کئے ۔ لیکن ۱۹۵۷ع تک رقم نہ مل سکنے کے باعث یہ منظوری سوخت ہوگئی تاہم ۱۹۵۶ع میں حکومت مغربی پاکستان نے اس منظوری کی اسی صرفہ یعنی ۵۶۰۲ لاکھ کے لئے تجدید کردی ۔

(ب) اس کام کے لئے ۱۵-۱۱-۵۶ کو ٹینڈر طلب کئے گئے ۔ صرف چار ٹینڈر وصول ہوئے جو اس بنا پر نا منظور کئے گئے ۔ کہ خشت اور تارکول کے لئے سامان مہیا کرنے کے نرخ محکمہ انہار کے پیشکردہ نرخوں سے زیادہ تھے ۔ ۱۵-۳-۵۷ کو ایگزیکٹو انجینیر جہلم پرونشل ڈویژن نے دوبارہ ٹینڈر طلب کئے ۔ تو صرف دو وصول ہوئے ۔ سب سے کم ٹینڈر میسرز اتحاد اینڈ کمپنی کا تھا ۔ جو منظور کرلیا گیا ۔ اور انہیں کام سپرد کر دیا گیا ۔ چونکہ ٹھیکیدار اجرائے نوٹس ہائے کے باوجود اندر معیاد کام نہ کرسکا ۔ اسلئے کارروائی ضابطہ عمل میں لاتے ہوئے ۹-۳-۵۹ کو

ایگزیکٹو انجینیر جہلم پرونشل ڈویژن نے انکا ٹھیکہ منسوخ کردیا ۱۱-۲-۵۹ کو دوبارہ ٹینڈر طلب کئے گئے - اور ۲۵-۵-۵۹ کو یہ کام میسرز فیروز خان اینڈ سنز کے سپرد کیا گیا -

(ج) ۱۶۷۵ میل پختہ -

کام کی رفتار میں سستی کی مندرجہ ذیل وجوہات ہیں -

(i) گذرگاہ کی تبدیلی جو ۵۸-۵ تک فیصل نہ ہو سکی -

(ii) ریلوے ویگنوں کی نایابی برائے $\frac{\text{ترسیل}}{\text{وصول}}$ روڑی بجری ازکان باگانورئی ملکیہ محکمہ انہار -

(iii) رقوم کی کمی -

(د) کام شروع کردیا گیا ہے - اور آئندہ مالی سال ۶۵-۱۹۶۴ع میں ختم کرنے کی تجویز ہے -

چودھری سعی محمد — میں پارلیمنٹری سیکریٹری کا شکریہ ادا کرتا ہوں - لیکن صرف یہ ایک سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ تیرہ سال میں یہ ویگنیں نہیں ملیں - اور کام کی رفتار کم ہوگئی ہے - اسکی کیا وجہ ہے کیا کچھ امید ہے - کہ اب اگر یہ کام شروع ہو تو اس کی رفتار تیز ہوگی -

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جنیجو) — یہ تو حقیقت ہے کہ جو راستہ ۱۳ سال سے پڑا ہوا ہے یہ تو ہمیں بھی معلوم ہے - جب میرے پاس کیس آیا تو ہم نے دیکھا کہ کہیں ہمارے ڈیپارٹمنٹ سے غلطی نہ ہو تو ہم نے اس بارے میں ہدایات دی ہیں -

چودھری سعی محمد — میں جناب صرف یہ التجا کرتا ہوں کہ ۱۳ سال کی پرانی رفتار کو چھوڑ دیجیئے - اب ایسا نہ ہو -

---

SCHEME FOR METALLING OF QAIDABAD-ROWNDA-MALIKWAL *via* GOJRA ROAD

***6255. Chaudhri Sai Muhammad:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether the Government have any scheme for metallnig the Qaidabad-Rowanda-Malikwal *via* Gojra Road;

(*b*) if answer to (*a*) above be in affirmative, (*i*) the year in which the said scheme was prepared; (*ii*) whether the said scheme has been included in any development plan;

(*c*) the time by which the said road will be metalled?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) — (الف) جی نہیں -
اس محکمہ کی ایسی کوئی سکیم نہیں ہے -

(ب و ج) اوپر دیئے گئے جواب کے بعد سوال پیدا نہیں ہوتا -

چودھری سعی محمد—جناب کیا میں پارلیمانی سیکریٹری صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ قادرآباد اور ملک وال کے درمیان ۴۵ میل کا سفر ہے اور وہ سڑک تحصیل پھالیہ کے درمیان سے گذرتی ہے - کیا آپ اس کو کسی سکیم میں داخل کرنے کے لئے تیار ہیں تاکہ ساڑھے پانچ لاکھ کی آبادی کو سہولیت ہوسکے -

وزیر مواصلات — یہ ڈسٹرکٹ کونسل کی روڈ ہے بہتر ہوگا کہ ڈسٹرکٹ کونسل کو درخواست دیں تاکہ وہ کام کرنے کی کوشش کریں

ROAD FROM BAFFA TO KHAKI

*6278. **Maulana Ghulam Ghaus:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the road from Baffa to Khaki in Tehsil Mansehra District Hazara was taken over by the P.W.D. before 1958;

(*b*) whether it is also a fact that the road has since been transferred to the District Council;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) — (الف) نہیں - سڑک کبھی بھی P.W.D. کی تحویل میں نہیں لی گئی -

(ب) سوال پیدا نہیں ہوتا -

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا -

CONSTRUCTION OF A BRIDGE ON RIVER SIRAN AT SHINKIARI TEHSIL MANSEHRA, DISTRICT HAZARA

*6280. **Maulana Ghulam Ghaus:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that a bridge on River Siran, at Shinkiari, Tehsil Mansehra, District Hazara is badly needed and the people of the area have been demanding its construction for the last several years ;

(*b*) whether it is also a fact that due to the non-existence of the above said bridge several lives are lost every year ;

(*c*) whether it is a fact that in reply to a letter from the District Council, Hazara in this connection the Executive Engineer, P.W.D., Mansehra stated that the scheme for the construction of the above said Bridge would be included in the Second Five Year Plan;

(*d*) whether it is also a fact that the District Council, Hazara,—*vide* its letter No. 3139, dated 11th August 1951 informed the Union Council, Dhodial about the above said reply of the Executive Engineer;

(*e*) whether the above said scheme of constructing a bridge on River Siran at Shinkiari has actually been included in the Second Five-Year Plan;

(*f*) if answer to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, whether the above-said scheme has been implemented so far, if not, (*i*) reasons therefor, (*ii*) whether Government intend to take any action against the official responsible for the delay in implementing the said scheme and (*iii*) whether Government intend to start work on the said scheme immediately?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودھری منظور حسین) — (الف) جواب اثبات میں ہے ۔

(ب) ایسا ممکن ہے اگرچہ محکمہ تعمیرات عامہ میں ایسی کسی رپورٹ کا وجود نہیں ہے ۔

(ج) جب ایگزیکیٹو انجینیر مانسہرہ نے اس کام کا تخمینہ ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کو بھیجا تو لکھا کہ چونکہ ایبٹ آباد ڈسٹرکٹ کونسل کے وسائل محدود ہیں اسلئے کمشنر پشاور منصوبہ بندی کمیشن کو سفارش کریں کہ یہ پل دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں شامل کیا جائے ۔ ایگزیکیٹو انجینیر مذکور نے ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کو یہ نہیں لکھا تھا کہ یہ پل دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں شامل کرلیا گیا ہے اور نہ ہی وہ ایسا کہنے کے مجاز تھے ۔

(د) محکمہ تعمیرات عامہ کو اس کا کوئی علم نہیں ہے۔

(ہ) جواب نفی میں ہے ۔

(و) (i) جواب نفی ہے کیونکہ یہ سکیم نہ تو دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں ہے نہ ہی تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں ۔

(ii) کسی اہلکار کے خلاف کارروائی کرنے کا مقام نہیں ہے ۔ کیونکہ یہ سکیم کسی منصوبہ میں ہی نہیں ہے اس لئے اسکی تعمیر میں تاخیر کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

Haji Gul Hassan Mangi: On a point of order Sir. Here we have got leaders-, Leader of the House and the Leader of the Opposition, and we have to obey them this party has to obey our leader, and at the same time we have to obey both the leader of this House. We have to do every thing for them. Now when both the leaders are here, I think it is not necessary for Mr. Hamza or others to speak. When Khawaja Safdar gives an assurance, I request my leader to withdraw this privilege motion.

Mr. Speaker: This is not a point of order but an appeal.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہم سختی سے یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہماری گورنمنٹ نے ہمارے قانون کو اور اسمبلی کو مذاق بنا دیا ہے۔

Mr. Speaker: There should be no discussion on merits.

مسٹر حمزہ ۔ میں نے یہ ترمیم جس نکتہ نظر کو عیاں کرنے کے لئے اس ایوان میں پیش کی تھی اس کا پس منظر بیان کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker: That I will not allow. I will allow at the proper time if your motion is in order but not at this stage.

مسٹر حمزہ ۔ میں پھر اتنا عرض کروں گا کہ اس ترمیم کو پیش کرتے وقت میں نے یہ محسوس کیا تھا کہ ہمارے قانون اور قانون ساز اسمبلی کو مذاق بنایا گیا ہے۔

Mr. Speaker: No criticism.

حمزہ صاحب آپ یہ بتائیں کہ پریولیج موشن کیسے admissible ہو سکتی ہے۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر صدر گرامی ۔ آج تو آپ نے تانگے کو گھوڑے کے آگے لگا دیا ہے۔ ایک طرف تو اس تحریک استحقاق پر بحث جاری ہے۔ اور دوسری طرف معافی مانگ لی گئی ہے۔ یا assurance دی گئی ہے۔ آپ اسے rule out of order کیوں نہیں کر دیتے ہیں۔

Why don't you give your decision that it is out of order.

Mr. Speaker: The member wanted to make a speech on the admissibility.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Why should there be a discussion on a motion which is out of order?

Mr. Speaker: I have to see to it and it is not the duty of the member or anybody else to point it out to me.

Syed Ahmed Saeed Kirmani: We must point out, Sir, that your honour is subject to the rules of procedure. We don't make a mistake in pointing out that it is your duty.

Mr. Speaker: And what is the member pointing out?

Syed Ahmed Saeed Kirmani: You are objecting that it is not the duty of anybody to point out as to what is your duty. My submission is that it is our duty to point out what is your duty and we do it most respectfully.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جس خیال اور جس ارادہ کے ساتھ یہ تحریک استحقاق پیش کی گئی ہے اس کے پیش نظر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس تحریک استحقاق پر با قاعدہ بحث ہو ۔ اس پر بحث ہونے کی

صورت میں ھی میں اس ایوان کو یا اس ملک کی آبادی کو بتا سکوں گا کہ یہ ترمیم پیش کرنے کی اصل وجوھات کیا ھیں - اس وقت میں سمجھتا ھوں کہ آپ بھی میرے ھم خیال ھوں گے (قطع کلامیاں) اس ملک کے قوانین اسمبلی اور اسمبلی کے ممبران کا مذاق اڑایا جا رھا ھے -

Mr. Speaker: No discussion about that. The member may take his seat.

Mr. Ahmed Mian Soomro: I want to submit that if this was circulated yesterday morning, I gave my motion soon after I came to know.

Mian Abdul Latif: This is wrong.

Mr. Speaker: I will give my ruling tomorrow.

DEPRIVATION OF A MEMBER OF THE CONCERNED STANDING COMMITTEE OF HIS RIGHT TO CONTRIBUTE IN THE DISCUSSION OF A BILL.

Mr. Speaker: Rao Khurshid Ali Khan.

Rao Khurshid Ali Khan (Montgomery III): I hereby ask for leave to raise a question involving breach of privilege due to the fact that I have been deprived of my right of making contribution while expressing my views as a member of the relevant Standing Committee during the discussion of a Bill to be sent to the relevant Standing Committee in case rule 58 of the Rules of procedure is not suspended.

Syed Ahmed Saeed Kirmani: Very serious one.

راؤ خورشید علی خاں - جناب والا - اس ترمیمی بل کے متعلق رول نمبر ۵۸ کو suspend کرنے کی موشن وزارت کی طرف سے آئی ھے اس سے معلوم ھوتا ھے کہ یہ بہت بڑی اھمیت کا حامل ھے -

مسٹر سپیکر - اس میں آپ کا پرولیج کس طرح breach ھوتا ھے

راؤ خورشید علی خاں - یہاں جناب اتنی irrelevant باتیں ھوتی ھیں جو آپ خود جانتے ھیں -

اس وقت میں آپکے سامنے یہ بات پیش کرنے والا تھا کہ میں یہ ثابت کرنا چاھتا ھوں کہ میرے Rights اور Privileges کی کس طرح breach ھوتی ھے اور اس سلسلہ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اس breach کے سلسلہ میں لا محالہ اس ترمیمی بل کا ذکر کرنا پڑے گا - جس کے سلسلہ میں میں نے یہ محسوس کیا ھے اور جناب کی خدمت میں درخواست پیش کی ھے - کہ breach of privilege ھوئی ھے -

مسٹر سپیکر - جب آپ تقریر کرنے کھڑے ھوئے تھے تو کیا اس وقت closure motion کی تحریک پیش ھو چکی تھی -

Rao Khurshid Ali Khan: About closure I don't remember.

آپ ریکارڈ دیکھ سکتے ھیں میں نے تو اس وقت بار بار کہا تھا -

Mr. Speaker: But then the member's grievance is against the Chair.

راؤ خورشید علی خان - آپ جو کچھ ارشاد فرمائیں گے میں اسے مان لوں گا اور میں کوئی ایسی بات گوارا نہیں کرتا جس سے آپ کے وقار کو ٹھیس پہنچے -

I approve of it and bow before that.

Mr. Speaker: I am thankful to the member for that.

لیکن آپ مجھے یہ بتائیں کہ آیا اس وقت closure motion کی تحریک پیش ہو چکی تھی -

خواجہ محمد صفدر - ان کو آپ سے کوئی گلہ نہیں ان کو دراصل لا منسٹر صاحب سے شکایت ھے

Mr. Speaker: That is the discretion of the Speaker.

راؤ خورشید علی خان - جناب سپیکر جب سٹینڈنگ کمیٹی میں میرے جانے کا موقع آیا تو میں اس سے محروم ہو گیا اس کی تلافی اس طرح ہو سکتی تھی کہ کم از کم جو افراد اس سٹینڈنگ کمیٹی میں تھے ان کی بات سننی چاھئے تھی اور ان کو ترجیح دینا چاھئے تھی -

اگر یہ معمولی قسم کا بل ہوتا جس کی کوئی خاص اھمیت نہ ہوتی تو میں اپنی privilege کی breach کو گوارا کر لیتا لیکن جب یہ بل اتنا اھم ھے اور اس کی اھمیت کے پیش نظر پرولیج موشن آگئی ھے - اسکا مطلب ھے کہ دونوں فریق اس بات کو تسلیم کرتے ھیں کہ یہ بڑی اھمیت کا مسئلہ ھے اتنے بڑے اھم مسئلہ کے لئے اتنے بڑے اھم بل کے متعلق سٹینڈنگ کمیٹی کے ایک ممبر کو موقع نہیں دیا گیا -

Mr. Speaker: That is the decision of the Assembly.

راؤ خورشید علی خان - میں آپ کی خدمت میں اپیل کر رہا ہوں -

Mr. Speaker: But it was the Assembly which suspended the rule and not the Deputy Speaker or I.

راؤ خورشید علی خان - اس میں آپ کی discretion ھے - اب میں ایک اور بات عرض کروں گا جس سے اس کی وضاحت ہو جائے گی - وہ یہ ھے کہ اگر رول نمبر ۸۵ کو suspend کر دیا ہوتا تو پھر شاید یہ pirvilege motion نہ لاتا مجھے اس چیز کی ضرورت کیوں لا حق ہوئی

کہ اس معاملہ میں privilege motion لاؤں ۔ اس لئے کہ جب انہوں نے یہ محسوس کیا کہ صرف رول نمبر ۵۸ کو suspend کرنے سے بات نہیں بنتی تو انہوں نے تمام procedure کو بالائے طاق رکھا اور اچانک ایک چٹ سپیکر صاحب کی پاس پہنچا دی اس کا مطلب یہ تھا۔

Mr. Speaker: The member may please take his seat. That has got nothing to do with it.

راؤ خورشید علی خاں ۔ ۵۸ کو suspend کرنا چاہتے ہیں تو میں ۵۹ کو بھی .....(قطع کلامیاں)

Sir, let me complete my submission. This is not irrelevant. I am quite clear in my mind.

کاش کہ آپ میرے پوائنٹ کو catch فرما سکیں میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۵۸ کو suspend کرنا میں گوارا کر سکتا ہوں اور ۵۹ کو suspend کرنا میں گوارا نہیں کر سکتا اگر یہ ۵۸ کو suspend کرنے کے بعد ۵۹ کو suspend نہ کرتے تو مجھے دو دن کا نوٹس ملجاتا اور اسمیں تقریر کرنے کا موقع ملجاتا اسطرح میرا دونوں طرح سے حق مارا گیا ہے

Mr. Speaker: So far as the suspension of the rule was concerned that was the decision of the Assembly and, I think, there has been no breach of privilege. Therefore, I rule the motion out of order.

Minister of Law: Sir, we have been debating this privilege motion for over an hour. I would request the Leader of the Opposition, if he finds his way to agree to have the adjournment motions tomorrow.

Khawaja Muhammad Safdar: I have got no objection.

سردار عنایت الرحمان خاں عباسی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب میرا ایڈجرنمنٹ موشن غلے کے متعلق ہے اور وہ واقعہ ۲۲ تاریخ کا ہے اور آج ۲۶ تاریخ ہے

مسٹر سپیکر ۔ عباسی صاحب آپ کو یاد ہوگا کہ کل ملک صاحب موجود نہیں تھے آج کیلئے آپ کو معلوم ہے کافی وقت ہو چکا ہے۔

Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi: I am very keen that these adjournment motions should be taken up.

اس میں کوئی جھگڑا نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Let us take the two adjournment motions of Mr. Abbasi today.

ADJOURNMENT MOTIONS

REFUSAL OF PINDI FLOUR MILLS TO PROVIDE FLOUR TO INHABITANTS OF PUTTON KHURD, TEH: ABBOTABAD

IMMINENT DANGER OF FAMINE TO RESIDENTS OF HAZARA DISTRICT.

وزیر خوراک (ملک قادر بخش) ایڈجررنمنٹ موشن یہ ہے کہ ضلع ہزارہ میں wheat نہیں پہونچا ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ on a point of order جناب میرا ایڈ جررنمنٹ موشن آپ آج نہیں لے رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ راؤ صاحب صرف ایک ایڈ جررنمنٹ موشن عباسی صاحب کا آج لیا جائیگا باقی کل لئے جائیں گے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ میرا ایڈ جررنمنٹ موشن کا جواب آج کیلئے رکھا گیا تھا یہ discrimination ہے ۔

Mr. Speaker: This is no discrimination.

Rao Khurshid Ali Khan: جناب ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ راؤ صاحب یہ discrimination نہیں ہے میں آپ کو بتاتا ہوں کہ عباسی صاحب نے پرسوں move کیا تھا میں نے اسکے لئے کل کہا تھا کل بھی نہیں لیا جا سکا اسلئے انہوں نے کہا کہ آج take up کر لیا جائے ۔ باقی کل لئے جائیں گے ۔

It does not behave the member to say so.

They get more than their quota every day.

مسٹر حمزہ ۔ مسٹر سپیکر کل تک عباسی صاحب کا ایڈ جررنمنٹ موشن باسی تو نہ ہو جائیگا ۔

حاجی گل حسن منگھی۔ میرا بھی ایڈ جررنمنٹ موشن ہے آپ نے فرمایا تھا ۔

Mr. Speaker: Order, order, tomorrow.

وزیر خوراک (ملک قادر بخش) ۔ جناب عباسی صاحب نے توجہ دلانے کیلئے ایک تکلیف پیش کی ہے کہ تحصیل ایبٹ آباد میں جو پٹن خورد کا علاقہ ہے وہاں گندم نہیں پہونچائی گئی اور آٹا نہیں پہونچایا گیا ہے اور دوسرے یہ ہے کہ مل والے ڈپو ہولڈرز کو میدہ اٹھانے کیلئے مجبور کرتے ہیں ۔ جہاں تک wheat کی پوزیشن ہے اس سال سنہ ۱۹۶۲ اور ۱۹۶۳ میں اکتوبر نومبر دسمبر جنوری فروری مارچ چھ ماہ میں ۸۴۷ ۔ سو ٹن دیا گیا تھا اور اس سال ان ہی مہینوں میں ۴۸۲۸ ٹن دیا گیا ہے ۔ جتنا آٹا وہاں خرچ ہوتا ہے ہمنے اسکی فہرست مانگی ہے اور جتنی یونین کونسلیں ہیں ہمنے انکی فہرست بھی مانگی ہے تو عباسی صاحب نے مہربانی فرما کر وہ فہرست دے دی ۔ وہاں ہمنے جناب ۳۲۴۰ آٹے کے

بیگ پہونچائے اور انکے مطابق ایک جگہ جو پٹن ہے وہاں نہیں پہونچا میں نے اپنے محکمہ کو direct کر دیا ہے کہ وہاں بھی پہونچائیں - تو مجھے جتنا کرنا چاہئے تھا اس سے بھی زیادہ کیا ہے - اور وہاں جتنے villages تھے سب میں پہونچا دیا گیا ہے - اور پٹن پر بھی یہ چیز پہونچ گئی اور اب یہ تکلیف نہیں رہیگی - یہ میرا فرض تھا کوئی احسان نہیں ہے کہ جہاں آئے اور گندم کی قلت ہو وہاں ہم پہونچائیں - پوزیشن یہ ہے کہ سال گذشتہ ۸۴۷- ٹن اور اب کے اس علاقے میں ۳۸۲۸- پہونچایا ہے اسکے علاوہ ۳۲۴ .- بیگ پہونچے ہیں - اور بھی کہیں تکلیف ہو صرف پٹن ہی نہیں میں اسکو دیکھونگا کہ تکلیف نہ رہے - میں نے اپنے محکمہ کو ہدایت کی ہے کہ کوئی تکلیف نہ ہو اور اگر کوئی تکلیف ہو تو رفع کیجائے -

سردار عنایت الرحمان خاں عباسی - جناب میں انکی خدمت میں عرض کردوں کہ جہاں تک ملک صاحب اور انکے محکمہ کا تعلق ہے میں اس امر کا اعتراف کئے بغیر کسی صورت میں نہیں رہ سکتا کہ اگر آپ ایسا نہ کرتے تو اس علاقے میں فاقوں کیوجہ سے تین لاکھ آدمی بھوکے مر جاتے لیکن قابل وضاحت بات یہ ہے انکی خصوصی توجہ کیلئے کہ اس معاملے میں فوڈ ڈپارٹمنٹ اور میرے درمیان ایک بات طے پائی تھی کہ ہم دوسو بیگ یومیہ اس علاقے کیلئے سپلائی کریں گے اور یہ پٹن کیلئے انشورنس دیگئی تھی - جہاں تک میرے ایڈجررنمنٹ موشن کا تعلق ہے میرے ساتھ ۱۴- سو بیگ ہفتہ کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن ۱۲۲۵- مل رہے ہیں اور اور ملک صاحب فرما رہے ہیں کہ پروگرام کے مطابق جا رہے ہیں ۱۷۵- بیگ کم جا رہے ہیں - میں ملک صاحب کی خدمت میں عرض کروں کہ وہاں کے حالات یہ ہیں اور میں اس بات کا چیلنج کرتا ہوں کہ آپ یا فوڈ ڈپارٹمنٹ کا کوئی بھی آدمی میرے ساتھ آئے تو میں اس علاقے کیلئے بتانے کو تیار ہوں کہ اسوقت وہاں کی ۵۰- پرسنٹ پاپولیشن بھوکوں مر رہی ہے اور یہ ۱۴ سو بیگ .....

Mr. Speaker: The member may please be brief

سردار عنایت الرحمان خاں عباسی - جناب مجھے کہنے دیں یہ لوگوں کی زندگی اور موت کا سوال ہے ۱۴- سو بیگ آپ نہیں دے رہے ہیں اگر یہ پورے کر دئے جائیں تب بھی ایک بیگ ۵ سو آدمیوں کیلئے ہو گا اور وہ انتہائی کم ہے - لیکن آپ کی مجبوریوں کو دیکھتے ہوئے

ہم آپ کو تکلیف دینا نہیں چاہتے - میں صرف یہ گذارش کرونگا کہ ۱۷۵ - کی جو کمی ہے اسکو پورا کر کے ۱۴ سو کر دیا جائے تو بھی اس علاقے کیلئے کچھ ہو جائیگا -

وزیر خوراک - بات صرف اتنی ہے کہ ہفتہ کے غلطی سے میں ۶ دن سمجھتا ہوں کیونکہ ایک دن مل والے بند کرتے ہیں - تو اسطرح سے ۶ دن کے ۱۲ - سو بیگ بنتے ہیں اور سات دن کے ۱۴ سو بیگ بنتے ہیں - ۱۲۲۵ - انکو جا رہے تھے لیکن اس بحث میں الجھانا نہیں چاہتا کہ ۷ دن ہوتے ہیں یا کتنے دن ہوتے ہیں - میں کوشش کرونگا کہ اور چلے جائیں -

Sardar Inayatur Rehman Abbasi: I do not press both the motions.

Mr. Speaker: So both the motions are not pressed.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEE REPORTS

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I move—

> That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the Provincial Assembly of West Pakistan Privileges Bill, 1964, Bill No. 27 of 1964, be extended upto the 30th June, 1964.

Mr. Speaker: The motion moved is—

> That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the Provincial Assembly of West Pakistan Privileges Bill 1964, Bill No. 27 of 1964, be extended upto the 30th June, 1964.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): May I make a submission? The Leader of the Opposition will kindly recall that of all the Members he was vociferous that this Bill should be brought. Could he find a way to finalise it so that we could complete it during this session.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں جناب وزیر قانون کو یقین دلاتا ہوں - کہ انکی مصروفیت کی وجہ سے میں نے اسکو ملتوی کیا ہے - اور چونکہ رولز ہمیں مجبور کرتے ہیں - کہ ہم اسکی رپورٹ دس دن کے اندر اندر پیش کریں - دس دن تو گذر چکے ہیں - اور میں نے ایک میٹنگ کرلی ہے - دو دن پہلے چھٹی تھی - اگر وہ ہمیں وقت دے سکیں - تو میں انکو یقین دلاتا ہوں - کہ .....

Minister of Law: Then this goes over to 30th June.

خواجہ محمد صفدر - آپ اسے ادھر کردیں - مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے - میں تین چار دن کے اندر اندر اسکی رپورٹ آپکو پیش کردونگا -

Mr. Speaker: Yes the member may move his next motion.

Khawaja Muhammad Safdar: I beg to move -

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the Code of Civil Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 31 of 1964) be extended upto 30th June 1964.

Mr. Speaker: Motion moved:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the Code of Civil Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 31 of 1964), be extended upto the 30th June 1964.

Minister of Law: I oppose it. I would agree to extension upto the third of April.

Khawaja Muhammad Safdar: I accept it.

Mr. Speaker: The question is:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the Code of Civil Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 31 of 1964) be extended upto the 3rd of April.

(*The motion was carried.*)

Mr. Abdur Raziq Khan: I beg to move:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Communications and Works on the Motor Vehicles (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 32 of 1964), be extended upto the 30th June, 1964.

Mr. Speaker: Motion moved is:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Communications & Works on the Motor Vehicles (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 32 of 1964) be extended upto 30th June 1964.

Minister of Law: I am opposing it . I would agree to the extension upto the 3rd April

مسٹر عبدالرازق خاں - مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

Mr. Speaker: The question is:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Communications & Works on the Motor Vehicles (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 32 of 1964) be extended upto 3rd April 1964.

(*The motion was carried.*)

Babu Muhammad Rafiq: I beg to move:

That the time for presentation of the Report of the Select Committee on the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, (Bill No. 53 of 1963), be extended upto the 30th June, 1964.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is:

That the time for presentation of the Report of the Select Committee on the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, (Bill No. 53 of 1963), be extended upto the 30th June, 1964.

(*The motion was carried.*)

Major Abdul Majid Khan: I beg to move:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Youthful Offenders Bill, 1964 (Bill No. 21 of 1964) be extended upto the 30th June 1964.

Mr. Speaker: Motion moved, the question is:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Youthful Offenders Bill, 1964 (Bill No. 21 of 1964) be extended upto the 30th June, 1964.

(The motion was carried.)

Major Abdul Majid Khan: I beg to move:

That the the time for presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 30 of 1964), be extended upto the 30th of June 1964.

Mr. Speaker: Motion moved:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 30 of 1964), be extended upto the 30th of June 1964.

Minister of Law: I object to this I will agree to an extension upto the 3rd of April.

Major Abdul Majid Khan: I have no objection

Mr. Speaker: The question is:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 (Bill No. 30 of 1964), be extended upto the 3rd of April.

(The motion was carried)

Mr. Atta Hussain Khan Khakwani: I beg to move:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Public Accounts and Appropriation Accounts for 1959-60, be extended upto the 31st December 1964.

Mr. Speaker: Motion moved, the question is :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Public Accounts and Appropriation Accounts for 1959-60, be extended upto the 31st December 1964.

(The motion was carried.)

Mr. Atta Hussain Khan Khakwani: I beg to move:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Public Accounts and Commercial Accounts for 1957-58 and 1958-59 be extended upto the thirty-first December 1964.

Mr. Speaker: Motion moved, the question is:

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Public Accounts and Commercial Accounts for 1957-58 and 1958-59 be extended upto the 31st December 1964.

(The motion was carried.)

(At this stage Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi occupied the Chair)

BILLS

The Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1964
(Resumption of discussion)

Mr. Senior Deputy Speaker: The House will now resume discussion on the motion that the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1964 be taken into consideration at once. Mian Abdul Latif was on his legs when the House rose for the day yesterday.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): May I sir make one submission. If the Leader of the Opposition and Mian Latif agree, I am going to make a very very short statement, and then make a motion which I hope will come up to the expectation of the members.

The short statement which Sir I would like to make at this stage is this that the main ground and a most serious allegation against the Government in moving this bill is that this is intended to affect a certain pending case or cases in Karachi, which have actually been named by some of the members here. The main accused in one of this case at Karachi - the case which is pending - is Mian Mahmood Ali Qasuri, advocate and a very renowned and respectable Advocate of the High Court Bar Association, Lahore, rather I would say in the country, for whom I have nothing but admiration and respect.

The Law Commission, which was manned by High Court Judges, Sessions Judges and other gentlemen of eminence, consisted of Mr. Mahmood Ali Qasuri, Advocate, himself, who was President of the High Court Bar Association, Lahore, and his unanimous recommendation is that the right of cross-examination under 256 after charge is nothing but abuse of the process of the court and earlier s eps are taken to do away with it the better. The note of dissent, which he had recorded, which is appended to the Law Commission Report, does not say a word about this. He agreed with all his colleagues. The report of the Law Commission is unanimous on this particular issue about the right of cross-examination being taken away under 256 on the ground that this is an abuse of the process of the court. My therefore short answer and submission to the members of the Opposition is that it is in accordance with his wishes and I think in all fairness it will not lie with the Members on that side to try to prove that they are more loyal to the King than the King himself.

Having said this, in pursuance of the instructions which I have received from the Leader of the House today, I have no objection that the discussion on this motion may be deferred till Monday. The objection at the present moment is that rule 59 should not be suspended, and in case it is not suspended there should necessarily be a gap of at least three days in between the supply of copies to the Members and the taking into consideration of the Bill. If the members agree, we can have resumption of the discussion of this Bill on Monday with one request to the Chair that the Secretary may kindly be requested to distribute a fresh the copies of this bill to each Member, so that the discussion on the suspension motion under rule 59 will only assume an academic interest for our future guidance, and the purpose, which the members have in their minds, will be effectively and adequately served.

(*Opposition Members: Hear hear* because they will be having at least four days.)

A voice: We appreciate this gesture of the Law Minister.

خواجہ محمد صفدر۔ میں جناب لا منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمارے جائز اعتراضات کو تسلیم فرمایا اور یہ بڑی اچھی بات ہے اور میں انکو اس پر مبارکباد دیتا ہوں کہ وہ آئندہ بھی ہمارے جائز باتوں کو تسلیم کرلیا کریں۔ ہم سوموار کو انشاءاللہ اس پر بحث کریں گے۔

Minister of Law: Sir I will make one submission. I respond and reciprocate the feeling of the Leader of the Opposition without any mental reservation, but to say that we have agreed to the objection of the Opposition, I very respectfully record my note of dissent. It was out of deference to the wishes of the members on the Opposition side, particularly the Leader of the Opposition, Mian Latif and Mr. Kirmani, who appealed to me personally yesterday, that I have agreed to this postponement till Monday, subject of course to the approval of this hon'ble House.

Mian Abdul Latif: Sir I was in the middle of my speech with regard to the 'vires' and legality of the motion made by my learned brother, the Law Minister, with regard to the suspension of rule 59 and rule 170. Now that he has categorically supported our view that three or four days must lapse between the presentation of the bill and the consideration, and he has agreed to take up the bill on Monday, I need not make any speech.

Minister of Law: I am not succumbing to your legal objection but I have become generous to you.

(Laughter.)

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: Sir what is the fate of my point of order?

Mian Abdul Latif: Sir I had accepted the suggestion of the Law Minister with good grace, but I am very sorry to point out that I do not beg for mercy, and I don't accept mercy. Therefore, I proceed to make my statement Sir.

Minister of Law: I never said 'mercy'. The member seems to be in a revengeful mood today. I never said 'mercy'. I said I did not agree with the legal objection but out of deference to the wishes of the members on the Opposition side that they should have time, I conceded.

Mian Abdul Latif: Now I accept it sir.

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is that there was a motion for suspension of rule. Now there must be withdrawal of that motion.

Minister of Law: My submission is that if the Chair insists I am prepared to withdraw that. I respectfully move that I may be permitted to withdraw the motion for suspension of rule 59.

Mr. Senior Deputy Speaker. Has the Minister of Law leave of the House to withdraw his motion.

(The motion was by leave withdrawn)

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: My point of order is carried.

Mr. Senior Deputy Speaker: There is no question of your point of order being carried. The motion is withdrawn.

The West Pakistan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill 1963

(Resumption of discussion)

Mr. Senior Deputy Speaker: The House will now resume discussion on the motion that the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

There is an amendent to this motion from Khawaja Muhammad Safdar. The Member may please move his amendment.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir I beg to move—

> That the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (*Amendment*) Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by 5th April 1964.

Mr. Senior Deputy Speaker: Motion under consideration, amendment moved is—

> That the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (*Amendment*) Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by 5th April 1964.

Minister of Law: Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱) ۔ جناب والا ۔ میں آج اس روز اس معزز ایوان کے سامنے یہ گذارش کر رہا تھا کہ جب کوئی موشن اس ایوان کے سامنے آجائے تو وہ فوری طور پر suspend نہیں کی جاسکتی ۔ اس کو یا تو withdraw کرلینا چاہئے یا پھر اس پر بحث جاری رہے۔ لیکن اب چونکہ اس کا صرف academic پہلو ہی رہ گیا ہے۔ بہت سے دن گذر چکے ہیں اس لئے میں اپنے اس نکتے کو press نہیں کرتا۔ پھر کسی روز اگر موقع ہوا اور کسی بل کے متعلق جناب وزیر قانون نے یہ فیصلہ کیا کہ اسکی بحث کو interrupt کرکے کسی دوسرے بل کی بحث کو لے لیا جائے تو پھر انشاءاللہ یہ پوائنٹ آف آرڈر raise کروں گا۔

اب جناب والا ۔ میں اس بل کے متعلق مختصراً چند ایک گذارشات کروں گا۔ جناب والا۔ یہ بل دراصل ایک unifying bill ہے۔ آج تک کراچی کے علاقے پر Punjab Motor Vehicles Taxation Act نافذ نہیں تھا ۔ اور اس بل کے ذریعہ اس قانون کو اس علاقے میں نافذ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ جہاں تک اس کے اغراض و مقاصد کا تعلق ہے، میں اس کو پسند کرتا ہوں۔ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو یہ چاہتے ہیں کہ اس صوبہ کے سبھی علاقوں میں ایک جیسے قوانین نافذ ہوں اور میں یقیناً قائد ایوان کو جو کہ اس بل کے اور اس محکمہ کے انچارج بھی ہیں، اس کوشش پر مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس قانون کے متعلق ایک اچھا قدم اٹھایا ہے۔

جناب والا۔ اس سلسلہ میں، میں یہ بھی عرض کردوں کہ اس وقت جو قوانین کراچی میں اس ضمن میں حاوی ہیں یا نافذ ہیں، ان سے ٹیکس کی مقدار سے عوام پر زیادہ بوجھ پڑ رہا ہے۔ اور اس موجودہ قانون کے وہاں نافذ کرنے سے ٹیکس میں کچھ کمی بھی ہوجائے گی۔ اس سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ کراچی کے لوگوں کا بوجھ کسی قدر ہلکا ہوجائے گا۔

اس کے علاوہ جناب والا۔ اس بل کے متعلق میں یہ گذارش کروں گا کہ کیا یہ مناسب اور بہتر نہ ہوگا کہ اس ضمن میں جو ٹیکسیشن اس وقت مغربی پاکستان کے باقی علاقوں پر، ما سوائے کراچی عاید ہے، اس پر بھی جناب شیخ مسعود صادق صاحب، جن کا یہ محکمہ ہے وہ اس پر نظر ثانی فرمائیں کیونکہ بہت سی صورتوں میں دیکھا گیا ہے کہ ٹیکس کا بوجھ جہاں زیادہ ہونا چاہئے وہاں شاید کم ہے اور جہاں کم ہونا چاہئے وہاں شاید زیادہ ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ موٹرکار اور اسکا استعمال اُمراء ہی کرتے ہیں لیکن جہاں تک دوسری vehicles کا تعلق ہے، وہ جو ایسی صورتوں میں استعمال ہورہی ہیں جن سے ہمارا خام مال ادھر سے ادھر لے جایا جاتا ہے یا ہماری مصنوعات اُدھر سے ادھر لے جائی جاتی ہیں، اگر ان کا کرایہ زیادہ ہو تو ہمارے مال کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ اگر کرایہ کم ہو تو یقیناً قیمت میں کمی واقع ہوگی۔ ہماری ٹیکسیشن کی پالیسی کچھ اس قسم کی ہونی چاہئے کہ ہمیں خام مال کو منڈیوں تک لانے میں زیادہ سے زیادہ آسانی میسر ہو ہماری مصنوعات کو منڈیوں تک پہنچانے میں زیادہ سے زیادہ آسانی میسر ہو۔ سامان تعیش پر زیادہ سے زیادہ ٹیکس لگایا جائے۔ میں اس کے حق میں ہوں کہ ضروریات زندگی کو اس نظر سے دیکھا جائے کہ یہ ضروریات زندگی ہیں اور ان پر کم سے کم ٹیکس عاید کیا جائے۔ تو میں نہایت ادب سے جناب والا آپ کے ذریعہ سے جناب وزیر کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ وہ اس شیڈول کو اس نقطہ نظر سے دیکھیں اور اس پر نظرثانی کریں۔ جہاں کہیں ان خیالات کی روشنی میں جو کہ میں نے ابھی عرض کئے ہیں، وہ یہ محسوس کریں کہ ٹیکس زیادہ ہے تو اس کو کم کیا جائے۔

جناب والا۔ اس ٹیکسیشن کی پالیسی کے متعلق کئی بار اس ایوان میں مختلف دوستوں نے جو اس امر سے کما حقہ، واقف ہیں، اپنے زریں خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہم نے اکثر

بار سنی ان سنی کردی ہے اور ان پر عمل پیرا ہونے کی کوشش نہ کی۔ اسلئے مجھے یہ تاکیداً عرض کرنا پڑرہا ہے کہ اس بل کے ساتھ جو شیڈول وابستہ ہے، اس پر دوبارہ غور فرمایا جائے۔

ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی (لائلپور-۷) - صاحب صدر - میں آپ کے توسل سے اس محکمہ کے ذمہ وار محترم وزیر صاحب کی اطلاع کے لئے صرف ایک مختصر گذارش کرنا چاہتا ہوں۔

جہاں تک اس مسودہ قانون کے مقاصد کا تعلق ہے جس کو توسیع دی جارہی ہے۔ مجھے اس سے کوئی اختلاف نہیں ہے لیکن جہاں تک Motor Vehicles Taxation کا تعلق ہے۔ اس ضمن میں اس صوبہ کے مرکز میں دن دھاڑے، روز روشن میں حکومت کے ٹیکس avoid کرنے کے لئے جو حرکات محکمہ کے افسر کرا رہے ہیں، وہ آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔ آپ کا مقصد یہ ہے کہ اس ٹیکسیشن کے بل کو توسیع دی جائے دوسرے علاقوں میں - لیکن یہاں یہ ہو رہا ہے کہ اس لاہور میں تین بڑے اڈے ہیں جہاں بڑی ٹیکسیاں کھڑی ہوتی ہیں اور یہ بات کوئی ڈھکی چھپی نہیں ہے، روز روشن میں وہاں بغیر ٹیکس ادا کرنے کے، بغیر پرمٹ لینے کے پرائیویٹ کاریں ٹیکسیوں کے طور پر استعمال کی جارہی ہیں - اور اس میں ان کے پیچھے پولیس والوں کا ہاتھ ہے اور بڑے افسران کا ہاتھ ہے میں یہ بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ آج سے پانچ چھ سال پہلے ان تینوں اڈوں پر تقریباً تقریباً دس فیصدی ٹیکسیاں ایسی ہیں جو بغیر پرمٹ کے چلتی تھیں۔ پرائیویٹ کاریں ہوتی تھیں لیکن وہ بطور ٹیکسیوں کے چلتی تھیں اور نوے فیصدی پورا ٹیکس دیتی تھیں۔ اور ان کے پاس باقاعدہ پرمٹ ہوتے تھے۔ لیکن اب حالت یہ ہے کہ صرف دس فیصدی ٹیکسیاں صحیح طور پر چل رہی ہیں جو ٹیکس ادا کرتی ہیں اور نوے فیصدی ایسی ہیں جو در اصل ٹیکسیاں نہیں ہیں بلکہ وہ پرائیویٹ کاریں ہیں اور صرف اس لئے چل رہی ہیں کہ ان کا چالان نہیں ہوتا۔ ان کے پیچھے high officers ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ گذشتہ پانچ سالوں میں لاکھوں روپیہ کا نقصان حکومت کا ہوا ہے۔ آپ جس ٹیکسیشن کی توسیع کرنا چاہتے ہیں، اس کے متعلق آپ پیچھے مڑ کر بھی دیکھیں کہ یہاں کیا ہو رہا ہے۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - مسٹر کھوڑو -

مسٹر علی گوہر کھوڑو (لاڑکانہ ۔ ۲) ۔ مسٹر سپیکر۔ جہاں تک اس بل کا سوال ہے کہ کراچی پر لگایا جائے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ میں صرف اس اصول کے خلاف ہوں کہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے laws کو unify کیا جائے۔ اگر آپ unification of laws کرنا چاہتے ہیں تو ایک ہی ٹائم میں اسمبلی میں بل لائیے۔ آپ کے یا بورڈ آف ریونیو کے، جو انچارج ہے ٹرانسپورٹ کا، ان کے خیال میں یہ چیز نہیں آتی کہ سندھ میں جہاں گورنمنٹ ٹرانسپورٹ چلتی ہے وہاں private operators کو بسیں چلانے کا حق نہیں ہے۔ جہانتک میری information کا تعلق ہے۔ سارے مغربی پاکستان میں بالخصوص سابق صوبہ سرحد اور پنجاب میں ہر جگہ گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کی بسیں چلتی ہیں اور competition میں چلتی ہیں۔ لیکن کیا وجہ ہے کہ سابق صوبہ سندھ میں اتنے سال گذر جانے کے بعد بھی اب تک private operators کو گورنمنٹ route پر بسیں چلانے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ اس کے متعلق میں جناب وزیر متعلقہ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آخر اس میں دقت ہی کیا ہے۔ کہ آپ اس ہاؤس میں ایک چھوٹی سی ترمیم پیش نہیں کرسکتے۔ کیا اس کی یہی وجہ نہیں کہ آپ نہیں چاہتے کہ اس علاقے کے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ ہم تو اب یہ سمجھنے لگے ہیں کہ آپ فائدے کی کوئی چیز سابق صوبہ سندھ کو دینے کیلئے تیار ہی نہیں۔ آپ صرف ان قواعد کو unify کرنا چاہتے ہیں جن سے اس صوبے کے لوگوں پر زد پڑے۔ یہ شکوک و شبہات ہماری حکومت اس صوبے کے لوگوں کے دلوں سے جتنی جلدی نکال دے بہتر ہوگا۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is—

That the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (*Amendment*) Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by 5th April, 1964.

(*The motion was lost*)

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is—

That the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (*Amendment*) Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

(*The motion was carried*)

Mr. Senior Deputy Speaker: Now, we will take the Bill clause by clause.

Clause 2

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) جناب والا۔ اگر آپ غور فرمائیں تو دراصل کلاز نمبر ۲ میں ۲ کا ہندسہ لکھا ہی نہیں گیا۔ اس لئے ایک تو ترمیم کے ذریعے میری یہ تجویز ہے۔

Sir. I beg to move—

> That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standning Committee on Revenue, before the word 'In', occurring in the beginting of line 1, the figure and full-stop "2", be added and the words "in this Act" occurring in line 2, be deleted.

Mr. Senior Deputy Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

> That in clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, before the word "In", occurring in the beginning of line 1, the figure and full-stop "2", be added and the words "in this Act", occurring in line 2, be deleted.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I oppose it on the ground that prepbably the copy, which the mover of this amendment has got, shows that the figure "2" is omitted. But there are certain copies which really show that the figure "2" is there. I think it is only a printer's devil or omission from the copy supplied to the member. But in some copies the figure '2' is there.

خواجہ محمد صفدر۔ اگر جناب والا ہے تو کوئی بات نہیں۔ اور اگر نہیں ہے تو it should be there۔ بہر صورت میرے پاس نہیں جناب یہ رپورٹ تو میں نے دفتر سے لی ہے۔ اور یہ تو اس میں بھی نہیں۔

Minister of Law: In our original, the figure "2" is there. It may be a mistake at the printing stage.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ میری عرض یہ ہے کہ یہ وہاں ہونا چاہئے اگر ہے تو بہتر۔ اگر نہیں ہے تو ڈال لیا جائے۔ جناب والا۔ جو رپورٹ میرے ہاتھ میں ہے۔ اور جو ابھی ابھی میں نے آپ کے دفتر سے حاصل کی ہے۔ اس میں بھی نہیں۔ جس رپورٹ سے میں نے یہ ترمیم تیار کی ہے جو اس وقت میرے پاس نہیں۔ بلکہ میری رہائش گاہ پر ہے۔ اس میں بھی نہیں ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب میں نہیں۔

وزیر خزانہ۔ Thank you sir جناب میرے پاس تو ہے اگر انکے پاس نہیں ہے تو پھر کیا کیا جائے؟

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ اگر ان کے پاس ہے تو بہتر۔ پھر ٹھیک ہے۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : If it is not there let us agree to it. Let it be there. There is no dispute.

Mr. Senior Deputy Speaker: I have not understood.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ کلاز ۱ اس طرح سے شروع ہوتی ہے۔

> "1. This Act may be called the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (*Amendment*) Act, 1963.

یہاں کلاز (۱) ختم ہوگئی اور پھر کلاز (۲) شروع ہوتی ہے۔

In the West Pakistan Motor Vehicles Taxation Act, 1958, hereinafter in this Act referred to as the Principal Act, in Section I, for sub-section (2), the following sub-section shall be substituted, namely:-.....so on and so forth.

یہاں in سے پہلے figure (۲) ہونی چاہئے وہ نہیں ہے۔

The new para begins with the word 'in'. 'In' should be preceded by the figure '2'. That is my point. I have given an amendment that the figure '2' should be inserted here before the word 'in'.

تو اس سے پہلے figure (۲) نہیں ہے۔

Am I quite clear now?

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ میں تو کہتا ہوں کہ آپ اب add کرلیں۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرے فاضل دوست نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔

Mr. Senior Deputy Speaker: I have received a copy in which the figure '2' is there.

خواجہ محمد صفدر ۔ میری دوسری ترمیم یہ ہے کہ الفاظ "in this act" حذف کردیں۔

In the West Pakistan Motor Vehicles Taxation Act, 1958, hereinafter in this Act.

Mr. Senior Deputy Speaker: Then you withdraw the first part of your amendment.

Khawaja Muhammad Safdar: Yes I withdraw.

میں نے یہ عرض کیا ہے۔ کہ یہ تین الفاظ "in this act"، اس میں سے حذف کردئے جائیں۔ اور اس کے لئے یہ تحریک پیش کی ہے۔ کیونکہ قانون سازی کا اولین یہ اصول ہوتا ہے کہ کوئی لفظ غیر ضروری طور پر استعمال نہ ہو۔ ورنہ وہ redundant ہوگا۔ یہاں پر آپ غور فرمائیں کہ یکے بعد دیگرے ہم معنی الفاظ کو دوبار استعمال کیا گیا ہے۔ اس میں پہلے یہ الفاظ آچکے ہیں ۔ here-in-after اس لئے اس میں سے یہ الفاظ in this act کاٹ دئے جائیں۔ قانون کی کتابوں میں اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ ایسے الفاظ بار بار نہیں آتے۔ اس سے میری مراد صرف یہ ہے کہ ڈرافٹنگ میں کوئی غلطی نہ رہے اور اسی لئے یہ ترمیم پیش کی ہے۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): My submission is, that with all respect for the Leader of the Opposition I do not agree with his interpretation that these words "in this Act" are redundant or unnecessary or superfluous. It is likely that a more intelligent interpretor like Khawaja Safdar might interpret as he says but there is the possibility of interpreting it the other way. I agree with the Leader of the Opposition that where it is an admitted position and where there can be no two opinions certain words are redundant or superfluous, and

I would readily agree with him without standing on the ground of any prestige and agree to the amendment. But as I have submitted the possibility of a different interpretation being there I would request him not to insist on this Amendment because as he has himself said that there is no principle involved: It is not an Amendment which involves any Amendment of substance but it is just to avoid something which is redundant.

خواجہ محمد صفدر۔ میں نے یہ ترمیم اس لئے پیش کی ہے تاکہ ڈرافٹنگ بہتر ہوجائے ۔ اس میں کوئی اصول involve نہیں ہوتا ۔ اگر وہ قبول نہیں فرماتے تو میں اسے press نہیں کرتا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Are you withdrawing it?

Khawaja Muhammad Safdar: I don't press it.

Mr. Senior Deputy Speaker: You have to withdraw it.

Khawaja Muhammad Safdar: I ask for leave to withdraw my amendment.

Mr. Senior Deputy Speaker: Has the Member leave of the House to withdraw his amendment.

(*The amendment was by leave withdrawn.*)

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is:

That clause 2 of the Bill, stand part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

Clause 3.

Khawaja Muhammad Safdar: I move:

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, the following be substituted, namely:—

"In section 17, in sub-section (1) (e) substitute the words "Karachi and" between the words 'to' and 'the', occurring in line 2."

Mr. Senior Deputy Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:—

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, the following be substituted, namely:—

"In section 17, in sub-section (1) (e) substitute the words "Karachi and" between the words 'to' and 'the', occurring in line 2."

Minister of Law: I would respectfully request the mover to let me understand. I am very slow to understand undoubtedly.

خواجہ محمد صفدر۔ اس کی غرض و غایت صرف technical سی تھی اس میں کوئی principle کی بات نہیں تھی ۔ وہ غرض و غایت یہ ہے کہ اصل ایکٹ میں دیکھیں کہ سیکشن ۱۷ میں بعض قوانین کو repeal

کردیا گیا ہے۔ اس میں اب چونکہ یہ قانون جو اس وقت کراچی کے علاقہ پر حاوی تھا یعنی Sind Motor Vehicle Tax: Act 1939 اس کو منسوخ کردیا گیا ہے۔ جس حد تک کہ وہ کراچی پر apply کرتا تھا۔ اور پھر یہ کہ اس میں (ایف) کلاز شامل کی جائے اور یہ ترمیم پیش کی گئی ہے کہ کلاز (ڈی) میں لفظ and حذف کیا جائے اور کلاز (ای) میں fullstop کی بجائے semicolon ڈالا جائے۔ اس کے لئے میں نے ایک مختصر سی ترمیم پیش کی ہے۔ کہ اس کی بجائے سب کلاز (ای) کو amend کرلیا جائے۔ میں نے اس جگہ یہ کیا ہے To کے بعد "کراچی اینڈ دی ایریا" وہ سارا آجائیگا۔ اور اس سے جو مقصد ہے وہ cover ہو جائیگا۔ مقصد یہ ہے کہ اس قانون کا جس حد تک کراچی پر اطلاق ہے اسکو منسوخ کیا جائے۔ بجائے اسکے کہ سارا وہ کلاز کا کلاز add کریں صرف ایک لفظ add کردیں۔ یہ عام حل ہو سکتا ہے اگر میرے فاضل دوست میرا مطلب سمجھ سکیں۔

Minister of Law: Again Sir I would submit that there is no substantial difference in form that the House should be involved in so many amendments proposed by the Leader of the Opposition. I think the member would kindly permit this to remain as it is, and hereafter we will consult him about the draft. I request him to withdraw it.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: Hereafter or hereinafter.

خواجہ محمد صفدر۔ میں جناب اجازت چاہتا ہوں معزز ایوان سے اسکو withdraw کرنے کی۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Has the member leave of the House to withdraw his amendment?

(The motion was, by leave, withdrawn)

Mr. Senior Deputy Speaker: Now, the question is:-

That clause 3, as recommended by the Standing Committee on Revenue, stand part of the bill.

(The motion was carried.)

PREAMBLE.

Mr. Senior Deputy Speaker: The question before the House is:—

That Preamble be the preamble of the bill.

امیر حبیب اللہ خان سعدی۔ جناب یہ بغیر کورم کے ہاؤس چل رہا ہے۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The House is not in quorum; let the bells be rung.

(Quorum bells were rung)

The House is now in quorum and the proceedings are resumed.

I put the question again. The question is—

That the Preamble be the Preamble of the bill.

(*The motion was carried*)

Clause 1.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir I beg to move—

That in clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, for the figures '1963', occurring at the end of line 2, the figures '1964' be substituted.

Voices: Accepted.

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is—

That in clause 1 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Revenue, for the figures '1963' occurring at the end of line 2, the figures "1964" be substituted.

(*The motion was carried*).

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is—

That clause 1, as amended, stand part of the bill.

(*The motion was carried.*)

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq): Sir I beg to move—

That the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill 1964 be passed.

Mr. Senior Deputy Speaker: Motion before the House is—

That the West Pakisan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill 1964 be passed.

مسٹر افتخار احمد خاں۔ (جھنگ۔۱) opposed صدر محترم آج وحدت مغربی پاکستان کو بنے ہوئے ۷-۸ سال گذر چکے ہیں لیکن معلوم یہ ہوتا ہے کہ وزارت قانون نے اور ان مکرم اور محترم وزراء نے شاید اس حقیقت کو اور اس مسلم حقیقت کو تسلیم نہیں کیا میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ آخر یہ اتنا لمبا عرصہ گذرنے کے بعد کیوں ابتک ہم اپنے مختلف صوبوں کے قوانین کو یکجا کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ جب بھی کوئی سیشن ہوتا ہے تو ایک ایک محکمہ کے یونیفیکیشن کیلئے ایک بل اس ایوان میں لایا جاتا ہے کیا انہیں اسکا احساس نہیں ہے کہ ایسے لیجسلیشن سے اکا دکا قانون بنانے سے وہ روح اور وہ مقصد اور وہ نظریہ جسکے ماتحت اس صوبے کی تشکیل کیگئی تھی پورا نہیں ہوتا۔

صدر گرامی میں تو جانتا ہوں کہ زبانی طور پر اس وزارت نے یا آج کل کے حکمرانوں نے اگر دل سے وحدت مغربی پاکستان کو قبول کیا ہوتا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس وزارت میں سے بہت سے اسے قبول نہیں کرتے ہیں۔

Minister of Finance: Question.

Mr. Senior Deputy Speaker: Nawabzada Sahib, are you relevant?

مسٹر افتخار احمد خاں۔ اس وحدت مغربی پاکستان کے مخالف ہیں اور صدر گرامی میں صرف اتنا ہی عرض کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں کہ یہ وحدت کو بنے ہوئے سات سال ہوگئے ہیں۔ یہ رہنے کیلئے آیا ہے۔۔

Mr. Senior Deputy Speaker: This is the discussion about the Bill only.

مسٹر افتخار احمد خاں۔ اس کی توسیع کراچی میں کررہے ہیں۔

Mr. Senior Deputy Speaker: It is the Bill as it is.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: This Bill is the result of integration.

Mr. Senior Deputy Speaker: But you should talk about the Bill because it is at the last stage.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan: The need of extension has become.....

Mr. Senior Deputy Speaker: But refer to the Bill.

نوابزادہ افتخار احمد خاں۔ صدر گرامی۔ اس لئے میں ایک چیز اس میں عرض کرتا ہوں۔ اب دیکھئے۔ پوزیشن یہ ہے۔ کہ ایک مغربی پاکستان کا قانون ہے۔ ایک سندھ کا قانون ہے۔ اور جو سندھ کا قانون تھا۔ اسے کراچی میں لگایا گیا ہے۔ تو سمجھ میں نہیں آتا کہ سندھ میں الگ قانون ہے۔ کراچی میں الگ قانون رہیگا۔ مغربی پاکستان میں الگ قانون رہیگا۔

وزیر خزانہ۔ سندھ اور پنجاب کے قوانین already لاگو ہو چکے ہیں۔

نوابزادہ افتخار احمد خاں۔ اگر وہ لاگو ہوتے۔ تو کراچی میں خود بخود ہی لاگو ہوجاتے۔

Minister of Law: We only pity the ingnorance of the member.

نوابزادہ افتخار احمد خاں۔ اس لئے صدر گرامی آپ نے جتنے قوانین unify کرنے ہیں۔ اس کے لئے آپ اپنے محکمے کو اپنی اولین فرصت میں ہدایت کریں کہ یہ تماشا روزانہ نہ ہو۔ اور ایکدم سے ہی unification ہو جائے۔ اور یہ مسئلہ حل ہوجائے۔ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ یہ صوبہ ایک

ھو چکا ھے۔ اور سندھی اور پنجابی بھائی بھائی ھیں پنجابی اور پٹھان بھائی بھائی ھوچکے ھیں۔ آئیے آج ھم سب اکٹھے ھوکر اس حقیقت کو تسلیم کرلیں۔

راؤخورشید علی خاں۔ (منٹگمری۔۳) جناب والا۔ اس ایکٹ کی کراچی میں توسیع کی جارھی ھے۔ اور اس غرض کے لئے یہ ترمیمی بل لایا جارھا ھے۔ اسکی توسیع کراچی میں کرتے وقت اگر یہ بات بھی دیکھ لی جاتی۔ کہ اگر اس میں جو خامیاں ھیں۔ تو اسکی توسیع کرنے سے پہلے ان خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کی جانی چاھیئے تھی۔ مثلاً ایک بات جسکی تصحیح کرنی چاھیئے تھی۔ وہ یہ ھے۔ کہ ٹیکسیشن میں کمی کرنے سے یہ بات لازم نہیں آتی۔ کہ ھم transporters کے فائدے کے لئے ھی کوئی بات کرتے ھیں گو کہ انکے فائدے کی بات کرنا بھی کوئی جرم نہیں ھے۔ لیکن اس الزام سے بچنے کیلئے اور عوامی نقطہ نگاہ سے اگر ٹیکسیشن کی کوئی بات کریں۔ تو وہ تو قابل قبول ھوسکتی ھے۔ صرف transporters کے نقطہ نظر سے خصوصاً ملک قادر بخش صاحب کے ڈر سے میں اس بات پر زور نہیں دینا چاھتا ھوں۔ جناب والا میں یہ عرض کرنا چاھتاھوں کہ اگر transporters پر موٹر وھیکل ٹیکسیشن میں کمی آئے۔ تو لازمی کرایوں میں بھی کمی آئیگی .....

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر۔ یہ توسیع کی جارھی ھے۔

Extension to the whole Province. This is the principle of the Bill.

ٹیکس میں کمی کرنے یا اس میں زیادتی کرنے کا سوال نہیں ھے۔

راؤ خورشید علی خاں۔ اس میں تو ھے۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The principle of this Bill is that you are extending a certain law to the whole of West Pakistan and the member can now speak only on this principle. The question whether the tax is being reduced or increased is not under consideration. It will be the effect of the Bill.

Khawaja Muhammad Safdar: I beg to differ.

جناب والا۔ میں یہ درخواست کرونگا۔ کہ جب ھم اس قانون کو جسکو پنجاب موٹر وھیکل ٹیکسیشن ایکٹ کہتے ھیں۔ جب ھم اسکا اطلاق کراچی پر کر رھے ھیں۔ تو اس بل کی ھر کلاز پر بحث کی جاسکتی ھے۔ کیونکہ ھم سارے کا سارا بل نئے علاقے پر لاگو کررھے ھیں۔ اور اس کے حسن و قبح پر، سارے کے سارے پر بحث کی جاسکتی ھے۔ اس لئے میں نہایت ادب سے عرض کرتاھوں۔ کہ معزز ممبر بالکل relevant ھیں۔ اور اگر وہ

ٹیکسیشن کی پالیسی پر، یا اس میں کمی زیادتی پر بحث کرنا چاہیں - تو کر سکتے ہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker: Only as regards the new area.

Khawaja Muhammad Safdar: Yes, new area.

Mr. Senior Deputy Speaker: But he is referring to the general question of increase.

راؤ خورشید علی خاں - میں نے اپنی گفتگو کی ابتدا اس بات پر کی تھی - اگر پرنسپل ایکٹ میں ٹیکسیشن کی شرح زیادہ رکھی ہوئی ہے - تو اب ہمیں اس ترمیمی بل میں یہ موقع مل رہا ہے- اور ہم اسے جس جگہ پر extend کر رہے ہیں- اس غلطی کی تلافی اس نئے علاقے میں تو کرتے- تاکہ سارے تو نہ مرجائیں- تو میں کراچی میں توسیع کے سلسلے میں اس پر بات کر رہا ہوں- میری معلومات کے مطابق ۱۹۵۲ء سے ۱۹۵۴ء تک ٹیکسیشن کی شرح اتنی قلیل تھی - کہ پوری گاڑی کا ٹیکس سو ڈیڑھ سو روپے سالانہ تھا- اور اب انھوں نے فی سیٹ اسی روپے کردیا ہے- اگر ٹیکسیشن کی کوئی تک ہونی چاہئے - کوئی sense ہونی چاہئے - کوئی proportion ہونی چاہئے- یعنی کہاں پوری گاڑی کا سو ڈیڑھ سو روپیہ اور کہاں صرف ایک سیٹ کا اسی روپیہ- اور جہانتک میں نے عرض کیا ہے- تو میں transporters کی نظر سے یہ تقریر کرنے کے لئے کھڑا نہیں ہوا ہوں- میں یہ اس نظریئے سے کہہ رہا ہوں - کہ جس transporters کو ایک سیٹ پر اسی روپے دینے پڑیں گے تو عام مسافروں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالے گا تو در اصل ڈاکے کے ذمہ دار direct طور پر transporter نہیں ہیں - بلکہ وہ لوگ ہیں- جو اس ترمیمی بل کو لاتے وقت یہاں اصلاح نہیں کرتے - کہ کم از کم اس نئے علاقے میں تو اس کی اصلاح ہونی چاہئے تھی- اسکے علاوہ جناب والا اب ایک نوٹ تو میں نے عرض کیا ہے - کہ ایک ایک سیٹ کی اتنی زیادہ ٹیکسیشن ہے اب اسی نسبت سے جو سہولتیں اور مراعات مسافروں کو دی جانی چاہیئں - اس پر بھی اسکا ایک بڑا حصہ خرچ کرنا چاہئے - دراصل جناب سپیکر جس چیز کی طرف میں اپنے دوستوں کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - وہ یہ ہے کہ ہر چیز کو کھانے کمانے کا ذریعہ نہیں بنانا چاہئے public u ility service کی اصل غرض و غایت ہونی چاہئے - اس نقطہ نظر سے جب ہم زیادہ ٹیکس وصول کرتے ہیں- لیکن آپ سڑکوں کی حالت دیکھیں- آپ جی-ٹی-روڈ تو دیکھیں . . . . .

میاں محمد شریف - پوائنٹ آف آرڈر -

سڑکوں کی صحت یا اسکی خرابی کا تعلق تو اس بل کے ساتھ نہیں ہے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں۔ کہ اس کا تعلق کراچی کے نئے علاقے پر ٹیکسیشن سے ہے۔ آپ اسکے متعلق فرمائیں۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی۔ آپکی صحت کے ساتھ تو تعلق رکھتا ہے نہ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Your point of order is upheld and I will request Rao Sahib that he should be relevant.

راؤ خورشید علی خاں۔ اچھا جناب میں چند چیزوں کی طرف انکی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ یہ بھی انکو گوارا نہیں ہے۔ یہ انداز کچھ اچھا نہیں ہے۔ اگر انتہائی خوشگوار انداز میں بھی ایک بات کہی جائے تو . . . پتہ نہیں وہ کیوں اتنے touchy ہوگئے ہیں۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔ آپکا انداز خوشگواری کے ساتھ relevant بھی ہے۔

راؤ خورشید علی خاں۔ آپنے بھی ستم ڈھایا ہے آپ نے بھی بلاوجہ انکی support کیا ہے۔

Mr. Senior Deputy Speaker: This is rather very much close to the contempt of the Chair.

Rao Khurshid Ali Khan: I withdraw.

تو جناب والا۔ میں اسے چھوڑتا ہوں۔ ماشاءاللہ کئی points ہیں۔ میں اسی ایک پر insist نہیں کرنا چاہتا ہوں بہرحال میں دوسری بات پر آتا ہوں جناب۔اب یہ جو ٹیکسیشن میں اضافہ کرنے کے لئے بیشمار روٹ پرمٹ جو عطا کئے جاتے ہیں وہ بیشتر پولیٹیکل وجوہات کی بنا پر ہوتے ہیں۔

وزیر خوراک و زراعت۔ یہاں اس کا کیا تعلق ہے؟

Mr. Senior Deputy Speaker: It is for extension to Karachi and the member does not refer to Karachi.

راؤ خورشید علی خاں۔ کراچی میں تو روٹ پرمٹوں کی بھرمار ہے۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ گوارہ نہیں کرتے تو میرا مطلب حل ہوگیا ہے۔

پارلیمنٹری سیکریٹری (میاں محمد شریف)۔ آپ غیر ضروری باتوں کو دوبارہ شروع نہ کریں۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔ ایک موٹر وہیکل ایکٹ سنہ ۶۴ کا ہے۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس پر بول رہے ہیں It is not a bill for route permits.

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر ۔ راؤ صاحب اگلا پوائنٹ ۔

راؤ خورشید علی خاں۔ میں جناب عرض کر رہا ہوں روٹ پرمٹوں کے سلسلے میں۔ خیر میں اس کو بھی چھوڑتا ہوں ۔ میں تو صرف جناب کی اس طرف توجہ دلانی چاہتا ہوں کہ جہاں اس طرح سے بیشمار آمدنی پیدا کی جارہی ہے وہاں پبلک کی سیفٹی کا بھی خیال رکھیں ۔ بیشمار حادثات ہو رہے ہیں۔ ان کی وجہ یہ ہے . . . . . (قطع کلامیاں و شور)

Mr. Senior Deputy Speaker: It is irrelevant.

راؤ خورشید علی خاں۔ اچھا جناب میں چھوڑتا ہوں۔ کراچی سٹی کے اندر یہ صورت حال ہے کہ بیشمار حادثات ہو رہے ہیں ۔

وزیر خوراک و زراعت۔ کہیں سب کچھ نہ چھوڑ دینا (قہقہے)

راؤ خورشید علی خاں۔ میں نے تو جناب پہلے ہی عرض کیا ہے کہ میں ملک قادر بخش صاحب سے ڈرتے ہوئے بات کر رہا ہوں۔

وزیر خوراک و زراعت۔ سب کچھ نہ چھوڑ دینا۔

Rao Khurshid Ali Khan: Please let him not interrupt me.

Mr. Senior Deputy Speaker: But if it is a speech. The member is not making any speech. Please come to the next point.

Rao Khurshid Ali Khan: I am making my speech.

(*a*) whether it is a fact that 37 pipes were lost from Tarnab Workshop in February, 1963.

(*b*) if answer to (*a*) be in the affirmative, whether it is a fact that the Officer In charge neither registered the case with the police nor reported the matter to the higher authorities concerned;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to take action against the said Officer?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) The information is being collected and will be supplied to the Member when received.

CONSTRUCTION OF A PROTECTION BUND IN THE AREA OF UNION COUNCIL, CHACHRAN, DISTRICT D. G. KHAN

***6535. Sardar Muhammad Ramzan Drishak:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Union Council, Chachran, District D.G. Khan has appealed to Government through the Department of Agriculture for construction of a protection bund in order to save the areas of the said Union Council situated along the river bank from floods and also for the supply of water to the said area through the water course;

(*b*) whether it is a fact that in case the aforesaid measures are adopted, the land situated in the area of the said Union Council will produce two crops in a year;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to adopt the said measures if so, when?

وزیر زراعت - (ملک قادر بخش) - (الف) حفاظتی بند کے متعلق جواب
نفی میں ہے - مذکورہ یونین کونسل کے ممبران نے بہاولپور
ڈویژن میں محکمہ زراعت کے ڈپٹی ڈائرکٹر کے دورہ کے
دوران ایک مزید راجباہ کے متعلق گفتگو کی - یہ مسئلہ پہلے
ہی محکمہ انہار کے زیر غور بتلایا جاتا ہے -

(ب) یہ صحیح ہے کہ زائد پانی ملنے سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا ۔

(ج) اس مقصد کے پیش نظر حکومت نے دو سکیمیں منظور کی ہیں ۔

(ا) بہاولپور ڈویژن میں پینتالیس ہزار روپے کے خرچ سے کنویں کھودنے کی سکیم جس کے تحت فی کنواں ایک ہزار روپے کی امداد دی جائے گی ۔

(۲) صوبے بھر میں سات سو ٹیوب ویل لگانا اس سکیم میں سے بہاولپور ڈویژن جس میں چاچڑاں واقع ہے کو بھی مناسب حصہ ملے گا ۔

FAIR PRICE SHOPS IN KAHUTA AND MURREE TEHSILS

*6570. **Raja Ghulam Sarwar:** Will the Minister of Food be pleased to state:—

(*a*) whether any fair price shops, in Kahuta and Murree Tehsils have recently been opened by the Food Department; if so, (*i*) the list of such shops, and (*ii*) the articles of ration supplied through these shops with rates thereof;

(*b*) the procedures for distribution of rations through the said shops;

(*c*) the basis on which the locations of these shops have been selected?

وزیر خوراک ۔ (ملک قادر بخش) ۔ (الف) جی نہیں ۔

(ب) جواب الف بالا کے پیش نظر سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

AGRICULTURE FARM IN TEHSIL OF MUZAFFARGARH DISTRICT

*6599. **Mr. Muhammad Ibrahim Barq:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether there is any Agriculture Farm for producing better seeds in any of the Tehsils of Muzaffargarh District; if not, whether Government intend to establish any such farm there;

(*b*) the amount spent during the year 1963-64 upto 29th February 1964 for planting trees to increase the forest wealth in Muzaffargarh and Alipur Tehsil;

(*c*) whether arrangements for artificial insemination have been made at Tehsil Headquarters Veterinary Hospitals in District Muzaffargarh, if not whether Government intend to make such arrangements;

(*d*) the total income accrued to the fisheries department from Muzaffargarh District during 1962-63;

(*e*) the total expenditure incurred by the fisheries department on the advancement of fisheries in Muzaffargarh District during 1962-63?

وزیر زراعت - (ملک قادر بخش) - (الف) جی نہیں - کوٹ ادو میں بیج فارم کھولنے کی سکیم زیر غور ہے -

(ب) پینسٹھ ہزار تین سو چوہتر روپے بتیس پیسے -

(ج) جی نہیں - ضروری اشیاء کے مہیا ہونے پر یہ سہولت تحصیل ہیڈکوارٹر وٹرنری ہسپتالوں میں دی جا سکے گی -

(د) اٹھتر ہزار روپے -

(ر) چھ ہزار سات سو روپے -

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

RESTRICTION IMPOSED ON THE SHOOTING OF MIGRATORY AND SEASONAL BIRDS

157. Mir Haji Muhammad Bakhsh Talpur: Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether any restriction is imposed on the shooting of migratory and seasonal birds like water Fowl in any season in the Province;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the authority therefor?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) Yes.

(*b*) West Pakistan Wild Animals and Birds Protection Ordinance, 1959.

INCREASE IN THE PRODUCTION OF MEAT, MILK, BUTTER, ETC., IN THE PROVINCE.

158. Mir Haji Muhammad Bakhsh Talpur: Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the steps taken by Government to increase the production of Meat, Milk, Butter, Cream, Leather and Wool in the Province;

(*b*) the number of Cattle Farms and Sheep Breeding Farms owned by Government as well as by private persons in each district alongwith (*i*) the location of each farm, (*ii*) the dates on which the said farms were established, (*iii*) the number of cattle and sheep in each of the said Farms alongwith the quantity of Milk and Wool produced in each of them and (*iv*) the acreage of land covered by each of the said Farms;

(*e*) the facilities provided by Governments to the private "Cattle and Sheep Breeding Farms" for increasing the production of the commodities mentioned in (*a*) above?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): (*a*) Government have initiated a number of schemes to increase production of Meat, Milk, Cream, Leather and Wool in the Province. Among these may be mentioned the subsidy schemes for maintenance of breeding bulls, sheep, rams, development of Poultry, opening of Artificial Insemination Centres, and land grants to farmers for the maintenance and production of livestock.

(*b*) A statement embodying the required information has been laid on the table.

(*c*) It is answered in (*a*) itself.

AMOUNT SPENT BY AGRICULTURE DEPARTMENT ON HOLDING AGRICULTURAL SHOWS AT DIFFERENT PLACES.

169. Mir Haji Muhammad Bakhsh Talpur: Will the Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that a sum of Rs. 2,83,000 has been spent by the Agriculture Department on holding agricultural shows at different places and participating in Melas and Fairs during the year 1963; if so the names of the places where these Meals and Fairs were held?

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): Information is being collected and will be supplied to the Member when received.

QUESTIONS OF PRIVILEGE

RE-AMENDMENTS TO CODE OF CRIMINAL PROCEDURE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, SEEKING TO RIDICULE A SECTION OF THE HOUSE (*Speaker's Ruling*)

Mr. Speaker: Now question of privilege First of all I will give my ruling on the question of privilege raised by Mr. Ahmad Mian Soomro yesterday.

Mr. Ahmad Mian Soomro asked for leave to raise a question involving a breach of the privilege of the Assembly which, according to him, had been occasioned by giving notice of amendments to clause 3 of the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1964 by Mian Abdul Latif, Mr. Hamza and Rao Khurshid Ali Khan, whereby a vast majority and a section of this honourable House had been sought to be rediculed and this tantamounted to the abuse of the right of a Member to move amendments as provided by the Rules.

The admissibility of this motion was objected to by Mian Abdul Latif on the ground that the motion had not been raised at the earliest opportunity and moreover, there had been no breach of privilege of the Assembly.

The notice of the amendments proposed to be moved by Mian Abdul Latif, Mr. Hamza and Rao Khurshid Ali Khan was received in the Assembly Secretariat on the 22nd of March and it was circulated amongst the Members on 24th during the afternoon session of the day. The notice of the present motion was given by Mr. Ahmad Mian Soomro on 25th of March, after the commencement of the sitting,

whereas under Rule 174 (sub rule 3), the notice of this motion should have been given at least one hour before the commencement of the sitting on 25th of March, 1964. The question cannot, therefore, be said to have been raised at the earliest opportunity. The motion is, therefore, ruled out of order.

MISREPORTING OF THE ASSEMBLY PROCEEDINGS BY THE PAKISTAN TIMES, LAHORE.

Mr. Speaker: Now we take up the question of privilege sought to be raised by Chaudhri Muhammad Ibrahim. The member may please ask for leave to raise it.

Chaudhri Muhammad Ibrahim: Sir, I ask for leave to raise the following question involving breach of the privilege of the Assembly in general and the Opposition Members in particular:

That the Pakistan Times in column 3 of page 7 of its issue dated March 27, under the heading "Shame" unparliamentary, misreported the proceedings of the Assembly.

Mr. Speaker: I may inform the House that I have received a communication from Mr. Farooq Nisar, who is the Chief Reporter of the Pakistan Times. He says:-

> "Inadvertently it was reported in our story that the word "shame" was uttered by the Opposition yesterday. We are making necessary amends. We regret the lapse."

Khawaja Muhammad Safdar: We do not press it Sir.

Mr. Speaker: Motion is not pressed.

ADJOURNMENT MOTIONS

NON—PAYMENT OF SALARIES TO EMPLOYEES OF SOCIAL WELFARE CENTRE, NOWSHERA, DISTRICT PESHAWAR.

Mr. Speaker: Now we take up adjournment motions. First adjournment motion is from Mr. Abdul Raziq Khan regarding salaries of the employees of Social Welfare Centre, Noshera. This was sought to be moved on 24th March, but was deferred for today.

وزیر امداد باہمی و سماجی بہبود - (مسٹر احمد نواز شاہ گردیزی) -

جناب والا - انہوں نے کہا ہے کہ چھ مہینوں سے سوشل ویلفیئر سنٹر کے ملازمین کو تنخواہ نہیں ملی - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ان کا مقصد کونسے سوشل ویلفیئر سنٹر سے ہے کیونکہ ہمارا کوئی سنٹر نہیں ہے - صرف پراجیکٹ ہے اور وہ جنوری میں شروع ہوا تھا -

Mr. Speaker: He says Social Welfare Center, Nowshera.

وزیر امداد باہمی - جی ہاں کوئی سنٹر نہیں ہے ہمارا -

مسٹر عبدالرازق خان - جناب سپیکر - میں نے جو تحریک التوا دی ہے تو اس سلسلے میں میرے پاس یہ خط وہاں کے ملازمین کا ہے کہ سوشل ویلفیر سنٹر نوشہرہ ڈائرکٹوریٹ آف لیبر ویلفیر کے متاحت کام کر رہے ہیں - وہ کہہ رہے ہیں کہ درجہ سوئم اور چہارم کے ملازمین کو چھ ماہ سے تنخواہیں نہیں ملیں اور کہ تنخواہوں کا بندوبست کیا جائے

Mr. Speaker: Now the Minister-in-Charge says that they have no Social Welfare Centre there.

وزیر امداد باہمی و سماجی بہبود - اگر کوئی غلط فہمی ہے تو اور بات ہے اور اگر وہ مجھے فرما دیتے کہ کون سے لوگ ہیں - کوئی پراجیکٹ ہے تو بھی کوئی بات تھی - ممکن ہے کہ کوئی اور کام ہو یا غلطی سے دوسرا منہ دیا ہو کیونکہ پراجیکٹ جو ہمارا ہے وہ جنوری سے شروع ہوا ہے اور اسے شروع ہوئے ابھی تین مہینے نہیں ہوئے - تو تنخواہوں کے کہ ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

مسٹر عبدالرازق خان - اگر وزیر صاحب کا جواب یہ ہے کہ ان کا سنٹر نوشہرہ میں نہیں ہے تو میں نے جو تحریک التوا دی ہے اس میں غلط باتیں تو میں نے کی نہیں - اگر اس کا جواب آپ کے ضابطے میں درست ہے تو میں مزید تسلی کر کے مناسب طور پر کہہ دوں گا -

وزیر امداد باہمی و سماجی بہبود - اگر آپ کو معلوم ہے تو مجھے پتہ دیں -

Mr. Speaker: Does Mr. Raziq press this motion?

مسٹر عبدالرازق خان - جناب والا - میں اس لئے پریس کرتا ہوں کہ ملازمین کا میرے پاس لکھا ہوا موجود ہے -

Mr. Speaker: Is the member pressing it or not?

مسٹر عبدالرازق خان - میں پریس تو کرتا ہوں -

Mr. Speaker: As stated by the learned Minister, there is no Social Welfare Centre at Nowshera, and the facts are denied. It is an established parliamentary practice that adjournment motions should be based on established facts. As the facts are not established, therefore, the motion is ruled out of order.

وزیر امداد باہمی - جناب ممکن ہے کسی پروٹیکٹ ادارے کا حوالہ دے رہے ہوں - لیکن ہم نے کہا ہے کہ ہمارا کوئی ایسا ادارہ نہیں ہے -

LODGING OF SARDAR ATTA ULLAH KHAN MANGAL MNA IN BAHAWALPUR JAIL.

Mr. Speaker: Next motion No. 304 is from Mr. Hamza. It is about Sardar Ataullah Khan Mangal, and was sought to be moved on 24th March.

وزیر تعلیم - (میاں محمد یاسین خان وٹو) - جناب والا - میں اس تحریک التوا کی مخالفت کرتا ہوں - اس میں یہ وضاحت نہیں کی گئی کہ یہ ایکشن کب لیا گیا ہے اور اس کے بعد انہوں نے اس چیز کے متعلق ایسی ایکشن لئے جانے کے بعد اس ہاؤس کو اطلاع دی ہے اور یہ کہ قانون کے مطابق ہے یا نہیں تو گورنمنٹ کو اجازت ہے اور اختیار ہے کہ جس اندر ٹرائل کو چاہے جس جیل میں قید رکھنا مناسب سمجھے وہاں اسے بھیج دے - اس میں کوئی ایسی بات نہیں - جناب والا - جس سے کوئی ایسی چیز کی گئی ہو جو خلاف قانون ہو - یہ اندرونی جیل کے انتظامات اور معاملات ہیں جو جیل کے حکام اس لئے کرتے ہیں کیونکہ ان کے سامنے اور بھی باتیں ہوتی ہیں - جیل میں بعض دفعہ آدمی زیادہ ہوتے ہیں تو ایک سے زیادہ وجوہات ہو سکتی ہیں اور اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس سے کسی جگہ پر کوئی ناراضگی پیدا ہو -

مسٹر سپیکر - ان کو ٹرانسفر کب کیا گیا ؟

وزیر تعلیم - تاریخ کے متعلق انہوں نے کوئی ذکر نہیں کیا - جناب والا - تاریخ کے متعلق پڑتال کر کے بتا دوں گا -

مسٹر سپیکر - مسٹر حمزہ ان کو ٹرانسفر کب کیا گیا ؟

خواجہ محمد صفدر - یہ تو جناب وزیر صاحب کو بھی علم نہیں -

Mr. Speaker: But I should be in the know of it.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اخبارات کی ذریعے پتہ چلایا ہے کہ ۲۱-۳-۶۴ کو جب کہ میاں مظفرالدین سپیشل مجسٹریٹ کراچی کے سامنے پیش کیا گیا -

مسٹر سپیکر - ۲۱-۳-۶۴ کو ؟

مسٹر حمزہ - اور اس کے ساتھ میں آپ کی خدمت میں عرض کر دوں کہ یہ اطلاع مجھے فٹ ذیلی دلائل کے ذریعے اور میاں محمود علی قصوری کے ذریعے پہنچی اور میں دن مجھے موصول ہوئی میں نے اسی دن اس ایوان میں اپنی تحریک التوا کا نوٹس دے دیا -

Mr. Speaker: Had you not read the newspaper on that day?

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اخبارات میں ضروری نہیں ہے کہ ہر بات آئے اس کی بنا پر ہم دیں - میں نے کہا ہے کہ اخباروں میں نہیں آیا -

وزیر خوراک و زراعت - تو ناراضگی کا کہاں سے پتہ چل گیا ؟

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - - - - - - - -

مسٹر سپیکر - دوسرے یہ فرمائیے حکومت پر یہ پابندی کیسے ہے کہ وہ لازمی طور پر اس جیل میں رکھوں جہاں کہ اس کا ٹرائل کیا جائے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ جس صورت حال کو اس تحریک التوا کے ذریعے زیر بحث لانے کی کوشش کی گئی ہے وہ محض یہ ہے کہ ایک معزز شہری جو کہ نیشنل اسمبلی کے ممبر بھی ہیں اور جن کا ٹرائل کراچی میں ہو رہا ہے کو بہاولپور محض اس غرض سے رکھا گیا ہے کہ ان کے ورثا غریب و اقارب انہیں آسانی سے - - - - - قطع کلامی

مسٹر سپیکر - سوال یہ ہے حمزہ صاحب کہ گورنمنٹ پر پابندی یہ کیسے ہے کہ ان کو لازمی طور پر کراچی رکھا جائے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - قانونی طور پر گورنمنٹ پر کوئی پابندی نہیں -

وزیر تعلیم و جیل خانہ جات - میں تو اسی چیز کی طرف آپ کی توجہ دلا رہا ہوں -

مسٹر حمزہ - عرض یہ ہے لیکن گورنمنٹ کو یہ بھی حق حاصل نہیں ہے کہ ایک شخص کو بغیر مجرم ثابت کئے سزا دینے کی کوشش کرے -

وزیر تعلیم و جیل خانہ جات - انڈر ٹرائل جو ہوتے ہیں ان کو ہمیشہ جیل میں رکھا جاتا ہے -

Mr. Speaker: The Member may please take his seat. Does Khawaja Safdar want to say something.

خواجہ محمد صفدر - اس کی admissibility پر بحث فرماتے ہوئے جناب وزیر جیل خانہ جات نے ارشاد فرمایا ہے کہ گورنمنٹ پر یہ پابندی نہیں کہ کسی انڈر ٹرائل کو کسی مقام پر رکھیں یا نہ رکھیں یا

قصی اور جگہہ پر لے جائیں - میں اس سے اتفاق کرتا ہوں - یہ مسئلہ نہیں کہ گورنمنٹ کو اختیارات ہیں یا نہیں - مسئلہ اس وقت زیر بحث یہ ہے - گورنمنٹ نے دانستہ ایک شخص کو اذیت پہنچانے کے لئے اور اس کے عزیز و اقارب کو اس سے ملاقات سے محروم رکھنے کے لئے اسے اس قدر دور رکھا ورنہ سینکڑوں قیدی موجود ہیں ان کو سزا ہو فتی یا نہیں - یا ابھی انڈر ٹرائل ہوں یا ابھی ملزم زیر سماعت ہو - تو میں آپ کی توجہ اس بات کی طرف مبذول کرانی چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ ایک غیر ضروری خرچ اس ملزم کو بہاولپور سے کراچی اور کراچی سے بہاولپور رکھنے اور بیت دن بار لانے میں بے خرچ کیوں برداشت کر رہی ہے ؟ اور آخر یہ پبلک کا روپیہ ہے یا ان کی اپنی جیبوں سے جا رہا ہے جو ان کے آنے جانے پر اور سفر پر خرچ ہو رہا ہے - یہ ہمارے ایکسچیکر سے زیادتی ہو رہی ہے اور جو ہم ٹیکس ادا کرتے ہیں ان کا بیجا مصرف ہے - کراچی میں اگر جگہہ نہیں تو اس کو قریب اور قصی جیل میں رکھ دیں - حیدرآباد میں رکھ دیں -

Mr. Speaker: This is a case of exercise of discretion under the statutory power, and the motion is ruled out of order.

SOLITARY CONFINEMENT OF SARDAR ATTA ULLAH KHAN MANGAL MNA

Mr. Speaker: Next motion is from Mr. Hamza. The Member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely the resentment caused among the public due to the inhuman cruel attitude of the Government in dealing with Sardar Atta Ullah Khan Mangal, Member of the National Assembly of Pakistan, as revealed by him before Mr. Muzaffar-ud-Din, Special Magistrate, Karachi, on 21st March, 1964, that is being constantly kept under solitary confinement, which is against all canons of justice and fairplay.

وزیر تعلیم و جیل خانہ جات - (میاں محمد یسین خان وٹو) - جناب والا - میں اس تحریک کی مخالفت کرتا ہوں اور یہ بات قطعاً غلط ہے کہ ان کے ساتھ بے رحمی کا یا ظالمانہ سلوک کیا جا رہا ہے - یہ جناب والا جیل کے اندرونی معاملات ہیں - قانون کے مطابق جو چیز ان کے ساتھ اور جو سلوک بھی کیا جائے گا کسی بھی حیثیت میں وہ قانون کے خلاف یا قانون سے باہر جا کر نہیں کیا جا رہا اور یقیناً نہیں کیا جائے گا - اور جناب والا یہ غلط ہے کہ ان کے ساتھ ظالمانہ یا بے دردانہ رویہ رکھا جا رہا ہے -

Mr. Speaker: What is the position about solitary confinement; is he in solitary confinement?

خواجہ محمد صفدر - یہ cruel بھی ہے اور inhuman بھی ہے - دونوں ہیں -

وزیر تعلیم و جیل خانہ جات - میں ایک عرض کرتا ہوں کہ عام طور پر ایسے جو قیدی ہوتے ہیں ان کو اپنے کوارٹر میں یا اور جگہہ علیحدہ ہی رکھا جاتا ہے دوسرے قیدیوں سے ان کے status کی وجہ سے - اب ہر چیز کو بہر صورت کوئی رنگ دیا جا سکتا ہے - ان تو ان کے status کی وجہ سے جو اہمیت دی جاتی ہے اس چیز پر بھی اگر کوئی اعتراض کی گنجائش نکالے تو یہ کوئی درست بات نہیں ہوگی -

Mr. Speaker : I hold the motion in order. Those members who are n favour of leave being granted may please rise in their places.

(As less than twenty five members rose in their places, leave to move the motion was refused)

ACTION OF GOVERNMENT IN NOT PROVIDING ADEQUATE MEDICAL FACILITIES TO KHAN ABDUL GHAFFAR KHAN

Mr. Speaker : Next motion is from Mr. Hamza regarding in adequate medicial facilities for Knan Abdul Gnaffar Khan. This was sought to be moved on 24th March. There is an other motion on the same suoject from Amir Habib Ullah Khan Saadi. Both the motions will be taken up to-gather.

وزیر تعلیم و جیل خانہ جات - (میاں محمد یسین خان وٹو) - جناب اس کے متعلق واقعات یہ ہیں کہ خان عبدالغفار صاحب اس وقت detention میں نہیں ہیں بلکہ وہ اپنے گھروں میں ہیں - ان کو اجازت دے دی گئی تھی کہ وہ راولپنڈی جا کر اپنا معائنہ کرائیں اور وہاں علاج کرائیں - اور وہ وہاں تشریف لے گئے تھے - اور وہاں واقعی انہوں نے اپنا معائنہ وغیرہ بھی کروا لیا ہے - یہ معاملہ ایسا ہے کہ اب اس کی پوزیشن infructuous ہو چکی ہے -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - صاحب صدر - یہ بڑی مبہم سی بات ہے - دو مہینے پہلے حکومت کو اطلاع ہوئی ہے کہ وہ بیمار ہیں - یہ کہنا بھی غلط ہے کہ وہ وہاں پابند نہیں ہیں - وہ اپنے گھروں میں زیر حراست ہیں -

مسٹر سپیکر - سعدی صاحب - گورنمنٹ کی بڑی authentic information ہے - کہ وہ راولپنڈی گئے اور انہوں نے علاج وغیرہ کروایا تھا -

وزیر تعلیم - جناب والا - detention میں اور اپنے گھروں میں ہونے میں بڑا فرق ہے -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - تحریک التوا پیش کرنے کے بعد راولپنڈی گئے ہیں یا اس سے پہلے ؟

مسٹر سپیکر - اگر بعد میں بھی گئے ہیں تو بھی

the matter has lost its urgency and the motion is, therefore, ruled out of order

REFUSAL OF GOVERNMENT TO GRANT MAINTENANCE ALLOWANCE TO THE FAMILY OF M. SADIQ HUSSAIN.

Mr. Speaker : Next motion is from Rao Khurshid Ali Khan regarding grant of maintenance allowance to the family of M. Sadiq Hussain. This was also sought to be moved on 24th.

وزیر تعلیم - (میاں محمد یسین خان وٹو) - جناب والا - اس سلسلے میں ان کی درخواست موصول ہوئی تھی جس پر سارے حالات کا جائزہ لیا گیا اور پوزیشن یہ ہے کہ ان کی مالی حالت بہت اچھی ہے - اس واسطے حکومت نے یہ مناسب نہیں سمجھا کہ ان کو الاؤنس دیا جائے اور قانون کے مطابق پوزیشن یہ ہے کہ یہ گورنمنٹ کی discretion ہے کہ جس شخص کے پاس means of subsistance نہ ہوں وہاں الاؤنس دے گی - اور پورے طور پر ہمدردانہ غور کرے گی - لیکن جس شخص کے پاس means ایسے ہوں - اس کو الاؤنس نہیں دیا جائے گا - موجودہ صورت میں ان کے means ایسے ہیں کہ ان کو الاؤنس نہیں دیا جاسکتا -

راؤ خورشید علی خان - یہ ہے جناب - relevant rule
Rule 8, sub-rule-6

"In addition to the allowance to be paid to a detenue under the provisions of sub-rule 2, Government may, in its discretion, grant an allowance for the maintenance of the dependants of a detenu, having regard to the consequences to the dependants of any deprivation of the detenus capacity to earn his livelihood and maintain them." (West Pakistan Public Order Detenue Rules 1962).

اس میں condition کرنے کے لئے exercise discretion دی ہوئی ہے کہ اس discretion کو کس طرح سے استعمال کیا جائے گا کہ جو dependents کے detenue ہیں آیا وہ اس آمدنی سے محروم ہو گئے ہیں -

Mr. Speaker: Should we determine that here?

راؤ خورشید علی خان - یہ دیئے ہوئے ہیں -

Mr Speaker: Is this the forum to determine whether maintenance allowance should be granted to him or not?

وزیر تعلیم - ہم نے یہ discretion اس قانون کے تحت اور ان حالات کو مدنظر رکھ کر exercise کی ہے -

راؤ خورشید علی خان - یہاں رولز دیئے ہوئے ہیں - اگر ان رولز کی کوئی آدمی پابندی کرتا ہے تو ظاہر بات ہے کہ اس کے لئے کوئی دوسرا forum نہیں ہے - اور اس کا forum یہی ہے کہ رولز ہونے کے باوجود ان کی application غلط کی جا رہی ہے - اس لئے جناب والا - مجھے اجازت

[illegible] ان کے بیوی بچوں کے [illegible] مرنے کا ہے - یہ ٹھیک ہے
میں اس بات کو مانتا ہوں کہ ان کی ہزار گیارہ سو کی آمدن تھی - کوئی
رضوی [illegible] ہیں - کراچی کی بڑی مشہور کمپنی ہے - اس میں انہیں ہزار
گیارہ سو کے قریب تنخواہ ملتی تھی اور ظاہر بات ہے کہ جب وہ detention
میں چلے گئے تو وہ آمدنی بالکل ختم ہو گئی - اور سابقہ آمدنی کی بناء پر
یہ کہنا کہ ان کے sufficient means ہیں - یہ بہت بڑی زیادتی ہے -
بہت بڑا ظلم ہے - اور ان لوگوں کو کم از کم اس معاملہ میں انسانی سطح
پر سوچنا چاہیے کہ جن لوگوں کو اندر آپ نے ہانک دیا ہے باہر Trial
کے - ان کے بیوی بچوں کو تو بھوکا نہ ماریں -

Mr. Speaker: This is again a case of discretion under the statutory powers and the motion is ruled out of order.

REFUSAL OF GOVERNMENT TO GRANT MAINTENANCE ALLOWANCE TO THE FAMILY OF HAKIM IQBAL HUSSAIN

Mr. Speaker : Rao Khrushid Ali Khan wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment caused due to the refusal of the Government of West Pakistan, Home Department, to grant maintenance allowance to the family of Hakim Iqbal Hussain, detenu of the defunct Jamaat-e-Islami, Karachi, despite the fact that he has been deprived of the sufficient income due to his detention.

وزیر تعلیم - (میاں محمد یسین خان وٹو) - اس صورت میں بھی
جواب وہی ہے کہ حکومت نے دیکھا کہ ان کے حالات ایسے ہیں - ان کے
sufficient means ہیں لہذا گورنمنٹ نے discretion اس قانون
کے تحت جو موجود ہے - استعمال کی ہے -

[illegible] - رائو صاحب اگر آپ کا وہ arguement لیا جائے
کہ جو شخص بھی detain [illegible] گے - اس کا مطلب ہے کہ ہر ایک
کو maintenance allowance دیا جائے - پھر تو [illegible] کا سوال نہیں -
پھر تو there should have been [illegible]

رائو خورشید علی خان - یہ بڑا pertinent question ہے -
میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے یہ پوائنٹ raise کیا ہے - اگر مثلاً کوئی
land lord ہے - کسی کی زمین ہے - کسی کے business
کی نوعیت ایسی ہے جناب سپیکر کہ اس کی غیر حاضری کے باوجود اسے
income حاصل ہو سکتی ہے پھر I do not press لیکن یہ دونوں
Cases ایسے ہیں کہ ان کا واحد ذریعہ مفقود ہو گیا ہے - پھر بتائیے کیا
ہوگا ؟ اگر دوسرے ذرائع موجود ہوں تو I wont press

خواجہ محمد صفدر - (سیالکوٹ ۱) - جناب والا - یہ قوانین انگریزوں کے زمانے میں بھی اس ملک میں رائج تھے - اصل دراصل یہ ہے کہ ایک شخص کو بلا مقدمہ چلائے جب نظر بند کر دیا جاتا ہے تو اس اپنے بیوی بچوں کے لئے اور دوسرے dependents کے لئے روزی کمانے سے روک دیا جاتا ہے - تو اس صورت میں اس کے بیوی بچوں اور دوسرے dependents کے لئے معقول گزارے کا انتظام گورنمنٹ کے ذمہ ہے - میں جناب والا - آپ کو ایک واقعہ یاد دلاتا ہوں - سرت چندر بوس کو انگریزی حکومت نے قید کیا اور مجھے بڑا vividly بڑی اچھی طرح یاد ہے کہ اس کو پچیس ہزار روپیہ ماہوار اس کے گزارے کے لئے منظور کیا گیا تھا -

حالانکہ سرت چندر بوس ایسا آدمی نہ تھا جس کے بچوں کو رات کی روٹی نہ ملتی - وہ تو لاکھوں کروڑوں روپے کا مالک تھا اور جہاں تک مجھے اس کی [illegible] یاد ہے - اس کی insurance policy بھی حکومت اپنے پاس سے ادا کیا کرتی تھی -

مسٹر سپیکر - لیکن خواجہ صاحب میں صاحب اس دن فرما رہے تھے کہ بعض cases میں حکومت نے maintenance allowance دیا ہے -

وزیر تعلیم - جناب والا - ہم نے بھی دیا ہے - اور ہم اس پر آئندہ مزید ہمدردی سے غور کریں گے - تو اب سوال یہ ہے - - - - - -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - جناب وزیر کا کہنا کہ ہم مزید غور کریں گے - کافی نہیں - آپ خیال فرمائیں کہ ایک شخص جو ہزار روپے ماہوار کما رہا تھا - جب وہ جیل میں چلا جاتا ہے - تو ظاہر ہے کہ اس کے پاس کچھ اندوختہ ضرور ہوگا - جس سے اس کے بیوی بچے گزر اوقات کریں گے - تو میں نے سرت چندر بوس کی مثال اس لئے پیش کی ہے کہ وہ بہت مالدار شخص تھا - اور اس کے باوجود حکومت کو اس کی نظر بندی پر کس قدر رقم خرچ کرنا پڑتی تھی - اس کی detention کے دوران حکومت کو ۲۵ ہزار روپے ماہوار ادا کرنا پڑتے تھے - مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب تک اسے جیل میں رکھا گیا - اس کی Insurance policy بھی گورنمنٹ ادا کرتی رہی -

---

REFUSAL OF GOVERNMENT TO ALLOW MAINTENANCE ALLOWANCE TO THE FAMILY OF PROFESSOR GHAFOOR AHMAD

Mr. Speaker : Rao Khurshid Ali Khan wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definit matter of recent and urgent public importance, namely the resentment caused due to the refusal of the Government, West Pakistan Home Department, to allow maintenance allowance to the family of Prof. Ghafoor Ahmed, detenue, Jamaat-e-Islami, Karachi, despite the fact that he has been deprived of the sufficient income due to his detention.

وزیر تعلیم - جناب والا - اس کے متعلق بھی وہی جواب ہے - ان
ہوں گے - اس لئے ان کے sufficient means of income کے بھی
case میں بھی وہی discretion استعمال کی گئی ہے جو میں پہلے عرض
کر چکا ہوں -

EXPLOITATION OF THE SERVICES OF AN EMPLOYEE OF MONTGOMERY MUNICIPALITY FOR THE PURPOSES OF A POLITICAL PARTY.

Mr. Speaker : Rao Khurshid Ali Khan wants to ask for leave make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely the resentment caused to the exploitation of the service of Syed Manzoor Husain Shah, an employee of the Municipality, Montgomery, for the purpose of announcing through the loudspeaker on 23-3-64 the holding of a public meeting on the occasion of Pakistan Day under the auspices of a political party, namely, the local Convention Muslim League.

Minister of Communications & Works (Mr. Muhammad Khan Junejo): Opposed.

Khawaja Muhammad Safdar : Shame

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Watto) : The "word" is unparliamentary.

Mr. Speaker: The Speaker of the Nationaly Assembly of Pakistan has decided that it is unparliamentary.

Minister of Communications and Works : Sir, the facts are denied. No announcement was made by Syed Manzoor Husain Shah for holding a public on 23-3-64

راؤ خورشید علی خان - جناب والا - اس بات کے لئے شہر کے ہزاروں
آدمی گواہ ہیں -

Mr. Speaker : Any authentic proof.

راؤ خورشید علی خان - جناب والا - میں محترم وزیر صاحب کی
شرافت کا قائل ہوں - لیکن یہ ملازمین جب اتنا گناہ کرتے ہیں -

Mr. Speaker : The facts have been denied by the Government on the floor of the house.

راؤ خورشید علی خان - جناب والا - میں پوری ذمہ داری کے ساتھ
کہتا ہوں کہ سارا شہر اس بات کا گواہ ہے کہ منظور حسین جو میونسپلٹی
کا ملازم ہے - اس نے سارے شہر میں لاؤڈ سپیکر پر اعلان کیا -

Mr. Speaker : Any proof Rao Sahib?

راؤ خورشید علی خان - جناب والا - Proof یہ ہے کہ وہ اشتہار جو لوکل مسلم لیگ کی طرف سے دیا گیا اور اسی سے اس نے announcement کی ہے - اور جس شخص نے مجھے یہ بات کہی - میں نے اس سے کہا کہ اپنی طرف سے کچھ لکھ دو - ممکن ہے وہاں کوئی ایسی بات پیدا ہو جائے کہ آپ یہ کہیں کہ آپ کے پاس ثبوت کیا ہے - تو یہ اس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تحریر میرے پاس موجود ہے -

مسٹر سپیکر - کس کے ہاتھ کی راؤ صاحب ؟

راؤ خورشید علی خان - جناب جس شخص نے مجھے یہ بات بتائی کہ جناب خود چل کر دیکھ لیں - میونسپل کمیٹی کا ملازم کنونشن مسلم لیگ کا ڈھنڈورا پیٹ رہا ہے -

Mr. Speaker : As the facts have been denied by the Government . I rule the motion out of order.

FAILURE OF HEALTH DEPARTMENT TO FULFIL THE DEMANDS OF ITS EMPLOYEES IN THE ANTI-MALARIA DEPARTMENT.

Mr. Speaker : Next motion is from Amir Habib Ullah Khan Saadi, regarding demands of anti-malaria staff. This was sought to be moved on 24th March.

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Sir, I oppose this adjournment motion on two grounds. Firstly, it is not a recent occurrence or of a recent nature and secondly, it is not of urgent public importance, Sir, according to the news item published in the Daily Mashriq, Lahore, dated 22-3-64, the demands of the Antimalaria Staff, Peshawar are as follows:—

(1) That Malaria staff should be made permanent.

Mr. Speaker : The Parliamentary Secretary should not go into the facts.

Parliamentary Secretary : Just two minutes. I am not going into the facts. I am just telling the demands of the Anti-Malaria staff that they should be given pay in the consolidated scale as admissible to other Government servants. Sir, this matter has already been discussed in the House in the shape of a question. A privilege motion was also moved which was discussed by the Committee of which Mr. Speaker and Leader of the Opposition were members and it was unanimously dropped. This matter is in a continuing process and cannot form the subject matter of an adjournment motion.

Mr. Speaker : Saadi Sahib, how is it a matter of recent occurrence?

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب والا - یہ مطالبہ ان ملازمین نے ۲۱ تاریخ کو پشاور میں کیا ہے - اور یہ خبر ۲۲ تاریخ کے "مشرق" میں شائع ہوئی ہے - چنانچہ میں نے ۲۳ تاریخ کو یہ تحریک التوا دی ہے -

مسٹر سپیکر - آپ کا مطلب یہ ہے کہ ان کے جائز مطالبات پہلے پہلے
آئے - تو اب یہ کونسا نیا مطالبہ ہے جو انہوں نے پہلے نہیں کیا ؟

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب والا - بہر حال میرے سامنے یہ بات
۲۱ تاریخ کو ہی آئی ہے -

وزیر صحت - (بیگم محمودہ سلیم خان) - جناب والا - یہ privilege
motion پہلی بار ۱۲ اپریل ۱۹۶۳ء کے شروع میں کمیٹی کے سامنے آیا -
اس میں آپ - قائد حزب اختلاف اور ملک صاحب بھی تھے جہاں سیکرٹری
محکمہ صحت نے تمام تفصیل وضاحت سے بیان کی -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب والا - وہ تو لاہور کے ملیریا سٹاف
کے متعلق تھی -

وزیر صحت - جناب والا - وہ تو ساری مغربی پاکستان کے ملیریا سٹاف
کے متعلق تھی -

مسٹر سپیکر - جی ہاں - وہ لاہور کے ملیریا سٹاف کے متعلق نہ تھی -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب - تو کیا انہوں نے وہ مطالبہ پورا
کر دیا تھا ؟ میں نے تو یہ تحریک پیش کی تھی کہ آپ ان کے مطالبات
پورے کرنے میں ناکام رہے ہیں -

Mr. Speaker:- If the mamber wants any information he should put a question.

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب question کا بھی ایسے ہی
قول مول جواب ملے گا -

Mr. Speaker: As the matter is not of recent occurrent the motion is ruled out of order.

Next motion is again from Amir Habib Ullah Khan Saadi about Khan Abdul Gaffar Khan. It has already been disposed of.

PEPORTED DECISION OF GOVERNMENT OF CLOSE OHRI CANAL FOR THREE WEEKS

Mr. Speaker: Next motion is from Syed Zafar Ali shah regarding Rohri Canal. This was sought to be moved on 25th march. hes malik Sahhib

Minister of Irrigation (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, the House and the member should know that the Rohri canal as to-day is not closed. No. The facts are like this that the fall at R.D. 50000 Rhori canal was damaged some years back and a new one has been constructed in its place. It was proposed to divert the canal to the newly reconstructed fall by giving the Rhori canal a closure of 10 days and not 3 weeks as indicated in the adjournment motion. I deny that a closure was intended for 3 weeks. Even this matter was referred to the Union Council through local officers to elicit public opinion on this case as to when we should give this diversion. It has now been decided to defer the closure of the Rhori canal till December, 1964. There is no question of any damage to crops at this stage. That is also denied. So that thing does not exist now and I give assurance to my friend over there. He may have received telegrams, because we were eliciting public opinion as to when do they want the closure and they may have informed him. I think the Government could not go beyond that even for a closure of 10 days we contact people when they want that. That they wanted in December and it is to be done in December.

Syed Zafar Ali Shah : Sir, I think this is a very unsatisfactory reply. The thing is that last few years the fall was not there. It had been demolished and now when it has been constructed or is being constructed, the urgency has occurred that water should be diverted right now. I can assure you that if it is done even for 10 days, it will definitely damage surgarcane, gardens and other crops and even wheat which is now at the ripening stage. Already the rotations, on which another adjournment motion has been moved, had adversely affected the crops.

Sir, for the sake of eliciting opinion if the Government is going to ask the Union Councils it is useless. That is not the correct method. I am sure the Union Councils would be the most uncalled for forum to ask the opinion of the people. This is some thing which everybody knows.

Mr. Speaker : While giving notice of his adjournment motion the member supplied the office only one copy. Under the Rules it is necessary that he should give the notice of an adjournment motion in triplicate.

Syed Zafar Ali Shah : In future I will give the notice of an adjournment motion in triplicate.

Mr. Speaker : Even on that score the motion is out of order,. As the facts are denied by the Government the motion is ruled out of order.

وزیر زراعت و آبپاشی - فاضل صاحب مجھے ٹھیک تاریخ بتا دیں کہ کس
دن سے شروع کریں -

Syed Zafar Ali Shah : From the 1st of April 1964. It has been mentioned here.

Minister of Agriculture : I will consult my office.

FAILURE OF GOVERNMENT TO SUPPLY ELECTRICITY TO THE PEOPLE OF KHAIRODERO, DISTRICT LARKANA.

Mr. Speaker: Haji Gul Hassan Mangi wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of Government to provide electricity to the people of village Khairodero, District Larkana. The villagers have brought the electric polls on the site at their own cost. Now recently they have removed the poles to some other place with a view that Government authorities incharge of installation of electricity (Power) in the villages in West Pakistan have no idea to implement the scheme for electrifying the above said village.

Mangi Sahib how is it a matter of recent occurrence?

Haji Gul Hassan Mangi : The poles have now been removed. The villagers were asked to bring the poles at their own cost to the site. They were lying there on the site. They have been removed on the 21, 22nd, 23rd and I received a telephonic message from there on the morning of 24th and I gave notice of the motion on the 24th. Hence it is recent.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : For his information I may say that the electricity line is going very close to this village of Khairodero and the work is in progress. It will be possible within eight to ten days only to start giving connection to the village.

Mr. Speaker. : Is the member satisfied?

Haji Gul Hassan Mangi : I am very sorry that such a false report has been given by the officers.

Mr. Speaker: Who is responsible for that information? They say they will give the connection in ten days.

Haji Gul Hassan Mangi: The Poles were removed from village in Khairodero.

Mr. Speaker: Is the member pressing the motion?

Haji Gul Hassan Mangi : The poles have been removed from the sites It has not been possible for them to give the connection within two months (interruptions.)

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

DISCRIMINATORY ORDERS OF D. M. QUETTA-PISHIN REFUSING PERMISSION TO USE LOUDSPEAKER TO CITY MUSLIM LEAGUE, QUETTA.

Mr. Speaker : Next motion is from Khawaja Muhammad Safdar. The member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal, unlawful and discriminatory orders of the District Magistrate, Quetta-Pishin in refusing permission for the use of loud-speaker in a meeting commemorating Pakistan Day by the City Muslim League Quetta, while allowing

another political party namely Convention League, Quetta the use of loud-speaker in the pubic meeting as well as procession organised by that political party. These discriminatory orders of the District Magistrate, Quetta-Pishin being an abuse of powers vested in him have resulted in wide-spread indignation and resentment amongst the public of the Province.

وزیر تعلیم - (میاں محمد یسین خان وٹو) - جناب والا - جہاں تک تحریک التوا کے مقصد کا تعلق ہے - کہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے illegal اور Unlawful طریقہ اختیار کیا ہے یہ درست نہیں اور یہ کہ کنونشن مسلم لیگ کو اجازت دی گئی میں اصلاح اور اطلاع کے طور پر عرض کروں گا کہ یہ درست ہے - کونسل مسلم لیگ کے صاحبان نے باقاعدہ درخواست نہیں دی تھی اور پاکستان مسلم لیگ نے اس سے پیشتر یعنی ۲۳ تاریخ سے دو دن پہلے لاؤڈ سپیکر کے استعمال کے لئے درخواست دی تھی - سو ان کو اجازت دے دی گئی - چونکہ کونسل مسلم لیگ نے بر وقت درخواست نہیں دی تھی اس لئے ان کو اجازت نہ دی جا سکی - اور اس طرح کوئی discrimination نہیں ہوئی - نہ کوئی اور ایسی چیز ہے -

Mr. Speaker : So far as the decisions are concerned they are discriminatory.

وزیر تعلیم - میں اتنا عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ کونسل مسلم لیگ نے بر وقت درخواست نہیں دی تھی بلکہ عین وقت پر درخواست دی تھی مگر اجازت نہ مل سکی -

خواجہ محمد صفدر - اس ضمن میں میں جو پہلی چیز عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جس جماعت کو لاؤڈ سپیکر کی اجازت نہیں دی گئی اس کا جلسہ ۲۲ تاریخ کو منعقد ہونا تھا اور جس جماعت کو اجازت دی گئی ہے اس کا جلسہ ۲۲ تاریخ کو تھا - اگر دونوں جماعتوں کو اجازت دے دی جاتی - تو پاکستان کے کسی تقریبات میں دونوں حصہ لے سکتے - وہ اپنی جگہہ پر بنا لیتے اور وہ اپنی جگہہ پر بنا لیتے - اب انکار کرنے سے discrimination پیدا ہو گئی ہے - سرکاری افسران نے بر سر اقتدار پارٹی کی جماعت یعنی کنونشن مسلم لیگ کو اجازت دے کر اور دوسری جماعت کو انکار کر کے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا ہے -

Mr. Speaker : I hold the motion in order.

Those members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

(As less than 25 members rose, leave to move the motion was refused)

وزیر تعلیم - جناب والا - وقت زیادہ ہو چکا ہے اس لئے میں گزارش کروں گا کہ اسمبلی کا اصل کام شروع کیا جائے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - یوں تو کتنی تحریکات التوا ہیں لیکن ایک تحریک التوا نہایت اہم ہے وہ علامہ رحمت اللہ ارشد - راؤ صاحب وزیر سعدی صاحب کی طرف سے بھی پیش ہو رہی ہے - اور اب تک اس کے متعلق بے شمار تار موصول ہو چکے ہیں - وہ یہ ہے کہ سکھر میں ایسٹ میلہ لگایا جا رہا ہے جس میں نمائشی کا سلسلہ جاری ہوگا - اس لئے اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ اس کے متعلق فوری اقدام کیا جائے -

Mr Speaker : Yes we may take it up.

اور کسی صاحب نے بھی اس کا نوٹس دیا ہے -

راؤ خورشید علی خان - صاحب میں نے بھی نوٹس دیا ہے -

DISPLAY OF NAKEDNESS AND MORAL DEPRAVITY IN THE PROGRAMME OF AGRICULTURAL AND INDUSTRIAL EXHIBITION AT SUKKUR

Mr Speaker : Next motion is from Allama Rehmat Ullah Arshad. The member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment caused among the public in general and the protests lodged by the faith-loving public, members of basic democracies, ulamas and the champions of Eastern culture in particular of the inclusion of the two-days musical programme such as a programme of displays of nakedness and moral depravity besides the items of singing and dancing, in the Agricultural and Industrial Exhibition being held under the auspices of the District Council, Sukkur.

Motions on the same subject are also sought to be moved by Amir Habib-Ullah Khan Saadi and Rao Khurshid Ali Khan. These three motions will be taken up together.

Rao Khurshid Ali Khan : Sir, A similar programme last year was arranged by the same authorities and attention of this August House was focussed on the baneful effects that were apprehended, with the resultant changes in the said programme in consonance with the wishes of the general public.

Mr. Speaker : The member is anticipating that there would be dances.

راؤ خورشید علی خان - جناب والا یہ اخبار آئے ہیں - یہ ۳۷ علمائے کرام وکیل اور ڈاکٹروں کی طرف سے ہیں -

مسٹر سپیکر - راؤ صاحب کیا اس پروگرام میں وہ چیزیں جو آپ نے ایڈجورنمنٹ موشن میں فرمائی ہیں درج ہیں یعنی عریانی اور رقص بازی -

وزیر تعلیم - (میاں محمد یحییٰ خان وٹو) - جناب والا - متعلقہ وزیر صاحب کی طبیعت ناساز ہے اور واقعات ascertain کرنا ہیں مجھ کو موشن مل گیا تھا -

خواجہ محمد صفدر - یہ جناب ۲۸ اور ۲۹ تاریخ کو مقرر ہے -

Mr. Speaker: This is now in their notice.

وزیر تعلیم - ابھی یہ چیز میرے نوٹس میں آئی ہے میں معلوم کرتا ہوں اور پھر ایوان کو اطلاع کروں گا -

Mr. Speaker: He will inform us about the action proposed to be taken.

خواجہ محمد صفدر - اس سلسلے میں واقعات معلوم کرنے کے بعد اگر واقعات قابل اعتراض ہوئے تو آپ کیا ایس action لیں گے -

وزیر تعلیم - واقعات ascertain کرنے کے بعد جو کچھ مناسب ہوگا وہ کیا جائے گا -

مسٹر سپیکر - علامہ صاحب - - - - - - -

علامہ رحمت اللہ ارشد - واقعات کی معقولیت کے بغیر تو کچھ نہیں ہو سکتا - لوگوں کے جناب احتجاج کی حالت یہ ہے کہ یہ ۱۲۶ تار ہیں جو مجھے کل موصول ہوئے ہیں اس کے علاوہ یہ اشتہار ہیں جنہیں علماء - خطیب اور بنیادی جمہوریتوں کے ممبر اور سب پارٹیوں کے ممبران اس پر احتجاج کر رہے ہیں - اگر یہ اس بات کا یقین دلا دیں کہ واقعات اخلاق باختہ ہیں اور آئندہ اس قسم کے واقعات کی اجازت نہیں دی جائے گی تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے - جناب کل چھٹی ہے - پرسوں چھٹی ہے ہم اب ۳۰ کو مل رہے ہیں تو اس کا مقصد فوت ہو جائے گا -

مسٹر سپیکر - خواجہ صاحب ان کے نوٹس میں لے آئے ہیں اور ان کے اور میرے نوٹس میں آ چکا ہے یہ معاملہ اور gravity of the situation بھی ان کے نوٹس میں آچکی ہے تاوقتیکہ یہ واقعات کا پتہ نہ کریں

I think the Minister is not in a position to reply to the motions.

اس لئے ہیں اور کوئی چارہ ہی نہیں ہے کہ اس کو ۳۰ تک کے لئے differ کیا جائے - اور in the meantime اگر یہ واقعات ان کے نوٹس میں لانا چاہیں گے تو لے آئیں گے -

راؤ خورشید علی خان - جناب میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اس امر کی طرف کہ پچھلے سال بھی اس قسم کا ایک ایڈجورنمنٹ موشن آیا تھا اور یقین دلایا گیا تھا کہ آئندہ اس قسم کی حرکات نہیں ہوں گی اور پھر اس کو repeat کیا جا رہا ہے -

وزیر تعلیم - جناب والا میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے میں عرض
کرتا ہوں کہ جب تک واقعات ascertain نہ ہو جائیں میں کیسے کوئی
guarantee دے سکتا ہوں -

Mr. Speaker : This will be taken up on the 30th.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEE REPORT

Mr. Speaker : Now Raja Nadir Khan to move his motion.

Raja Nadir Khan : Sir, I beg to move-

That the time for the presentation of Report of the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan Memorial Cess Bill 1964, Bill No. 20 of 1964, be extended upto 6th of April 1964.

راجہ نورشید علی خان - جناب والا ایک ایڈجورنمنٹ موشن کا میں نے نوٹس دیا ہوا ہے جس میں ۲۸ تاریخ مقرر ہے - اور وہ بڑا ہی serious nature کا معاملہ ہے -

مسٹر سپیکر - ۲۸ تاریخ کو کس کا ہے ؟

راجہ نورشید علی خان - ۲۸ تاریخ کو اس کا payment illegal ہے -

Mr. Speaker : We are now on the next item. The member should have stood up earlier.

Now the question is-

That the time for the presentation of Report of the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan Memorial Cess Bill 1964, Bill No. 20 of 1964, be extended upto 6th of April 1964.

The motion was carried

BILLS

THE CANAL AND DRAINAGE (EXTENSION) 1963

(resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion moved by the Minister of Agriculture that the canal and Drainage (Extension) Bill 1963 as introduced, be taken into consideration at once. Khawaja Muhammad Safdar was making a speech in respect of his amendment to the motion, when the House rose for the day yesterday.

Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر - (سیالکوٹ ۱) - جناب والا - میں کل اس معزز ایوان کے سامنے آپ کی وساطت سے یہ گزارشات پیش کر رہا تھا کہ اس بل کے نفاذ کے ساتھ مجھے خطرہ ہے کہ گوناگوں مشکلات پیدا ہو جائیں گی - جیسا کہ جناب والا ملاحظہ فرمائیں کہ اسٹیٹ منٹ آف Object and reasons میں تین چیزیں دی گئی ہیں اس بل کی غرض و غایت کی حیثیت سے - پہلا مقصد اس بل کو اس ایوان کے سامنے پیش کرنے کا یہ بتایا گیا ہے کہ جن زمینداروں کو قدرتی ندی نالوں سے اپنی اراضیات کو آبپاشی کرنے کا حق حاصل ہے ان کے حقوق کو ان سے چھیننے یا لینے کے لئے گورنمنٹ کے پاس قانونی جواز ہونا چاہیئے اس سلسلے میں میری گزارش یہ ہے کہ اس وقت یہ علاقہ جسے سابق بلوچستان کہا جاتا ہے سیاسی طور پر نہایت نازک دور سے گذر رہا ہے وہاں حد درجہ بے چینی اور بد دلی پائی جاتی ہے اگر ہم نے ایسے اقدامات سے جن سے صدیوں پرانے حقوق کو زبردستی قانون کی رو سے ان باشندوں سے چھیننے کی کوشش کی تو نہایت بد دلی بے چینی اور نفرت بڑھے گی - اب آج ہی اس ایوان میں ایک ایڈجورنمنٹ موشن کے ذریعہ اس بات کی طرف حکومت کی توجہ دلائی گئی ہے کہ اس علاقہ کے ایم - این - اے - اور ایم - پی - اے - جیل میں ہیں تو ان سیاسی unrest سے اور خطرہ نہ بڑھ جائے اس لئے میں جناب وزیر صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں اگرچہ وہ یہاں تشریف نہیں رکھتے ہیں لیکن یہ انہیں سے کہا جا رہا ہے اور میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ قانون کے ذریعہ بد امنی اور بے چینی میں آپ اضافہ نہ کریں موجودہ حالت میں ان پر کوئی پابندی نہیں ہے - دوسری چیز جو statement of objects and reasons میں یہ دی گئی ہے کہ ان حقوق کو جو ان زمینداروں سے حاصل کئے جائیں گے ان کا معاوضہ مقرر کر دیں گے - بڑی اچھی بات ہے - کہ اگر کسی شخص سے اس کا حق لینا ہو - یا وصول کرنا ہو - تو اس کے عوض اس کو معاوضہ دیا جائے - لیکن آپ کی توجہ میں ان واقعات کی طرف دلاتا ہوں - جو آج بلوچستان میں ہو رہے ہیں - ان واقعات کے پیش نظر اگر آپ نے معاوضہ ادا کرتے وقت فراخدلی سے کام نہ لیا - تو اس کے نتائج خراب ہوں گے - آپ کو یاد ہوگا - کہ پچھلے سال اس ایوان میں ایک تحریک التوا کے ذریعے اس حکومت کی توجہ اس واقعہ کی طرف دلائی گئی تھی - کہ ایک چشمہ مری قبائل کے علاقہ میں ہے - اس پر اس قبیلہ کے لوگوں میں اور اس آبادی میں جن میں پٹھان اور مری قبائل دونوں شامل تھے - اور وہ اس چشمے سے پانی حاصل کرتے تھے - گورنمنٹ ان سے زیادہ پانی حاصل کرنا چاہتی تھی - اس لئے وہاں اس بات پر جھگڑا ہوا - اور نوبت اس حد تک پہنچی - کہ مقدمات بنائے گئے - کیا کچھ ہوا - اور کیا کچھ نہیں ہوا - تو میں یہ عرض کرتا ہوں - کہ آپ ان کے حقوق لے رہے ہیں - وہ شاید آج سے پچاس سال بعد یہ سوچیں - کہ ہمارے لئے یہ بہتر ہوا ہے - لیکن آج وہ نہیں سوچیں گے - بلکہ یہ کہیں گے - کہ ہمارے باپ دادا کے حقوق ہم سے چھینے جا رہے ہیں - اس لئے ان کی تالیف قلب کے لئے ان کو زیادہ سے زیادہ معاوضہ دیا جائے -

اور ناپ تول کی ضرورت میں پڑنے کو ذرا نظر انداز کر دیا جائے - ابھی ملک صاحب نے اس علاقے کے متعلق فرمایا تھا - کہ ہم وہاں روپیہ صرف کر رہے ہیں - حالانکہ وہاں سے فائدہ نہیں ہوتا ہے - جیسا کہ بیس نیس فیصد دوسرے منصوبوں سے ہوتا ہے - اس قسم کے جذبات دل میں رکھتے ہوئے جب آپ ان ندی نالوں کو ان زمینداروں سے حاصل کریں - تو آپ انہیں ان کا زیادہ سے زیادہ معاوضہ دیں - تاکہ تالیف قلب بھی ہو - اور کسی قسم کا انتشار بھی پیدا نہ ہو -

تیسرا مقصد جو اس بل کو پیش کرنے میں کارفرما بیان کیا گیا ہے - وہ یہ ہے - کہ وہاں آبیانہ مقرر کیا جائے گا - جناب والا میں آپ کو یاد دلاؤں - کہ یہ وہ علاقہ ہے - کہ جہاں ابھی تک بندوبست نہیں ہوا - اور آپ بخوبی جانتے ہیں - کہ اس وقت بعض علاقوں میں بندوبست شروع ہوا ہے - اور آپ کو یہ بھی علم ہے - کہ جہاں بندوبست نہ ہوا ہو - وہاں آبیانہ تو کجا - مالیہ بھی وصول نہیں کیا جاتا - کیونکہ یہ تو پتہ ہی نہیں ہوتا - کہ یہ زمین کس کی ہے - کس کی نہیں ہے - کتنی ہے - ہاں - بندوبست ہو جائے - تو پھر مالیہ کی شرح مقرر کی جاتی ہے - اور ملکیت بھی مقرر کی جاتی ہے - کہ فلاں زمین فلاں شخص کی ہے - اور زمین اس قسم کی ہے - اور اس کا مالیہ اس قدر ہونا چاہیئے - تو جس علاقے میں بنیادی ٹیکس - مالیہ ہی وصول نہیں کیا جا رہا - - - - - - - - - - -

وزیر مال - (خان پیر محمد خان) - وصول کیا جا رہا ہے -

خواجہ محمد صفدر - میں عرض کرتا ہوں - کہ بعض علاقوں سے آپ وصول کر رہے ہیں - لیکن آپ اس سے انکار نہیں کر سکتے ہیں - کہ بندوبست کا کام ابھی آپ نے پچھلے سال سے شروع کیا ہے -

وزیر مال - ٹھیک ہے - لیکن مالیہ تو وصول کیا جا رہا ہے -

خواجہ محمد صفدر - اس بندوبست کے بعد باقاعدہ طور پر وہاں سے مالیہ وغیرہ وصول کیا جائے گا - اور دوسرے ٹیکس بھی آہستہ آہستہ جوں جوں وہ ترقی کریں گے - وہ ٹیکس ادا کریں گے - تو میری غرض یہ ہے - کہ اگر ہو سکے - تو چند سالوں کے لئے وہاں آبیانہ کی شرح مقرر نہ کی جائے - کیونکہ وہ پسماندہ علاقہ ہے - ہم جب اسے پسماندہ تسلیم کرتے ہیں - تو اس کو کچھ نہ کچھ زیادہ سے زیادہ مراعات دی جائیں - ان کی تالیف قلب کی جائے - اگر ممکن ہو سکے - تو زیادہ سے زیادہ مراعات دی جائیں - حالانکہ اس بل کے ذریعہ حکومت کو اختیار نہ کیا جائے - اور قبل سے قبل آبیانہ مقرر کیا جائے - تو بہتر ہوگا - کیونکہ آپ وہاں بڑے بڑے بند اور نہریں تو تعمیر نہیں کر

رہے ہیں - جو چشمے اور قدرتی ندی نالے ہیں - اس پر روپیہ صرف کرنا ہے - اور ان پر کچھ زیادہ روپیہ تو آپ صرف ہی نہیں کر رہے ہیں - اس سے میں یہ سمجھتا ہوں - کہ میری یہ درخواست کہ ان سے چند سالوں کے لئے مالیہ وصول نہ کیا جائے - یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے - کہ اس پر غور نہ کیا جا سکے - اس لئے میں ان گزارشات کے ساتھ جناب وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا - کہ وہاں کے لوگوں کے تاثرات معلوم کرنے کے لئے میرا یہ مطالبہ ہے - میری یہ تجویز ہے - کہ اس بل کو منتشر کیا جائے -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - (لائلپور ۷) - صاحب صدر - میں آپ کی وساطت سے مختصراً صرف یہ گزارش کروں گا - کہ final ...d o...ile...ea) کے لفظ کی جو توسیع کی جارہی ہے - اس لحاظ سے تو میں اسے خوش آمدید کہتا ہوں - کہ یہ ان علاقوں کو زیادہ ترقی دینے کے لئے ایک حد ہو سکتا ہے - بشرطیکہ اس کے نفاذ میں اور اس کے عمل میں اور تفصیلات میں ان باتوں کو ملحوظ رکھا جائے - جو ابھی ابھی خواجہ صاحب نے بیان کی ہیں - میں وزیر صاحب کی توجہ ایک ضروری بات کی طرف دلاتا ہوں - کہ وہاں پہلے سے ہی لوگوں کے بہت سے حقوق قائم ہیں - اور ان کا سب سے نمایاں حصہ ہے - وہ "کاریزے" ہیں - ہمیں اندیشہ ہے - کہ حکومت کا جو طریق کار اس وقت اس صوبے میں چل رہا ہے - اور خصوصاً سبی بلوچستان کے علاقے میں اور کوئٹہ اور قلات کے ڈویژنوں میں معاملات کو سلجھانے کی بجائے انتہائی طور پر تعقد اور سختی سے ان لوگوں کو منوانے کی کوشش کی جا رہی ہے -

Mr. te o Ag cul re (Malik Qadir Bakhsh, : Is there an re evancy?

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جی ہاں - بالکل relevent ہے - میں کاریزوں کی طرف آپ کی توجہ دلا رہا ہوں - مجھے یہ اندیشہ ہے - کہ آپ اسی جانبداری سے کام لیں گے - جو یہاں لے رہے ہیں - میں یہ گزارش کرونگا - کہ وہ کاریزے جو وہاں مجبوری سے چل رہے ہیں - اور میرا خیال ہے - کہ موجودہ دور میں انجینیرنگ کا کوئی کارنامہ ان کاریزوں کا جواب پیدا نہیں کر سکتا -

وزیر آبپاشی - ہم ان پر یہ حاوی نہیں کر رہے ہیں -

امیر حبیب اللہ خان سعدی - مجھے اپنے خرچات تو بیان کرنے دیں -

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ - ۱) - جناب صدر ۔ اس وقت یہ معاملہ جہاں تک میں سمجھتا ہوں واحد خواجہ صفدر صاحب کا نہیں ۔ محض آپوزیشن کے چند ممبران کا نہیں بلکہ ہاؤس کے ۱۵۵ ممبران کا ہے میں اس کو یہی نہیں سمجھتا کہ ۱۵۵ ممبران کا ہے بلکہ اگر آپ خیال فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس ۱۵۵ ممبران کے پونے پانچ کروڑ کی آبادی کا ہے جن کے یہ نمائندے ہیں ۔ یہ معاملہ اس ہاؤس کے وقار کے ساتھ ہی نہیں بلکہ یہ پونے پانچ کروڑ افراد کا ہے جو اس ملک کے حکمران ہیں ۔ اگر اس ملک کے ان ۱۵۵ ممبران کا احترام نہیں ۔ کوئی وقار نہیں ۔ کوئی عزت نہیں ۔ کوئی توقیر نہیں تو سمجھا یہ جائیگا کہ پونے پانچ کروڑ آبادی جو اس ملک کی حکمران ہے اس کی قطعاً کوئی عزت اور وقار نہیں ہے ۔ میں یہ توقع کرتا ہوں کہ جس طرح سے اس جانب سے یہ موشن پیش کی گئی ہے وہ اس سپرٹ میں پیش کی گئی ہے کہ یہ توہین ایک شخص کی نہیں بلکہ سارے ہاؤس کی ہے اور اس ہاؤس کے ذریعے سارے صوبے کی ۔ اس سپرٹ کو دیکھا جائے اس جانب سے نہیں بلکہ اس جانب سے بھی ۔ بلکہ میں تو یہ بھی توقع کرتا ہوں کہ جب بھی کبھی ہاؤس کے پرولیج کا سوال آئے تو میں آپ کو بھی اس میں شامل کرتا ہوں ۔ آپ پہلے شخص ہوں جو اس سلسلے میں توجہ فرمائیں میں اپنے ساتھیوں کے سامنے ایک مثال پیش کرنی چاہتا ہوں کہ ہاؤس کے وقار کو کس طرح سے قائم رکھا جاتا ہے کس طرح ممبران اس کے

لئے تڑپتے ھیں ۔ اور Jealous ھوتے ھیں کہ ھاؤس کے وقار کو کبھی ٹھیس نہ پہنچے ۔ حال ھی میں جناب یو پی کی اسمبلی نے محسوس کیا کہ کسی ایک فرد واحد نے اسمبلی کی توھین کی ھے ان کو ان کے سامنے لا کر پیش کیا اور سات سال اس کو قید کا حکم دیا گیا اس کے بعد اس ملزم نے اس حکم کے خلاف اپیل کی ۔ ھائی کورٹ کے دو ججوں کی ڈویژن بینچ نے اس حکم کو معطل کر دیا اور اس کے خلاف stay آرڈر جاری کر دیا ۔ اسمبلی نے اس وقت توھین محسوس کی اور غور و خوض کے بعد ماسوائے چند اشخاص کے باقی سارے ھاؤس نے .Including the Govt side حکم جاری کیا کہ ججوں کو گرفتار کر کے ھاؤس میں پیش کیا جائےکیونکہ ھاؤس کا وقار ججوں عدالتوں وغیرہ سے بالا تر ھے ۔ تو ھاؤس پانچ کروڑ کا نمائندہ ھے ۔

وہ sovereign ھے ۔ اگر اس ھاؤس کا وقار نہیں تو یہ نہ ھائی کورٹ کا وقار ھے نہ سپریم کورٹ کا وقار ھے ۔ اس کے بعد ایک انتہائی درجہ کا Judicial and constitutional crisis ھندوستان میں اسی وجہ سے موجود ھے یو پی کی اسمبلی کے وقار کو قائم رکھنے کے لیے دو ھائی کورٹ کے ججوں کے خلاف وارنٹ گرفتاری جاری کر دئیے ھیں ۔ اس سلسلے میں جناب سوال یہ پیدا ھوتا ھے کہ کیا چٹھیاں جاری ھوئیں ۔ خواجہ صاحب نے ایک چٹھی کا حوالہ دیا ۔ دوسری کا ذکر فرمایا ھے ھمیں معلوم ھوا ادھر سے تردید ھوئی کچھ پہلے آپوزیشن کے متعلق کچھ کہا گیا تھا وہ بھی دراصل عام دیہاتی الفاظ میں ۔ ۔ ۔ ۔ ” دھئیے نی توں گل سن بھوئے نی توں کن کر ،، وہ بھی آپ کے متعلق ھی تھا کیونکہ آپوزیشن اس ھاؤس کا اتنا ھی اھم حصہ ھے جتنی کہ گورنمنٹ سائیڈ ۔ اس کے بغیر یہ

سائیڈ نہیں چل سکتی ۔ اس سائیڈ کے بغیر ملک نہیں چل سکتا ۔ تو اگر ارادتاً گورنمنٹ نے Malign کیا ہے ۔ Libel کیا ہے اس ہاؤس کے اس حصہ کو تو قیاس یہ کیا جائیگا کہ سارے ہاؤس کو Defame کیا گیا ہے ۔ چٹھی نمبر ۲ غالباً ہاؤس کے بیشتر اصحاب کو معلوم ہو گی تمام ممبران کی شان کے خلاف جاری کی گئی ہے ۔ اور گشتی چٹھی آپوزیشن کے لفظ کو نکال کر تمام ہاؤس کے ممبران کی نسبت ہے کہ اگر یہ لوگ ناجائز کام کروانے کے لئے آتے ہیں اور سوالات وغیرہ کی دھمکی دیتے ہیں تو ان کے خلاف ہمارے پاس رپورٹ کرو ۔ جہاں تک جناب عالی ۔ ہمارا ان کے پاس جانے کا تعلق ہے جیسا کہ ہمارا یہاں بیٹھ کر عوام کے نمائندے ہونے کی حیثیت سے ہمارا یہ حق ہے کہ ہم قانون بنائیں اور ایگزیکٹو سے سوالات پوچھیں ایڈمینسٹریشن کے متعلق اسی طرح سے ہمیں یہ بھی حق حاصل ہے کہ ہم جا کر پوچھیں ضلع کے ڈی سی سے کہ سیلاب کے معاملے میں تمہاری ایڈمنسٹریشن کوتاہی کر رہی ہے تم کیا کر رہے ہو ۔ غلے کی سپلائی کے متعلق تمہارا محکمہ خوراک کام نہیں کر رہا اس کے متعلق توجہ دو ۔ رشوت کے متعلق تم خود توجہ نہیں دے رہے ۔ تمہارے پٹواری اورکانوگو کیا کر رہے ہیں ۔ یہ ہمارا حق ہے کہ اگر ہم اپنی آبادی کے لیے ایگزیکیوٹو کے پاس جا کر یہ بات بھی نہیں پوچھ سکتے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم اپنے فرائض سے کوتاہی کرتے ہیں اور اس ہاؤس کو اپنے اختیارات پر قائم رکھنے کے لیے ہر کچھ وہ کرنا چاہیے جیسا کہ ہماری یو پی اسمبلی کر چکی ہے ۔ ایک بات جناب توہین کے بارے میں ہے وہ یہ کہ توہین اس پارٹی کی کارروائی کی کی گئی ہے اس پارٹی کو اس سٹینڈنگ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ عدالتوں کے اختیار استعمال کرے اور ہر شخص کو اپنے

سامنے طلب کرے اور دستاویزات کو طلب کرے اور ان پر اپنی Findings پیش کرے - یہ پارٹی کیا ہے یہ گروپ کیا ہے ؟ ایک نامزدہ ادارہ ہے جس کی آئینی حیثیت ہے ایک عدالت ہے پر وقار - وہ مگر با اختیار عدالت ہے - وہ ہر شخص کو Including the highest magistrate طلب کر سکتی ہے - دستاویزات طلب کرنے کے لیے طلب کر سکتی ہے - دوسری توہین ہماری اس سلسلے میں کی گئی ہے کہ ان دستاویزات کو جو سرکولرلیٹر کے ذریعے نائب تحصیلداران کی میز پر موجود ہیں جن کی نقلیں کانوگو اور پٹواریوں کے پاس موجود ہیں اور جو اخبارات میں شائع ہو گئی ہیں ان کو اس ہاؤس سے مخفی رکھا گیا اور یہ کہا گیا ہے کہ یہ نہیں بتایا جائیگا - تو میں اس ہاؤس کی دوبارہ توہین سمجھتا ہوں۔ اس لیے میں گورنمنٹ سے مدد نہیں مانگتا کہ وہ ایگزیکیوٹو کو لکھ کر بھیجیں کہ وہ ہمارا خاص احترام کریں جیسا کہ انہوں نے بی ڈی کے متعلق بھیجا ہے کہ Courtesy Show کی جائے - اور ان کی باتیں توجہ اور احترام سے سنی جائیں - میں یہ بھی نہیں چاہتا ہوں لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ یہ کیا ستم ظریفی ہے کہ سرکولرلیٹر بھیجے جائیں کہ یہاں لوگ ت کریں تو خلاف قاعدہ ہے ان کی ہمارے پاس آ کر رپورٹ کرو - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ ننگی اور سخت توہین اس ہاؤس کی نہیں ہو سکتی - میں ہاؤس سے استدعا کرتا ہوں اور یہ بھی گذارش کر دوں کہ اگر کوئی چیز یہاں منظور ہوتی ہے تو آپ کی ہوگی اگر نامنظور ہوتی ہے تو بھی آپ کی ہو گی - ہم ۱۰/۱۲ میں کسی چیز کو پاس نہیں کر سکتے - اگر ہم کسی چیز کو فیل کرنا چاہتے ہیں تو فیل نہیں کر سکتے - اگر یہ تحریک کامیاب ہوئی اور اس ہاؤس کا بول بالا ہوا تو سہرا آپ کے سر پر ہو گا - اگر ہمیں ٹھیس لگی تو اس

کی ذمہ داری آپ پر ہوگی - میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ مسٹر سپیکر کے توسل سے کہ آپ اس طرح سے سوچیں جس طرح کہ اور ملک کی اسمبلیاں سوچتی ہیں اپنے ملک کے متعلق -

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاول پور - ۲) - جناب صدر - جناب خواجہ صفدر صاحب نے جو کچھ تفصیل کے ساتھ ارشاد فرمایا ہے ان ارشادات کے بعد میں عرض نہیں کرنا چاہتا - میں آپ کے توسل سے ایک اور خط اس ہاؤس میں پیش کرنا چاہتا ہوں تاکہ معاملہ زیر بحث کی سنگینی تمام ہاؤس پر آپ کے توسل سے واضح ہو - یہ جناب چٹھی ہے ٹاپ سیکرٹ ڈی او ایس بی ڈی ۶۳-۱۵۰۴ گورنمنٹ آف ویسٹ پاکستان بی ڈی و لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے لاہور مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۹۶۳ء . . .

TOP PRIORITY

D.O.No. S.B.D.1504-63-Government of West Pakistan, Basic Democracies and Local Government.

Dated Lahore 20th December 1963.

Dear Commissioner,

I have been directed to convey to you the desire of the President that officials of all Departments should be advised to treat B.D. Members with courtesy and give them a polite and patient hearing whenever they contact them or approach them with their problems. It will be appreciated if the desire of the President is carried out in letter and spirit.

All Commissioners of Divisions in West Pakistan by name.

اب گذارش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان لوگوں کا جن کی نمائیندگی کا طول و عرض ۳۰۰/۲۰۰ کا حلقہ انتخاب ہے ایک طرف تو ان کے لئے اعزاز اور Privileges موجود ہیں کہ جب وہ کسی افسر کے پاس جائیں تو انہیں Patient Hearing دی جائے اس کے ساتھ سلوک بھی کیا جائے اور چائے بھی پیش کی جائے - دوسری طرف وہ لوگ جو ۳۶/۳۶ یونین

کونسلوں کے نمائیندے ھیں اور ان کو ان کی نمائیندگی کا عرق کہنا چاھئیے ان کے متعلق یہ حکم ھوتا ھے کہ جب وہ کسی افسر کے پاس جائیں تو ان کی رپورٹ کی جائے ۔

اور جو کچھ اس سلسلہ میں کچھ ممبروں کے ساتھ ھوا ھے ، حاجی گل حسن منگھی صاحب یہاں ھوتے اور سناتے اس روداد کو تو زیادہ بہتر اور زیادہ دلچسپ ھوتا ۔ میں صرف ھر معاملہ کی سنگینی کو اس ھاؤس پر ظاھر کرنے کے لیے بتاتا ھوں کہ ایک طرف ان کے متعلق یہ احکام ھیں اور ھمارے متعلق یہ احکام ھیں ۔

بیگم جہان آرا شاھنواز (لاھور ۔ ملتان ڈویژن) ۔ صدر محترم ۔ جس وقت یہ رپورٹ میرے پاس آئی تو میں آپ کو سچ بتاتی ھوں کہ نہ اس گشتی چٹھی کو پہلے اخبارات میں مطالعہ کرنے سے مجھے اتنا رنج ھوا تھا ، نہ اور کئی ایسی چیزیں جو دل کو ٹھیس لگاتی ھیں ، ان سے مجھے اتنا رنج ھوا جتنا اس رپورٹ کو پڑھ کر ھوا ۔ اور اس کی وجہ یہ ھے کہ محترم اگرچہ میں جانتی ھوں کہ بدقسمتی سے صدریہ نظام کا یہ عشر عشیر بھی ھم کو نہیں ملا مگر میں ایک منٹ کے لئے بھی یہ ماننے کو تیار نہیں تھی ۔ میری سوچ اور سمجھ میں ھی نہیں آ سکتا تھا کہ اگر ایک معمولی سی چٹھی بھی ھماری کوئی کمیٹی ، اس ایوان کی کمیٹی، پارلیمنٹری کمیٹی مانگے گی اور کہے گی کہ اسے ھمارے سامنے رکھا جائے تو اگر کوئی انکار کرے تو کردیا جائے گا۔ صدریہ نظام میں آپ جانتے ھیں کہ arrest ھوسکتے ھیں مگر یہاں وہ آدمی جو کہ گواھی کے لیے کمیٹیوں کے سامنے نہ آئیں ۔ وہ تو کجا رہ گیا ایک گشتی چٹھی کی نقل بھی دینے سے انکار کر دیا گیا ۔ میں آپ کو سچ بتاتی ھوں کہ میری

آنکھوں میں خون کے آنسو اُتر آئے تھے اور میں نے دل میں ہی کہا کہ یہ پارلیمنٹ نہیں ہے ۔ کہدیجئے کہ یہ کمیٹیاں کچھ چیز نہیں ہیں ۔ افسوس ہے کہ وہ کون سا مفاد عامہ تھا جس کی وجہ سے اس کی نقل کمیٹی کے سامنے آ سکتی نہیں تھی ۔ نمبر ایک ۔

دوسرے صدر محترم ۔ اس چٹھی نے جگہ جگہ اتنا انتشار پھیلایا ہے ۔ جس کا آپ کو احساس ہو نہیں سکتا ۔ اسی ذن۔اب میں ضلع کا نام نہیں لوں گی ، افسران کا نام نہیں لونگی اور میں اس وقت ان ممبرصاحبان کا نام نہیں لونگی جو اُس وقت Conventionist Benches پر بیٹھے ہیں کہ ان کی چٹھیاں ایک بورڈ کے پاس آئیں اور گورنمنٹ کے ایک بڑے اعلیٰ آفیشل نے ہنس کر کہا 'ان چٹھیوں کی پرواہ نہ کرو' ۔ (ممبر جو بیٹھے تھے ، ان میں کچھ ہمارے بھی عزیز تھے) 'اُن چٹھیوں کی پروا نہ کرو ۔ ہمارے چیف سیکرٹری صاحب کی چٹھی آ چکی ہے کہ ان چٹھیوں کو بالکل نظر انداز کر دیا کرو'۔ صدر محترم ۔ ہم جانتے ہیں کہ جب تک یہ چٹھی with draw نہ کی گئی ، مفاد عامہ کا سخت نقصان ہوگا اور ہمارا استحقاق تو یہ سمجھئے کہ جا ہی چکا ہے ۔ جب کہ انہوں نے ایک گشتی چٹھی کی کاپی دینے سے بھی انکار کیا ہے ۔

اس لئے صدر محترم ۔ میں یہ عرض کروں گی کہ اس رپورٹ پر ٹھنڈے دل سے غور کرنا چاہئے اور ایوان کے دونوں طرف سے اس کی پوری تائید ہونی چاہئے تا کہ ایوان کا وقار قائم رہے اور ہمارے استحقاق پر مزید زد نہ لگے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی معروضات ختم کرتی ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) - جناب سپیکر - جہاں تک کشتی مراسلہ کا تعلق ہے ، اس کے متعلق آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ اس سے محض اس ایوان کے ممبران کی توہین نہیں ہوئی بلکہ بحثیت سپیکر آپ کی انفرادی توہین بھی اس میں موجود ہے کیونکہ Rules of Procedure جن کے مطابق سوالات ہم آپ کی وساطت سے اس ایوان میں پیش کرتے ہیں ان میں یہ واضح طور پر دیا گیا ہے - میں پڑھ کر سناتا ہوں -

"It shall not refer to the character or conduct of any person except in his official or public capacity nor to the character or conduct which can be challenged only on a substantive motion."

اس لئے سوالات کے ذریعہ کسی شخص کو دھمکی دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - کیونکہ سوالات کرنے کے لئے خاص حدود و قیود مقرر ہیں- اس کے ساتھ ساتھ میں آپ کے سامنے وہ اختیارات جو کہ لازمی طور پر کسی مقننہ کو حاصل ہونے چاہئیں اُن کے بارے میں Sir Mathew Hale کی ایک observation پڑھتا ہوں - وہ فرماتے ہیں :-

"This being the highest and greatest court over which none other can have jurisdiction in the kingdom, if by any means a misgovernment should any way fall upon it, the subjects of this kingdom are left without all manner of remedy."

یہ تو ان اختیارات کے بارے میں ہے جو کہ مقننہ کو حاصل ہونے چاہئیں -اور اس کے ساتھ ساتھ وہ استحقاقات جو کہ ممبران کو لازمی طور پر یا اس ایوان کو مجموعی طور پر حاصل ہونے چاہئیں ، جن کے بغیر وہ اپنے فرائض کو ادا نہیں کر سکتا ، May's Parliamentary Practice ان کے بارے میں یہ بتاتی ہے :-

Mays parliamentary Practice, page 42 :
"They are enjoyed by individual Members, because the House cannot perform its functions without unimpeded use of the services of its Members; and by each House for the protection of its Members and the vindication of its own authority and dignity."

اور اس کے آگے وہ فرماتے ہیں : -

"Each House also claims the right to punish actions, which, while not breaches of any specific privilege, are offences against its authority or dignity, such as disobedience to its legitimate commands or libels upon itself, its officers or its Members.

اور مزید برآں میں مختصراً آپ کی خدمت میں عرض کردوں : -

"Such powers are essential to the authority of every legislature. The functions, privileges and disciplinary powers of a legislative body are thus closely connected. The privileges are the necessary complement of the functions, and the disciplinary powers of the privileges."

جناب سپیکر - آپ کو اچھی طرح سے احساس ہوگا کہ مقننہ کے ممبران کو سوالات پوچھنے کا جو اختیار دیا گیا ہے ، گورنمنٹ کی مشینری کو اچھے طریقے سے چلانے کے لئے اس کو اہم مقام دینا کتنا ضروری ہے -

اور جیسا کہ مجھ سے پہلے ایک دو مقررین نے فرمایا ہے کہ جب ہم نے اس تحریک استحقاق پر غور کرنا شروع کیا تھا ، اس وقت ہمارے سامنے وہ گشتی مراسلہ بھی تھا - لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ ایک بے عزتی کو رفع کرتے کرتے ہمیں دوسری ہتک کو برداشت کرنا پڑا - میں تمام ممبران کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اگر ہمارے اس ہاؤس کو یا اس ہاؤس کی کسی سٹینڈنگ کمیٹی

کو یہ اختیارات یا یہ حق بھی نہ ہو کہ اس قسم کے گشتی مراسلہ کی کاپی ان کو محکمانہ طور پر مہیا کر دی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ بے جان ایوان اور کوئی نہیں ہو سکتا اس معاملہ میں ہمارے اس ایوان کی ، اگر ہم نے کچھ نہ کیا تو ایک منفرد حیثیت ہوگی ۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہم انتہائی گھٹیا ہوں گے لیکن منفرد ضرور ہوں گے ۔ ان معروضات کے پیش نظر . . .

Mr. Speaker : Please withdraw the word 'Ghhatya'.

مسٹر حمزہ ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ گھٹیا ہیں نہیں ۔ گھٹیا ہوں گے ۔ اگر ہم نے . . .

Mr. Speaker : That word should not be used.

مسٹر حمزہ ۔ ہمیں انتہائی ذلیل و خوار کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔

Mr. Speaker : The Member should withdraw that word first.

مسٹر حمزہ ۔ I withdraw Sir. ۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کروں کہ معاملہ یک شد ، نہ دو شد والا ہوگیا ہے ۔ اس لئے میں آپ سے توقع کرتا ہوں کہ آپ اس معاملہ پر بالکل dispassionately غور کرنے کے بعد کوئی فیصلہ کریں گے ۔ یہ محض اس ایوان کا ہی نہیں ، اس ملک کی آبادی کا نہیں ، بلکہ اس ملک میں جو system of Government رائج ہے ، اس کے بارے میں ہم تاریخ بنا رہے ہیں کہ آیا یہ بحیثیت ایک مقننہ کے ، بحیثیت ایک ہاؤس کے ، ایک representative ہاؤس کے اس کے کوئی اختیارات ہیں بھی یا نہیں ۔ اگر ہیں تو ہم عملی طور پر ان کو کس طریقے سے استعمال کرتے ہیں ۔

مسٹر افتخار احمد خان (جھنگ - ۱) - صدر محترم - اس معزز ایوان کے کیا اختیارات ہیں ؟ کیا اس کے فرائض ہیں ؟ اور کتنی اس کی ذمہ داریاں ہیں ؟ اور کتنے اس کے اختیارات ہیں ؟ یہ آج ملک کے طول و عرض میں اور ملک کے طول و عرض میں کیا ، تمام فہمیدہ دنیا میں اور تمام جمہوری دنیا میں ایک موضوع زیر بحث ہے - لیکن ان تمام کوتاہیوں ، ان تمام مجبوریوں اور ان تمام قدغنوں کے باوجود جو اس ایوان کے اختیارات پر لگی ہوئی ہیں ان کے باوجود بھی یہ مسئلہ زیر بحث ہے کہ جتنا کچھ بھی وقار ، جتنی کچھ بھی عزت اس ایوان کی باقی رہ گئی ہے ، اگر اس تحریک پر اس ایوان نے سختی کے ساتھ غور نہ کیا تو یقین کیجئے کہ باقیماندہ پوزیشن بھی ختم ہو جائے گی - تو اس لئے صدر گرامی - یہ خواجہ محمد صفدر - قائد حزب اختلاف کی ذات کا سوال نہیں- یہ ایوان کے اس طرف بیٹھنے والوں کی عزت کا سوال نہیں - یہ ایوان کے تمام ممبران کے وقار کا سوال ہے - ان کی عزت کا سوال ہے - خواہ یہ جائز ہے یا ناجائز - آج بھی قوم - لوگ اور اس ملک میں بسنے والے یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ایوان قوم کا نمائندہ ہے - یہ ایوان قوم کے اختیارات کا مظہر ہے - اور یہ قوم کی عزت کی نشانی ہے - اس لئے اگر آپ اس نشانی اور اس نمائندگی کی jealously حفاظت نہ کریں گے - تو یقین جانیئے کہ آپ اپنی قوم کے ساتھ - آپ اس ملک - اس ایوان اور اپنی ممبری کے ساتھ سخت زیادتی کریں گے - مجھے خوشی اور مسرت ہے کہ پچھلی دفعہ جتنی بار یہ مسئلہ اس ایوان کے سامنے پیش ہوا ہے - جب کہ یہ مسئلہ تمام افراد کا مسئلہ نہیں - مجھے بھائی عبدالرازق خان اور عنایت الرحمان خان عباسی صاحب کی وہ تقریریں یاد ہیں - جس جوش اور جذبے کے

ساتھ محرک نے اس تحریک کو پیش کیا ۔ کیوں نہ اسی جذبے کے ساتھ اس کی تائید کی ۔ مجھے یقین ہے کہ آج بھی ان کے خیالات وہی ہوں گے ۔ ان کا طرز عمل اور رویہ بھی وہی ہوگا۔ اس لیے صدر گرامی۔ یہ مسئلہ اتنا پیچیدہ نہیں ۔ اس کا حل بڑی آسانی سے تلاش کیا جا سکتا تھا ۔ لیکن نوکر شاہی کی غیرت ۔ نوکر شاہی کی ہٹ دھرمی اور نوکر شاہی کی تنگ نظری نے اسے گوارا نہ کیا ۔ کیا اس لیے اس چٹھی کو واپس لے لیا ۔ محرک نے یا اس ایوان نے یہ تحریک تو نہیں کی تھی کہ ان کو قید کر دیا جائے ۔ ایوان نے ان خیالات کا اظہار تو نہیں کیا تھا کہ ان کو برخاست کر دیا جائے۔ ایوان نے یہ تو نہیں کہا تھا کہ ان پر کوئی انکوائری کمیٹی بٹھا دی جائے۔ ہم اور یہ ایوان اس منتخب کمیٹی پر پابندیوں اور اپنے محدود اختیارات سے واقف تھے ۔ ایک چھوٹی سی گذارش تھی کہ بھئی اس چٹھی کو واپس لے لو ۔ لیکن ان کو یہ بھی پسند نہ آئی ۔ چٹھی کی واپسی بھی پسند نہ آئی ۔ ایک مناسب لفظ معذرت بھی ان کو پسند نہ تھا ۔ وہ اسے اپنی موچھ کا سوال بنا کر بیٹھ گئے ۔ اس صورت حال میں میں ایوان سے کہوں گا کہ اگر وہ اسے اپنی موچھ کا سوال بنا رہے ہیں تو آپ قینچی پکڑئیے اور اس موچھ کو کاٹ ڈالیے ۔ (تحسین و آفرین) اس طرف سے آپ ایک کے بعد دوسرے ، دوسرے کے بعد تیسرے اور تیسرے کے بعد چوتھے چلے جائیں گے ۔ آپ کی ممبری ایک سال کے بعد ختم ہو جائے گی ۔ لیکن جو روش اور کمزوری آپ چھوڑ جائیں گے ۔ یاد رکھئے آپ کا ضمیر آپ کو کبھی معاف نہیں کرے گا ۔

صدر گرامی ۔ اب شاید یہ بتانے کی کوشش کی جائے گی کہ یہ چٹھی تو صرف آپوزیشن والوں کے لیے تھی ۔ اور یہ کئی بار باور کرانے کی

کوشش کی گئی ہے کہ یہ چٹھی تو آپوزیشن والوں کا علاج ہے ۔ ہم ہیں کیا ؟ ہماری بساط ہی کیا ہے ۔ ہم تو دس پندرہ یا بیس ہیں ۔ ہم کب کسی افسر کے پاس جاتے ہیں ۔ ہمیں ضرورت ہی کیا ہے کہ ہم افسروں کے پاس جائیں ۔ ہمیں تو معلوم ہے کہ ہم جس کام کے لیے بھی جائیں گے اسے خلاف ہی کرا کے آئیں گے۔ اگر آپ بنظر غائر دیکھیں۔ تو یقین جانیئے کہ اس ایوان کے ۱۵۰ میں سے ۱۳۰ ممبر آپ کے ساتھ ہیں ۔ یہ تو آپ کے اختیارات پر ڈاکہ ہے ۔ آپ کے فرائض کی ادائیگی میں دخل اندازی اور رخنہ اندازی ہے ۔ اس جھوٹے اور لنگڑے عذر پر نہ جائیے ۔ یہ تو آپوزیشن کے لیے لکھا گیا ہے ۔ اور سچ پوچھئے تو ہمیں تو بھئی جانے کی ضرورت ہی نہیں ۔ ہمارے لئے تو جانے کا کوئی مقام ہی نہیں ۔ یہ بھی ایک عجیب بات ہے ۔ یہ بھی اس ایوان کی ہی تاریخ ہے کہ آپوزیشن کے ساتھ یہ رویہ اختیار کیا جاتا ہے ۔ اور یہ رویہ کون اختیار کرتا ہے ۔ یہ وزراء کرتے ہیں ۔ ان کے عمال کرتے ہیں ۔ پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا کرتا تھا جیسے کہ آج ہو رہا ہے ۔

اس لیے صدر گرامی ۔ آپ کی وساطت سے میں اپنے ان دوستوں کی خدمت میں عرض کروں گا جو ادھر بیٹھے ہیں کہ اگر آج آپ اس کی تائید کریں گے تو آپ صرف اپنے فرائض میں کوتاہی نہ کریں گے بلکہ بے پناہ کوتاہی کریں گے ۔

امیر حبیب اللہ خاں سعدی (لائلپور - ۷) ۔ صاحب صدر ۔ جہاں تک اس معزز ایوان کے ارکان کے استحقاق کا تعلق ہے ۔ مجھ سے پہلے دیگر اصحاب بالتفصیل اظہار خیال فرما چکے ہیں ۔ اور میرے خیال میں اس ایوان کا کوئی رکن بھی ایسا نہیں جو اپنے استحقاق اور اپنے فرائض

کو نہ سمجھتا ہو ۔ اس وقت ہمارے سامنے تحریک یہ ہے کہ مجلس قائمہ کی رو داد کو زیرغور لایا جائے ۔ تو میں ایک اور نکتہ نظر سے بھی اس کی تائید کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ سوالات پوچھنے کا جو حق ہے ۔ وہ ہم اسمبلی کے قواعد کے مطابق استعمال کرتے ہیں ۔ اس میں ایک سیدھی سی بات یہ ہے کہ جو سوال بھی ہم اسمبلی کے دفتر میں دیتے ہیں ۔ وہ جناب صدر ۔ آپ پوری تحقیق اور چھان بین کے بعد محکمہ متعلقہ کو بھیجتے ہیں ۔ تو میں اس تحریک کی تائید اس لیے کرتا ہوں کہ چیف سیکریٹری صاحب نے خود یہ آپ کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا ہے ۔ اور اب ان تمام حقوق و فرائض سے بالاتر ہو کر انہوں نے ایک فتویٰ جڑ دیا ہے کہ ان باتوں کے متعلق ہمیں شکایات بھیجیں ۔ تو اس طرح یہ معاملہ انتہائی سنگین ہے ۔ اس لئے میں آپ کے توسل سے اس معزز ایوان سے استدعا کرتا ہوں کہ اسے لازماً زیر غور آنا چاہئے ۔ تاکہ اس پر ایوان کوئی مناسب فیصلہ دے سکے ۔

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری ۔ ۳) جناب والا ۔ اس Privilege Motion پر جب ہم اس نکتہ نظر سے غور کرتے ہیں کہ ممبران کے لیے اپنے فرائض کی ادائیگی میں اس سے کیا مشکلات پیدا ہوتی ہیں ۔ تو اس کی سنگینی اور بھی بڑھ جاتی ہے ۔ ان Circulars سے قبل بھی اضلاع میں جو صورت حال پائی جاتی ہے ۔ وہ یہ ہے کہ اکثر و بیشتر cases میں جب ممبر صاحبان اپنی constituency کے معاملات کے متعلق افسران اور اہلکاران کی طرف رجوع کرتے ہیں ۔ تو ان کو welcome کیا جاتا ہے ۔

اس لئے ان کو اس بات کا علم ہے کہ اگر تمہاری دھاندلیوں کو کوئی چیز expose کر سکتی ہے تو وہ یہی ممبران کا سوالات کرنے کا حق ہے ۔

اگر ان کے راستہ میں کوئی رکاوٹ ڈالی جائے تو وہ بدکردار افسران اور اہل کار یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی دھاندلیاں expose ہونے سے بچ جائیں گی ۔ اور پھر جس طرح چاہیں گے وہ من مانی کارروائی کریں گے ان کی کوئی بازپرس نہیں ہوسکتی ۔ اس لئے ہم اس چیز کے خلاف احتجاج کرنے پر مجبور ہیں کہ جب پہلے ہی افسران اور اہل کار کا رویہ ممبران حضرات کے ساتھ یہ ہے تو افسران بالا کی طرف سے عدم توجہی ہر لحاظ adding to injury کے مترادف ہوگی ۔

اب تک جو cold رویہ رکھتے رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں اور نہ ہی justified ہے ۔ بلکہ اس سے اب وہ زیادہ تذلیل کرنے پر آمادہ ہوں گے ۔ یہ بات انتہائی سنگین ہے ۔ اس ملک میں بہر حال جیسا بھی ہے جمہوری طرز حکومت سے کام ہو رہا ہے جس کا مطلب صاف طور پر یہ ہے کہ اس ملک کی حکومت جمہوری طور پر عوام کے نمائندوں کے ذریعہ سے چلائی جائے گی اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام اختیارات اور حکومت جو اللہ میاں کی طرف سے ایک Sacred Trust ہے اور آئین کے مطابق جو حکومت کے اختیارات ہیں وہ صرف عوام کے نمائندوں کو دئے گئے ہیں ۔ اللہ کی ذات کے بعد حاکمیت کے اختیارات اس ملک کے عوامی منتخب اسمبلیوں کے نمائندگان کو حاصل ہیں ۔ اور جن لوگوں کے پاس حاکمیت کے اختیارات ہیں آئین کی رو سے عوام کے یہی نمائندے ہیں لیکن ان کے ساتھ ذلت کا سلوک کیا جاتا ہے ۔

جناب والا۔ یہ بڑا سنگین معاملہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس پوزیشن میں ہیں کہ عوام کے نمائندوں کے حقوق کی نگہداشت کریں ۔ اور کم از کم اس ذلت آمیز سلوک کو جو معزز ممبران سے روا رکھا جاتا ہے اور پھر ادنیٰ اور اعلیٰ level پر جو حرکتیں کی جا رہی ہیں ان کا سدباب ہونا چاہئے اور اس کے لیے سخت ایکشن لیا جانا چاہئے ۔ تاکہ عوام کے نمائندوں کے جائز حقوق کے متعلق آئندہ ایسی ذلیل حرکتیں کرنے کا حوصلہ نہ ہو ۔

قاضی محمد اعظم عباسی (حیدرآباد ۔۱) ۔ جناب سپیکر ۔ اس وقت ایوان میں سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ پر غور ہو رہا ہے اور آج اس ایوان کو یہ دیکھنا ہے کہ سٹینڈنگ کمیٹی نے جو رپورٹ بھیجی ہے آیا ہم اس سے متفق ہیں یا نہیں ہیں ۔ اب اس سے متفق نہ ہونے کی کوئی وجوہات ہمارے سامنے نظر نہیں آ رہی ہیں ۔ میرے خیال میں یہ پرولیج موشن جو پہلے زیر بحث آچکا ہے سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیجا گیا اور کافی evidence لینے کے بعد رپورٹ پیش کی گئی ہے ۔ اس رپورٹ سے صاف طور پر واضح ہوتا ہے ۔ کہ ہمارے سوالات پوچھنے کے حقوق پر یقیناً ڈاکہ ڈالا گیا ہے اور چیف سیکرٹری صاحب کی چٹھی میں جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں ان سے یقیناً ہمارے ان حقوق کو جو ہمیں ملے ہیں چھیننے کی کوشش کی گئی ہے ۔

آپوزیشن میں سے نوابزادہ صاحب نے جیسا کہ فرمایا ہے کہ صرف ان کا حق نہیں یہ ہمارا حق بھی ہے ۔ میں نوابزادہ صاحب کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم خود کو ان سے الگ نہیں سمجھتے ۔ ہم ایک ہی

سمجھتے ھیں ۔ وہ بھی اس اسمبلی کے ممبر اسی طرح ھیں جس طرح ھم ھیں ۔ ان کو وھی حقوق حاصل ھیں جو ھمیں ھیں ۔ سوالات کی فہرست میں جتنے سوالات آتے ھیں ان میں زیادہ تر ھماری طرف سے آتے ھیں ۔ آپوزیشن کے ممبران کی طرف سے اتنے زیادہ سوالات نہیں ھوتے ۔ در اصل سوالات ھی ایک ایسے ذریعہ ھے جس سے ھم کوئی انفارمیشن حاصل کر سکتے ھیں یا کسی واقعہ کے متعلق حکومت کی توجہ دلا کر اس کو زیر غور لا سکتے ھیں ۔ ھمارا یہ حق جو آئین نے ھمیں دیا ھے اگر اس طرح ھم سے چھینا جائے گا تو پھر ھمارے لئے یہاں رھنا بیکار ھوگا ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد یہ دیکھنا ھے کہ قانونی طور پر جو حق ھمیں ملتا ھے کوئی ھم سے چھین بھی سکتا ھے ۔ میری ناقص عقل میں نہیں آتا اور یہ بات نہیں مان سکتا کہ ایک چٹھی کس طرح ھمارا حق چھین سکتی ھے لیکن اگر ھم اس کو زیادہ دور تک لے جائیں کیونکہ اس چٹھی کے بعد ممبران خیال کریں گے اور سوچیں گے کہ ھم کسی افسر سے کس طرح انفارمیشن لیں کیونکہ یہ نہ ھو کہ وہ افسر ھمارا نام رپورٹ کر دے ۔ اور ھمارے اوپر کوئی ایکشن لیا جائے ۔ تو یہ سوال پوچھنے سے گریز کریں گے ۔ اور اس کے لئے یہ ھوگا کہ ھمارا حق ھمیں نہیں ملےگا ۔ اس کے بعد یہ کہا جاتا ھے کہ یہاں سوال پوچھتے ھیں اور بعد میں تحریک التوا لاتے ھیں ۔ اس وجہ سے کوئی انفارمیشن نہ دی جائے اور ان کے نام رپورٹ کئے جائیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ھوں کہ ھمارے لیڈر صاحب جو اس ھاؤس کے لیڈر ھیں ان کو کافی تجربہ ھے وہ بڑے سیاستدان ھیں اور یہاں بھی ھمارے feelings سے واقف ھیں میں انکی خدمت میں التجا کرتا ھوں کہ کوئی ایسا مناسب طریقہ نکالیں کہ

جو حقوق ہمیں ملے ہیں ان پر کوئی ڈاکہ نہ ڈالا جائے ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ administration بھی ٹھیک طریقہ سے چلتا جائے ۔

صدر محترم ۔ میں آخر میں یہ عرض کرونگا کہ ہم جو عوام کے نمائندے ہیں وہ عوام کے feelings کو زیادہ جانتے ہیں بہ نسبت افسران کے ۔ افسران کی تو یہ حالت ہے کہ سوائے چٹھی بھیجنے کے وہ اپنے کمرے میں بلاتے بھی نہیں ۔ جب نام لکھتے ہیں تب اندر جاتے ہیں ۔ عوام ہم سے مل بھی سکتے ہیں ۔ ہمارے پاس چٹھیاں بھیج سکتے ہیں لکھ بھی سکتے ہیں ۔ اور اپنی تکالیف بیان بھی کر سکتے ہیں ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ اس سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق ہمارے پاس کوئی وجوہات نہیں کہ ہم اس کو reject کریں بلکہ جو رپورٹ ہمارے پاس آئی ہے اس کو بحال کرنا چاہئے ۔

بابو محمد رفیق (لورالائی ۔ ژوب ۔ کوئٹہ) ۔ جناب سپیکر ۔ اس وقت جو مسئلہ زیر بحث ہے وہ یہ ہے کہ اس چٹھی کے ذریعہ آپوزیشن کے ممبران پر اعتراض کیا گیا ہے اور ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ان کے متعلق حتی‌المقدور رپورٹ کی جائے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو بے عزتی آپوزیشن کی گئی ہے میرے خیال میں ہم اور آپوزیشن کوئی دو نہیں ہیں ۔ اس لئے یہ تمام ہاؤس کی بےعزتی کی گئی ہے ۔ اور ہو سکتا ہے کہ کل کچھ ممبران ہمارے بھی آپوزیشن میں چلے جائیں ۔ تو آپ اس سے اندازہ لگائیے کہ ان کی وہاں کیا پوزیشن ہوگی ۔ جہاں تک سوالات پوچھنے کا تعلق ہے میرا خیال ہے اس ہاؤس میں میں اور حاجی صاحب زیادہ سوال کرتے ہیں اگر ان چیزوں کی طرف جائیں گے تو ہم اپنی

constituencies کی صحیح ترجمانی نہیں کرسکیں گے ۔ جیسا کہ مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ بی ڈی کے ممبران کے لئے تحفظ کیا ہے اس کے لئے ہدایات دی جاتی ہیں کہ جب وہ افسران کے پاس جائیں تو ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے ۔ لیکن میں حیران ہوں کہ ان کے نمائندوں کے ساتھ یہ ذلت آمیز سلوک روا رکھنے کے لئے کہا جاتا ہے ۔ میں اس رپورٹ کی پرزور تائید کرتا ہوں اور تمام آپوزیشن کے ممبران کے ساتھ ہوں کہ حکومت اس چٹھی کو واپس لے ۔ اور چیف سیکرٹری کو تنبیہہ کرے کہ آئندہ کے لئے اس قسم کی چٹھیاں نہ لکھی جائیں جن سے اس ایوان کی بے عزتی ہو ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔ جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں چیف سیکرٹری صاحب کے گشتی مراسلے کے متعلق کچھ عرض کروں میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ بحثیت اس ایوان کے میں لیڈر آف دی ہاؤس ہوں اسے بدقسمتی سمجھئیے یا خوش قسمتی میں اکیلا شخص ہوں ہاؤس کے بھی ساتھ ہوں اور گورنمنٹ کے بھی ساتھ ہوں اور اس وقت آپ کے سامنے بحثیت لیڈر آف دی ہاؤس جتنا اس ایوان کا وقار میں بلند کرسکوں میں بلند کرتا ہوں اگر اس ایوان کی ہتک ہوتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ایوان مجھ سے اتفاق کریگا اور آپ کو پتہ ہے کہ جو یہاں present سسٹم رائج ہے کہ executive کا تعلق اس معزز ایوان سے کچھ بھی نہیں ہے یہ ایک executive آرڈر تھا جو کہ strictly individual تھا اور اس خط کے متعلق میں نے خود چیف سیکرٹری صاحب سے پوچھا تو انہوں نے مجھے یقین دلایا کہ ان کا یہ مقصد نہیں تھا کہ ایوان کے کسی بھی رکن کی ہتک ہو لیکن میں نے اس چٹھی کو پڑھا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس کے

unfortunate wordings ہیں۔ میں اس کے پس منظر میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ بہت بحث و تمحیص ہو چکی ہے ۔

میجر سلطان احمد خان ۔ دو کشتیوں میں پھنس گئے شیخ صاحب

وزیر خزانہ ۔ کچھ سمجھ لیجئے ۔ اب میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اس معاملے پر دوبارہ غور کروں گا اور آئندہ پوری کوشش کروں گا کہ ایسا کوئی مراسلہ جس میں ایوان کے معزز اراکین کی ہتک ہو گورنمنٹ جاری نہ کرے ۔ میرے خیال میں اس یقین دھانی کے بعد خواجہ صاحب کو تسلی ہوجائیگی ۔

Mr. Speaker : Does the member press his motion ?

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میری یہ ذاتی بات نہیں ہے میں نے محض اس ایوان کے وقار کو بحال کرنے کیلئے یہ تحریک اس ایوان میں پیش کی تھی اگر مجھے ذاتی طور پر چیف سیکرٹری صاحب نے کچھ کہا ہوتا تو میں اس کا ذکر نہ کرتا کیونکہ ذاتیات کو ذاتیات ہی پر ختم ہو جانا چاہئے یہ اس ایوان کا مسئلہ ہے مجھے خوشی ہے کہ ایک حد تک قائد ایوان نے ہمارے ساتھ اتفاق کیا ہے کہ زبان جو گشتی مراسلے میں استعمال کی گئی ہے وہ نہایت نازیبا اور ناموزوں ہے لیکن میں اس گشتی مراسلے کے اجراء کے خلاف بھی ہوں ۔ اس سے ہمارے ماتحت افسروں کی دو تین باتیں واضح ہوتی ہیں ایک تو یہ presume کرلیا گیا ہے کہ بعض اراکین اس معزز ایوان کے اپنے ذاتی اغراض لیکر افسروں کے پاس جاتے ہیں ۔ یہ آبزیشن سے متعلق ہے ۔ اس کے بعد دوسری چیز جو تسلیم کر لی گئی ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ اس ایوان کے کئی ممبر بددیانت

ہیں بے ایمان ہیں اس کے علاوہ اور کوئی مطلب نکل ہی نہیں سکتا ۔ یہیں تک بس نہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ جب ان بددیانتوں میں سے کوئی تمہارے پاس آئے ہمارے پاس رپورٹ کر دیجائیے ۔ یہ آخر کیا مذاق ہے آخر کوئی sense تو ہونا چاہئے اگر یہ گشتی مراسلہ واپس نہ لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس بددیانت افسر کو کھلی چھٹی ہوگی کہ اگر اس کے خلاف دیانتداری کیساتھ بھی . . .

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Second speech.

Mr. Speaker : Does Khawaja Sahib want to press it or not ?

Khawaja Muhammad Safdar : Certainly I must press it.

وزیر خزانہ ۔ میں اس ایوان کی عزت بہت زیادہ کرتا ہوں میں اس سے زیادہ اور الفاظ کیا کہہ سکتا ہوں۔ میں ہدایت کروں گا کہ آئندہ اس قسم کی چٹھی نہ شائع کی جائے میں یقین دلاتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر ایوان اس کو واپس لینا چاہے تو لے لے ۔ جناب میں کہتا ہوں کہ یہ مراسلہ واپس لیا جائے اگر یہ مراسلہ واپس نہ لیا جائے گا تو اس ایوان کا مسئلہ ہے میں اسکو Press کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : As the motion is still pressed I now put the question.

The question is :

That the report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the privilege motion raised by Khawaja Safdar be taken into consideration at once.

Those in favour may say 'Aye' (*Voices 'Aye'*)

Those against it may say 'No.' (*Voices 'No'*)

I think the Noes have it. (*Voices Ayes have it.*)

Those in favour of the Motion should stand in their seats.

(14 Members stood up)

Those against the motion should stand in their seats.

(26 Members stood up)

The motion is defeated.

Khawaja Muhammad Safdar : What a shame to this house ?

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : **This is unparliamentary he should withdraw.** *(Interruptions)*

Mr. Speaker : **The member should withdraw these words as I have already ruled that the word 'shame' should not be used.** *(Interruptions)*

Khawaja Muhammad Safdar : I withdraw the word 'shame' and say "the most deplorable action of this House".

ADJOURNMENT MOTION

Mr. Speaker: Now we take up adjournment motions. The first motion is by Babu Rafique. He is not present. The motion lapses. Next adjournment motion.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): May I request that we have been busy with these motions for over one hour. If the Leader of the Opposition and the Chair agree with my submission we may proceed with our regular business on the agenda.

خواجه محمد صفدر - اس سلسلے میں میں گذارش کروں گا کہ جناب کو معلوم ہے کہ دو ایک ایڈجرنمنٹ موشن نہایت ضروری ہیں جمعہ کے روز جن کے متعلق کہا گیا تھا - سکھر کی بزم طرب کے لئے جس کے لئے کہا گیا تھا کہ اسکو آج کیلئے ایڈجرن کر دیا جائے -

Mr. Speaker: We may take up that adjournment motion. First of all I would like to inform the House about the adjournment motions regarding which I have withheld my consent.

I withhold my consent to the making of the following motions under Rule 47 of the Rules of Procedure :—

Adjournment Motion No. 329, given notice of by Rao Khurshid Ali Khan, regarding refusal of D. G. Khan Police to restore cyclostyling machine to Abdul Ghani. The matter is neither of recent occurrence nor of public importance.

Adjournment Motion No. 331, given notice of by Rao Khurshid Ali Khan, regarding failure of Government in adopting stern measures for curbing the use of dangerous drugs. It does not relate to a matter of recent occurrence.

Adjournment Motion No. 332, given notice of by Rao Khurshid Ali Khan, regarding illegal prosecution of Mr. Parvez Tahir, under the Press and Publications Ordinance, 1963. The motion does not relate to a matter of recent occurrence. Moreover, the prosecution of a person for an offence is a judicial process.

Adjournment Motion No. 333, given notice of by Syed Zafar Ali Shah, regarding payment of lower prices of sugar-cane to cane-growers by Habib Sugar Mills in comparison to the Fauji Sugar Mills, The notice of this motion has not been given in triplicate. Moreover, the matter is not of recent occurrence and is rather in the continuing process.

Adjournment Motion No. 337, given notice of by Rao Khurshid Ali Khan, regarding high-handedness of the District authorities, Montgomery in arbitrarily demanding the payment of Rs. 779.00 instead of Rs. 528.00 as the half-yearly instalment for the realisation of the value of land allotted to one Mansha of Chak No. 41/14-L : The matter relates to an individual grievance only.

Adjournment Motion No. 338, given notice of by Chaudhri Muhammad Ibrahim, regarding the failure of the Government to control *goondaism* demonstrated on the occasion of the Pakistan Day in Lahore. The matter has lost its urgency.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : There is no quorum Sir.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken.*)

The House is not in quorum, let the bells be rung. (*Quorum bells were rung.*) The House is now in quorum.

Adjournment Motion No. 342, given notice of by Mir Haji Muhammad Bakhsh Talpur, regarding collection of a fee of Rs. 375.00 from zamindars in Sanghar District to publish their biography by a self-styled Government servant Mr. Tahawwar Ali Khan. No responsibility of the Provincial Government is involved. Moreover, the motion is vague. The name of the officer assisting him is not mentioned.

Adjournment Motion No. 344, given notice of by Sardar Muhammad Ramzan Khan Drishak, regarding the mass killings of innocent Muslims in India. Responsibility of the Provincial Government is not involved.

Adjournment Motion No. 347, given notice of by Haji Abdul Majid Jatoi, regarding the resentment caused to *nimazis* who offer their Jumma prayers in the mosque on the foot-path on the eastern side of the Assembly Building, due to the noice caused by the working during Jumma prayer time, of the buldozers etc. employed by WAPDA. It is not a matter of recent occurrence.

DISPLAY OF NAKEDNESS AND MORAL DEPRAVITY IN THE PROGRAMME OF AGRICULTURAL AND INDUSTRIAL EXHIBITION AT SUKKUR.

Mr. Speaker : Now we will take up the adjournment motion about Sukkur.

There are three adjournment motions on this subject — one by Allama Rehmatullah Arshad, the other by Amir Habibullah Khan Saadi, and the third one by Rao Khurshid Ali Khan.

Minister of Basic Democracies (Mr. Abdul Ghaffar Khan Pasha) : Sir I oppose this adjournment motion on the following facts collected by me from the District Magistrate Sukkur.

"The sum and substance of these adjournment motions is that musical programme has been included in the Festival/Agricultural and Industrial Exhibition at Sukkur in which nude or semi-nude dancing and some other items which tend towards moral depravity have been included much to the resentment of the public and intelligentia of Sukkur. The Deputy Commissioner, Sukkur, has been contacted on telephone and he has explained the position as under :—

The Festival has been arranged by the District Council, Sukkur, and it includes the following items :—

(i) Writers Guild Convention and a Mushaira.

(ii) Athletics.

(iii) Sports of School Children.

(iv) P. T. and Band Competition among the students.

(v) B. D. Convention.

(vi) Horse and Cattle Show.

(vii) Industrial and Agricultural Exhibition.

(viii) Musical Variety Show.

The Festival commenced on the 21st March, 1964 and would conclude on the 29th March, 1964. However, the Industrial and Agricultural Exhibition would continue upto the 18th April, 1964.

It would be seen that the movers of the Adjournment Motions have taken exception to the inclusion of item No. (viii) viz., Musical Variety Show, in the Festival. It may be added that the Musical Variety Show is being organized by the District Cultural Association which is an entirely independent Association and has nothing to do with the District Council. In fact the entire expenditure on this item would be borne by that Association and not by the District Council.

Mian Abdul Latif : Sir this speed should be reduced so that we may be able to understand something.

Minister of Basic Democracies :

"The local officers have indicated that no item of nude or semi-nude dancing or any other item which may tend towards moral depravity has been or would be included in the Musical Variety Show. Only classical dancing, which would neither be nude or semi-nude on the lines of programmes all over the Province, has been included under this item. It may further be added that the inclusion of this item viz., Musical Variety Show, has not caused any resentment among the general public. This is borne out from the fact that no deputation or representation against its inclusion has been received by the Deputy Commissioner excepting one solitary telegram from an individual. This belies the contention of the

movers of the Adjournment Motions that the inclusion of this item is causing wide-spread resentment among the public. As there would be no nude or semi-nude dancing or any thing tending to cause moral depravity under the Musical Variety Show and as it would be more in the nature of a Cultural Show meant for the general entertainment of public, its exclusion from the programme cannot on any ground be justified."

I, therefore, request the Speaker as the facts of the adjournment motion are not correct, it should be ruled out of order.

مسٹر حمزہ - انتہائی کوشش کے باوجود بھی مجھے سمجھ نہیں آئی -

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب صدر - میں فاضل وزیر صاحب کے ارشاد سے جو کچھ سمجھ سکا ہوں - اس کا ملخص یہ ہے کہ

(i) کہ لوگوں میں اس کے خلاف resentment نہیں ہے -

(ii) کوئی میوزیکل کانفرنسیں ہیں- جو لوگوں نے منعقدکی ہیں- جن کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہیں ہے -گویا وہ مغربی پاکستان میں نہیں ہیں -اور وہاں اس حکومت کی کوئی jurisdiction نہیں ہے -

تو جہاں تک resentment کا سوال ہے - یہ دو سو تاریں ہیں - جن پر ان لوگوں کا کم از کم پانچ سو روپیہ صرف ہوا ہوگا - اور یہ وہ تاریں ہیں - جو صرف مجھے موصول ہوئی ہیں - خواجہ صاحب اور راؤ خورشید علی خان کے پاس ان کے علاوہ ہیں -

مسٹر سپیکر - انہوں نے فرمایا ہے کہ اس میں ایسے ننگے ناچ نہیں ہوں گے جن کا حوالہ آپ نے اپنی تحریک التوا میں دیا ہے -

علامہ رحمت اللہ ارشد - صاحب صدر - اس معاملے میں میرے جذبات نہایت ہی تلخ ہیں- کہ اس آرٹ نے ، اس کلچر نے ، تہذیب نے ،

ثقافت نے ، ان مختلف ناموں پر اس ملک کے اخلاق کا بیڑہ غرق کیا جاتا ہے ۔ اور یہ لوگ اس کی طرف توجہ نہیں کرتے ہیں ۔ اور ایک ڈپٹی کمشنر کی رپورٹ کو سامنے رکھ کر یہ کہتے ہیں کہ گویا کچھ ہوا ہی نہیں ۔ آپ کے سامنے ہے کہ اس ملک کے لوگوں کے اخلاق کا کیا حال ہوا ہے ۔ یہ آرٹ ، یہ کلچر ، یہ تہذیب ، یہ ثقافت ، یہ مشاعرے ، کیا ہوتے ہیں یہ ؟ یہ ملک اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا ہے ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس میں انہوں نے کہا ہے کہ اس کا انتظام ڈسٹرکٹ میوزیکل سوسائٹی نے کیا ہے ۔ لہذا اس میں گورنمنٹ کی ذمہ داری کیا ہے ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ کیا یہ ان کی jurisdiction سے باہر ہے ۔ ہر وہ بات جو اخلاق باختگی کی ہو ۔ حیا سوزی کی ہو ۔ ہر وہ بات جس کے لئے ہمارے آئین میں رکھا ہوا ہے کہ ہم اس قسم کی زندگی مہیا کریں گے ۔ جو اسلامی اصولوں کے مطابق ہو ۔ تو وہاں پر ان کی یہ jurisdiction پیدا ہوتی ہے ۔ ان کا یہ آئینی فرض ہے کہ جن لوگوں نے یہ کرسیاں سنبھالی ہوئی ہیں ۔ اس ملک کو آئینی سانچے میں ڈھالنا ان کا آئینی فرض ہے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) اس سلسلے میں میں یہ گذارش کروں گا مہران کا یہ میلہ حکومت کی سرپرستی میں منعقد کیا جا رہا ہے ۔ پچھلے سال بھی مہران کے اس میلے کے متعلق اس ایوان میں اسی قسم کی ایک تحریک التوا پیش ہوئی تھی اور حکومت کی طرف سے یہ یقین دلایا گیا تھا کہ وہاں اس فحاشی اور قمار خانے کے اڈے کو اس حد تک بند کیا جائے گا ۔ باقی جو اخلاق کے مطابق ہو ۔ اخلاق باختگی نہ ہو ۔ وہ کام

اگر جاری رہے تو اس سے ہمیں کوئی تعرض نہیں ہے ۔ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ ان dances کو ثقافت کے نام پر ان عریاں ناچوں کو جس سے قوم کے اخلاق کو بگاڑ رہے ہیں ۔ ہر روز ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمارے نوجوان لڑکے اور نوجوان لڑکیاں عریانی کی طرف مائل ہو رہے ہیں ۔ وہ ان ہی کاموں سے ہو رہے ہیں ۔ ہماری حکومت کو اس کے متعلق سنجیدگی سے سوچنا چاہئے ۔ ہمارا یہ ملک ideological ملک ہے ۔ یہ ملک ہم نے اسلام کے نام پر حاصل کیا تھا ۔ اسلام میں کہاں ہے کہ اس قسم کی فحاشی کو روا رکھا جائے ۔

Mr. Speaker: He says that there would be no nude-dances now.

Minister of Basic Democracies: Sir I want to clear my position. I myself contacted the Deputy Commissioner. I wanted to enquire personally and he has told me that there is no nude or semi-nude dancing in Sukkur. I take full responsibility, and if Khawaja Safdar is sure about his adjournment motion, he can come out with a privilege motion because I have contacted the man concerned. If he has given a wrong information, I will take him to task.

خواجہ محمد صفدر ۔ تحریک استحقاق تو میرے دوست پاشا صاحب کے خلاف ہوگی ۔ ڈپٹی کمشنر کے خلاف تو نہ ہوگی ۔ جنہوں نے ان کو یہ غلط اطلاع بہم پہنچائی ہے ۔ بات تو محض یہ ہے کہ اس معزز ایوان کے اس حصے کو کم و بیش چھ سو تاریں موصول ہوئی ہیں ۔ ابھی رات کو مجھے چار تاریں موصول ہوئی ہیں۔ مگر پرسوں اترسوں تو تاروں کا انبار لگ گیا تھا ۔

Mr. Speaker: Does the mover still press the motion after this assurance ?

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب یہ درخواست کروں گا کہ عبدالغفار پاشا صاحب ڈی ۔ سی کو یہ ہدایت کریں کہ ثقافت کے نام پر ناچ نہیں ہوں گے ۔ گانے وغیرہ نہ ہوں ۔ بس اتنی بات ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی- جناب والا - جہاں تک پبلک میں ہیجان کا تعلق ہے ..... (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : No interruptions.....

امیر حبیب اللہ خان سعدی - جناب والا - حیدرآباد کے اخبارات میں صاف طور پر یہ لکھا ہوا ہے کہ لوگوں میں ہیجان ہے - بنیادی جمہوریت کے ارکان نے حکومت پر زور دیا ہے کہ ایسے پروگراموں کو بند کیا جائے تو جناب میں پبلک کے ہیجان کے متعلق گذارش کروں گا - دوسرے جناب یہ ہے کہ پچھلے سال جو ثقافتی شو ہوا تھا اس کے خلاف جو ناراضگی پھیلی تو وعدہ کیا گیا تھا کہ آئندہ یہ نہیں ہوگا اور اب یہ محض ایک عذر لنگ کر کے کہ ننگا ڈانس نہیں ہوگا اور کپڑوں کے ساتھ ڈانس ہوگا - یہ محض بہانہ ہے - ہمیشہ یہی ہوتا ہے جناب عالی .....

Threat to ideology is not to be tolerated.

افسر اور حکام خود ان چیزوں کو پھیلا رہے ہیں -

Mr. Speaker: As this function is being arranged by the District Musical Society, the responsibility of the Provincial Government is not involved and the motion is, therefore, ruled out of order.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF THE SPECIAL COMMITTEE ON RULES OF PROCEDURE

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): I beg to move that the period of the Special Committee on Rules of Procedure for submitting its report to this House by 31st March, 1964, be extended to 30th June, 1964.

خواجہ محمد صفدر - بھئی اس کو چھوڑو - اس کو دو سال ہو گئے ہیں -

Mr. Speaker: The question is—

That the period of the Special Committee on Rules of Procedure for submitting its report to this House by 31st March, 1964, be extended to 30th June, 1964.

(The motion was carried)

BILLS

The Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill 1964.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan): With your permission, Mr. Speaker, should I move the first Bill on behalf of the Minister of Agriculture or I should move the second Bill which pertains to my department?

Mr. Speaker: The Minister may move his own Bill.

Minister of Revenue: Alright I move the second Bill on the Agenda and in the meantime the Minister of Agriculture will come in.

I introduce the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill 1964.

Mr. Speaker: The Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill 1964 stands introduced.

The West Pakistan Wild Life Protection (Amendment) Bill 1964.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): I introduce the West Pakistan Wild Life Protection (Amendment) Bill 1964.

Mr. Speaker: The West Pakistan Wild Life Protection (Amendment) Bill 1964 stands introduced.

The Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1964

(Resumption of discussion)

Mr. Speaker: The House will now resume discussion on the motion that the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill be taken into consideration at once.

The Leader of the Opposition may move his amendment.

Khawaja Muhammad Safdar: No, Sir, I am not moving it.

Mian Abdul Latif: I beg to move—

> That the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1964 as introduced, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by 15th June, 1964.

Mr. Speaker: Motion under consideration, amendment moved is :

> That the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1954, as introduced, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by 15th June, 1964.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Opposed.

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ-۱) - جناب سپیکر - ہمارے پاس یہ بل ہے ..... (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : No interruptions.

میاں عبداللطیف - جناب صدر - ہمارے پاس یہ بل بے حد اہمیت کا حامل ہے - اپنی گذارشات پیش کرنے سے پہلے میں جناب کی توجہ اس بل کے اغراض و مقاصد کی طرف مبذول کراتا ہوں - تحریر ہے وزیر قانون کی طرف سے

> The Law Commission has made a number of proposals for affecting reforms in the Code of Criminal Procedure, 1898. It is proposed to accept the proposals of the Law Commission in regard to which there is no controversy and make necessary amendments in the Code immediately. The Bill seeks to achieve the above object..

اس بل کی جناب تھوڑی سی تاریخ ہے اور وہ یہ ہے کہ ۱۸۹۸ء سے لے کر ۱۹۵۸ء تک یہ ضابطہ نہایت کامیابی کے ساتھ انڈو پاکستان Sub-Continent میں چلتا رہا - اس ضابطے کے موثر یا غیر موثر ہونے کے متعلق ۱۹۵۸ء سے پہلے ہندوستان یا پاکستان کی کسی عدالت میں کسی شخص کو منہ یا لبوں سے اس کے نقائص نہیں سنے - ۱۹۵۸ء میں مارشل لاء کی حکومت نے ایک لاء کمیشن کی ترتیب کی - جس کے پوائنٹ آف ریفرنس میں پیش کرتا ہوں -

> "..... to suggest how justice may better and most speedily be done and to that end examine the Law of Civil and Criminal Procedure and the Law of Evidence, the Jirga and Panchayat systems, the cost of litigation and any other relevant matter."

عالی جاہ - یہ اغراض نہایت نیک ، نہایت اچھی اور بہت بلند تھیں - اس سلسلے میں جو رپورٹ لاء کمیشن نے دی . . . (قطع کلامی)

راؤ خورشید علی خان - جناب کورم نہیں ہے -

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*).

The House is not in quorum. Let the bells be rung.

(*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

میاں عبداللطیف۔ میں جناب یہ گذارش کر رہا تھا کہ ضابطہ فوجداری محض ایک ذریعہ ہے کسی اور غرض کے حصول کا ۔ وہ ہے جناب انصاف ۔ اور جہاں تک انصاف کا تعلق ہے ، یہ خدا کی طرف سے حکم ہے اور فرض ہے محض کسی فرد واحد کا نہیں بلکہ حکومت کا بھی اور جملہ عدالت ہائے کا بھی ۔ اس سلسلہ میں ہمارے لئے یہ فرض نہیں ہے کہ ہم بہت اونچی ، ایک بلند عمارت رکھیں ہائیکورٹ کے لئے یا کسی عدالت کے لئے ۔ نہ ہی بہت لمبی چوڑی موٹریں رکھنے کا کوئی فرض ہے ۔ نہ ہی سفید وردیوں میں ملبوس چپڑاسیوں کے رکھنے کا فرض ہے لیکن انصاف کرنا اور نہایت عمدہ اور بہترین انصاف کرنا خدا کی طرف سے اور اسلام کی طرف سے فرض ہے ۔ اس فرض کے حصول کے لئے ضابطہ کا تعین نہیں ہے ۔ قاضی پر چھوڑ دیا گیا ہے ۔ یہ حکومت پر چھوڑ دیا گیا ہے کہ اس کے لئے بہترین ذریعہ جو بھی آپ کی سمجھ آپ کو امداد دے ، وہ آپ adopt کریں ۔ ضابطہ فوجداری جس پر آج تک ہم عمل پیرا رہے ہیں ، وہ انصاف کو حاصل کرنے کا ایک ذریعہ تھا ۔ یہ ایک چھلنی تھی ، غالباً کافی باریک چھلنی جس کے ذریعہ سے ہم اچھا انصاف حاصل کرنے کی کوشش کر سکتے تھے ، اور جسے آج ترمیم کرنے کا مسودہ قانون آپ کے سامنے ہے ۔ اس میں جناب پہلے الفاظ یہ ہیں کہ لاء کمیشن نے ہمارے پاس کچھ سفارشات کی ہیں ۔ ہم ان کی روشنی میں کچھ ترامیم کر رہے ہیں ۔ اس سلسلہ میں جناب سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہم دیکھ لیں کہ لاء کمیشن نے سفارشات کیا کچھ کی ہیں ۔ لاء کمیشن نے ۱۸۸ سفارشیں کیں جن میں سے کچھ دیوانی ضابطہ کے متعلق تھیں اور کچھ فوجداری ضابطہ کے متعلق ۔ جہاں تک فوجداری حصے کا تعلق ہے، غالباً ۵۲ یا ۵۳ سفارشات

فوجداری دستوروں کے متعلق ہیں ۔ وہ جناب مختصراً آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

پہلی سفارش ان کی یہ ہے کہ ہائی کورٹ مغربی پاکستان کو تمام عدالتوں اور تمام ٹریبونلوں کی نگران عدالت بنا دیا جائے جس کے اختیارات محض ڈسٹرکٹ جج اور سول جج تک محدود نہ ہوں بلکہ تمام عدالت ہائے، وہ کسی قسم کی ہوں ، وہ کسی محکمہ کے متعلق ہوں ، وہ کسی ٹریبونل کے متعلق ہوں ، ان کی اعلیٰ نگران ہائیکورٹ ہو گی۔ اس کے بعد جناب انہوں نے یہ تجویز کی۔ اس وقت چار سال سے اوپر کی قید کی سزا کی appeals ہائیکورٹ کے پاس جاتی ہیں ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : On a point of order. The member is now repeating from the Law Commission Report each recommendation made by it. My submission is that we are not concerned with all the recommendation of the Law Commission. We are concerned with the amendment proposed in the Bill. The member may refer to the recommendations of the Law Commission on the issue before the House.

Mr. Speaker : I uphold the point of order. Mian Sahib should mention only those recommendations of the Law Commission on the basis of which this amending Bill has been introduced.

Mian Abdul Latif : Sir, your honour has given a finding before hearing me. I would respectfully submit that the very foundation of the movement of this Bill in this House is that the Law Commission has made recommendations and out of these recommendations there are certain recommendations about which there is no controversy and he has sought to bring before this House those non-controversial things. I am convincing the House that there are many recommendations which pertain to the Law of Procedure about which there is no controversy in the country and which he has withheld from the House.

Minister of Law : I am giving them within the next week.

Mian Abdul Latif : He has brought before the House only the most controversial items and in that respect I have to analyse the whole report of the Commission and convince the whole House that he is telling something very very incorrect that he has brought before this House only non-controversial items. So far as controversial items go, they have been withheld.

Mr. Speaker : He says that he is bringing them before the House during this week.

Mian Abdul Latif : If this is the thing, then I am within my rights to analyse the whole report. I will not discuss civil matters, I will not discuss family matters, planning matters or family code.

Mr. Speaker : Now please discuss the principles of the amending Bill.

Minister of Law : The Speaker has given in the ruling and the House is bound by it. He cannot question the ruling.

Mr. Speaker : Please discuss the principles of the Bill.

Mian Abdul Latif : So, you will not allow me to refer to the Law Commission Report.

Mr. Speaker : The member can refer to the Report in so far as the provisions of the amending Bill are concerned.

Mian Abdul Latif : Mr. Speaker, he says that he has brought before the House the recommendations in regard to which there is no controversy. Shall I not say a word about that ? Shall I not speak to analyse the Law Commission Report that this is wrong, this is incorrect and he is befooling the whole House and through the House the whole province. I will make relevant references, I will not make irrelevant references.

Mr. Speaker : No lengthy and irrelevant references.

میاں عبداللطیف ۔ I will not go to that extent. انہوں نے جناب recommend کیا کہ اگر کسی کی بریت ہو جائے تو ھائیکورٹ میں نگرانی نہ ہو ، اس کے لئے اپیل ہو جائے اور نگرانی کے اختیارات سیشن جج کو ہو جائیں ۔ میں پوچھتا ہوں جناب کہ کیا اس کے متعلق صوبہ میں کسی جگہ کوئی controversy ہے ؟ کسی عدالت نے یا کسی ادارے نے آج تک لاء منسٹر سے یہ بات کہی ہے کہ یہ controversial matters ہیں ؟ یہ controversial matters ان کی جیب میں ہیں اور جن کے متعلق آج یہ وعدہ کرتے ہیں کہ ہم ایک ہفتہ میں لے آئیں گے ۔ مجھے شبہ ہے جناب with all respect to my learned brother ۔ کیونکہ ہمیں پچھلی دفعہ بھی یہی کہا گیا تھا کہ Law of Procedure اکتیس مارچ سے پہلے پہلے پاس ہو جائیگا ۔ آج اس کی extension پھر لے لی گئی ہے ۔

Minister of Law : It is because of your negative attitude.

Mr. Speaker : No cross talks. Please carry on.

میاں عبداللطیف - جناب تجویز کیا گیا کہ سیکنڈ کلاس مجسٹریٹ کے حکم بریت کے خلاف اپیل براہ راست سیشن جج کے پاس ہو اور پھر جناب تجویز کیا گیا کہ تھرڈ کلاس مجسٹریٹ . . . .

Minister of Law : Sir, I again very respectfully submit, are we concerned with those provisions which do not find place in the Bill ? There are 188 amendments, as pointed out by the member, recommended by the Law Commission, and I think we will take two months only to make a reference to them, if the member only quotes extensively word by word from the recommendations of the Law Commission in respect of the amendments . . . .

مسٹر سپیکر - میاں صاحب - آپ نے یہ تو فرما ہی دیا ہے کہ جو non-controversial ہیں ان کے متعلق . . . .

میاں عبداللطیف - میں نے یہ ثابت کرنا ہے کہ ہم سے دغا کیا جا رہا ہے - صوبہ سے دغا کیا جا رہا ہے - کیسے کیا جا رہا ہے ؟ . . .

Mr. Speaker : The member has already made that point. He should come to the provisions of the amending Bill.

Mian Abdul Latif: I have to satisfy you that they are committing a fraud over the province. Then I proceed further.

Mr. Speaker : There is no question of my satisfaction. The member may please discuss the principles of the amending Bill at this stage.

میاں عبداللطیف - جناب وہی discuss کر رہا ہوں کہ جو انکی بنیادی چیز ہے ، وہی جناب غلط ہے اور دیانتداری پر مبنی نہیں ہے - اور ہم کو دھوکا دیا جا رہا ہے - وہ محض وہی چیزیں پیش کر رہے ہیں جن کے متعلق کوئی controversy نہیں ہے -

Mr. Speaker : Next point.

میاں عبداللطیف- چونکہ جناب کا ذاتی اصرار ہے کہ میں آگے بڑھوں اس لئے میں اس ضروری بحث کو چھوڑتا ہوں اور آگے چلتا ہوں ورنہ جناب ۔ ہاؤس کو بتانا بہت ضروری تھا کہ لاء کمیشن نے کیا کچھ recommend کیا ہے ۔

تو جناب جہاں تک فوجداری حصے کا تعلق ہے ، میرے فاضل بھائی اس سے پوری طرح آگاہ ہیں کہ مرکزی حکومت نے ان سفارشات کے بعد ایک Criminal Procedure Code Amending Bill draft کیا جس کی باون دفعات ہیں ۔ اس کی لپیٹ میں یہ ساری رپورٹ اور تمام recommendations ہیں جو ضابطہ فوجداری کے متعلق لاء کمیشن نے کی ہیں ۔ وہ باون دفعات کا بل مرکزی حکومت نے صوبائی حکومت کے پاس comments کے لئے بھیجا ۔ صوبائی حکومت کے لاء ڈیپارٹمنٹ نے وہ سارا مسودہ صوبہ کی تمام ہائیکورٹ بارایسوسی ایشنز ، کراچی بنچ ، پشاور بنچ ، لاہور بنچ وغیرہ کے پاس بھیجا کہ آپ اس پر اپنے comments دیں ۔ وہ مسودہ قانون میرے پاس موجود ہے۔ ان باون دفعات پر individually فرداً فرداً ایک ایک شق پر ، ایک ایک جزو پر لاہور ہائیکورٹ نے اپنے comments دئیے۔ دیگر ہائیکورٹ کے بار ایسوسی ایشنز نے بھی ان پر comments دئیے ۔ اور وہ بل جس میں یہ دفعہ ۲۵۶ بھی شامل ہے ، ۲۵۷ بھی شامل ہے ، ۳۵۰ بھی شامل ہے ، Assessors کا chapter بھی شامل ہے ۔ یہ اب تک سنٹرل گورنمنٹ کے پاس موجود ہے ۔ لاہور ہائیکورٹ بار نے اس کے چند حصوں سے کامل اتفاق کیا اور کہا کہ ہم اس کو approve کرتے ہیں ۔ لیکن چند حصوں سے شدید اختلاف کیا ۔ ان میں عالیجاہ ۔ یہ ۲۵۶ بھی شامل ہے ۔ انہوں نے کہا یہ بات ہرگز نہ ہو گی ۔ یہ بنیادی اصول trial کے خلاف ہے ۔

یہ ضابطہ فوجداری کی بنیاد کے ، اس کی روح کے ، اس کے قلب کے خلاف ہے ۔ اگر اس کو چھین لیا گیا تو ملزمان جن کے خلاف الزام کوئی نہ کوئی عائد ہوگا ، وہ اپنی بریت ثابت کرنے سے ، اپنی بے گناہی ثابت کرنے سے معذور ہو جائیں گے ۔ وہ مجبور ہوں گے ۔ نہیں کر سکیں گے ۔ اس سے انہوں نے اختلاف کیا ۔ یہ مسودہ ، یہ بل مرکزی حکومت کے پاس اس وقت تک موجود ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ان کو یہ اختیار نہیں ۔ لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ ضابطہ فوجداری ہمارے ملک کے دوسرے حصے میں بھی لاگو ہے۔ uniformity of laws ، قانون کی یکسانیت اگر کوئی وجود یا معنی رکھتی ہے تو میرے فاضل بھائی آج کیوں تڑپتے ہیں ۔ اس کو توڑنے پھوڑنے کے لیے ؟ مرکزی حکومت کا کیوں انتظار نہیں کرتے جس نے بل draft کر کے رکھا ہوا ہے اور اس سلسلے میں قدم اٹھا رہی ہے ۔ جس نے بل ہاؤس یعنی National Assembly کے سامنے پیش کرنا ہے ۔ اور وہ draft بھی ان کے پاس ۔ ان کے Law Department کے پاس موجود ہے ۔

اس کے علاوہ اس سے پہلے بھی مرکزی حکومت نے ان سفارشات کی بنا پر Civil Side میں ایک قانون نافذ کر دیا ۔ لیکن اس کے بعد جب National Assembly آئی اور جناب صدر مملکت صاحب نے جب اپنا Law Department قائم کیا اور مسٹر خورشید احمد کو اپنا وزیر قانون مقرر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ قانون کسی ایک آدمی کی جائداد یا کسی ایک فرقے کا ورثہ نہیں ۔ یہ تو سارے ملک کی چیز ہے ۔ اگر قانون بہتر ۔ مکمل ۔ غلطیوں اور خامیوں سے پاک ہے تو ملک کے اندر اور اس کے باہر اس کا احترام ہوگا اور اس کی عزت ہوگی ۔ اور سوسائٹی

regulate ہو کر چلے گی ۔ کسی میں اس قسم کی اونچ نیچ نہ ہو گی ۔ لیکن اگر قانون ناقص اور کمزور ہوگا تو وہ سوسائٹی chaos پیدا کرے گا ۔ اور عدالتوں کو بھی chaos میں ڈالے گا ۔ anarchy ہو گی ۔ اور اس کا احترام بھی نہ ہوگا ۔ اگر ملک میں قانون uncertain ہے ۔ اور ملک میں اس کا احترام نہ ہو ۔ تو اس کا خدا ہی حافظ ہے ۔ اسی ضمن میں جناب مجھے ارسطو The Great Philosopher یاد آتا ہے ۔ جب اسے ایک جرم کے سلسلے میں جیل میں ڈالا گیا ۔ تو اس کے ساتھیوں نے اسے مشورہ دیا کہ حضور آپ کے بغیر ملک میں اندھیرا ہو جائے گا ۔ آپ اس زمانے کی روشنی ہیں ۔ آپ کی زندگی ملک کے لئے ضروری ہے ۔ ہم آپ کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دیں گے ۔ آپ یہاں سے فرار ہو جائیں ۔ تو Aristotle the Great کا جواب تھا ۔ دوستو۔ میں اس سر زمین میں اس قانون کی حفاظت میں پیدا ہوا ۔ میں قانون کی حفاظت میں پلا ۔ میں نے اس قانون کی حفاظت میں زندگی بسر کی ۔ میں اس قانون کی حفاظت میں ہی پھرتا رہا ۔ اور اپنے مشن کو کامیاب کرنے کی کوشش کرتا رہا ۔ آج یہ قانون میری زندگی کا طلب گار ہے ۔ میں اس کے سامنے سرنگوں ہوں گا ۔ میں اس قانون کو اپنی جان دوں گا ۔ اور خلاف قانون حرکت کرکے میں یہاں سے فرار نہیں ہوں گا ۔ یہ تھا جناب قانون کا احترام جو Aristotle نے کیا ۔ لیکن یہ قانون ایسا لنگڑا ، لولا ، ناقص اور ایسا غلیظ قانون جو آج میرے فاضل بھائی اس صوبے پر تھوپنا چاہتے ہیں ۔ کسی طرح بھی قابل تعریف نہیں ۔ ان کا طریقہ یہ ہے کہ وہ بغیر مشورہ کئے۔ صلاح کئے ۔ بغیر کسی سے پوچھے ایک draft لیتے ہیں۔ان کا کوئی Assistant اس پر سرسری نظر ڈال لیتا ہے۔ اور وہ اسے یہاں لا کر پھینک دیتے ہیں۔ پہلی تجویز کے مطابق Rule 58 کو ملتوی کر دیا کہ ہم اپنی Standing

Committee سے مشورہ نہ کریں گے ۔ پھر یہ تجویز کی کہ ہم اس پر آج ہی مشورہ کریں گے ۔ اور Rule 59 کو suspend کر دیا ۔ تو میں آج کیا کہتا ہوں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اسے dismiss کر دو ۔ اسے reject کر دو ۔ میرا یہ ہرگز مطالبہ نہیں ۔ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ اس صوبے کے قوانین کا احترام کرتے ہوئے اس پر اور اس کے غریب عوام پر رحم کرو ۔ ناقص قوانین سے اس صوبے کو بچاؤ ۔ قانون بنانے سے پہلے اگر آپ نے خود غور نہیں کیا تو پھر اس ہاؤس میں آنے کے بعد ہی اس پر مشورہ ہونے دو ۔ تاکہ صوبے کے پاس ایک مستحکم ضابطہ ہو جس پر عمل کر کے تمام لوگ اپنے حقوق حاصل کر سکیں ۔ اس میں دفعہ ۲۵۶ کو تبدیل کیا گیا ہے ۔ ضابطہ فوجداری میں یہ ایک مرکزی چیز ہے کہ ملزم کو جب تک ملزم ثابت نہ کیا جائے ۔ اسے بیگانہ تصور کیا جاتا ہے ۔ لیکن میرے فاضل بھائی چاہتے ہیں کہ اس اصول کو بدلو اور آئندہ کے لئے سمجھو کہ جس شخص کا جناب سب انسپکٹر صاحب نے چالان کر دیا ۔

Minister of Law : With all respect I may submit that the Member is again discussing the provisions of the Bill in detail. A stage will come when he can discuss each clause of the Bill separately. At the present moment we have only to discuss whether this Bill should go to the public for eliciting their opinion or not.

Khawaja Muhammad Safdar : And what are the principles underlying this Bill ? — may we be guided by the Minister ?

Minister of Law : Principles can be discussed but not the provisions at length.

Mr. Speaker : Those provisions can be referred to but those cannot be discussed in detail at this stage—only the broad principles.

میاں عبداللطیف - جناب میں نے ابھی تک کسی دفعہ کا نام نہیں لیا - اس کے provision کا نام نہیں لیا - میں نے صرف دفعہ ۲۵۶ پڑھی ہے- کہ وہ کیا ہے - میں نے محض بتایا ہے کہ underlying اصول پہلے کیا تھا اور اب کیا بنے گا - اس سلسلے میں میں نے اصول discuss کرنا ہیں - principles discuss کرنا ہیں - وہ کس چیز کے - میں نے آپ کا suit-case تو discuss نہیں کرنا - میں نے آپ کی کتابوں کو تو discuss نہیں کرنا میں نے اس بل کے اصولوں کو discuss کرنا ہے - جسے میرے فاضل بھائی سننے کے لئے تیار نہیں -

تو جناب اصول یہ تھا کہ جب تک کسی آدمی کا گناہ ثابت نہ ہو جب تک جرم ثابت نہ ہو جائے- اسے مجرم تصور نہ کرو - وہ بیگناہ ہے - اسے بیگناہ تصور کرو - اور مزید اصول یہ تھا کہ اگر دس بیگناہ بچ جائیں تو کوئی مضائقہ نہیں- لیکن دیکھو- کوئی ایک بے گناہ سزا نہ پائے- یہ تھی ہمارے ضابطے کی بنا اور بنیاد جسے آج توڑا جا رہا ہے - آج ہمیں یہ کہا جا رہا ہے کہ جب کسی ملزم کا سب انسپکٹر صاحب چالان کر دیں - تو قیاس کرو کہ وہ مجرم ہے - اسے سزا ملے - اگر دس بے گناہ جیل میں چلے جائیں تو کوئی پروا نہیں - بے گناہ کے بچنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - ہم اس کے ساتھی نہیں ہیں - لیکن ایک بات لازمی ہے - وہ یہ ہے کہ موجودہ ضابطے سے یقیناً دس بے گناہ جیل میں جائیں گے - پہلے اصول یہ تھا کہ جب چالان عدالت میں آ جائے اور استغاثے کی شہادت ہو جائے تو عدالت دیکھے کہ بادی النظر میں ملزم کے خلاف کوئی جرم ثابت ہوتا ہے - تجویز ہوئی کہ اس کے خلاف چوری یعنی ۳۷۹ کا جرم ثابت ہوتا ہے - تو عدالت اسے فرد جرم سے آگاہ کرتی ہے کہ جو گواہ

تمہارے خلاف بھگت چکے ہیں ۔ کیا ان سے کسی کو بلا کر تم نے کچھ پوچھنا ہو ۔ تو اجازت ہے ۔ جسے چاہو بلا کر پوچھو ۔ ہم تم سے کوئی بات چھپا کر نہیں رکھیں گے ۔ جو چاہو پوچھو ۔ تو ملزم کہتا ہے کہ جناب میں نے تین گواہوں پر جرح کرنا ہے ۔ ان کو بلائیے ۔ عدالت پابند ہے کہ وہ ان کو بلائے ۔ چنانچہ وہ آتے ہیں ۔ میرے فاضل بھائی عدالت سے یہ حق چھیننا چاہتے ہیں ۔ اس کے بعد defence کی stage آتی ہے۔ چناچہ defence کی stage پر میں سمجھتا ہوں کہ اسلامی روایات تو یہ ہیں کہ سزا کا حکم سنا دینے کے بعد بھی اگر ملزم یہ کہے کہ ایک شہادت اور برآمد ہوئی ہے جس سے آپ کو تسلی ہو جائے گی کہ میں بیگناہ ہوں تو انہوں نے شہ دنہیں لیں اور ملزم کو بیگناہ قرار دے کر سزا منسوخ کر دی ۔ لیکن جہاں جب ملزم پہلے ہی یہ استدعا کرتا ہے کہ جناب مجھے اپنی شہادت میں فلاں فلاں گواہان استغاثہ سے ان کے بیان جن میں وہ کہتے ہیں کہ میں نے ان سے روپیہ لے کر غبن کر لیا ۔ وہ بیان منگوا لینا چاہتا ہوں ۔ اور وہ کہتے ہیں کہ فلاں بنک کے Account میں اتنا روپیہ تھا ۔ تو میں اس بنک کا اکاؤنٹ منگانا چاہتا ہوں ۔ تو میرے فاضل بھائی کہتے ہیں کہ نہیں جناب ہم اسے اس کی اجازت نہیں دیں گے کہ وہ اپنے آپ کو بیگناہ ثابت کرنے کے لیے ہمارا ریکارڈ طلب کرے ۔ آخر کیا وجہ ہے کہ کوئی صاحب انصاف آدمی جس کے دل و دماغ میں ضابطے کا تھوڑا سا بھی خیال ہو ۔ وہ اس بات کا تصور بھی اپنے ذہن میں لائے کہ کسی کو سزا دینے سے پہلے اس پر یہ پابندی کر دی جائے ۔ میرے فاضل بھائی کا قانون دیکھئے ۔ اس کی رو سے ملزم کو یہ نہیں کہا جائے گا کہ لو بھئی یہ گواہ آ گئے ہیں ۔ ان کے متعلق استغاثے

میں تھانیدار صاحب نے جو بیانات لکھے ھیں ۔ وہ یہ ھیں ۔ تم ان کو پڑھ لو ۔ ھم آج سے چار دن کے بعد ان کی شہادتیں لکھیں گے ۔ اور ضابطہ میں یہ بھی نہیں ۔ کہ گواھان استغاثہ کے بیانات پولیس میں پورے اور مکمل لکھے جائیں ۔ آج ضابطہ یہ ھے کہ تھانیدار صاحب یہ لکھ سکتے ھیں کہ ''میں چشم دید گواہ ھوں اور خدا بخش نے میرے سامنے اس کی ٹانگ توڑی،، ۔ یہ سب کچھ ھوا لیکن کس کے سامنے ھوا ۔ کب ھوا ۔ کس وقت پر ھوا ۔ وہ کیسے پہنچا ۔ کیسے جھگڑا شروع ھوا ۔ کیسے ختم ھوا ۔ اس کی قطعاً ضرورت نہیں ۔ صرف دو گواھان آتے ھیں ۔ ھم خدا بخش گواہ کی تائید کرتے ھیں اور یہ کچھ لکھا ھے وغیرہ وغیرہ ۔ اس لئے جب تک آپ ضابطہ مکمل نہیں کرتے ۔ جب تک تمام نقائص دور نہیں کرتے ۔ اس وقت تک آپ یہ کیسے کہہ سکتے ھیں کہ ملزم کو آتے ھی پہلے ملزم تصور کرو ۔ اس کے ھاتھ میں گواھان کے بیانات مت دو ۔ اس کو جرح کا ایک موقع دو ۔ اس کے بعد گواھان کو چھپاؤ کسی قلعہ میں بند کر دو ۔ عدالت ان کو طلب نہ کر لے ۔ ڈیفنس میں اگر کوئی دستاویز طلب کرتا ھے اس کو دستاویز طلب نہ کرنے دو ۔ عدالت کو بھی اختیارات نہ دو کہ وہ طلب کر سکے ۔

عالی جاہ ۔ آپ خدا کے فضل سے اونچے پائے کے وکیل رہے ھیں ۔ میں یہ سمجھتا ھوں کہ ۲۵۶ اور ۲۵۷ کی تائید کے بغیر بالعموم ملزم اپنی بے گناھی ثابت نہیں کر سکتا ۔ ناممکن ھے ۔ آج جب کہ یہ ترمیم پیش کی جا رھی ھے ۔ مجھے وزیر قانون صاحب سے یہ بات سن کر خوشی ھوئی کہ ان کی جیب میں ضابطہ فوجداری کی کچھ اور ترامیم بھی ھیں ۔ وہ لائیں گے ۔ میں پوچھتا ھوں کہ اقساط میں قانون ھمارے سامنے کیوں

آ رہا ہے ۔ لاء کمیشن نے ضابطہ فوجداری کے متعلق ۵۲ سفارشات کی ہیں انہیں take کر کے مرکز نے ترمیم کا نوٹس دیا ہے سنٹرل گورنمنٹ کے پاس موجود ہے ۔ یہ محض تین دفعات کے متعلق قانون کیوں آ رہا ہے ۔ ہمارے ساتھ یہ مذاق کیوں ہو رہا ہے ۔ عالی جاہ ۔ اس کے ساتھ ایک غرض وابستہ ہے نازک معاملہ ہے ۔ ان کی ایک ضرورت ہے ان کی ایک اشد ضرورت ہے ۔ یہ قانون سازی کی غرض سے پیش نہیں کیا جا رہا ۔ ضابطہ فوجداری کے نقائص دور کرنے کے لیے یہ پیش نہیں کیا جا رہا یہ تو ایک غرض پوری کرنے کے لئے کیا جا رہا ہے ۔ وہ غرض کیا ہے ۔ وہ غرض ایک وزیر کے شایان شان نہیں۔گورنمنٹ کے شایان شان نہیں ۔ جو اس اسمبلی کے شایان شان نہیں ۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں اور میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ آپ ان کو بتائیں کہ یہ کیا ہیں۔ یہ پونے پانچ کروڑ کے صوبے کے وزیر قانون ہیں ۔ ان کی حیثیت بہت اونچی ہے ۔ ان کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ ہمارا صوبہ دنیا کے بہت سے ممالک سے بڑا ہے ۔ آبادی کے لحاظ سے ہم کینیڈا سے بڑے ہیں ۔ آسٹریلیا سے بڑے ہیں ۔ ہم اٹلی سے بڑے ہیں ۔ اتنے بڑے صوبہ کے وزیر اتنے بڑے صوبہ کی اسمبلی ایک خاص case کے لیے قانون بنائے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں محمد شریف) ۔ اس میں کیا خرابی ہے ؟

Khawaja Muhammad Safdar : Please ask him not to interrupt.

Mr. Speaker : Order please.

میاں عبداللطیف ۔ اس غرض کے لئے کہ کراچی میں جو نصراللہ خاں اور ان کے ساتھیوں کے خلاف جو case چل رہا ہے ان کو موقع نہ

دیا جائے کہ وہ آپ کے گواہان سے کچھ پوچھ سکیں ۔ ان کو موقع نہ دیا جائے کہ اپنی بے گناہی ثابت کرنے کے لیے آپ کے دفاتر سے ریکارڈ طلب کر لیں ۔

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Questions !

میاں عبداللطیف ۔ مطلب یہ ہے کہ یہ آپ اپنی غرض کے لئے کر رہے ہیں ۔ اگر یہ غرض نہیں تو مجھے بتائیں کہ آپ piece meal کیوں کر رہے ہیں اور یہ کیوں ۔

We want to enact these amendments immediately—why ?

کوئی reason ہے ۔ کون سا flood آ رہا ہے کون سا Law and Order کو صدمہ پہنچ گیا ہے کس بارڈر پر حملہ ہو گیا ہے کون سی calamities نے صوبہ کو overtake کر لیا ہے کوئی emergency پیدا ہو گئی ہے سوائے اس کے کہ ایک case چل رہا ہے جس کے لئے آپ سمجھتے ہیں کہ ملزمان کو بے گناہی ثابت نہیں کرنے دیں گے ۔

Minister of Food & Agriculture (Malik Qadir Bakhsh): Congestion of work in all the Courts, for your information ?

Khawaja Muhammad Safdar : What is this information ?

Minister of Food & Agriculture : I have explained the word 'immediately'.

میاں عبداللطیف ۔ ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ جملہ عدالتہائے میں لاگو ہوگا مجھے اس کا تو صدمہ ہے کہ ایک case کے لئے یہ گناہ کرتے ہیں لیکن بھگتے گی اس صوبہ کی ساری دنیا۔ آپ کی نیت بد کو سارا صوبہ ایک case کے لیے بھگتے گا ۔ یہ ہی تو رونا ہے ۔ قانون سازی کے ساتھ ××× * ××× ورنہ ۵ کروڑ صوبہ کے ساتھ یہ مذاق ۔ کہ اس کے بنیادی اصول Trial کو بے گناہی ثابت کرنے کو ہم سے چھینا جا رہا ہے ۔

*Expunged as ordered by the Speaker.

Minister of Law : Sir I would request that these words may be expunged from the records. ××××××××*

Mr. Speaker : These words are expunged from the proceedings.

وزیر زراعت و خوراک - میں یہ درخواست کروں گا کہ وہ بیٹھ جائیں کیونکہ انہوں نے ××××××××××*

Mr. Speaker : These words are also expunged from the proceedings of the Assembly.

میاں عبداللطیف - میں یہ پوچھتا ہوں کہ ہسٹری اس کے متعلق کیا کہے گی کہ آج ہم قانون کے ساتھ کیا کر رہے ہیں - اس کے بعد جناب آرٹیکل ۲۴ کا پلندہ تو ہمارے پاس ہے - لیکن غرض و غایت ۲۵۶ اور ۲۵۷ والی ہے - باقی جو دوسرے ہیں ممکن ہے ان میں کوئی ایسی چیز ہو جس کو ہم approve کریں - ایک اور معاملہ ہے جس کے ساتھ غلبہ وابستہ ہے - میرے پانچ سات دوست جو آگے بیٹھے ہیں یہ ان کے متعلق ہے گورنمنٹ کی نہیں - گورنمنٹ کا اس سے کچھ نہیں بگڑے گا - لیکن ان چند دوستوں نے کچھ خطرہ محسوس کر کے وہ ترمیم پیش کر ڈالی ہے وہ یہ ہے کہ یہ قانون بن جانے کے بعد defamation کے case cognisable ہوں گے - قابل دست اندازی پولیس ہوں گے -

عالی جاہ - میں اس سے کیوں پریشان ہوں - اس کی کیا وجوہات ہیں - وہ یہ کہ defamation جس کی تعریف P.C. ۴۴۹ نے کی ہے - اس کے ۵ explanations ہیں - اور ۱۰ exceptions ہیں - وہاں پریوی کونسل کے

*Expunged as ordered by the Speaker.

ججوں میں باھمی اختلاف ھے کہ یہ الفاظ جرم بنتے بھی ھیں یا نہیں - سپریم کورٹ کے ججوں میں اختلاف ھے کہ یہ الفاظ defamation بنتے ھیں یا نہیں بنتے - بے حد نفیس اور بے حد نازک ھے یہ چیز ''گناہ اور بےگناھی میں تمیز،، زیر دفعہ ۵۰۰ - اس کے بعد کیا ھوگا اب اس کے انچارج ایک اے ایس آئی ھوں گے اس کا فیصلہ کرنے والے ایک ھیڈ کنسٹیبل ھوں گے - بڑے سے بڑا اخبار نویس جو نہایت bonafide طریق سے Comment کرے گا کل کو پولیس کی حوالات میں ھوگا - نہایت اچھا سے اچھا مقرر بہت بڑا محب وطن ان صاحبان کے متعلق لب کشائی کرے گا - تو ان کا پرچہ نہیں بھی جائے گا ان کا ایک supporter پولیس میں رپورٹ بھیج دے گا - کیونکہ ان کو پرچے کی ضرورت نہیں ھو گی - ان کی اپنی رپورٹ کی ضرورت نہیں اپنی شہادت کی ضرورت نہیں دفعہ ۴ ضابطہ فوجداری بھی اس کے متعلق موجود ھے - کہ cognisable جرائم میں کوئی بھی شخص حصہ لے سکتا - یہ یہاں بیٹھے ھوں گے - اور وہ آدمی بڑا محب وطن ان کی شان میں گستاخی کرنے کے باعث حوالات میں ھوگا- پھر مجرم کا کیا ھوگا - وھی دفعہ ۵۰۰ - جہاں گناہ اور بےگناھی میں تمیز کرنے کے لئے بڑے بڑے ۶۵ اور ۷۰ سال کے جج سر پٹکتے رھے ھیں کہ یہ جرم بنتا ھے یا نہیں - یہ case ان کے حوالے کرتے ھیں - کیوں کرتے ھیں - اس کی کیا غرض ھے - سنا ھے آنے والے الیکشن میں لاؤڈ سپیکر کی پابندی کم ھو رھی ھے - اگر وہ کم ھو گئی تو شاید ان کے مخالفین کو موقع ملے کچھ پردے چاک کرنے کا - کچھ لوگوں کو دکھانے کا - اس وقت لوگ گورنمنٹ کو مطمئن نہیں کریں گے - مگر ان حضرات کو نہیں چھوڑیں گے - انہوں نے لوگوں کی زبانیں بند کرنے

کے لئے اپنے آپ کو فولادی قلعوں میں محفوظ کرنے کے لئےیہ قلعہ تعمیر کیا ہے جس میں من مانی کر سکیں ۔ اور قانون سے جتنا چاہیں مذاق کر سکیں ۔ اور لوگوں کے ساتھ جو بدسلوکی چاہیں کر سکیں ۔ ورنہ اس کی قطعاً اور کوئی غرض نہیں۔ میں پوچھتا ہوں مجھے بتایا جائے کہ کس لاء نے یہ بات کہی تھی اور کس قوم نے کہا تھا کہ دفعہ ۵۰۰ ۔ بناؤ نمبر ۱ ۔ مجھے بتایا جائے کہ کس لاء کمیشن نے یہ کہا تھا کہ ۲۵۷ ۔ میں سے یہ دفعہ چھین لی جائے کہ ملزمان کو پھانسی کی سزا نہیں دے سکتا ۔ میرے پاس لاء کمیشن کی رپورٹ موجود ہے میں نے اس کی ایک ایک شق پڑھی ہے انہوں نے ہرگز نہیں کہا کہ ملزم کو گواہان استغاثہ سے ایسا محفوظ کیا جائے جیسے کرنسی نوٹ کو محفوظ کیا جاتا ہے کہ اس کو دیکھنے نہ پائے ۔ لاء کمیشن نے ہرگز یہ recommendation نہیں کی کہ اس طرح سے ۲۵۷ ۔ کو قائم بھی رکھو اور گواہان کو بھی محفوظ رکھو لاء کمیشن کی عالی جاہ محض یہ recommendation ہے کہ ضابطہ فوجداری میں تمام cases کو summon case تم کر سکتے ہو لیکن ساتھ ہی انہیں نے یہ بھی تجویز کیا ہے نمبر (۱) کہ مقدمہ شروع ہونے سے پہلے پولیس مفصل بیان لکھ کر لائے نمبر (۲) مقدمہ شروع ہونے سے پہلے عدالت دیکھے کہ ملزم کے حق میں تمام گواہوں کے بیانات موقع کے لوگوں کے موجود ہیں ۔ مجھے یہ بات سن کر شرم آتی ہے کہ یہ قانون اور اتنا اہم قانون اتنا بنیادی قانون اقساط میں آ رہا ہے اغراض کے ساتھ آ رہا ہے اگر یہ آنا تھا تو اس کو ۴ ۔ دن ۵ ۔ دن ایک ہفتہ آپ کے پاس موجود ہے کیوں نہ انتظار کیا گیا ۔ تو میری گذارش کرنے کا مطلب یہ تھا کہ اس میں تین اہم چیزیں ہیں دفعہ ۲۵۶ ۔ کی ترمیم لاء کمیشن کی رپورٹ

کے خلاف ہے ۲۵۴ - کی ترمیم لاء کمیشن کی رپورٹ کے خلاف ہے دفعہ ۵ - سو کی ترمیم لاء کمیشن کی رپورٹ کے خلاف ہے اور اسے non cognizable offence کہا جاتا ہے - اور اسے non controversial کہا جاتا ہے - یہ بات میں عرض کر دوں کہ non controversial اسے کہتے ہیں جس کے متعلق متعلقین میں اختلاف رائے نہ ہو -

Mr. Speaker : Next point please. The member has already taken sufficient time on this point.

میاں عبداللطیف - لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کا نوٹ میرے پاس موجود ہے -

Nothing doing. This will never happen.

اس کے باوجود اسے کہتے ہیں کہ یہ non controversial ہے -

اس کے بعد جناب میں ایک مختصر سی گذارش کروں گا - آپ کے توسط سے ان بھائیوں سے کہ یہ بہت اہم اور بنیادی قانون ہے مجھے فاضل بھائی کے الفاظ یاد ہیں انہیں نے کہا تھا کہ واقعی یہ بہت ہی اہم قانون ہے اگر واقعی یہ بہت ہی اہمیت کا قانون ہے وہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ بہت اہم ہے تو خدا را اس کو اتنی جلدی سے پاس نہ کرو اس کو Statute Book کا حصہ بننا ہے اس کو پبلک میں جانے دو تمام وکلاء تمام ججز اور تمام وہ لوگ قانون سے دل چسپی رکھنے والے ہیں اس پر ان لوگوں کو رائے دینے دیجئے تاکہ ہم صوبے کو ایک اچھا قانون دے سکیں - اور نیک نامی حاصل کر سکیں -

Mr. Speaker : I now put the question.

Khawaja Muhammad Safdar : No, Sir.

Mr. Speaker : There is the next motion and the members can speak on it.

خواجہ محمد صفدر ۔ جو جو محرک ہیں ان سے پوچھ لیا جائے اگر وہ بولنا چاہتے ہیں تو ضرور ان کو بولنے دیا جائے۔

Mr. Speaker : Mian Muhammad Akbar is not present. Mr. Kirmani, will like to speak? There are two other motions and he may speak on them.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Let me see Sir. This is about circulation for the purpose of eliciting public opinion.

Mr. Speaker : Yes, the member can speak on the next.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : The next is about reference to a Select Committee. No, Sir. I will be speaking on the first motion because public opinion is more important than reference to a Select Committee.

Syed Ahmed Saeed Kirmani (Lahore V) : Sir, during the last few days, I had the chance of contacting lawyers who practice at the High Court Bar and also the lawyers who practice in the mofassil. I inquired from them whether they welcome the present Bill in its present form or not and I say with sense of responsibility that not a single lawyer has told me that they welcome this measure. They, on the contrary, said that it is not a correct statement of facts that whatever is incorporated in the Bill is based on the recommendations of the Law Commission. I most frankly admit that I had not the benefit of reading the report of the Law Commission because it was nowhere available. It is—seems that it is a forbidden fruit. I inquired from the Assembly Library and the reply was that the report was out. I made inquiries from the High Court Bar and there too it was not available. I made inquiries from the local book-sellers and the reply was the same. But those persons who have read that report are of the view that it is wrong to say that the recommendations of the Law Commission have been incorporated in toto in this Bill. This is the view that is being formed by those who have read it.

Now, Sir, in principle we agree that we should take steps to make justice not only cheap but also speedy. But we have not to make justic. cheap and speedy at the expense of justice itself. That is the point And that is what this Bill is achieving. We will always support Government if the Government brings forth a Bill which makes justice cheaper and within the reach of the common man but unfortunately that is not being done in the case of the present Bill. Sir, I was glad to note that those persons whom I had the opportunity to meet were thankful to the members of the Opposition for having voiced their sentiments forcibly in the House and for having reminded the Government that on such an important measure, it would be in the fitness of things that the matter should not be passed in a hurry and that thorough deliberation should be done in the matter. They said that no law howsoever useful it may look outwardly, if its inner aim is to deny justice to certain persons, should be passed and that law must be opposed. Law commands respect if

it is reasonable; Law commands respect if it satisfies the interest of justice but law cannot and shall not command respect if it is aimed at victimising certain individuals. Unfortunately, the feeling in the Province is that this is an attempt to victimise certain persons. It was also in the interest of the Government to refer it to the general public to find out their opinion and if the public had supported this measure, then of course we would have been out of course.....

(Interruptions from the lobby)

Syed Ahmed Saeed Kirmani: Sir, that well-known Minister who while sitting in the lobby appears to be in the House, I mean Pir Muhammad Khan, is talking in the lobby. If he has no interest your honour may kindly send a word to him that he should not interrupt.

Mr. Speaker: There should be no disturbance. Will Mian Sharif, please go to the lobby ?

Syed Ahmed Saeed Kirmani: Thank you, Sir.

Then there are other people also besides the lawyers, I mean the intellectual society, who carry weight and, if we do not misunderstand them, their views are also not in favour of the present measure. The Government would have done well if they had tried to know their views also and placed the authoritative views of that section before the House. That would have further enabled the House to form a correct view about this measure. But unfortunately that intellectual class has also been ignored. We have no views available of that class, the class which is the most important, the class which is the only class which moulds and shapes and forms public opinion in the country. As we have already pointed out on earlier occasion, this is a Bill which was not referred to the Standing Committee, but then the Law Minister came forward with the excuse that the Standing Committee is composed of persons who would not have made much contribution—he did not say in so many words, but by implication, he said.....

Minister of Law: Sir, it is a false allegation. I would request the member to withdraw it.

Syed Ahmad Saeed Kirmani: I withdraw if my friend insists.

Mr. Speaker: And there should be no reference about that.

Syed Ahmad Saeed Kirmani: I am only saying, he said by implication if he objects to it, I withdraw.

The result is that neither you referred it to the Standing Committee nor to any other committee nor did you permit the lawyer class to give its opinion nor you took the intellectuals into confidence. That was the only occasion for the Government to accept this motion and enable this House to know the view of the general public.

Sir, I need not refer to certain provisions of the Bill because I will be subjecting myself to ready objections of the Law Minister that again he is referring to the principles involved. But all I can say is that whether anybody is against it or not, in the fact is that this Bill, if passed, will bring far-reaching changes in our judicial system. A Bill which is going to bring about far-reaching changes in our system should be referred to the public for eliciting their opinion, because it is ultimately the public which is going to be affected, it is they who will be made to suffer because of the hardships contained in the Bill and those who are going to be affected, I would say, adversely have not been allowed to say a word about the merits and demerits of this Bill. It is height of injustice I must say. It is a thing unheard of. It is a thing which no Government can be proud. All the democratic Governments all over the world in all ages have always been responsive to the public opinion and they have guided their affairs and they have put life into their actions after knowing the reactions of the general public. But we here, unfortunately, know that the contrary is being done. If it had been a matter concerning one person of the general population, then we would have slept over the matter and ignored it. But this is a measure which is going not only to affect the public, even the persons sitting over here, the MPAs., the employees of the Secretariat and even your goodself will be affected. Such a measure is being passed without consulting those who have something to say with regard to this Bill. I need not go into the provisions of this Bill, I will refer to them later on.

(At this stage Mr. Hamza stood up to speak.)

Mr. Speaker. He would be the first speaker to speak on the next motion. The question is.....

Khawaja Muhammad Safdar : I will be first speaker on the next motion.

Mr. Speaker : The member will get a chance.

The question is.....

That the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1964, as introduced, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by 15th June, 1964.

(*The motion was lost*)

خواجه محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) جناب والا - اس سے پیشتر کہ میں آپ کے سامنے یہ ترمیم پیش کروں - میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ ہم اس صوبے کے بلکہ اس ملک کے اہم ترین قانون میں ترمیم لا رہے ہیں - اگر تو اس پر عجلت سے چلتا ہے - تو پھر میرا خیال ہے کہ

ہمارے یہاں بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا ۔ یہاں اس پر سیر حاصل بحث ہونی چاہئے ۔ اسکے حسن و قبح بیان ہونے چاہئیں ۔ جو اصحاب بھی اس بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں ۔ خواہ وہ اس طرف سے تعلق رکھتے ہوں خواہ اس طرف سے ۔ ان کو پورا پورا موقع ملنا چاہئے کہ وہ اپنے اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں ۔

Mr. Speaker : They will get sufficient opportunity. The member may move his amendment.

راؤ خورشید علی خاں ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جب اس مرحلے پر ہر ایک ممبر کو بولنے کا حق ہے ۔ اور ہم میں سے تو بہت لوگوں نے ترامیم کے نوٹس بھی دئیے ہیں ۔ اسکے باوجود ہمیں اس پر بولنے کا حق نہیں ملتا ہے ۔ اور پھر جبکہ یہ اتنا اہم قانون ہے ۔

Mr. Speaker : The member will get it. Khawaja Sahib to please move his amendment. (*Interruptions*) Order, order.

Mian Abdul Latif : Will Mr. Hamza be allowed to speak. He is one of the movers of the first motion.

Mr. Speaker : Khawaja Sahib to please move his amendment.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں پھر نہایت ادب سے گذارش کروں گا ۔ کہ جب ہم یہ مانتے ہیں اور جناب حمزہ صاحب کا نام بھی موجود ہے ۔ تو ان کا یہ حق کیسے چھینا جا سکتا ہے کہ وہ اپنی ترمیم پیش نہ کریں ۔

Mr. Speaker : There are so many amendments. On the next amendment he can make a speech. The original motion is that the Bill be taken into consideration at once. There are three amendments. They can take part in the debate.

Khawaja Muhammad Safdar : There are two amendments, one is by so many members,

Mr. Speaker : So far as that amendment is concerned, that stage is over. The member may please move the next amendment.

Syed Ahmad Saeed Kirmani : On a point of order. It is that the learned Leader of the Opposition has asked your honour under what Rule Mr. Hamza is debarred from speaking on this particular motion.

Mr. Speaker : That stage is over. Khawaja Sahib to please move his amendment. (*Interruptions*)

Mian Abdul Latif : How is that over ?

Mr. Speaker : Order, order.

خواجه محمد صفدر ۔ میں نہایت ادب سے درخواست کرونگا ۔ اور میں اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے جسقدر زور اور شد و مد سے ہو سکتا ہے ۔ اس کے ساتھ عرض کرونگا .....

Mr. Speaker : I say, they will be given a chance.

خواجه محمد صفدر ۔ یہ بالکل ٹھیک ہے ۔ جب آپ یہ تسلیم بھی کرتے ہیں ۔ اور ان کو ترمیم پیش کرنے کا حق بھی ہے ۔ تو پھر آپ انہیں اس حق سے محروم کیوں کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I say that they will get a chance. I will give them a chance. I am not going to deprive them of their rights.

میاں عبداللطیف ۔ آپ اس کے لئے سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس موقع دینگے ۔ یہ تو عوام کے پاس بھیجنے کی اجازت چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Mian Sahib may please take his seat. I would request Khawaja Sahib to move his amendment.

راؤ خورشید علی خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ایک شخص نے اس بات کی ترمیم دی ہے کہ اس قانون کو رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے ۔ اس کے علاوہ اس نے مختلف

دفعات کے اندر بھی ترامیم کا نوٹس دیا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص پہلی ترمیم پر بھی بولنا چاہتا ہے۔ اس کے بعد جو دوسرا مرحلہ ہے۔ جو مختلف دفعات کی ترامیم ہیں ۔ اس پر بھی بولنا چاہتا ہے . . .

Mr. Speaker : The member may raise this point of order subsequently when that stage comes. Now that stage is over. Khawaja Sahib to please move his amendment.

راؤ خورشید علی خان ۔ آپ میرا پوائنٹ آف آرڈر تو سن لیں ۔ میں اس stage کی بحث ہی نہیں کر رہا ہوں ۔ I want your reply.

Mr. Speaker : I have replied.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ کم از کم اسکے متعلق ہمیں رولنگ تو دیدیں تاکہ آئیندہ کے لئے ابہام نہ رہے ۔ آپ کی رولنگ آ جائیگی تو آئیندہ کے لئے ابہام نہیں رہیگا ۔

Mr. Speaker : I will give my ruling at the proper stage.

Rao Khurshid Ali Khan : Any point of order must be decided first according to the Rule.

Mr. Speaker : I decide that it is not the proper stage for a decision on that point of order. This is ruled out of order. The member may please take his seat. Khawaja Sahib may please move his amendment. Is he moving his amendment?
(*Interruptions*) Order, order please.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Which point of order your honour has been pleased to over-rule ?

Mr. Speaker : Which was raised by Rao Khurshid Ali Khan.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : To what effect was that ?

Mr. Speaker : The member should be vigilant.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : I know that your honour ought to know that. That is my claim.

Mr. Speaker : I know it.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Please take the House into confidence You just in a hurry said, 'I . . . .

Mr. Hamza : On a point of order.

میں آپ کی توجہ رول ٦٦ (١) اور اس کے بعد ٦٨ کی طرف دلانا چاهتا هوں ۔

> 66(1) If notice of a proposed amendment has not been iven gtwo clear days before the day on which the Bill the relevant clause or the schedule, is to be considered any Member may object to the moving of the amendment and thereon such objection shall prevail unless the Speaker suspends this rule and allows the amendments to be moved.
>
> 68. Order of amendments—Amendments shall ordinarily be considered in the order of the clause of the Bill to which they relate.

جناب سپیکر ۔ جہاں تک سیکشن ٦٦ کا تعلق ہے آپ کو علم ہے کہ میں نے ترمیم کو اس ایوان میں پیش کرنے کے لئے دو دن کا واضح نوٹس دیا تھا اور یہ آرڈر آف دی ڈے میں موجود ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ سیلیکٹ کمیٹی کے سامنے یہ معاملہ سپرد کرنا ہے اور عوام‌الناس کی رائے کا پتہ کرنے کے لئے اس کو refer کرنا بالکل دو مختلف چیزیں ہیں اور جب میں نے باقاعدہ اور باظابطہ نوٹس دیا ہوا تھا تو مجھے اس حق سے محروم کرنا مناسب نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کو حق سے محروم نہیں کیا جا رہا میں آپ کو موقع دونگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ میں نے اس موضوع پر ایک خاص تقریر تیار کی ہوئی تھی ۔ اس کے لئے نوٹس دیا ہوا تھا لیکن بعض ایسے ممبر صاحبان جنہوں نے نوٹس نہیں دئیے مجھے ان کے مقابلہ میں ترجیح ملنی چاهئے ۔

Mr. Speaker : So far as the Amendment is concerned the question was put and was decided.

مسٹر حمزہ - جناب میری عرض سن لیں -

Mr. Speaker : Not at this stage. The member may please take his seat. (*Interruptions*) Khawaja Sahib should please move his amendment. Mr. Hamza may please take his seat.

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر- جناب آپ مجھے اپنی نشست پر بیٹھنے پر کس رول کے تحت مجبور کرتے ھیں -

Mr. Speaker : Under my inherent powers and powers under the Rules.

مسٹر حمزہ - پہلے میرے پوائنٹ آف آرڈر کا فیصلہ کیجئے -

مسٹر سپیکر - میں نے فیصلہ کر دیا ھے کہ ترمیم لانے کی سٹیج گذر چکی ھے -

Syed Ahmed Saeed Kirmani : On a point of order. Sir, we should not take decisions in an atmosphere of tension, and we should decide things in a friendly atmosphere.

Mr. Speaker : Definitely.

Syed Ahmed Saeed Kirmani : We have respect for you and we mean business.....

Mr. Speaker : I have respect for every Member of the House. I must say that the member knows the Rules very well and every one knows them .....

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, I was frightened by your observation.....

Mr. Speaker : There is no occasion for being frightened .....

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, you say, there is inherent power. But if there is clash between the Rules and your inherent powers then, I think, the Rules of Procedure must have preference. If the Rules are silent on a particular point then your Honour is justified in invoking those powers. But when the Rules are there they are there to guide us.

Mr. Speaker : I have decided that point.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب ۔ خواجہ صاحب تحریک پیش نہیں کرنا چاہتے تو آپ انہیں کیوں مجبور کرتے ہیں ۔

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Khawaja Sahib has refused to move his Amendment. He was called upon several times by the Speaker to move his Amendment. He has no right to move now.

Minister of Finance : On a point of order, Sir, I draw your attention to Rule 159.....

> "(1) The Speaker shall have all powers necessary for the purpose of enforcing his decision on all points or order.
>
> (2) For the purpose of enforcing the orders of the Speaker there shall be appointed a person to act as ..... (the Sergeant-at-Arms)....."

(*Interruptions*)

Khawaja Muhammad Safdar : We do not challenge this Rule.

وزیر خزانہ ۔ کیا آپ ان کا کہنا نہیں مانتے ۔ He can name any person to go out.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

> That the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1964, as introduced, be referred to a Select Committee with instructions to report by 15th May, 1964.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

> That the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill 1964, as introduced, be referred to a Select Committee with instructions to report by 15th May, 1964.

Minister of Law : (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Opposed.

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : Not more than five minutes to each member and ten minutes to the mover.

خواجہ محمد صفدر - میں ان کو بتاتا ہوں کہ کوئی ٹائم کی پابندی نہیں - میرا ان پڑھ لوگوں سے واسطہ پڑا ہے -

Mr. Speaker : Malik Sahib, so far as legislative business is concerned if there any time limit. . . (*Interruptions*) Order, order.

Minister of Agriculture : I again say that you have powers to fix a time limit. Supposing a member stands and wants to speak for one hundred days should I take it that you have no powers ? If you say, none. . . . . .

Mr. Speaker : If the Member is irrelevant ? . . . .

Minister of Agriculture : Yes, if he is dilatory and indulges in repetition then we seek your protection. In that case he cannot speak for more than five minutes.

خواجہ محمد صفدر - جناب سپیکر - مجھے حیرانگی ہے کہ میرے محترم بزرگ جو میرے سامنے تشریف فرما ہیں . . . . (قطع کلامیاں)

Minister of Agriculture : This is irrelevant.

Mr. Speaker : The member may please speak about the Amendment.

میاں عبداللطیف - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ان کی طرف سے پریشانی تو ہم سمجھ سکتے ہیں لیکن آپ کی طرف سے ہمیں بڑی کوآپریشن کی ضرورت ہے -

Minister of Agriculture : No aspersions on the Chair.

Mr. Speaker : This is no point of order. For the information of the Members I may say that no frivolous points of order must be raised.

میجر سلطان احمد خاں - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - خواجہ صاحب نے ملک قادر بخش صاحب کے بارے میں ''میرے محترم بزرگ،، کے الفاظ استعمال کیے ہیں جن پر انہوں نے کہا "Irrelevant" اگر وہ محترم بزرگ نہیں تو وہ جن بھوت تو ہیں نہیں

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں محمد شریف) ــ جناب جن بھوت تو نہیں لیکن دماغ کی خرابی ضرور ہے ۔

وزیر خوراک و زراعت ××××××××××*

Mr. Speaker : The member is not relevant. This is no point of order. And these words are expunged from the proceedings of the Assembly.

(*interruptions*) Order, order no *interruptions*.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱) ۔ جناب والا ۔ اس مسودہ قانون جس کی اہمیت کے متعلق میرے محترم دوست جناب میاں عبداللطیف صاحب نے اس ایوان میں ابھی ابھی ایک فاضلانہ تقریر فرمائی ہے اس اجلت کے ساتھ اس جلدی کے ساتھ ہمارے دوست پاس کرانے کے خواہش مند ہیں کہ جسکا اظہار ان کی بار بار پریشانی کے اظہار سے ظاہر ہے ۔ جناب والا ۔ میں اس بل کا preamble پڑھتا ہوں اور اسکے بعد Statement of objects and reasons پڑھتا ہوں ۔ دراصل کسی بل کے دو ہی حصے ہوتے ہیں جن کو بتایا جاتا ہے کہ اس بل کو ایوان میں لانے کی غرض وغائیت کیا ہے اور اس کو قانون کی شکل دینے سے کیا مدعا ہے اور اس کے بعد مختصر سے اس کا statement of objects and reasons دئیے ہیں لاءکمیشن نے اس کو دھرایا ہے ۔

Whereas the Law Commission appointed by the President has made certain recommendations for amendment of the Code of Criminal Procedure, 1898 ;

And whereas it is considered expedient to amend the Code of Criminal Procedure, 1898, in its application to the Province of West Pakistan to give effect to certain recommendations of the Law Commission ;

*Expunged as ordered by the speaker.

Statement of Objects and Reasons اس کے بعد

The Law Commission has made a number of proposals for affecting reforms in the Code of Criminal Procedure, 1898. It is proposed to accept the proposals of the Law Commission in regard to which there is no controversy and make necessary amendments in the Code immediately. The Bill seeks to achieve the above object.

جناب والا ۔ اس میں اہم چیز جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اگرچہ حکومت لاء کمیشن کی تمام سفارشات کو فی‌الحال ایک مسودہ قانون کے ذریعہ اس ایوان میں نہیں لا رہی لیکن ان چند ایک سفارشات کو جن کے متعلق اختلاف نہیں ہے ، جن کے متعلق صوبہ میں دو رائیں نہیں ہیں، ان کو فی‌الحال پاس کرانا چاہتی ہے ۔ میری رائے میں یہ کہنا کہ ان اہم ترامیم کے متعلق ، جو کہ اس مسودہ قانون میں درج ہیں ، اس ملک میں دو رائیں نہیں ہیں، یہ سچائی سے دور ہے ۔ بلکہ میں یہ کہوں گا کہ یہ سچائی کا اخفا ہے ۔ جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں ان واقعات اور عوامل کا ذکر کروں میں اس صوبہ کی سب سے بڑی ایسوسی ایشن کا ایک تار آپ کے سامنے پڑھکر سناتا ہوں ۔ اور یہ تار وہ ہے جو کہ لاء منسٹر صاحب کے نام پر بھی گیا ہے ، جو کہ قائد ایوان کے نام پر بھی، جہاں تک مجھے معلوم ہے، گیا ہے، جو کہ گورنر صاحب کی خدمت میں بھی بھیجا گیا ہے ۔ اور اس معزز ایوان کے . . . .

وزیر خزانہ - کیا پتہ ہے جھوٹی ہو-

خواجہ محمد صفدر - یہ تار میرے نام پر بھی آیا ہے ۔

"High Court Bar Association Emergent meeting views with concern the hasty introduction of Bill No. 33 of 1964 proposing to amend important provisions of Criminal Procedure Code pray defer introduction til lopportunity given to discuss letter follows."

تو میری اس تحریک کا مقصد اور مدعا وھی ھے جس کا اس تار کے ذریعہ ھائیکورٹ بار ایسوسی ایشن لاھور نے ھمارے محترم وزیر قانون کی خدمت میں بھیج کر اظہار کیا ھے ۔ اس کے ساتھ ایک خط بھی انہوں نے بھیجا ھے اور انٹرویو بھی مانگا ھے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ ھمارے اس بہت بڑے ادارے کی درخواست کو درخوراعتناء نہیں سمجھا گیا ۔

Minister of Law: On a point of personal explanation. The member, it appears, is not fully informed. The President of the Bar Association did meet me and I was with him for over one hour, and I discussed the entire details with him. His name is Mr. Said Akbar, Advocate.

خواجہ محمد صفدر- راجہ سید اکبر صاحب میرے واجب‌الاحترام بزرگ ھیں ۔ انہوں نے بتایا ھے کہ وہ لاء منسٹر صاحب کی خدمت میں حاضر ھوئے ۔ لیکن میری ان باتوں سے یہ عرض نہیں تھی کہ آپ نے ان کو انٹرویو نہیں دیا ۔ میری غرض یہ تھی کہ انہوں نے آپ سے درخواست کی تھی کہ اس کو ملتوی کر دیا جائے تاکہ مختلف بارایسوسی ایشنز سے، مختلف وکلاء حضرات سے ، مختلف پڑھے لکھے لوگوں سے اس بل کے متعلق رائے لے لی جائے ۔ اور اس کے بعد اس رائے کی بناء پر آپ اس کے متعلق قانون سازی کریں ۔ میری غرض یہ تھی کہ آپ نے ان کی رائے سے اتفاق نہیں کیا ۔ ان کی درخواست کو قبول نہیں فرمایا ۔

تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ اس مسودہ قانون سے ، جس کو اتنی جلدی اوراتنی سرعت سے اس ایوان سے پاس کرانے کی کوشش کی جارھی ھے ، کم ازکم چار نہایت بنیادی چیزوں پر جو کہ ضابطہ فوجداری میں دی ھوئی ھیں ، ان پر اثر پڑے گا ۔ وہ چار چیزیں کون سی ھیں ؟ پہلی یہ ھے کہ ملزم کو یہ حق حاصل نہیں ھوگا کہ وہ گواھان

پر مکرر جرح کرے - نمبر دو یہ کہ اسیسر صاحبان کے ذریعہ جن مقدمات کا فیصلہ آج کل ہو رہا ہے ، اس institution کو ہٹا دیا جائیگا - نمبر تین اگر مجسٹریٹ صاحبان تبدیل ہو جائیں تو جو زیر سماعت مقدمات ہوں ، ان میں ملزمان کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ نئے مجسٹریٹ کے آنے پر از سرنو مقدمہ کرانے کی ، جسے انگریزی میں de nove کہتے ہیں ، درخواست دیں اور ان کی درخواست ایک حق کی صورت میں ہو گی اور مجسٹریٹ صاحبان مجبور ہوں گے کہ وہ ان کی درخواست قبول کریں - چوتھا نکتہ یہ ہے کہ اس مسودہ قانون کی رو سے ضابطہ فوجداری میں یہ ترمیم کی جا رہی ہے کہ اگر کوئی عدالت ضابطہ کی پرواہ نہ کرتے ہوئے فیصلہ کر دے ، غلط ضابطہ کے مطابق فیصلہ کر دے، ضابطہ کا لحاظ نہ رکھے تو آج کل صورت یہ ہے کہ اس فیصلہ کو کاالعدم قرار دیا جاتا ہے - لیکن اس کے پاس ہونے کے بعد یہ صورت ہو گی کہ اگر ضابطہ کا خیال نہیں رکھا گیا تو کوئی بات نہیں ہے - ویسے اس کو سزا ہو گئی تو ٹھیک ہے - آخر میں پانچویں چیز جس کے متعلق میاں صاحب نے اپنی گذارشات میں کہا تھا کہ دفعہ ۵۰۰ کو cognizable بنا دیا ہے -

جناب والا - دنیا بھر میں انصاف کی بنیاد اس بات پر ہے کہ جب تک کسی شخص کے خلاف الزام ثابت نہیں ہو جاتا - اس وقت تک وہ بے گناہ ہے - یہ ایسا maxim ہے ، ایسا مقولہ ہے کہ اس پر عمل کرتے ہوئے نہ کوئی تمیز روا رکھی جاتی ہے کالے اور گورے میں، نہ سفید اور زرد میں - تمام قومیں بلا امتیاز صدیوں سے، ہزاروں سالوں سے اس بات پر متفق ہیں کہ جب تک کسی شخص کے خلاف الزام ثابت نہ ہو جائے اس

وقت تک اسے قانون کی نظر میں بے گناہ سمجھا جائے ۔ آج ہم، مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ، کہ اس زریں اصول سے ان ترامیم کی رو سے انحراف کر رہے ہیں ۔ وہ انحراف اس طرح ہے ۔ جناب والا ۔ آپ جانتے ہیں کہ جب تک فرد جرم کسی ملزم پر عائد نہیں ہوتا تب تک اسے یہ معلوم نہیں ہوتا کم از کم قانون کی نگاہ میں اسے معلوم نہیں ہوتا کہ اس کے خلاف جرم کیا ہے ۔ اگر ایک شخص کو یہ علم نہ ہو کہ اس کے خلاف الزام کیا ہے تو کس صورت میں وہ اپنی بریت کے لیے جرح کی صورت میں اپنی صفائی پیش کر سکتا ہے ۔ یا گواہان صفائی کی صورت میں اپنی صفائی پیش کر سکتا ہے ۔ Warrant cases میں پہلے چند گواہان جن کے بعد فرد جرم عاید کیا جاتا ہے اس وقت تک، میرے محترم دوست ، ساری عمر جنہوں نے اس پیشۂ وکالت میں بسر کی ہے، مجھ سے بدرجہا بہتر جانتے ہیں کہ ان گواہان پر جرح rambling ہوتی ہے ۔ وہ تحقیقاتی نہیں ہوتی ۔ وہ ان points کے متعلق نہیں ہوتی جن کے متعلق فرد جرم بعد میں لگنا ہے ۔ فرد جرم کے بعد ملزم اور اس کے وکیل کو معلوم ہو جاتا ہے کہ واضح طور پر الزام یہ یہ میرے موکل کےخلاف ہیں یا میرے خلاف ہیں ۔ تو پھر جرح کی نوعیت تبدیل ہو جاتی ہے ۔ تو جناب والا ۔ مجھے اس بات پر کوئی زیادہ اعتراض نہیں ہے کہ سارے کے سارے cases کو warrant case کی بجائے summons case کے طور پر رکھ لیے جائیں ۔ اس صورت میں جیسا کہ لاء کمیشن کی سفارشات میں ہے اور جیسا کہ ہم نے بعض ترامیم دی ہیں ، کم از کم ایک ہفتہ پہلے پولیس کی رپورٹ اور ضمنیات کی نقول ملزم کو مہیا کر دی جائیں ۔ اس سے ملزم کو کم از کم یہ معلوم ہو جائے گا کہ میرے خلاف الزام کیا ہیں ۔ لیکن اس صورت میں جب کہ ہم warrant case کے procedure کو بحال رکھتے ہیں اور

صرف اس میں سے مکرر جرح کاٹ دیتے ھیں ، میں سمجھتا ھوں کہ یہ انصاف کا خون کرنا ھوگا ۔

Minister of Law : Khawaja Sahib, I may inform you that I am accepting the amendment. I had to talk with you and I agreed to accept your amendment. Be fair to me.

خواجہ محمد صفدر ۔ Certainly, sir ۔ اس موضوع کے متعلق جیسا کہ میرے محترم دوست جناب وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ھے ، چند روز پیشتر ان کے اور میرے درمیان گفتگو ھوئی تھی۔ انہوں نے اس وقت بھی ارشاد فرمایا تھا کہ ھم ان amendments کو جن میں یہ کہا گیا ھے (قطع کلامیاں)

انہوں نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ ھم تراسیم قبول کر رھے ھیں ۔ میں ان کا شکر گذار ھوں، اور آج انہوں نے ایوان میں بھی یہ commitment کر دی ھے ، کیونکہ اس کے بغیر ملزم کسی صورت میں اپنی بریت ثابت نہیں کر سکتا ۔ بہر حال میں اس پوائنٹ کو یہیں چھوڑتا ھوں کیونکہ محترم وزیر قانون نے اس کو ایک حد تک concede کر دیا ھے ۔

دوسری چیز بنیادی طور پر جو اس میں تبدیل کی جا رھی ھے ۔ وہ de novo trial ھے ۔ جیسے کہ میں نے ابھی تھوڑا عرصہ ھوا ، عرض کیا تھا، de novo trial دراصل ایک اصول پر مبنی ھے۔ وہ اصول یہ ھے کہ اگرچہ عدالت پابند ھے کہ جو شہادت تحریر میں آئے، اس کے مطابق فیصلہ کرے۔ لیکن میں پھر اپنے محترم بزرگ جناب ملک قادر بخش صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ھوں کہ گواہ کا اس وقت demeanour ۔ اس کی چال ڈھال ۔ اس کی حرکات و سکنات وغیرہ ۔ یہ سب چیزیں مقدمے کا فیصلہ کرنے میں ایک اھم جزو ھوتی ھیں ۔ اور عدالت انہیں نوٹ کرتی رھتی ھے ۔ تو اس

بنیاد پر در اصل Cr. P. C. میں de provo trial کا بندوبست کیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ایک مجسٹریٹ صاحب کے تبدیل ہونے کے بعد جب دوسرے مجسٹریٹ صاحب تشریف لائیں گے ۔ تو ان کے پاس نہ تحریری طور پر مثل موجود ہو گی اور نہ شہادتیں موجود ہوں گی ۔ اور نہ ہی ان کو یہ معلوم ہو گا کہ کن حالات میں گواہوں نے کس طرح شہادتیں لکھوائی ہوئی ہیں ۔ اگر سابق مجسٹریٹ صاحب جیسا کہ ملک صاحب نے فرمایا ہے ۔ ساتھ ساتھ تحریر کرتے جائیں تو وہ تحریر تو مدد دے سکتی ہے لیکن اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ اس duty سے احتراز ہی کیا جاتا ہے ۔ اور کچھ بھی لکھا نہیں جاتا ۔ تو عرض یہ ہے کہ de novo trial اس لئے رکھا جاتا ہے کہ وہ تمام گواہان جن کی شہادت کی بنا پر ایک عدالت نے ایک مجرم کو سزا دینی ہے ۔ ایک شخص کا یہ قیمتی حق کہ وہ آزاد رہے ۔ اسے چھین کر اسے محبوس کرنا یا قید خانے میں بھیجنا ، صریحاً زیادتی ہے ۔ البتہ اگر فیصلہ کرنے سے پیشتر مجسٹریٹ صاحب یا اس عدالت کو بخوبی اس بات کا علم ہو کہ ہمارے پاس جو شہادت آئی تھی ۔ وہ سچائی پر مبنی اور درست ہے ۔ اس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش تو نہیں ۔ اس لیے اس میں سے de novo tria کو حذف کرنا مناسب نہیں ۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض cases میں جلد فیصلہ ہونے میں مدد ملے گی ۔ لیکن کاش کہ وہ تمام اصول اپنا لیے جاتے ۔ جن کے ذریعے مقدمات جلد طے پا سکتے ہیں اور جن کی سفارشات Law Commission کی رپورٹ میں موجود ہیں ۔ لیکن افسوس ہے کہ وہ اپنائی نہیں گئیں اور اس چیز کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیا گیا ہے ۔ جن کے بغیر

Cr.P.C. در اصل Cr.P.C. نہیں رہے گا۔ بلکہ ایک Summary Trial رہ جائے گا۔

جناب والا ۔ اس کے بعد ایک تیسری چیز جس کے متعلق اس مسودہ قانون کے ذریعے ترمیم کر کے میری رائے میں ایک معیاری غلطی کی گئی ہے ۔ وہ یہ ہے کہ دفعہ ۵۳۷ میں بنیادی تبدیلی کی گئی ہے ۔ اس میں یہ ہے کہ اگر misjoinder of charges ہو۔ اور کسی صورت میں materially ضابطے کی پابندی نہ کی گئی ہو ۔ (ایک آواز ۔ آپ Cr. P.C. دیکھیں ۔) یار ۔ یہ میرے پاس ہے ۔ آپ مجھ سے لے لیں ۔

Mr. Speaker : Khawaja Sahib should not use the word' Yaar ;

خواجہ محمد صفدر ۔ I withdraw sir. ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس وقت ہمارے قانون میں یہ بات درج ہے کہ اگر کوئی فاضل عدالت اچھی طرح ضابطے کی دیکھ بھال نہیں کرتی ۔ اور ضابطے سے بے پروا ہو کر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : The member should let the House be in order first.

خواجہ محمد صفدر ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ آج ہمارے ضابطہ فوج داری میں یہ چیز درج ہے کہ اگر کوئی عدالت ضابطے سے بے پرواہی برت کر کسی ملزم کو سزا دیتی ہے اور ضابطے کی کوئی ایسی غلطی کرتی ہے جس سے ملزم کے حقوق پر زد پڑتی ہے تو عدالت ہائے اپیل میں اسے بری کر دیا جاتا تھا ۔ اب اس مسودہ قانون کے پاس ہونے کے بعد یہ فیصلہ کر دیا گیا ہے کہ خواہ کسی عدالت نے ضابطے کی پروا کی ہو یا نہ کی ہو ۔ خواہ کسی عدالت نے ضابطے کی پابندیاں جو ان پر عائد ہوتی ہیں ان کو اپنایا ہو یا نہ

اپنایا ہو ۔ اس کے باوجود عدالت اپیل اس کے فیصلے میں جو انہوں نے کیا ہو ۔ اس بنا پر مداخلت کر سکے گی کہ ضابطے کی خلاف ورزی ہوئی ہے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہماری عدالتیں ضابطے سے بالکل بے نیاز اور بے پروا ہو کر مقدمات کے فیصلے کیا کریں گی ۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہزاروں بیگناہ لوگ سزا پا جایا کریں گے ۔ جناب ۔ آپ غور فرمائیں کہ جس عدالت کے ضابطے کا علم نہ ہو ۔ اسے کیا حق ہے کہ وہ کسی کی بیگناہی یا با گناہی کا فیصلہ کرے ۔ جو شخص ایک معمولی ضابطے کی چیزوں کو نہیں سمجھتا ۔ اس پر ہم اعتماد کیسے کر سکتے ہیں ۔ وہ کسی مقدمے کا انصاف سے فیصلہ کیسے کرے گا ۔ اس اصول کی بنا پر ہماری عدالت ہائے عالیہ نے بے شمار فیصلہ جات کیے ہوئے ہیں ۔ چنانچہ جو شخص ۔ مجسٹریٹ یا عدالتیں فیصلے کرتے وقت یا کرنے سے پیشتر ضابطے سے بے پروا ہوں ۔ تو یقیناً وہ فیصلے جو انہوں نے بے پرواہی سے کئے ہوئے ہیں ۔ ملزم پر لازم نہ ہوں گے ۔

Minister of Agriculture : On a point of information.

I want to bring one information to his notice so that my friend is enlightened. I draw his attention to the Section already in the Criminal Procedure Code, i.e. Section 537, alongwith judgements of the various High Courts.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ۔ میں اس وقت دفعہ ۵۳۷ کی بات کر رہا ہوں ۔

Minister of Food and Agriculture : And alongwith the judgements of various High Courts.

ممکن ہے آپ نے فوجداری کا کام کبھی نہ کیا ہو ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ میں نے کبھی کوئی کام نہیں کیا ۔

سید احمد سعید کرمانی - جناب والا - وزراء صاحبان کو اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ Leader of Opposition انہیں میٹھی گالیاں دے رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس مسودہ قانون سے ہمارے موجودہ ضابطہ فوجداری میں نہایت اہم بنیادی تبدیلیاں ہو رہی ہیں - جن کے پیش نظر ہمیں عجلت سے کام نہ لینا چاہئے - چونکہ Law Commission نے اپنی رپورٹ میں ان کے متعلق کچھ سفارشات کی ہوئی ہیں- اس لیے ہمیں ان کو پیش نظر رکھنا چاہئے- Law Commission نے یہ بھی کوشش کی ہوئی ہے کہ Magistracy کو انتظامیہ سے علیحدہ کیا جائے - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس پر کیوں عمل نہیں کیا جا رہا -

جناب والا - Law Commission نے اپنی رپورٹ میں یہ بھی لکھا ہے کہ جب ایک مقدمہ کسی عدالت میں دائر کر دیا جائے تو وہاں سے واپس لے کر جرگے کے سپرد نہ کیا جائے - میں جناب وزیر قانون سے پوچھتا ہوں - کیا اس معزز ایوان نے یہ قانون پاس نہیں کیا کہ وہ جب چاہیں مقدمہ واپس لے سکتے ہیں - بہر حال Law Commission کی سفارشات کوئی حرف آخر نہیں -

میاں عبداللطیف۔ مشرق پاکستان میں جناب C.P.C.اور Evidence Act وغیرہ رائج ہیں ۔ مغربی پاکستان میں بھی رائج ہیں ۔ تو حکومت نے ۱۹۶۰ء میں ایک قانون کے ذریعے وہ پرانے دقیانوسی اور نامکمل قوانین اور ضابطے منسوخ کر کے یہ قانون لاگو کر دیا جس کے متعلق آج ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ ان چار اضلاع یعنی قلات ۔ خاران ۔ لس بیلا اور مکران کے عوام نے وزیر قانون صاحب کے پاس آ کر اپنی خواہش کا اظہار کیا کہ وہ اس ضابطہ دیوانی اور قانون شہادت سے بڑے بیزار ہیں ۔ اور انہیں اپنے ضابطہ دیوانی اور قانون شہادت سے بڑی الفت تھی ۔ اس لئے ان کو وہ پرانا ایکٹ شہادت اور پرانا ضابطہ دیوانی دے دئیے جائیں ۔ اور یہ منسوخ کر دئیے جائیں ۔ لیکن ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ چونکہ یہ حکومت بڑی sensitive ہے اس لئے انہوں نے پبلک کے views اور پبلک opinion کا احترام کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ ۱۹۶۰ء کا قانون منسوخ کر کے ۱۹۵۲ء سے پہلے کا ضابطہ دیوانی وغیرہ وہاں رائج کئے جائیں ۔

جناب صدر ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ residents اور people نے ان سے اس خواہش کا اظہار کیا ہے ۔ مجھے وزیر قانون صاحب کی کسی بات پر شبہ نہیں کرنا چاہئیے ۔ لیکن آخر یہ تو کوئی ایسی بات نہیں کہ ایک پوری ڈویژن یعنی ۴ اضلاع کے لوگ ۔

May I have the attention and ears of the Law Minister.

Mr. Speaker : He wants the Law Minister to listen to him.

میاں عبداللطیف ۔ لیکن جناب مجھے جناب وزیر قانون کی یہ بات ماننے میں تامل ہے ۔ کہ ان چار اضلاع کے لوگوں نے یہ فیصلہ کیا ہو کہ وہ صوبہ کے دوسرے حصوں کے ساتھ قانون کے معاملات میں ذوش

بدوش چلنے کے لئے تیار نہیں ۔ وہ کون سے لوگ ہیں جنہوں نے انہیں معذرت نامے اور درخواستیں بھیجیں کہ ہمیں تم 3rd Class شہری سمجھو ۔ انہوں نے کونسا ادارہ یہ معلوم کرنے کے لئے قائم کیا تھا کہ ان چار اضلاع کے لوگوں کی خواہش کیا ہے ۔ مجھے وہ تاریخ ' مہینہ یا سال بتائیں جب حکومت کے پاس ان لوگوں کا کوئی Deputation یہ کہنے کیلئے آیا کہ وہ علاقے اس قابل نہیں کہ صوبہ کے دیگر علاقوں کے دوش بدوش چل سکیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ نہ ان کے پاس کوئی معذرت نامہ آیا نہ انہوں نے کبھی عوام سے دریافت کیا کہ ان کی تکالیف کیا ہیں ۔ اور ان قوانین کے معاملے میں وہ اپنے آپ کو کہاں رکھنا چاہتے ہیں ۔ یہ باتیں سراسر غلط ہیں ۔ دراصل اس متعلقہ ریجن میں ایک شخص یا زیادہ سے زیادہ دو اشخاص ایسے ہیں جو یہ چاہتے ہیں کہ اس علاقے یعنی مکران ۔ لس بیلہ ۔ قلات اور خاران وغیرہ کے لوگ صوبے کے دوسرے حصوں کے ساتھ نہ رہیں ۔ بلکہ وہاں وہ قوانین رائج ہوں جن کے ماتحت ان کے اختیارات قائم رہیں اور وہ کسی کے ماتحت نہ ہوں ۔ کسی کو جواب دہ نہ ہوں اور سب کچھ خود ہی کیا کریں ۔ اس غرض کو پورا کرنے کیلئے اگر آپ کا یہی منشاء ہے کہ آپ ان کی خواہشات کے مطابق چل رہے ہیں ۔ اور people and residents کی تمنا کے مطابق قانون draft کرتے ہیں ۔ تو بھئی اس ہاؤس کو بتائیے کہ آپ نے اپنی مرضی سے دفعہ ۲۲ اور دفعہ ۲۴ کو کیوں ترمیم کیا ۔ انہوں نے آپ سے یہ کب کہا تھا کہ آپ اس قانون کو نکالئے ۔ اس کے کچھ پرزے توڑ دیجئے کچھ اپنی طرف سے شامل کر دیجئے ۔ اور پھر ہمیں قانون دیجئے آپ کے اس قانون کے Aims and Objects یہ کہتے ہیں کہ عوام نے ہم سے یہ خواہش ظاہر کی کہ ہمیں وہی ۱۹۵۲ء کے قوانین دیجئے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے کس بناء پر ۱۹۵۲ء کے قانون کو توڑا ہے ۔ دفعہ ۲۲ اور ۲۴ کو کیوں توڑا ہے ۔ آپ ان کو وہی قانون دیں ۔ اگر آپ توڑنے ہی لگے تھے تو دن کے بارہ بجے سے پہلے توڑتے

یا اس کے بعد توڑتے ۔ کیا اسے پورے بارہ بجے ھی توڑنا تھا ۔ جس کی وجہ سے اس میں کوئی عقل کی بات نظر ھی نہیں آتی ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کیا آپ کو اس میں کوئی انگریزی کا صحیح فقرہ نظر آتا ھے ۔

وزیر قانون - جناب والا ۔ دن کے بارہ بجے کام تو ضرور کیا ۔ لیکن سندھ میں بیٹھ کر کیا ۔ یہاں لاھور میں نہیں کیا ۔

میاں عبداللطیف- عالی جاہ ۔ نہ تو ھمیں اس میں انگریزی کا صحیح فقرہ نظر آتا ھے اور نہ ھمیں حالات کے مطابق وہ کچھ زبان نظر آتی ھیں جو اس میں درج کی ھوئی ھیں ۔ یہ جناب سندھ میں تیار ھوا ھے ۔ اس کی انگریزی ملاحظہ فرمائیں ۔

"Notewithstanding anything to the contrary contained in the Central Laws (Statute Reform) Ordinance, 1960 (XXI of 1960)—

(a) the following enactments, namely :—

(i) the Court Fees Act,
(ii) the Evidence Act,
(iii) the Suits Valuation Act,
(iv) the Code of Civil Procedure,
(v) the Limitation Act."

کیوں جناب ۔ یہ کوئی فقرہ بن گیا ۔ ھاؤس میں کسی کو سمجھ آئی کہ یہ کیا بلا ھے ۔ اسمیں verb کہاں ھے ۔ اور adjective کہاں ھے ۔ یہ فقرہ شروع تو ھوتا ھے ۔ لیکن ختم کہاں ھوتا ھے ۔ اور اسکا مطلب کیا ھے ؟

Mr. Speaker : (*b*) is connection with it.

میاں عبداللطیف ۔ No Sir, یہ & be پہلے سلسلے کے مطابق چلے گا ۔ انہوں نے دراصل لکھنا یہ تھا ۔

"and shall not be deemed to have been applied to the Districts of Kalat, Kharan, Lasbela and Mekran."

Minister of Law : These words are mis-prints. The member may kindly look into the original and find out. He is making an incorrect statement.

میاں عبداللطیف - جناب والا - مجھے جو کل بل supply ہوا تھا - میں اس کو بھی پیش کر رہا ہوں - جو بل Standing Committee میں پیش ہوا - وہ بھی میرے پاس موجود ہے - بلکہ میرے ہاتھ میں ہے - اسکا یہ فقرہ ہے - جو سندھ میں بنایا گیا اور جس کی انگریزی سندھ میں بیٹھ کر لکھی گئی -

وزیر قانون - یہ یہاں بنایا گیا ہے - جناب -

میاں عبداللطیف - جناب والا - تبھی تو میں کہتا ہوں کہ یہاں بیٹھ کر ٹھیک بارہ بجے بنایا گیا - اس کی دفعہ ۲۴ کی ترمیم کو لیجئے - پرانے اغراض و مقاصد دفعہ ۲۲ اور دفعہ ۲۴ (۱) ہائی کورٹ مغربی پاکستان کو یہ اختیار حاصل ہے کہ مجلس شوریٰ پر مشتمل دو یا زائد ممبران قائم ہے - لیکن سارے مشتمل دو ممبران - یہ اردو ہے یا سندھی ہے - ہم تو سمجھتے ہیں کہ مشتمل بر دو یا زائد ممبران لیکن یہ کیا مجلس شوریٰ پر - پھر آگے آتا ہے مشتمل دو - تبھی میں نے کہا ہے کہ اس میں نہ انگریزی صحیح ہے اور نہ ہی اردو صحیح ہے -

وزیر قانون - اسی لئے تو ہم کہتے ہیں کہ اردو کو دفتری زبان بنانے میں جلدی نہ کریں -

میاں عبداللطیف - اس کے بعد جناب دفعہ ۲۴ کے ضمن ۲ - مجلس شوریٰ کے فیصلے کے خلاف مرافعہ اولے ڈسٹرکٹ جج کے اجلاس پر اور ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ پر - تجویز کی ناراضگی سے -

جناب عالی - یہ کیا ہے اور اس کا مطلب کیا نکلتا ہے - سمجھ سے باہر ہے - نہ یہ اردو ہے نہ سندھی ہے - اور نہ ہی انگریزی ہے - تبھی تو میں کہتا ہوں کہ قانون سازی کو کھلونا نہ بناؤ - یہ بہت سنجیدہ چیز ہے - اس میں غوروخوض کی بہت زیادہ ضرورت ہے - اس کے لئے آپ کے پاس وقت نہیں - آپ کا دارومدار جونئیر کلرکوں کے ڈرافٹ پر ہوتا

ہے ۔ اور وہ غلط ہوتا ہے ۔ آپ اسکو پڑھتے بھی نہیں ۔ آپ محض دستخط کر دیتے ہیں اور وہ بھی غلط کرتے ہیں ۔

اس کے بعد ملاحظہ فرمائیں ۲۴ (الف) ۔ اسمیں لکھا ہے

مجلس شوریٰ کے فیصلہ یا تجویز کی ناراضگی سے مرافعہ ثانی ڈسٹرکٹ جج کے اجلاس میں ہوگا۔

اسکی کلاز ۲ میں ہے ۔

مجلس شوریٰ کے فیصلہ کے خلاف مرافعہ اول ڈسٹرکٹ جج کے اجلاس پر اور ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ پر تجویز کی ناراضگی سے مرافعہ ثانی ہائی کورٹ مغربی پاکستان میں ہوگا ۔

یہی چیز دفعہ ۳ میں ہے ۔

ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ کے خلاف مرافعہ ہائی کورٹ مغربی پاکستان میں ہوگا۔

یعنی جو کلاز ۱ میں ہے وہی ۲ میں ہے اور جو ۲ میں ہے وہی ۳ میں ہے میں تو یہی رونا روتا ہوں کہ حکومت قانون کے ساتھ یہ کیسا مذاق کر رہی ہے آپ اس کو perfect بناؤ جس طرح لارڈ میکالے نے قانون بنایا تھا ۔ اسکا دسواں حصہ ہی ہمیں دے دو تاکہ اس کے ترمیم کے لئے کل پھر ہمیں کوئی کمیٹی نہ بنانی پڑے ۔ پھر جس طریق سے یہ قانون بنایا گیا ہے اس کے مطابق حالات exist نہیں کرتے ۔ مثلاً آپ دفعہ ۲۶ لیجئے ۔

وزیراعظم کسی ماتحت عدالت سے مسل طلب فرما کر برائے تجویز کسی دوسری عدالت میں منتقل کرسکتے ہیں اور چاہیں تو خود بھی فیصلہ کرسکتے ہیں ۔

دفعہ ۲۷ میں ہے ۔

"وزیراعظم ریاست قلات کو اختیار ہوگا ۔ وغیرہ وغیرہ ،

یہ وزیراعظم کون ہے ۔ ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ چار اضلاع اب مغربی پاکستان کا حصہ ہیں ۔ اور وہاں کا وزیراعظم کون ہے اگر کوئی ہو سکتا ہے تو شاید مسعود صادق صاحب ہوسکتے ہیں۔ اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ قلات ایک ریاست ہے اور اس کا کوئی وزیراعظم ہے جس کی Jurisdiction لاس بیلا، خاران اور مکران پر بھی ہے ۔ ہم نہیں سمجھتے اس میں کیا sense ہے ۔ اور اگر کوئی وزیراعظم نہیں تو آپ یہ کیوں کہیں کہ وزیراعظم قلات کو اختیار ہے کہ جب چاہیں مسل منگا لیں ۔ اور جس کے پاس چاہیں بھیج دیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگلے سیشن میں ترمیم لے آئیں گے کوئی بات نہیں ۔

میاں عبداللطیف ۔ پھر یہ کہا گیا ہے کہ نائب تحصیلدار کی ناراضگی سے ناظم صوبہ کے پاس اپیل کر سکتے ہیں یعنی گورنر کے پاس اگر ہمارا کوئی گورنر ہے اور ہم یہ سمجھتے ہیں تو ٹھیک ہے لیکن وہ صوبہ مغربی پاکستان کا گورنر ہے ان چار اضلاع کا کوئی ذکر نہیں ۔ اس کا مطلب ہے وہ کونسا ناظم صوبہ ہے جو مقدمات کی اپیل سنے گا ۔

جہاں تک Physical Existance کا تعلق ہے ۔ ہمارے صوبہ کے ناظم ملک امیر محمد خان صاحب ہیں ۔ ان کے علاوہ ہمیں معلوم نہیں کہ اور کون ناظم صوبہ ہے ۔ ممکن ہے ہمارے دوسرے ممبر صاحبان کو علم ہو جو سندھ میں جا کر قانون بناتے ہیں وہاں کوئی exist کرتا ہو یا وہاں کے کسی عجائب خانہ میں ہو ۔

وزیر قانون ۔ سندھ میں کوئی عجائب خانہ نہیں ۔

میاں عبداللطیف ۔ جناب والا ۔ یہ بڑی سنگین چیز ہے ۔ جس

ناظم صوبہ کا یہاں ذکر ہے اس کے لئے کوئی لفظ ہمارے آئین میں نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی چیزیں ہیں ۔

میاں عبداللطیف ۔ پھر فرماتے ہیں کہ ''ناظم صوبہ کی ناراضگی سے یعنی اس کے فیصلہ کی ناراضگی سے،، ۔

یہ وہ قانون ہے جو آپ ہمیں ۱۹۶۴ء میں بنا کردے رہے ہیں ۔ اس کی میں وزیر عدلیہ کا بھی ذکر آتا ہے۔ یہاں وزیر قانون صاحب تو ہیں ۔ لیکن وزیر عدلیہ ہمارے پاس کوئی نہیں ۔ جس کے پاس اپیل جائے ۔ آخر وہ کون ہیں ۔ کہاں ہیں کیا وہ اب manufacture کیا جائے گا ۔

Mr. Speaker : Still there is another appeal.

خواجہ محمد صفدر ۔ ایسی چیز تو آپ کو ہر کلاز میں نظر آئے گی ۔

میاں عبداللطیف ۔ پھر یہ ہے کہ اگر اس سے ناراض ہوں گے یا ان کے فیصلہ سے اتفاق نہ ہو ۔ تو وزیر اعظم بہادر (وزیر بزدل نہیں) اس اپیل سنیں گے ۔ یہ ہے وہ قانون جو ۱۹۶۴ء میں ہماری عدالتوں کو دیا جا رہا ہے یہ دقیانوسی قانون جو لارڈ میکالے نے ہمیں دیا تھا وہ کافروں کا تھا ۔ اس کا قانون اس کو مبارک ۔ ہم یہاں اپنی مرضی سے قانون بنائیں گے ۔ ہم تو ایسا قانون بنائیں گے کہ ناظم صوبہ ہو ، وزیر عدلیہ ہو اب وہ فی الحقیقت ہوں یا نہ ہوں ۔ نہ سہی ۔ نہ ہو ۔

ہم اس سے اپیل ضرور کریں گے ۔ اس کے بعد قلات کے لئے ۔ خاران کے لئے مکران کے لئے تو آپ وزیر اعظم بنا چکے ہیں ویسے نہ ہو تو نہ سہی ۔

یہ قانون ہمارے وزیر قانون نے لوگوں کی خواہشات کے مطابق (بڑے Sensitive ہیں) وہ بنا کر دیا ہے تاکہ وہاں کے لوگ پرسکون زندگی بسر کر سکیں ۔ اور ان کو کوئی تکلیف نہ ہو ۔ مجھے ان کے

احساسات کا بڑا احترام ہے اور خاص طور پر جس خیال سے انہوں نے بنایا ہے ۔

اس کے بعد وہ ایک کلاز میں فرماتے ہیں ۔

2. Notwithstanding anything to the contrary contained in the Central Laws (Statute Reform) Ordinance, 1960 (XXI of 1960)—

(a) the following enactments, namely :—

(i) the Court Fees Act, 1870 (Act VII of 1870);

(ii) the Evidence Act, 1872 (Act I of 1872) in its application to civil cases ;

(iii) the Suits Valuation Act, 1887 (Act VII of 1887);

(iv) the Code of Civil Procedure, 1908 (Act V of 1908) : and

(v) the Limitation Act, 1908) (Act IX of 1908) and shall not be deemed to have been applied to the Districts of Kalat, Kharan, Lasbela and Mekran ;

عالی جاہ ۔ چار سال سے یہ قانون یہ خراب قانون سی پی سی جو ہماری قسمت میں لکھا ہوا تھا ۔ جس کے بوجھ تلے ہم مر رہے ہیں ۔ ہمارا وہ قانون جو ایسٹ پاکستان میں چل رہا ہے اس سے دنیا مر رہی ہے ۔ ہم یہاں تباہ ہو رہے ہیں ۔ اب ۴ سال یہ اس خوش قسمت علاقہ میں لاگو کر دیا ہے ۔ اس چار سال میں نہ معلوم کتنے سینکڑوں مقدمات اس Evidence Act کے تحت ۔ Limitation Act اور Court Fee Act کے تحت فیصلہ ہو چکے ہونگے ۔ لوگوں کے حقوق determine ہو چکے ہونگے ۔ بہت سے دعوے قرار دئے جا چکے ہونگے اور بہت سے خارج ہو چکے ہونگے ۔ بہت سی دستاویزات admissible قرار دی جا چکی ہونگی اور فیصلہ ہو چکا ہوگا اسی طرح بہت سی inadmissible قرار دی جا چکی ہونگی اور فیصلہ ہو چکا ہوگا ۔ لیکن اب میرے فاضل بھائی یہ کہتے ہیں ۔ کہ سمجھا یہ جائے گا کہ یہ قانون وہاں کبھی رائج نہ تھے ۔ وہ بڑے پرانے وکیل ہیں ان کو پتہ ہے کہ اس کا کیا نتیجہ نکلے گا ۔ جس کے لئے وہ کہتے ہیں کہ وہ بہت زیادہ ہمدرد ہیں ۔ جس کے لئے قانون بنانے کے لئے حیدرآباد بھاگتے ہیں اور انکو کہتے ہیں کہ ان کی wishes کے مطابق بنایا گیا ہے ۔ کبھی کسی نے ان سے آ کر کہا کہ جتنے فیصلے ہو چکے ہیں وہ منسوخ کرا دو جو ڈگریاں ہو چکی ہیں وہ کالعدم کرا دو ۔ جو دعوے خارج ہو چکے ہیں وہ منسوخ کرا دو ۔ کبھی

غور کیا کہ اس کا نتیجہ کیا ہوگا ۔ ایک معمولی فقرہ کا ۔ کہ

shall not be deemed to have been ever in force.

کیا آپ اس سے Chaos اور Anarchy پیدا نہیں کر رہے کبھی آپ نے سوچا کہ اس میں کیا مضمر ہے اس میں کتنی تباہی مضمر ہے ۔ اس طرف بیٹھنے والوں کا قطعاً کوئی نقصان نہیں لیکن میرے بھائی میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ جن کے ساتھ آپ کو الفت ہے ان کے لئے یہ وہاں تباہی پیدا کرے گا جو کچھ ہو چکا ہے آپ اس کو کالعدم کر رہے ہیں یہ کیسے ہوگا کیا اسی ایک ہی فقرہ سے ہو جائے گا ۔

وہاں ناظم اعلیٰ کا فیصلہ ہوچکا ہے وہاں ڈسٹرکٹ جج کا فیصلہ ہو چکا ہے وہاں قاضی کا فیصلہ ہوچکا ہے کیا اس کے بعد منسوخ ہوگا از خود ہو جائیگا یا عدالت کے پاس درخواست دے گا کہ جناب ایک غلط قانون کے تحت میرے حقوق منسوخ قرار دئیے گئے ہیں اس میں پراویزن نہیں ہے ۔

اب جناب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ سی ۔ پی ۔ سی ۔ ۔ ۔ ایک بات اور ہے یہ دستورالعمل دیوانی جو ہمارے وزیر صاحب نے ترمیم کرکے اپنی طرف سے نہایت اچھا بنا کر قلات کے علاقے کو بخشا ہے یا یہ بہت اچھی چیز ہے یا خراب چیز ہے اگر یہ بہت اچھا ہے تو ہمیں اس سے کیوں محروم کرتے ہیں یہاں بھی ایسا ہی قانون بنائیے کہ پہلا اپیل وزیر قانون کے پاس ۔ ۔ ۔

Minister of Law : Ask for this law to be applied to you and we will give it to you.

میاں عبداللطیف ۔ میں تو کہہ رہا ہوں اور اسکے بعد اپیل وزیر اعظم بہادر کے پاس ہو اور اسمیں یہ بھی اختیار حاصل ہو اور Appellate کورٹ کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ عدالت اپنی ماتحت عدالت کو مسل طلب کرکے فیصلہ کر دے اور جو ہدایت اس کیس کے

متعلق ہو وہ بھی بھیج دے اس کو کرنا پڑے گا ۔ آپ اکسپرٹ ہیں ساری دنیا کو معلوم ہو جائے کہ اس دنیا میں ایک ملک ایسا ہے جسے پاکستان کہتے ہیں اسنے اس قسم کا ایک عظیم‌الشان قانون رائج کیا ہے ۔ کیونکہ ہم تو ایک Ideological سٹیٹ ہیں ہماری دنیا میں ایک مثال قائم ہو جائے گی کم سے کم مشرقی پاکستان والے عش عش کر جائیں گے کہ ہم کو مغربی پاکستان سے کچھ سبق سیکھنا ہے ۔ کہ کتنا اچھا اور کتنا مفید قانون قلات والوں کے لئے بنایا ہے ۔

اب جناب آپ اس کو ملاحظہ فرمائیں کہ یہ قانون بذات خود کیا ہے ۔ میں نے جناب میمن صاحب پر دعویٰ کر دیا کہ انہوں نے میری زمین دبا لی ہے اور یہ میری زمین نہیں چھوڑتے ۔ میرا دعویٰ جناب خارج ہو گیا ۔ اسکے بعد میں نے خان پیر محمد خان صاحب کو وکیل کر لیا انہیں نے کہا کہ بھئی تمنے اپنے ہبہ نامے کا ذکر نہیں کیا ۔ میں نے کہا جی نہیں ۔ انہیں نے کہا دعوی کر دو ۔ میں نے کہا اچھا اور پھر دعویٰ کر دیا میمن صاحب کے خلاف اس ضابطہ میں کوئی پابندی نہیں ہے کہ وہ سنا نہیں جائیگا یہ اس قانون میں کوئی پابندی نہیں ہے جیسا دفعہ ۱۱ کہتی ہے ۔ میرا جناب وہ دعوی بھی خارج ہو گیا اس کے بعد جناب میں نے ملک قادر بخش کو وکیل کر لیا انہیں نے کہا کہ تمہارے پاس ایک وصیت بھی تھی اس کے متعلق تھی جس کا ذکر نہیں کیا ۔ انہیں نے کہا کہ دعویٰ کردو میں نے تیسرا دعویٰ کردیا ۔ یہ قانون کہتا ہے کہ کوئی رکاوٹ نہیں ہے قیامت تک ہر سال نئے دعویٰ کرتے جائیں کوئی پابندی نہیں ہے ۔ کیوں جناب ؟ آپ کیا چاہتے ہیں آپ مکران اور لسبیلہ کے لوگوں کو اسطرح کیوں پریشان کر رہے ہیں کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ ایک ہی چیز جس کے متعلق میں نے آپ پر دعویٰ کیا ہے آپ میرے اوپر دعویٰ کر دیں یہ قانون کہتا ہے کہ جو دعویٰ پہلے دائر ہوا ہے اسکی سماعت پہلے ہو گی دوسرے کی نہیں

یہاں یہ قانون بھی کوئی پابندی نہیں کرتا کتنے ہی دعوی آگے پیچھے ہو جائیں سب کی سماعت ہوگی ۔

اسکے بعد پہلے بسم‌اللہ میں پہلی دفعہ میں یہ درج ہے کہ کوئی صاحب اگر دعویٰ کرنا چاہیں خواہ وہ عورت ہو یا بچہ ہو وہ بوڑھا ہو وہ امریکہ میں ہو وہ انگلستان میں ہو وہ ایسٹ پاکستان میں ہو جب تک وہ اصالتاً نہیں جائیگا دعویٰ نہیں لیا جائے گا ۔ عالیجاہ یہ آخر کیا ستم ظریفی ہے کہ کوئی شخص ملازم ہے آپ کی فوج میں اسکو آپنے ایسٹ پاکستان بھیجا ہے یا کوریا میں بھیجا ہے یا کانگو میں بھیجا ہے اسکے مطالبات ہیں اسکی زمین پر کسی نے قبضہ کر لیا ہے اسکے مکان پر کسی نے قبضہ کر لیا ہے آپ کہتے ہیں کہ فوج سے نوکری چھوڑ کر وہاں آئے اسکو یہ اجازت نہیں کہ وہ اپنا ایجنٹ بھیج دے یا وکیل بھیجدے وہ اصالتاً حاضر ہوگا تبھی اسکا دعویٰ لیا جائیگا ۔ کوئی عورت پردہ‌دار ہے اور وہ کسی غرض کیلئے بھی باہر نہیں نکلی اور اس حد تک اسنے وصیت کردی کہ میرے چار پاؤں میں غیر کا ہاتھ نہ لگے لیکن اسپر مصیبت آن پڑی کہ وہ مکان کے معاملے میں خود جائیگی آخر کچھ سوچا تو ہوتا کہ کیا قانون بنا کر ہم دے رہے ہیں - ۱۹۵۲ء کے بعد ۱۹۶۰ء میں ہمنے اسکو ختم کر دیا تھا اسکو دفن کر دیا تھا۔ اگر اسمیں کوئی اچھی چیز ہے تو اسکو سارے صوبے کو دو یہ کیا کہ اس قسم کی تکلیف دہ مصیبت پیدا کرنے والا پراویزن صوبے کو دے رہے ہیں ۔ خدا کیلئے غور کیجئے کہ یہ آپ کیا کر رہے ہیں ۔ یہاں اس قانون میں define کیا ہے کہ ہمارے پاس ہم اضلاع ہیں ہمیں اگر کسی سے روپیہ لینا ہے تو دعوی کہاں ہوگا زمین کی نسبت اگر دعویٰ کرنا ہے تو دعوی کہاں ہو گا ۔ عورت کو اگر خاوند سے گذارہ لینا ہے تو دعویٰ کہاں ہو گا ۔ ریلوے میں سفر کرتے ہوئے اگر معاملہ یہاں تک پہونچ گیا تو دعوی کہاں ہو گا یہ اس ضابطہ میں موجود ہے یہ مقصد سی ۔ پی۔ سی ۔

کے سلسلے میں دیوانی معاملات میں یہ کہیں ذکر نہیں کہ کس معاملے کی نسبت کس عدالت میں دعویٰ ہو گا کون سی عدالت ہوگی جسکو Jurisdiction حاصل ہے کہ اسکے پاس دعویٰ کرنا ہے ۔ اسکا یہ مطلب ہے کہ قلات میں بنائے دعویٰ پیدا ہوئی تو خاران میں گورنمنٹ کے پاس دعویٰ کیا جائے اور خاران میں بنائے دعویٰ پیدا ہوئی تو قلات میں دعویٰ کیا جائے کوئی پابندی نہیں ہے کوئی Definition نہیں ۔ حدود اختیار سماعت کا کوئی تعین نہیں ہے آخر اسکو عالیجاہ کیا کہا جائے ہم کیا کر رہے ہیں ۔ یہ ۱۹۶۴ء کی قانون سازی ہے جو ہم کر رہے ہیں اسکے بعد جناب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہاں یہ تو حکم ہے کہ اگر دعویٰ ہو جائے تو وہ عدالت جواب دعویٰ لیکر ثبوت لیگی اور فیصلہ کر دے گی جناب تسلیم ۔ لیکن فیصلہ ہونے کے بعد کیا ہو گا ڈگری تو ہو گئی اسمیں کوئی ذکر نہیں نہ قاضی کو کوئی اختیار ہے نہ وزیر اعلیٰ بہادر کو نہ وزیر عدلیہ کو اختیار ہے اگر اختیار نہیں ہے تو کیا آپ اسکے بغیر روپیہ دلوا سکتے ہیں کورٹ فیس لگا کر اگر کورٹ فیس ۱۰- فیصدی لینا ہے تو ایک آدمی ۱۰- فیصدی کورٹ فیس لگا دیتا ہے لیکن اسکے روپے کی وصولی میں آپ امداد نہیں کرتے کیا یہ Fraud نہیں ہے ۔ اگر آپ اسکے بغیر یہ اختیار دیتے ہیں یا قاضی کو اجراء کا حکم جاری کرتے ہیں ۔ تو آئندہ ایک اسمیں شق ہے ہائی کورٹ کو اختیار مل گیا ہے کہ وہ Arrest کا وارنٹ جاری کرتا ہے تو وہ ناجائز ہوگا اگر اسکی Resistance ہو جائے تو جرم نہیں ہے ۔ تو جن احکامات کی تعمیل نہیں ہو سکتی جو ضوابط احکامات کی تعمیل کا اختیار عدالت کو نہیں دیتے آپ اسے کیا کریں گے ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ میاں صاحب جناب بہت زور سے تقریر کر رہے ہیں اور ہمارے بزرگ آرام سے سو رہے ہیں انکی نیند میں فرق آرہا ہے ۔

مسٹر سپیکر - آرڈر - آرڈر

ایک آواز - کچھ سوچ رہے ہیں -

میاں عبداللطیف - جناب اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر گورنمنٹ کے خلاف ہی دعویٰ ہو جائے تو اسکی پیروی کون کریگا - یہاں تو لکھا ہوا ہے - ''اثالتاً،، - تو آپ پھر کیا حکم دیں گے - اس ضابطے میں ہمارے ناظم صوبہ کو کوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ غیر حاضر ہو جائے - کیا آپ پسند کریں گے کہ وہ وہاں پر اثالتاً پیش ہوں - یا صوبے کے گورنر کی طرف سے کسی کے خلاف کوئی دعویٰ ہو جائے - تو کیا وہ اثالتاً پیش ہوں - یہاں تو یہی الفاظ ہیں - کوئی تخصیص حکومت اور لطیف میں نہیں ہے - قطعاً کوئی فرق نہیں ہے - مدعی مدعی ہے اور مدعاعلیہ مدعاعلیہ - ایسی حالت میں ہماری C.P.C. میں موجود ہے - کہ اگر گورنمنٹ دعویٰ کرنا چاہتی ہے تو کون مدعی ہو گا - اور اگر گورنمنٹ کے خلاف دعویٰ ہو - تو مدعا علیہ کون ہوگا - اور اس کی پیروی کون کریگا - اسکی طرف سے حاضری کون دیگا - احکامات کی شکل میں اجرا کیسے ہوگی - گورنمنٹ کے خلاف یہ ضابطہ صاف موجود ہے - ہم نے ترقی کی تھی - اور ہم نے وہ سلسلہ اڑا دیا - آخر کیوں - وہاں پر تو ہے لوگوں کو حکومت سے واسطہ پڑنا ہے - لوگوں نے حکومت کے خلاف دعویٰ کرنا ہے - اور گورنمنٹ نے لوگوں کے خلاف دعویٰ کرنا ہے لیکن اس میں قطعاً کوئی ضابطہ نہیں ہے - مکمل طور پر غیر حاضر ہے - پھر ایک اور شق ہے - Public nuisance and public charity ان دونوں کے متعلق ایک Regular Code ضابطے میں موجود ہے کہ اگر کوئی ایسا معاملہ ہو کہ جس میں ایک واحد شخص کی دلچسپی نہ ہو بلکہ سارے محلے کی دلچسپی ہو - یا ساری تحصیل کی دلچسپی ہو - اور انہوں نے دعویٰ کرنا ہے انہوں نے دعویٰ کیسے کرنا ہوگا - کیونکہ معاملہ کسی ایک آدمی کا تو ہے نہیں اس کے متعلق ہمارے ہاں ضابطہ موجود ہے -

Mr. Ali Gohar Khuhro : There is no quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count were taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells was rung*)

The House is in quorum now.

میاں عبداللطیف ۔ جناب والا ۔ اسکے بعد سوال پیدا ہوتا ہے ۔ کہ ایک سوسائٹی ہے ۔ شہر بستے ہیں ۔ گاؤں بستے ہیں ۔ یہاں یہ نہیں ہے ۔ کہ کس جگہ ایک ہی مدعی ہوگا ۔ مدعی کئی کئی بھی ہو سکتے ہیں۔ کئی کئی مدعا علیہم بھی ہو سکتے ہیں ۔ اگر کئی مدعی ہو سکتے ہیں ۔ تو کن حالات میں آپ انکو اکٹھا کر سکتے ہیں ۔ اگر کئی مدعا علیہ ہوں ۔ تو وہ کون لوگ ہیں جن کے خلاف آپ اجرا کر سکتے ہیں ۔ اور وہ کون لوگ ہیں ۔ جنکے خلاف آپ ایک دعویٰ کر سکتے ہیں ۔ اور اگر کوئی ایسی چیز ہو ۔ کہ جس میں کئی مدعیوں کے آنے کی ضرورت ہو ۔ اور اُن میں سے ایک نہ آئے ۔ تو پھر کیا ہوگا ۔ اس میں کوئی ضابطہ نہیں ہے ۔ اگر آپ کا Cause of action چند آدمیوں کے خلاف ہے ۔ آپ چند کو وہاں لکھ دیتے ہیں ۔ تو یہ Non-joinder ہوگا ۔ کیا ضابطہ ہوگا کچھ نہیں کچھ پتہ ہی نہیں ہے۔ضروری مدعاعلیہم تو پانچ تھے۔ آپ نے دعویٰ میں دس کر دیئے ۔ تو Mis-joinder ہو گا ۔ تو عدالت کیا کریگی ۔ وزیر عدلیہ سے پوچھے گی ۔ کہ ہم کیا کریں ۔ کیونکہ اس ضابطے میں کوئی تجویز نہیں بتائی گئی ۔ اس صورت میں ہمارے C.P.C. کے آرڈر I کے ماتحت اگر ایسے حالات پیدا ہو جائیں ۔ کہ ایک سے زیادہ مدعا علیہم اکٹھے ہو جائیں ۔ وہاں Non-joinder ہو جائے ۔ یا Mis-joinder ہو جائے۔ تو ہم کیا کریں گے ۔ نہ عدالت کو پتہ ہے ۔ نہ اس بیلہ کے کسی وکیل کو پتہ ہو گا ۔ کیونکہ وہاں سے قانون ہی چھین لیا گیا ہے ۔ نہ فریقین کو پتہ ہوگا ۔ اور جو الجھنیں اور مشکلات وہاں پیدا ہونگی ان کا آخر کیا حل ہو گا یہ دعویٰ قانونی حقوق تو پیدا نہیں کرتا ۔

حقوق کی adjudication کے لئے ایک ضابطے کا تعین ہے۔ لیکن اگر وہ ضابطہ جو لنگڑا لولا آپ دیتے ہیں ۔ اس میں معاملات کا ذکر نہیں ہے ۔ معاملات کے حل کی کوئی تجویز موجود نہیں ہے ۔ اور پھر نامکمل ہے ۔ اور پھر آج ۱۹۶۴ء کے ترقی کے دنوں میں آپ اُن سے C.P.C. چھین کر ایک صریح طور پر لنگڑا ، نا مکمل اور خام قانون دے رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ اسکے بعد یہاں لکھا ہوا ہے ۔ کہ مدعا علیہم کی اطلاع کے لئے پروانہ جاری ہو گا ۔ ٹھیک ہے ۔ درباری حکم ہے ۔ کہ پروانہ جاری ہوگا ۔ لیکن اطلاع کیسے ہو گی ۔ اگر مدعا علیہ فوج میں ملازم ہے ۔ تو کیا ہوگا ۔ پروانہ تو جاری ہو جائیگا ۔ لیکن اگر وہ کانگو گیا ہوا ہے تو وہ وہاں کیسے آئے گا تو پھر کیا ہوگا یا مشرقی پاکستان گیا ہوا ہے ۔ یا ضلع سے باہر گیا ہوا ہے ۔ میں اپنے بھائی کو بتا دوں کہ یہ ضلع سے باہر نہیں لگتا ۔ وہاں یہ بات نہیں چلے گی ۔ کہ وہاں پروانہ آئے گا ۔ اور ہم اس پر عمل کریں گے ۔ وہاں اس پر ہرگز عمل نہ ہوگا ۔ اس پر مشرقی پاکستان اور کانگو کو گئے ہوئے ملازمین اس پر عملدر آمد نہیں کریں گے اسکے لئے ایک ضابطہ مقرر ہے ۔ کہ فوجی آدمی کی اطلاع کیسے ہوگی ۔ اگر کوئی آدمی سرکاری ملازم ہے ۔ یا جیل میں ہے تو یا کوئی شخص سمن دیکھکر ڈر کے مارے بھاگ جائے ۔ یعنی اگر وزیر قانون کا چپڑاسی آ جائے اور کوئی شخص سمن دیکھکر اس کے ڈر سے بھاگ جائے ۔ تو کیا ہوگا ۔ آپکا یہ ضابطہ نہیں بتاتا ہے ۔ کہ کیا ہو گا ۔ آپکا مدعاعلیہ کھیت میں ہے ۔ اور وہ شام تک واپس نہ آئے ۔ یا وہ شادی میں گیا ہوا ہے ۔ یا کسی دعوت میں گیا ہوا ہے ۔ اور وہ دو دن کے بعد آئیگا ۔ تو کیا آپکا آدمی وہاں بیٹھا رہیگا ۔

Minister of Law : Point of Order. I would very much welcome the insinuations which the member is making but then, I am afraid, he will have it back. I am only afraid of one thing which is staring me in the fact and that is the respect which I have for this House and the Members. The member has been repeatedly making personal references to me and if he still feels that he should persist in that I can only say that I have got respect for his grey hair.

Mr. Speaker : I think, there was no personal remark in that.

وزیر قانون۔ لامنسٹر صاحب کا کوئی آدمی جس کو سمن دیکر بھیجا جائے ۔ وہ وہاں بیٹھا رھیگا ۔ تو پھر کیا ھوگا ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں عرض کرتا ھوں کہ اس میں وزیر عدلیہ لکھا ھوا ھے ۔ معلوم نہیں آپ کیوں اتنے Sensitive بن گئے ھیں ۔ اس میں وزیر عدلیہ لکھا ھوا ھے ۔ جو قانون ھمارے سامنے ھے ۔ ھم اس پر بات تو کریں گے ۔ یہ ان کی طرف اشارہ نہیں ھے ۔ ھم انکی عزت کرتے ھیں ۔ھمیں انکا بڑا احترام ھے ۔ انکا بڑا وقار ھے ۔

میاں عبداللطیف ۔ میں آپکی وساطت سے اپنے فاضل بھائی کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ وہ عمر میں بھی مجھ سے چھوٹے ھیں ۔ لیکن میں ذاتی طور پر انکی بڑی عزت کرتا ھوں ۔ مجھے انکا احترام انکے رتبے کے لحاظ سے بھی ھے ۔ میں جو کچھ کہہ رھا ھوں ۔ یہ مسٹر میمن کے متعلق قطعاً نہیں ھے ۔ انکی ذات یہاں پر آتی ھی نہیں ۔ جب ھم آپ کی ذات کو refer کرتے ھیں ۔ تو ھم دراصل اس قانون کی مشینری کو refer کرتے ھیں ۔ یہ تو impress کرنے کا اور بحث کرنے کا ایک طریقہ ھے ۔ جب ھم یہ کہتے ھیں ۔ کہ آپکے بھیجے ھوئے تو اسکا مطلب یہ ھوتا ھے ۔ کہ ھم آپکو refer نہیں کرتے ۔ بلکہ اس قانون کو اور اس قانون کی مشینری کو refer کرتے ھیں ۔ اگر آپ کو اس سے پرھیز ھو ۔ اور آپ یہ پسند نہیں کرتے تو میں آپکو refer نہیں کرونگا ۔

Mr. Speaker : So that there may be no confusion.

میاں عبداللطیف ۔ میں ذاتیات میں نہیں پڑا کرتا ۔ یہ بحث ھے ۔ تو جناب والا ۔ ھمارا ضابطہ یہ بتاتا ھے کہ ایسے حالات میں مدعا علیھم کی اطلاع یابی ناممکن ھے ۔ اس ضابطے کے تحت قاضی یا نائب تحصیلدار کا پیادہ جاتا ھے ۔ تو اطلاع یابی ناممکن ھے ۔ وہ اطلاع نہیں کرسکتا ۔ کیونکہ اس ضابطے میں محض یہ ھے ۔ کہ پروانہ جاری ھوگا لیکن انکا

پیادہ لس بیلہ اور خاران سے باھر نہیں جا سکتا ۔ مدعاعلیہ سرکاری ملازم ھے ۔ وہ کشمیر گیا ھوا ھے ۔ یا مشرقی پاکستان گیا ھوا ھے ۔ یا کانگو میں ھے ۔ تو ایسا کوئی قانون نہیں ھے ۔ یہ ناممکن ھے ۔ کہ اسکو اطلاع ھوسکے ۔ یا پھر جناب والا ۔ وہ جیل چلا گیا ھے ۔ پھر بھی آپ کا کوئی ضابطہ نہیں ھے۔ آپ بتائیے تو۔ کہ اس میں کیاھے۔ کہ اسکی اطلاع یابی ھوسکتی ھے ۔ یا جیسا کہ میں نے عرض کیا ھے ۔ وہ شادی میں گیا ھوا ھے ۔ اور وہ شام کو آئے گا ۔ یا تین دن کے بعد آئے گا ۔ قاضی کا بھیجا ھوا پیادہ تین دن تک تو وھاں نہیں بیٹھ سکتا ۔ یہ قانون کہتا ھے کہ پھر وھاں کسی بالغ مرد ممبر کو اطلاع ھوگی ۔ اس کی گواھی لینا ھی کافی ھے یا اگر آپکو پتہ ھے کہ اس نے آجانا ھے تو اس کے مکان پر چسپاں کر دو ۔ یہ جناب فرض کرو کہ وہ کہتا ھے کہ میں نہیں لیتا اگر وہ انکار کرتا ھے کہ میں نہیں لیتا تو اس کے مکان پر لگا دو ۔ یہ ضابطہ اس Proposition کے لئے سہولت پیدا کرتا ھے لیکن آپکا یہ ضابطہ اس معاملے میں قطعی طور پر خاموش ھے ۔ کیا آپ نہیں سمجھتے کہ Proposition ھوگی ۔ یہ ھر روز ھوتی ھیں ۔ اس کے بغیر کوئی دعولی سماعت نہیں ھوسکتاچل ھی نہیں سکتا۔ تو پھر آپ ان سے آنکھیں بند کرتے ھیں ۔ آنکھیں بند کرنے سے معاملہ حل نہیں ھوگا۔ Proposition حل نہ ھوگی ۔ آپ نے تو جواب دینا ھے اور علاج پیدا کرنا ھے ۔ علاج بتانا ھے ۔ سی پی سی وھاں سے ھٹا لی اس کے بعد کیا ھوگا ۔ یہ کافی نہیں ھے محض ایک Proposition کے لئے ۔ اس کے بعد جناب سوال پیدا ھوتا ھے کہ دستاویزات کی بناء پر اکثر مقدمے ھوتے ھیں ۔ ھمارا سی پی سی یہ کہتا ھے جس کو ھم آج واپس لے رھے ھیں لیکن جو آدمی دستاویزات پر استدلال کرتا ھے اور وہ اس بات کا ذکر کرے کہ میں فلاں پر استدلال کرتا ھوں اور جو اس کے قبضے میں ھے وہ لازمی طور پر شامل کرے ورنہ بعد میں نہیں لیا جائے گا ۔ جو چیز قبضے میں نہیں ھے اسکی

تفصیل بتائیے ۔ اگر وہ کچھ کہیں اور وہ اپنی نکتہ نظر پیش کرے اور پھر یہ آپکا ضابطہ اس کے متعلق خاموش ہے اور محض یہ کہتا ہے کہ تحریری دعویٰ قاضی کو پیش کرو ۔ وہ اثالتاً پیش ہوگا اور اگر اس کی دستاویزات وغیرہ صحیح ہیں تو درج ہونے کے بعد مدعا علیہ کے نام نوٹس جاری ہو اور بس ۔ دستاویزات کے متعلق کیا کہتے ہیں ۔ کیا یہ اجازت ہے کہ کوئی آدمی جب چاہے پیش کر دے جب چاہے ان کو واپس لے لے ۔ کوئی پابندی نہیں ہے مگر یہ ضابطہ ہمارا پابند کرتا ہے ۔ اگر ہم یہ پابندیاں نہ کرتے تو اگر آج دستاویزات Forge نہیں تو کل دستاویزات Forge ہو جائینگے اور اگر کل نہیں تو پرسوں ہو جائینگے ۔ Forgery کی بنیاد پر آپ مقدمات لس بیلہ اور مکران میں کریں گے اور کہیں گے کہ ہم لوگوں کی خوشآمد کا احترام کرتے ہیں ۔ یہ پابندیاں آپ کیوں نہیں سوچتے ۔ آپکے تجربہ میں یہ چیزیں آئی ہوئی ہیں کہ Forgeries ہوتی ہیں ۔ ان کو بند کرنے کے لئے دیوانی عدالتوں کا لکھا ہوا ہے کہ جہاں تک دستاویزات کا تعلق ہے وہ ساتھ شامل کئے جائیں ۔ ورنہ تفصیل دیجائے کہ کیا دستاویز ہے اور کس کے قبضہ میں ہے مگر یہ جناب ہمارا قابل قدر ضابطہ اس معاملے میں خاموش ہے لوگوں کو کھلی چھٹی ہے کہ چاہیں دستاویزات قاضی کے پاس لے آئیں ۔ آج اگر نہیں ہے تو کل بنا لو ۔ بنوا لو کسی سے لیکن میں اپنے دعوے کی تائید کے لئے جناب لا کر پیش کرسکتا ہوں ۔ تو اس سے صوبے میں کوئی آپ اچھی چیز نہیں دے رہے اگر کر رہے آپ کچھ تو یہ ایک اچھی چیز صوبے سے لے رہے ہیں ۔ ناقص چیز دے رہے ہیں ۔ ایک قابل اعتراض چیز اور ایک نامکمل چیزدے رہے ہیں ۔ ایک اور خوبی کی بات ہے جناب ۔ دعویٰ آپ نے دیدیا ۔ دائر ہوگیا ۔ اس کے بعد عدالت کو اس ضابطے میں آپ نے یہ اختیار بھی نہیں دیا کہ وہ تاریخ ہی ڈال دے کہ کوئی پرویژن نہیں ایڈجرن منٹ کی ۔ کوئی باب نہیں ۔ کوئی التوا کی تاریخ نہیں ۔

اس کے بغیر جو آپ ایڈجرن منٹ دیتے ہیں کیا وہ Regular ہوگی - یا تو آپ یہ کہہ دیں کہ ہم ضابطے میں اور پابندی میں Believe نہیں کرتے ہمیں قاضی پر پورا بھروسہ ہے - ہمیں اپنے نائب تحصیلدار پر کامل اعتماد ہے اور وہ جو چاہیں وہ کریں - انکو پورا اختیار ہے - یا تو یہ صاف کہہ دو ہم نے وہاں چار پانچ آدمیوں کی Favour کرنی ہے - وہاں کوئی ہمارا ناظم صوبہ ہے - یا عدلیہ کا ہمارا کوئی وزیر ہے یا کوئی وزیراعظم بہادر ہے - کوئی ایسی چیزیں ہیں جو ابھی ہوئی ہیں اور چھپائی ہوئی ہیں - جناب کوئی Vanity کو پورا کرنے کے لئے یہ سارا قصہ کر رہے ہیں ورنہ جناب کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ جس ضابطے میں ایڈجرن منٹ کا ذکر نہیں - پاور نہیں وہ کیا ضابطہ ہوگا - اس کے بعد جناب ایک دعویٰ شفہ کا ہے اس میں ڈگری کی طرز اور شکل مختلف ہوتی ہے - حساب فہمی کا دعوے - اس کی ڈگری قطعی طور پر مختلف ہوگی - پھر Fore-closure of mortgaged land ہے اس کی ڈگری بالکل اس سے مختلف ہوگی - اس ضابطے نے بتایا ہے کہ Fore-closure کے لئے حساب فہمی کے دعویٰ ہے - ڈگری پہلے کیا ہوگی - بعد میں کیا ہوگی - ایک ڈگری ابتدائی ہوگی اور ایک ڈگری آخیر میں ہوگی - حساب فہمی کا دعولی ہے تو ڈگری ابتدائی ہو گی اور اگر حق شفہ کا دعولی ہے تو ایک ڈگری ابتدائی ہو گی اور ایک ڈگری آخیر میں ہوگی - ہمارے ہاں یہ چیز اس ضابطے میں نہیں ہے جب آپکو پتہ ہے جناب سپیکر - کہ ایک دعولی دوسرے دعویٰ سے قطعی طور پر مختلف ہے تو ایک ڈگری سے کام چل ہی نہیں سکتا - بالکل ناممکن ہے تو پھر آپ اس Situation کے لئے کچھ تو سوچیں - اس Proposition کے لئے ان میں کچھ تو رکھیں - بھئی ہماری تو مرضی نہیں چلے گی - ہم تو آپکو کچھ نہیں کہہ سکتے آپ اپنے طور پر کچھ رکھ دیں - جس کو آپ اچھا سمجھتے ہیں اس سی پی سی کو یہ نقص کی چیز ہے یہ تو کافر کا بنایا ہوا ہے ہم اس کو نہیں مانتے - لیکن

آپ مسلمانی طرز کی اپنی طرز کی کوئی اچھی چیز تو رکھ دیں ۔ Proposition موجود ہے ۔ قباحتین مقدمات کی موجود ہیں ۔ Proposition موجود ہے لیکن اس کا حل نہیں بتائیں گے نہ بتایا ہوا اپنے پاس رہنے دیں گے ۔ (پنجابی) ''نہ کھیلاں گے نہ کھیلن دیاں گے ''قانون سازی بدست بچگان استاد،، ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان محمود) ۔ صاحب صدر ۔ یہ چیز ہاؤس کے وقار کے خلاف ہے یہ کہنا کہ ''قانون سازی بدست بچگان افتاد،، ۔

میاں عبداللطیف ۔ اب تک میں یہی چلاتا رہا ہوں کہ یہ بچوں کا بنایا ہوا کھیل ہے ۔

Mr. Speaker : No unparliamentary expression should be used.

میاں عبداللطیف ۔ This is not unparliamentary یہ بچے نہیں ہیں ؟

Mr. Speaker : Order, please.

میاں عبداللطیف ۔ اگرچہ قاضی کو اختیار نہیں لیکن وہ قرقی کے وارنٹ جاری کر دیتے ہیں لیکن وہ کیسے ہوگا جناب ۔ زمین کی قرقی کیسے ہوگی ۔ کسی کا بینک میں روپیہ پڑا ہے وہ قرق کیسے ہوگا غیر منقولہ جدی پشتی کیسے ہوگی اور اگر جناب قرق کرلیا تو اس کو Sell کیسے کریں گے ۔ زمین کی Sale کا انچارج کون ہوگا ۔ کیا یہ Situation اس علاقے میں پیدا نہیں ہوتیں جو ساری دنیا میں پیدا ہوتی ہیں جن کا حل موجود ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : Order, please.

میاں عبداللطیف ۔ جناب قاضی کو چھوڑ دیجئے ۔ وزیر عدلیہ کو چھوڑ دیجئے ۔ وزیر اعظم بہادر کو چھوڑ دیجئے کہ وہ جو چاہیں وہ

کر دیں گے ۔ قانون ہم اور آپ بنا دیتے ہیں ۔ رزلٹ جناب نکلے گا تو یہی نکلے گا اور پھر یہ ہو جائیگا کہ وہ جو چاہیں کرلیں ۔ چاہے اختیار ہو یا نہ ہو ۔عالی جاہ ۔ اختیار نہیں ہوگا کیونکہ یہ پابند کر دیتا ہے ۔ اگر یا نہ ہوتا تو پھر یہ ہوتا کہ ان کو مہاراجہ بہادر نے سلطان بہادر نے بنایا ہے ۔ سلطان العظیم کا جو اختیار ہے وہی انکا ہے کیونکہ وہ ان کا بنایا ہوا ہے لیکن نہیں یہ تو ہم بنا رہے ہیں ۔ ہم تو یہ دستور العمل دیوانی دے رہے ہیں ۔ جہاں ہم انکے اختیارات کو مخصوص کر رہے ہیں تو اس تخصیص کے بعد ہم Inherent powers کا ذکر نہیں کرسکے۔ جناب کسی نے دعولی کیا وہ فوت ہوگیا ۔ اس کے بعد کیا ہوگا ۔ ضابطہ یہ کہتا ہے کہ اس کے وارثان ۹۰ دن کے اندر اندر درخواست دیکر فریق بن سکتے ہیں ۔ میرا کسی کے خلاف دعولی ہے وہ مدعا علیہ مرگیا ۔ ضابطہ ہمیں بتاتا ہے کہ اس کے بعد دعولی نہیں چلے گا ۔ یا دعولی ختم ہو جائیگا ۔ پھر ہم کیا کریں گے جناب ۔ دعولی تو چلنا ہے ۔ Proposition کا حل ہمارے پاس کوئی نہیں ہے ۔ اس کے بعد جناب فرض کر لیجئے کہ کسی نے دعولی کیا ۔ مدعا علیہ غیر حاضر ہوگیا ۔ یک طرفہ ڈگری ہوگئی لیکن اگر مدعی غیر حاضر ہوگیا تو دعوی داخل دفتر ہوگا اگر وہ وجوہات معقول بتائے تو اس کا حل جناب اس میں یہ ہے کہ وہ Restore ہو جائے گا لیکن جو حل ہماری وزارت بتاتی ہے ۔ وہ جناب یہ ہے ۔ اگر مدعی یا فریقین مقدمہ حاضر نہ ہوں تو وزیراعظم ریاست قلات کو اختیار ہوگا کہ حسب حیثیت کسی ایک یا دونوں فریقین پر ۲۰۰ روپیہ جرمانہ غیر حاضری عائد کر دے اور مقدمہ جاری کرنے کا حکم جاری کر دے ۔ عالی جاہ ۔ مقدمہ دائر ہے نائب تحصیلدار کے پاس دائر ہے قاضی کے پاس لیکن اس کی Restore کرتے ہیں کون ۔ وزیراعظم قلات ۔ اگر دعولی پھر دائر ہو جائے تو پھر کیا ہوگا آخر کیا ہم مذاق کرتے ہیں قانون کیساتھ یا اپنی رعایا کے ساتھ تو کیا یہ غلط نہ

ہوگا ۔ کیا یہ انصاف کے تقاضے پورے کرتا ہے ؟ کیا یہ ضابطے کا حل ہے کہ ہم اختیار دیتے ہیں اپنے وزیراعظم بہادر کو کہ لوگوں کے دعوے داخل دفتر ہوچکے ہیں انکو تم ۲۰۰ روپیہ لیکر Restore کر دیا کرو ۔ پھر جناب ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Has Wazir-i-Azam not been defined in the Act ?

میاں عبداللطیف ۔ نہیں عالیجاہ ۔ نہ وزیر عدلیہ defined ہے نہ وزیراعظم بہادر defined ہے ۔ نہ ناظم صوبہ defined ہے ۔ کچھ بھی نہیں ہے ۔ بس یہ ضابطہ ہے ، definition کوئی کرتے پھرو ۔

کوئی صاحب دیوانی میں دعویٰ دائر کرتے ہیں ۔ اس کے بعد وہ مناسب سمجھتے ہیں کہ اس کو واپس لے لیں ۔ یہ ضابطہ دیوانی کہتا ہے جناب کہ واپس لیا جا سکتا ہے ۔ بعض دعوے عدالت کی مرضی سے بعض دعوے عدالت کی مرضی کے بغیر ۔ لیکن یہاں جناب ہم کوئی دعویٰ واپس نہیں لے سکتے ہیں نہ عدالت کی مرضی سے لے سکتے ہیں نہ عدالت کی مرضی کے بغیر لے سکتے ہیں۔ اب یہ پابندی کیوں ؟ یہ مصیبت کیوں؟ اگر انہوں نے کوئی راضی نامہ کرلیا agreement کرلیا تو وہ عدالت کو مجبور نہیں کرسکتے کہ تم اس راضی نامہ کے مطابق فیصلہ کر دو ۔ یہ ضابطہ دیوانی تو کہتا ہے کہ اگر مُدعی اور مدعا علیہ آپس میں مفاہمت کرلیں ۔ راضی نامہ کوئی کرلیں تو عدالت پابند ہے اس کے مطابق ڈگری خارج کرنے کی ۔ لیکن یہاں قاضی صاحب کہہ سکتے ہیں کہ بھئی دیکھو ہم تو نہیں مانتے ۔ ہم تو ڈگری دیں گے ۔ حضور لوگوں پر تو رحم کرو ، ان پر کچھ ترس کھاؤ ۔ اگر وہ آپس میں راضی نامہ کرتے ہیں تو تم ان کی امداد کرو ۔ لیکن نہیں ۔ قاضی صاحب تو فیصلہ کریں گے اور اس کے بعد ناظم صوبہ بھی سنیں گے ۔ یہ مصیبت ! اور یہ رعایت کرتے ہیں ان کی کہ ہم تم کو تمہارا پسندیدہ ضابطہ ۱۹۵۲ ء کا دوبارہ بخش رہے ہیں ۔

پھر جناب اگر کوئی گواہ بیمار ہو جائے یا jurisdiction سے باہر ہے تو ہمارے ضابطہ میں provision موجود ہے کہ عدالت کمشن مقرر کر سکتی ہے اور وہ اہل کمشن جا کر اس کی رہائش گاہ پر ، اس کے مکان پر جا کر اس کا بیان لے سکتا ہے ۔ اس میں یہ چیز نہیں ہے ۔ اس بیمار عورت کو مجبور کیا جائے گا کہ تم اصالتاً آ کر قاضی بہادر کے دربار میں شہادت دو ۔ خواہ اس کا دم ہی نکل جائے ۔ تو آخر یہاں جو رکھا گیا ہے ۔ یعنی بیماری تو جناب ، بیماری یا مجبوری ، یہ تو ہوسکتی ہے ۔ اگر یہاں مغربی پاکستان کے دوسرے حصوں میں بیماری یا مجبوری ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ قلات ڈویژن میں بھی بیماری اور مجبوری ہے ۔ بیمار اور مجبور گواہان کے متعلق اگر یہ خیال کیا جائے ۔ کہ وہ بھی قاضی کے حضور میں ، قاضی کے دربار میں پیش ہوں اصالتاً شہادت دینے کے لئے تو یہ ستم اور غضب نہیں تو اور کیا ہے ؟ کمشن کے تقرر کا قاضی کو کوئی اختیار نہیں ہے ۔ وزیر عدلیہ کو بھی کوئی اختیار نہیں ہے ۔ وزیر اعظم بہادر کو بھی کوئی اختیار نہیں ہے ۔ یہ جناب کوئی Provision نہیں ہے ۔

اس کے بعد جناب پھر آتا ہے۔ مکانات ہیں جناب دو آپس میں ملے جلے ۔ یا زمین کے دو رقبے ہیں آپس میں ملے جلے ۔ موقعہ پر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

I must have peace on this side. There is no peace on my left.

Mr. Speaker : Order, please.

چودھری عبدالرحیم ۔ شہر خموشاں میں چلے جائیے ۔

میاں عبداللطیف ۔ تو اس کے لئے یہاں تو یہ تجویز موجود ہے کہ عدالت کمشن مقرر کر سکتی ہے ۔ کسی تحصیلدار کو ، نائب تحصیلدار کو ، کسی قانون گو کو وہ موقعہ پر جا کر تمام پیمائش کرے اور عدالت کو نقشہ دے کہ کسی شخص

نے اپنی حد بندی سے تجاوز کرکے کسی کی زمین یا کسی کا مکان روک لیا ہے ۔ اس قسم کے مقدمات وہاں بھی جائیں گے ۔ لیکن یہاں کمشن کے تقرر کا کوئی provision نہیں ہے ۔ پھر یہ ہے جناب کہ کسی کا دس بارہ سال کا کسی بڑی فرم کا حساب ہے جس میں کم از کم دو سو بہی ہے ۔ تین سو رجسٹر ہیں ۔ ڈگری ہو جانے کے بعد حساب فہمی کے لئے یہاں اس ضابطہ میں ایک کمشن مقرر ہوتا ہے ۔ وہ حساب کا expert اسکو بیٹھ کر سارے کو ransack کرتا ہے from A to Z اور وہ ایک result precis بنا کر عدالت کو دیتا ہے کہ جناب میں نے حساب کر لیا ہے ۔ ان کا اتنا دینا نکلتا ہے اور اتنا لینا نکلتا ہے ۔ اس پر finding ہوتی ہے ۔ لیکن جناب اس ضابطہ میں اسکے متعلق کوئی proposition نہیں ہے ۔ کوئی حل نہیں ہے ۔

باقی جناب ۔ نابالغ بعض اوقات دعویٰ کرتا ہے ۔ بعض اوقات نابالغ کے خلاف بھی دعویٰ ہوتا ہے ۔ یہاں تو محض حضور ایک فقرہ ہے کہ اصالتاً آکر دعویٰ دائر کرو۔ لیکن اگر مدعی نابالغ ہے، دودھ پیتا بچہ ہے وہ تو آ ہی نہیں سکتا ہے ۔ وہ تو ناممکن ہے ۔ وہ کیسے آئے گا جب تک بالغ نہ ہو جائے اور اگر وہ آئے بھی دس یا بارہ سال کا ہو تو یہ ضابطہ کہتا ہے کہ اٹھارہ سال تک اس قابل نہیں ہوتا کہ اپنے کیس کو پیش کرسکے ۔ اس کا جو کیس پیش ہوگا ، وہ نامکمل ہوگا ۔ اگر ڈگری بھی ہوگی تو بعد میں آکر set aside کرا سکتا ہے کہ میں تو نابالغ تھا ، بچہ تھا۔ یہ ضابطہ حکم دیتا ہے کہ وہ اکیلا عدالت میں نہیں آئے گا۔ کسی next friend کے ساتھ آئے گا لیکن ہمارا یہ ضابطہ کہتا ہے کہ وہ خود آئے گا ۔ اصالتاً قاضی کے ساتھ پیش ہوگا ۔ عالی جاہ ۔ دودھ پیتا بچہ ہے ۔ باپ کے مر جانے کے بعد زمین چچا نے اپنے نام انتقال کروالی ۔ وہ دودھ پی رہا ہے ابھی ماں کا ۔ دعویٰ کرنا ہے ۔ اس کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا ۔ قاضی کا حکم ہے کہ اصالتاً حاضر ہو میرے پاس ۔ وہ جا ہی نہیں سکتا ۔ next friend کا provision نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ جناب فرض کیجئے کہ نابالغ کے خلاف کسی نے دعویٰ کرنا ہے ۔ یہاں

provision موجود ہے معقول کہ وہاں عدالت سے اجازت لی جائے گی کہ جناب اس کے یہ دو رشتہ دار ہیں ۔ ان کے مفاد اس کے خلاف نہیں ہیں ۔ ان میں سے کوئی بنا دیجئے اس کا guardian تاکہ وہ کیس کو defend کرے ۔ عدالت ان میں سے کسی کو guardian بناتی ہے اور اگر ان میں سے کوئی suitable آدمی نہ ہو تو عدالت وہاں کسی کو خرچ دے کر ، کسی کو تنخواہ دے کر ، کسی کو فیس دے کر مقرر کرتی ہے کہ تم اس نابالغ کے حقوق کی حفاظت کرو ۔ یہاں جناب نہ نابالغ مدعی کی کوئی حفاظت ہے نہ نابالغ مدعاعلیہ کی کوئی حفاظت ہے ۔

اس میں جناب ایک فقرہ ہے کہ مفلسی کی درخواستوں میں فیس بعد میں لی جائے گی ۔ عالی جاہ ۔ مفلس کون ہوتا ہے ؟ ہمارے قانون میں تو defined ہے ۔ اس قانون میں مفلس کی کوئی definition نہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہے جسے قاضی مفلس سمجھے یا جو اپنے آپ کو مفلس کہدے ۔ کیا اس قسم کے قانون میں جو commend کئے جا سکتے ہیں ؟ جن پر ناز اور فخر کیا جا سکتا ہے ؟ یہ تو confusion پیدا کرنے والی چیزیں ہیں ۔ ایک جگہ لکھا ہوا ہے کہ مفلسی کے مقدمات میں کورٹ فیس بعد میں لی جائیگی ۔ بھئی کس سے ؟ مدعی سے لوگے یا مدعا علیہ سے لوگے ؟ اگر مدعی ہار گیا تو مدعا علیہ کیوں دے ؟ اور اگر مدعا علیہ ہار گیا تو مدعی کیوں دے ؟ کوئی عقل کی بات تو ہو ۔ کوئی ضابطہ کی بات تو ہو جو سمجھ میں آ سکے کہ ہاں ان کا مطلب یہ ہے ۔ لیکن یہاں جناب یہ ہے کہ مفلسی کے مقدمات میں کورٹ فیس بعد میں لی جائے گی ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ قاضی کی مرضی ہے کہ اگرچہ مدعی کا دعویٰ خارج ہوگیا پھر بھی کورٹ فیس مدعا علیہ سے وصول کرے ۔ اور اگر مدعی جیت بھی گیا ، ڈگری بھی اسکے حق میں ہوگئی پھر بھی مدعا علیہ سے وصول کر لے

یہ گویا chaos سا ہم آج ۱۹۶۴ء میں اپنے عزیز حصے قلات ڈویژن میں پیدا کر رہے ہیں ۔

پھر جناب کئی صورتیں ایسی پیدا ہوتی ہیں کہ ایک آدمی کسی کی زمین پر قابض ہوگیا اور پھر مکان بنانا شروع کر دیا اس نے ۔ ہم جا کے درخواست کرتے ہیں کہ حضور اس نے مکان بنانا شروع کر دیا ہے ، stay order دیجئے ۔ اس میں کوئی ضابطہ نہیں ہے ۔ آپ stay order نہیں مانگ سکتے ۔ قاضی صاحب stay order نہیں دے سکتے ۔ کسی اور نے دس ہزار روپیہ لے لیا اور لینے کے بعد یہ تنازع پیدا ہوگیا کہ واپس کرو ۔ اس نے اپنا پاسپورٹ بنوا لیا انٹرنیشنل ۔ چلنے کے لئے تیار ہے ۔ وہ قاضی کے پاس جا کر پیٹتا ہے کہ حضور وہ تو جا رہا ہے انٹرنیشنل پاسپورٹ لے کر ۔ کل روانہ ہو جائے گا ۔ اسے گرفتار کر لو ۔ اس میں کوئی provision نہیں ہے جناب ۔ پھر وہ دعویٰ کرتا ہے کہ حضور فلاں آدمی کے سامان کی کچی قرقی کر دیجئے ۔ ورنہ وہ اس دوران بیچ کر چلا جائے گا ۔ تو ایسی صورت میں یا تو عدالت مکمل طور پر بااختیار ہو یا مکمل طور پر بے اختیار ہو ۔ لیکن ہے کیا ۔ یہ ہمیں پتہ نہیں ۔ اسکا اس ضابطے کو بھی پتہ نہیں ۔ عدالت کے متعلق یہاں کوئی ذکر نہیں کہ وہ ابتدائی ڈگری سے پہلے کوئی سامان قرق کرسکتی ہے ۔ کسی کو ضلع سے باہر جانے سے روک سکتی ہے ۔ کوئی receiver مقرر کر سکتی ہے یا کوئی stay order جاری کر سکتی ہے ۔ آپ کی جگہ پر کوئی مکان بناتا ہے تو بنا لے ۔ کوئی آدمی آپکا مکان گرانے کے لئے آتا ہے تو گرا جائے ۔ قاضی صاحب اگر چاہیں ۔ اگر ان کی مرضی ہو ۔ تو اسکی خلاف ورزی کرتے ہوئے حکم دیدیں تو وہ علیحدہ بات ہے ۔ لیکن اس میں یہ نہیں بتایا گیا کہ ہمارا قاضی کن حالات میں stay order جاری کرسکتا ہے ۔ کن حالات میں کچی قرقی کرسکتا ہے اور کن حالات میں قبل از فیصلہ کوئی حکم جاری کر سکتا ہے ۔ یہ

کہیں نہیں بتایا گیا ۔

جناب عالی۔ چیزیں تو بہت سی ہیں لیکن اب میں اسے ختم کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک provision ایک شہادت کے متعلق ہے ۔ پچھلی دفعہ ہم نے آپکے توسل سے وزیر قانون صاحب کی خدمت میں یہ درخواست کی تھی کہ ہمیں یہ چیزیں مہیا کی جائیں۔ انہوں نے از راہ کرم دستورالعمل دیوانی تو بخشن دیا لیکن دستورالعمل شہادت کی زیارت ہمیں ابھی تک نصیب نہیں ہوئی ۔ اور نہ ہی دیا گیا ہے ۔ شاید وہ بھی اسی قسم کی ایک دستاویز ہوگی جس سے عدالتوں میں confusion ہوگی ۔ لوگوں کے حقوق ادھر سے ادھر اور ادھر سے ادھر ہونگے لیکن پتہ کسی کو نہیں کہ حقوق کس کے ہیں ۔ اور کیا ہیں ۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ قانون اتنا سنگین اتنا بنیادی اور دور رس ہے ۔ جس نے ایک عظیم الشان علاقے میں ہر ایک پر لاگو ہونا ہے ۔ اگر ہمیں اسے بغیر سوچے سمجھے اور بغیر غور کئے قانون بنا دینگے تو میں اور تو کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ اپنے بھائی کی خدمت میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ یہ پارٹی تو اسے پاس کر دے گی ۔ لیکن تاریخ ہم میں سے کسی کو معاف نہ کریگی ۔ نہ ہمیں معاف کرے گی اور نہ آپکو معاف کرے گی۔ کیونکہ جو قانون ہم پاس کر رہے ہیں یہ کسی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا ۔ یہ نہ تو قانون سازی کے لحاظ سے قانون ہے ۔ اور نہ ہی کسی اور لحاظ سے ۔ اس کا انگریزی کا ایک فقرہ درست نہیں ۔ اسی طرح اس کا اردو کا بھی کوئی فقرہ درست نہیں ۔ اسکی ترتیب نہایت غلط ہے ۔ اسکے contents کو غیر تسلی بخش کہنا تو بے انصافی ہے ۔ یہ تو اتنا خام ۔ نامکمل اور غلط ہے کہ اس کے نفاذ سے وہاں اسی زمانے کی عدالتیں بن جائیں گی جس زمانے میں ابھی سوسائٹی ہی نہ بنی تھی ۔ محض ڈیرے دار ہوا کرتے تھے ۔ جو اپنی مرضی کیا کرتے تھے ۔ وہ جو چاہتے تھے کر لیا کرتے تھے اور جو چاہتے حکم دیدیا کرتے ۔ تو

اس سے وہاں اس قسم کی دنیا بن جائے گی ۔ کیونکہ اس وقت جو کچھ ہم ان سے چھین رہے ہیں ۔ اسکے متعلق غالباً میرے فاضل بھائی نے غور نہیں کیا ۔

عالی جاہ ۔ ویسے تو گذشتہ ۲۲ سال سے میرا واسطہ بھی اسی سے یعنی وکالت کے پیشے سے ہے ۔ مجھے تو نہایت گہری نظر سے دیکھنے کے بعد بھی رائج الوقت قانون میں کوئی ایسی بات نظر نہیں آئی جس کی بناء پر انصاف کے حصول میں مدد نہ ملے ۔ عالی جاہ ۔ یہ بات نوٹ کرنے کے قابل ہے ۔ زیر غور قانون کسی حق کا تعین نہیں کرتا ۔ یہ حقوق create نہیں کرتا ۔ وہ تو شرع کرتی ہے یا contract کرتا ہے ۔ دراصل یہ تو لوگوں کے آپس کے تنازعے فیصلہ کرنے کے لئے ایک سیڑھی ہے ۔ ایک رشتہ اور ذریعہ ہے ۔ لیکن وہ رشتہ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا نہایت مکمل ہے ۔ یہ ایک باقاعدہ ضابطہ ہے جس میں supreme court سے لے کر small cause court تک پورے اختیارات اور پورا ضابطہ درج ہے ۔ اگر ہم اسے اس علاقے سے remove کر دیں گے تو یہ اس علاقے کی بے حد سنگین dis-service ہوگی ۔ ایسے حالات میں میں نہایت سنجیدگی سے محسوس کرتا ہوں کہ اگر ہمیں ایک یا دو ماہ اور دیر ہوجائے تو اس سے صوبے کا کوئی نقصان نہ ہوگا ۔ نہ وزیراعظم بہادر یا وزیر عدلیہ کا نقصان ہوگا اور نہ ہی ناظم صوبہ کا ۔ اس لئے دو ماہ اور صبر کر لیں ۔ اور اس پر public opinion لے لیں ۔ یا میں تو یہاں تک بھی عرض کرتا ہوں ۔ خدا کے لئے ہم میں سے کسی کو شامل نہ کرو ۔ اپنی طرف کے پانچ سات معزز ممبر جو قانون بہت اچھی طرح سمجھتے ہیں ۔ اور اچھا بھلا صاف ذہن رکھتے ہیں ۔ ان کی رائے لے لیں ۔ اور قلات ڈویژن کو اس سے نجات دلائیں ۔

Minister of Law : Hear ! Hear ! Well said.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - جناب والا - اپنے محترم دوست جناب میاں عبداللطیف صاحب کی فاضلانہ تقریر کے بعد اپنے خیالات کےاظہار کی جسارت کر رہا ہوں -

جناب والا - یہ مسودہ قانون اس Standing Committee کے پاس رپورٹ کے لئے بھیجا گیا تھا - جس کا چیئرمین اتفاق سے آپ کا یہ خادم ہے - کمیٹی نے نہایت غور و فکر کے بعد یہ سفارش کی کہ اس بوسیدہ - ناقص اور دقیانوسی قانون کو اس صوبہ کے کسی حصے میں نافذ نہ کیا جائے -

(اس مرحلے پر مسٹر سینیٹر ڈپٹی سپیکر کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے) -

لیکن مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری وزارت نے اس بات پر اصرار کیا کہ وہ ضرور اس قانون کو جسے قانون کا نام لیتے ہوئے بھی مجھے شرم آتی ہے - کیونکہ اس مسودہ قانون کو اور کوئی نام دیا جا سکتا ہے - لیکن قانون کا نام نہیں دیا جا سکتا - اس ایوان سے پاس کرانے کے لئے یہاں لے آئی ہے - مجھے افسوس ہے کہ ہماری یہ وزارت ہر روز بلند بانگ دعاوی کرتی ہے کہ ہم اس صوبہ کے پسماندہ علاقوں کو بتدریج نسبتاً ترقی یافتہ علاقوں کی سطح پر لانا چاہتے ہیں - ان کے برابر اور مساوی لانا چاہتے ہیں - لیکن کیا یہی ترقی ہے کہ وہاں آج سے چار سال پیشتر اس قانون کو دقیانوسی کہہ کر اس ملک کے صدر نے ایک آرڈیننس کے ذریعے ختم کیا اور وہاں ترقی یافتہ قوانین نافذ کئے - اور آج چار سال کے بعد ہمارے وہی دوست جن کے ہاتھ میں اس صوبے کی عنان حکومت ہے - اس archaic law کو - اس پرانے اور بوسیدہ قانون کو ان مجبور و مقہور چار اضلاع پر دوبارہ مسلط کرنا چاہتے ہیں - کیا یہی طریق کار ہے جس سے آپ ان پسماندہ علاقوں کو نسبتاً ترقی یافتہ علاقوں کے ساتھ برابر اور مساوی لانا چاہتے ہیں - یہ قانون صرف چار اضلاع پر یعنی قلات - مکران - خاران اور لس بیلہ پر

حاوی ہوگا ۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ وہاں کے لوگ آپ سے نالاں ہیں ۔

Minister of Law : Question.

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ وہاں کے لوگ اس وقت کس حالت میں ہیں ۔ اگلے روز سردار دودا خان نے کہا تھا کہ وہاں ملٹری اوپریشن ہو رہے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ Question!

خواجہ محمد صفدر ۔ میں Question کہنے والے وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ کیا وہ خود اس صوبہ کے رہنے والوں کے خلاف ہو رہے ہیں ۔ کیا اس میں شک نہیں کہ ان چار اضلاع میں وہاں کے چنے ہوئے نمائندوں کو جیلوں میں ٹھونسا گیا ہے ۔

کیا اس میں شک نہیں کہ وہ سڑکیں بند کر دی گئی ہیں جن کے راستہ سے وہاں خوراک جاتی تھی ۔ کیا یہ وہ طریقے ہیں جن کے ذریعہ آپ وہاں کے باشندوں کو صوبہ کے دوسرے باشندوں کے مساوی لانا چاہتے ہیں ۔ افسوس، ہے میرے دوست کہتے ہیں وہاں ایئر اوپریشن بھی ہوا ہے ۔ وہاں کے رہنے والے عوام کا کوئی بھی پرسان حال نہیں ۔ میں اپنے محترم دوست کی خدمت میں عرض کرونگا کہ کیا یہی وہ طریق کار ہے جس سے آپ اپنے بلند بانگ دعاوی کو اس طرح پورا کرتے ہیں کہ ان پس ماندہ عوام کو کچلا جا رہا ہے ۔ پیسا جا رہا ہے اور رگڑا جا رہا ہے یقیناً یہ طریقہ نہیں آپ کو ان کے ساتھ بہتر سلوک کرنا چاہئے تھا ۔ وہ اس کے مستحق ہیں ۔ ان کے ساتھ نہایت فراخدلانہ اور بہتر طریقہ سے سلوک کرنا چاہئے ۔ ایک طرف تو یہ دعویٰ تھا اور دوسرے یہ دعوے ہے کہ ہمارے صوبہ میں قانون میں یکسانیت پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔ ابھی کل ہی اس موضوع پر گفتگو ہوئی ہے ۔ یہاں

ہر روز کوئی نہ کوئی وزیر صاحب اس دعویٰ کو دہراتے ہیں کہ اس صوبہ میں قوانین میں یکسانیت پیدا کرنی چاہئے لیکن کیا یہ مسودہ قانون قوانین میں یکسانیت پیدا کرنے کے لئے پاس کیا جا رہا ہے ۔ کیا یہی یکسانیت ہے کہ آپ ان چار اضلاع کے لوگوں کو اور وہاں کے بسنے والوں کو سیکنڈ کلاس تو کیا تھرڈ کلاس شہری بھی نہیں بنانا چاہتے ۔ کیا یہ امر واقعہ ہے کہ آپ ان کو انسانوں کی حیثیت بھی دینے کو تیار نہیں ۔ ان پر جبر کر رہے ہیں ۔ آپ ایف سی آر اور اس قسم کے دوسرے قوانین لا رہے ہیں جو قرون اولیٰ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اس طرح آپ ان کو ترقی دینا چاہتے ہیں ۔ آپ ترقی پسند ہیں کیا ان کے لئے آپ ایسی ترقی پسند کرتے ہیں کہ ان کے لئے ایف سی آر اور دستورالعمل دیوانی نافذ کر رہے ہیں ۔

جنون کا نام خرد رکھ دیا خرد کا جنون
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

اگر یہ ترقی ہے تو میں اسے ترقی نہیں کہوں گا ۔ بلکہ میں اسے تنزل کہوں گا ۔ ترقی معکوس ہے ۔ ان غریبوں اور بے کسوں کو آپ نے تحت‌الثرائے میں پھینک دیا ہے ۔ یہ حکومت ان کو انسانیت کا درجہ دینے کو تیار نہیں ۔ پھر یہ گلہ ہے کہ وہ ون یونٹ کے خلاف ہیں ۔ پھر یہ گلہ ہے کہ وہ لوگ پولیس کا مقابلہ کرتے ہیں ۔ وہ مالیہ دینے سے انکار کرتے ہیں ۔ وہ فوج کا مقابلہ کرتے ہیں ۔ افسوس صد افسوس ۔ آپ نے لوگوں کو مجبور کر دیا ہے اور قانون کے پرخچے اڑا دئے ہیں ۔ اور لوگوں کو صحیح قانون دینے کو تیار نہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آج سے ۴ سال پہلے قوانین میں یکسانیت پیدا کرنے کے لئے اس ملک کے سر براہ ملک کے سرچشمہ اقتدار یعنی صدر مملکت نے ایک قانون نافذ کیا تھا ۔

Central Laws (Statute Reform) Ordinance, 1960.

تو میں اس کا preamble پڑھ دیتا ہوں ۔

"Whereas the incorporation of certain former Provinces, Acceding States and Tribal Areas into the Province of West Pakistan by the Establishment of West Pakistan Act, 1955, has rendered it expedient that certain changes should be made in the laws and that certain laws should be extended to parts of the new Province to which they had not extended before;

And whereas such extension has been agreed upon in consultation with the Provincial Government of West Pakistan and the other authorities concerned;"

پھر کیا بات ہے کہ آج سے ۴ سال پہلے جب صوبائی حکومت نے سنٹرل گورنمنٹ سے اتفاق کیا تھا کہ یہ قانون منسوخ کیا جائے اور یہ الفاظ تھے ۔

"And whereas it is expedient to remove from the Statute-book certain Acts and Ordinances which have become obsolete or have discharged their function."

اس قانون کے متعلق ان کا یہ سارٹیفکیٹ ہے کہ یہ بوسیدہ قانون ہے ۔ جہاں صدر صاحب نے مناسب سمجھا کہ یہ دستورالعمل دیوانی نہیں بلکہ یہ دستور ناقابل عمل ہے اس حکومت کے مشورہ کے ساتھ اسے منسوخ کیا جائے ۔ کیونکہ یہ obsolete ہے ۔ بوسیدہ ہے پرانا ہے ۔ اس کو گھن کھا چکا ہے ۔ لیکن ۴ سال کے بعد ہمارے دوستوں کے ذہن میں یک لخت آ گیا اور اپنے مواعید کو بھول کر خود پریذیڈنٹ صاحب کے احکام کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ کار آمد ہے ۔ حالانکہ یہ ان کے بنائے ہوئے وزیر ہیں ۔ یہ اپنے دعوؤں کو بھول گئے ہیں اور اپنے مواعید سے منکر ہوگئے ہیں ان سے رو گردانی کرتے ہیں ۔ آج یہ قانون جو پیش کیا جا رہا ہے یہ ان کے دونوں دعوؤں کو جھٹلاتا ہے ۔ ایک تو یہ کہ وہ قانون میں یکسانیت پیدا کرنا چاہتے ہیں اس کے متعلق میں نے حقیقت واضح کر دی ہے کہ کس طور طریقہ سے ہمارے دوست ۔ مہربان اور وزیر صاحبان اور اس صوبہ کے حاکم پس ماندہ علاقوں کو ترقی دینا چاہتے ہیں اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ اس صوبہ کے قوانین میں یکسانیت پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔

چناب والا ۔ یہاں میں ان جابر اور قہار حکمرانوں کا ذکر کئے بغیر نہیں رہ سکتا جو ۱۹۴۷ء سے پہلے یہاں حکمران تھے اور ہم ان کے غلام تھے اور وہ کیا کرتے تھے میں عرض کروں گا کہ انہی حکمرانوں میں سے ایک سر اولف کیرو یہاں رہ چکے ہیں ۔ وہ ایجنٹ جنرل تھے ۔ اور صوبہ سرحد کے گورنر بھی تھے ۔ وہ سرحد کے علاقے کے متعلق پوری طرح جانتے تھے ۔ انہوں نے متعدد کتابیں لکھی ہیں اور ان کو ان علاقوں کے متعلق ایک اتھارٹی مانا جاتا ہے ۔ چنانچہ لاءکمشن نے اپنا سوال نامہ ان کو بھیجا اور ان سے کہا کہ وہ بلوچستان اور فرنٹیئر کے متعلق اپنی رائے دیں ۔ اس سلسلہ میں میں لاءکمشن رپورٹ کے صفحہ ۱۰۹ اور ۱۱۰ کا حوالہ دیتا ہوں ۔

"Now, therefore, in pursuance of the seventh day of October, 1958, and in exercise of all powers enabling him in that behalf, the President is pleased to make and promulgate the following Ordinance :-"

اور وہ رائے کیا ہے وہ تسلیم کرتا ہے کہ انگریز نے اپنے مفاد کے پیش نظر بلوچستان کے اس علاقے کو پسماندہ رکھا اور ہم نے اسے Advance base کے طور پر استعمال کیا ہم نے کوئی ترقی نہیں ہونے دی اور ہم نے جان بوجھ کر ٹرائیبل ایریاز اور یہاں کے بسنے والوں کو اپنے پنجے کے نیچے دبا کر رکھا لیکن وہ ساتھ سفارش بھی کرتا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ان کے حالات کا دوبارہ جائزہ لیا جائے اور جائزہ لینے کے بعد Progressive قوانین یہاں نافذ کئے جائیں جس سے یہ ترقی کے منازل طے کرکے صوبے کے باقی علاقوں کے برابر اور مساوی بن جائیں یہ رائے اس گورنمنٹ کے قائم کردہ لاءکمیشن کے سامنے Sir Olaf Caroe کی تھی جس کا میں نے حوالہ دیا ہے ۔

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : There is no quorum.

Minister of Law : Khawaja Sahib would like to go on without quorum.

Khawaja Muhammad Safdar : I would like very much to go with quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*)

The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*) The House is in quorum.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس دستورالعمل دیوانی کیوجہ سے ہم ان اپنے بھائیوں کو جو کہ ہم۔اضلاع میں بستے ہیں تھرڈ کلاس شہری بنا رہے ہیں اور ان کو ان جائز اور مناسب حقوق جو انہیں ملنا چاہئے دینے سے انکار کر رہے ہیں جن کی وجہ سے ان کے دلوں میں ہماری جانب سے اگر نفرت و حقارت پیدا ہو تو وہ بجا ہے -

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Sir, immediately on receipt of the motion on 30-3-1964, the Director Health Services, Hyderabad was contacted on phone to furnish the details of the reported outbreak of smallpox in the above mentioned Talukas of Tharparkar district. The Director of Health Services, Hyderabad, however, informed that the smallpox in the said area has since been brought under control and additional staff has been deputed to strengthen the necessary preventive measures. The Director, Health Services, Hyderabad has intimated on phone that 52 cases with 10 deaths have been reported from Nagarparkar, Diplo, Mithi and Chachro tehsils of Desert Area bordering on India. Most of the cases were of chickenpox. Mass vaccination has been taken in hand and so far 3000 primary and 20,000 revaccinations have been performed. In addition check posts have also been established at suitable places. Extra staff of 12 persons has been appointed and adequate supplies of vaccine have been provided. The situation is well under control. After this information I assure the member that every thing possible is being done and will be done to control this epidemic.

Haji Mir Muhammad Bux Talpur: I am quite satisfied but

جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس پر پورا کنٹرول ہو گیا ہے ۔ میری سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ دو دن میں اس ساری بیماری پر کیسے کنٹرول ہو گیا ہے ؟

Mr. Speaker: He says that everything possible will be done there.

حاجی میر محمد بخش تالپور۔ وہ تو الگ بات ہے ۔ لیکن یہ کہنا کہ کنٹرول ہو گیا ہے ۔

Mr. Speaker : Does the Member press his motion ?

Haji Mir Muhammad Bux Talpur : No.

Mr. Speaker : So the motion is not pressed.

ARRESTS OF ZAMINDARS OF DUKI IN QUETTA DIVISION

Mr. Speaker : Next motion is from Babu Muhammad Rafiq. The member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, due to non-payment of high rate land revenue in non-bandobast area of Duki of Quetta Division several Zamindars are arrested and are sent into Jails, which has created great resentment and restlessness among the people of that area, as per letter received on 29th March, 1964, from Sardar Hashim Khan Looni.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Sir, I oppose the motion because it is not in order. As the Member has said in his Motion: "...non-payment of high rate land revenue in non-bandobast area of Duki of Quetta Division." This is Number one. and '... ..arrest and detention of certain Zamindars has been made...'This is Number two. This has created great resentment, so on and so forth.

So far as the land revenuue and its assessment is concerned this rate of land revenue was assessed in 1880 and is in vogue ever since—for more than eighty years—and there is no new assessment. Settlement operations have been completed there and the case is under the active consideration of the Board of Revenue. The new assessment will be announced and objections will be invited. So far as the rates of land revenue are concerned they are in vogue for the last eighty four years. This is number one.

Mr. Speaker : Is the high rate of land revenue in vogue for the last eighty-four years ?

Minister of Revenue : Yes Sir, it is in vogue since the last eighty-four years and there is no new assessment so to say.

Then, Sir, the information supplied by the Political Agent Lora Lai, Mr. Asad, by telephone today shows that nobody has been arrested for the non-payment of land revenue. So the legality of admissibility is also opposed. But, any how, we will look into it. If there is any case of hardship we will look into the matter. I assure the Member that the settlement operations have been completed there. It is only the question of new assessment which will be done in due course of time and we will give it top priority.

Mr. Speaker : Does the member press it ?

بابو محمد رفیق - میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ مجھے یہ اطلاعات ملی ہیں کہ لوگوں کو جیلوں میں ڈال دیا گیا - اس سلسلہ میں میرے پاس ایک خط ہے - اجازت دیں تو میں وہ پڑھ دیتا ہوں -

Mr. Speaker : He may pass on that letter to Khan Sahib. He need not read it.

بابو محمد رفیق - جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ہمارے علاقہ میں مالیہ ۳۸ روپیہ فی ایکڑ ہے - کچھ علاقوں میں تو بندوبست ہوگیا ہے لیکن جن علاقوں میں ابھی تک نہیں ہوا مہربانی کر کے ان کو بھی اسی طرح شمار کریں جس طرح دوسروں کو کر رہے ہیں -

میں اسے press نہیں کرتا -

Mr. Speaker : The motion is not pressed. Next motion is from Qazi Muhammad Azam. He is not present. The motion lapses.

FAILURE OF GOVERNMENT TO CONTROL ROAD ACCIDENTS

Mr. Speaker : Chaudhri Muhammad Ibrahim wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to control road accidents which are taking heavy toll of precious lives as disclosed by the news item of today's press to the effect that Mr. Niaz Ahmed, his wife and a constable were killed in a serious accident.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : The motion of the Member is similar to Mr. Mangi's motion No. 350 which has been deferred till the 3rd of April. If the Member and the Chair has no objection we might defer it till the third of April.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : I have no objection.

Mr. Speaker : It is deferred till the 3rd of April.

DISAPPEARANCE OF 24 FILES FROM THE OFFICE OF A MAGISTRATE OF LYALLPUR.

Mr. Speaker : In his next motion Chaudhri Muhammad Ibrahim wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the reprehensible inefficiency of the administration as disclosed by a news item of today to the effect that 24 files pertaining to cases of very serious nature were missing from the office of a magistrate of Lyallpur.

Minister of Law : Sir, I am in a position to contradict the news item which has appeared in the paper. I suppose the information of the Member who has moved the motion is based entirely on the news item and he has no other independent information. The news item, I may say, is totally false. No file is missing (whether one or 24) from any office in Lyallpur. Appropriate action is being taken against the persons responsible for flashing this news item.

Mr. Speaker : Does the member press it ?

Chaudhri Muhammad Ibrahim : No Sir.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

FAILURE OF GOVERNMENT TO CHECK SMUGGLING ON THE BORDERS

Mr. Speaker : Chaudhri Muhammad Ibrahim wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to check smuggling on the borders as disclosed by the news item published in today's issue of the Daily 'Imroze'.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : I have technical objection to this also. As the motion reads, it is clear that smuggling, if any, is rampant and is taking place since a number of years. It is not a matter of recent occurrence. It has not taken place yesterday or the day before nor it has come to the knowledge of the Member today or yesterday or in the recent past. This is a matter within the knowledge of every one, particularly those who have visited those places.

For the information of this House I may submit that the coming of goods from Afghanistan to the Tribal Area (where our law does not apply) is no offence. So far as its further coming out of the territory of tribal area to the parts constituting West Pakistan is concerned, it is an offence and all possible steps are taken to see that this is stopped. But in the nature of things we all know that it is humanly impossible that it can serve as a fool-proof check and it could be totally stopped, All that the Government could possibly do they are doing it. Custom officials have been posted there, police pickets are there and the police guards are there. All that could be possible done by any Government is being done.

Mr. Speaker : Does the Member press it.

مسٹر افتخار احمد خان - یہ درست ہے کہ سمگلنگ کا مسئلہ بہت پرانا ہے اور یہ بیماری وبا کی طرح بڑھتی جا رہی ہے لیکن میں وزیر قانون صاحب کی اختلاف کرتا ہوں جو انہوں نے Tribal Area اور Settled District کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے ۔ Tribal Area ہمارے ملک اور ہمارے صوبہ کا اسی طرح اہم حصہ ہے جس طرح کوئی اور ضلع ۔ وہ پاکستان کی Territory ہے ۔ Tribal Area کے لوگوں کے نمائندے بطور ممبر اس ایوان میں ہیں اور وہ قانون سازی میں حصہ لیتے ہیں اور ہمارے بارڈر کی چیک پوسٹ Tribal Area کے بعد خرطوم کے مقام پر ہے لیکن یہ کہنا کہ قانون اجازت دیتا ہے Tribal Area میں لانے کی اور یہ اجازت نہیں دیتا Tribal Area سے باہر لانے کی ۔ اس فرق کو ختم کرنا چاہئے اور چیکنگ خرطوم کے علاقہ میں کرنی چاہئے ۔

Mr. Speaker : Does Chaudhri Sahib press his motion ?

چودھری محمد ابراھیم - آپ اجازت دیں کہ میں اس تحریک التوا کی کچھ وضاحت کر سکوں ۔

Mr. Speaker : How is it a matter of recent occurrence ?

چودھری محمد ابراھیم - یہ اس وقت بھی ہو رہا ہے اس سے زیادہ اور recent occurrence کس طرح ہو سکتی ہے ۔ آج بھی ہے کل بھی ہے اور پرسوں بھی ہوگا ۔

Mr. Speaker : This is a continuing process. That is not a matter of recent occurrence.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : It is actually taking place now just at this moment. What else can be more recent ?

Mr. Speaker : The matter is not of recent occurrence. It is a continuing process and it is ruled out of order.

Mr. Speaker : Next motion is from Syed Zafar Ali Shah regarding low price of sugarcane being paid to can-growers of Nawabshah. Consent to a similar motion No. 333 was withheld, and so consent to this motion is also withheld.

MALTREATMENT OF PATIENTS BY THE MEDICAL SUPERINTENDENT, GENERAL HOSPITAL, LAHORE

Mr. Speaker : Next motion is from Amir Habib Ullah Khan Saadi. The Member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment prevailing amongst the public against the management of General Hospital, Lahore on account of the deplorable failure of the Provincial Government in taking effective steps for dissuading the Medical Superintendent of the said hospital from putting forth maltreatment and brutal attitude towards the patients persistently, which fact has been revealed by a recent happening involving one Mr. M. A. Rashid Representative of the Muslim News International who has not only himself ventilated his complaint regarding the ill-treatment meted out to him at the hands of the said official through a letter but the same incident has also been reported by the Nawa-a-Waqat, Lahore, in its issue of March 31, 1964.

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Sir the adjournment motion is opposed. The facts are denied.

Sir this is a similar motion, which was moved by Allama Rehmat Ullah Arshad.

Amir Habibullah Khan Saadi : It was not moved.

Parliamentary Secretary : He did not press it.

Amir Habibullah Khan Saadi : He did not move it at all.

Parliamentary Secretary : Sir a similar motion was moved by Allama Rehmatullah Arshad regarding another patient, Mr. Hidayatullah, who was also discharged by the General Hospital, Lahore authorities. He was a T. B. patient like Mr. Rashid in this case. The basic thing in this case is that the T. B. patients, who are admitted to the General Hospital, Lahore, are admitted and discharged not by the Medical Superintendent but by the experts, the visiting physicians of the Mayo Hospital. In fact the Medical Superintendent, General Hospital, Lahore, has got nothing to do with the admitting or discharge of the T. B. patients.

As far as Mr. Rashid's case is concerned, like the case of Mr. Hidayatullah, Mr. Rashid is a resident of East Pakistan and he was admitted in the Mayo Hospital, Lahore as a T.B. case with the following address :

Mr. M. A. Rashid,
s/o Mr. Muhammad Abdul Raziq,
c/o Maulana Abul Ala Maudoodi,
Ichhra, Lahore.

He belongs to East Pakistan, but he was admitted to the Mayo Hospital on the above address. He was transferred to the General Hospital, Lahore, on the 10th of December, 1963, by Dr. I. Hassan, Surgeon Specialist. He remained in the hospital upto the 20th March 1964, i.e. for three months and ten days when Dr. I. Hassan examined him and asked him to go back to the Mayo Hospital, Lahore, for operative treatment. But as the patient refused to undergo such a treatment, he was discharged from the hospital by Dr. I. Hassan. During his stay in the hospital he was given every possible facility in treatment and in the diet, and there is nothing in the record to show that he ever complained about the hospital before his discharge.

Sir this is one of the best managed hospitals and I would like Amir Habibullah Saadi, M. P. A. to visit this hospital in person at any time he desires, and I am sure he will himself find out the truth in this complaint.

As far as the T. B. patients of the General Hospital, Lahore, are concerned, they are totally satisfied with the authorities, and with the treatment. I would like to bring to your notice Sir the daily 'Mashriq' of today in which all the patients of the General Hospital, Lahore, have contradicted this news, and they have expressed full confidence in the authorities of the General Hospital, Lahore.

As I have already said Sir the facts are totally denied and the motion may, therefore, be ruled out of order.

امیر حبیب‌اللہ خان سعدی (لائلپور - ۷) - صاحب صدر - محترم پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے واقعات بڑی تفصیل سے بیان کئے ہیں اس لئے آپ مجھے بھی اجازت دیں کہ میں بھی کچھ عرض کروں - پہلی بات تو یہ ہے کہ Admissibility پر جو اعتراض کیا گیا ہے وہ غلط ہے اگر کسی شخص کا کسی معاملے کے متعلق کوئی ایڈجرنمنٹ موشن آ چکا ہے تو اسکا ایم-اے رشید کے واقعے سے کوئی تعلق نہیں ہے - دوسری گذارش یہ ہے کہ انہیں نے یہ جو فرمایا ہے کہ وہاں مریضوں کے داخل کرنے اور وہاں سے ڈسچارج کرنے سے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا کوئی تعلق نہیں ہے میں نے یہ ایڈجرنمنٹ موشن میں مطالبہ نہیں کیا اور نہ ذکر کیا - سوال تو مریضوں کے ساتھ بدسلوکی کا ہے اور اسکی climax یہ ہے کہ ۱۹ مارچ کو ایم-اے رشید کو ''پا بہ دست دگرے

دست بہ دست دگرے،، نکال دیا گیا ۔ یہ Lame excuses ہیں اور اس میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کے خلاف شکایات بہت دنوں سے اخبارات میں آ رہی ہیں ۔ میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ یا تو آپ صحیح معنی میں تحقیقات کریں اور اگر یہ بے گناہ ثابت ہوں تو کوئی بات نہیں لیکن روز کی یہ داتا کاکل نہ ہونی چاہئے ۔ جہاں تک ان کے احوال کا تعلق ہے کہ کچھ مریضوں نے اخبار مشرق میں لکھ کر دئے ہیں میں جناب کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ میرا ایڈجرنمنٹ موشن ہونے کے بعد وہاں مریضوں سے منت سماجت کر کے بیان لکھائے ہیں اسکی تحقیقات ہونی چاہئے اس لئے جناب والا ۔ یہ In order ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ سعدی صاحب مریضوں کے ساتھ بد سلوکی اور ظالمانہ رویہ جو روا رکھا گیا ہے اسکے ثبوت میں آپکے پاس یہ نیوز Item ہے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ میرے پاس نیوز Item بھی ہے اور اسکے علاوہ ایک شاہ عالم مارکیٹ کے سی-ایم سرور بھی ہیں جن کو بہت ہی برے حال میں نکالا گیا ہے ۔

وزیر صحت (بیگم محمودہ سلیم خان) ۔ جناب میں اس کے متعلق وضاحت کر دینا چاہتی ہوں ممکن ہے ممبر صاحب satisfied ہو جائیں ۔ جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں کل خود گئی اور ٹی ۔ بی Patients کو دیکھا ان کے کھانے پینے کے متعلق معلوم ہوا کہ بہت اچھا سسٹم ہے جو کچھ وہاں کھانا ملتا ہے وہ مریضوں سے دستخط لیکر دیتے ہیں اور انڈا اور دودھ وغیرہ جو دیا جاتا ہے تو وہ مہر لگا کر دیا جاتا ہے ۔ اسکے علاوہ رشید

صاحب کا جو case ہے ۔ یہ صاحب کچھ عرصے سے بیمار تھے اور وقتاً فوقتاً ڈاکٹر ان کو کہتے تھے کہ آپ کو آپریشن کی ضرورت ہے جیسا کہ پارلیمنٹری سیکریٹری نے بتایا ہے کہ وہ آپریشن سے گریز کرتے تھے ۔ چونکہ ہمارے پاس پلنگ کافی نہیں ہیں اور اس سے دوسروں کی حق تلفی ہوتی ہے اس لئے انہیں کہا گیا کہ وہ کراچی چلے جائیں اور وہاں داخل ہو جائیں اور اگر واپس آ کر یہاں آپ علاج کرانا چاہتے ہیں تو آپ کو آپریشن پر راضی ہونا ہوگا ۔ انہیں نے اس کے جواب میں کہا کہ مجھے کراچی جانے کے لئے تین سو روپے دئے جائیں تو ان سے کہا گیا کہ تین سو روپے دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا البتہ ان کو کرایہ دیا اور ہسپتال سے سٹیشن تک پہنچا دیا گیا ۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس قسم کی باتیں فضول ہیں ۔ ہماری آبادی زیادہ ہے اور اسکے تناسب سے جگہ کم ہے جو کچھ سہولتیں دی جا سکتی ہیں وہ دی جاتی ہیں ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ میں خود وہاں گئی تھی میں نے بذات خود جا کر یہ سب دیکھا ہے اور اور میں یقین دلاتی ہوں کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے جو ایڈجرنمنٹ موشن میں لکھی گئی ہیں ۔

Mr. Speaker : After this clarification by the Minister, does the member still press it ?

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ مجھے افسوس ہے کہ انہوں نے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ سعدی صاحب وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ خود چلکر میرے ساتھ دیکھ لیجئے ۔

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ جناب اس کو آپ Pending کر دیں ۔

Mr. Speaker : The member need not press it. He can go there in the company of Mr. Ashraf.

امیر حبیب اللہ خان سعدی ۔ بہت اچھا جناب ۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

REFUSAL OF AUTHORITIES TO DE-SEAL FREE DISPENSARY RUN BY DEFUNCT JAMAAT-I-ISLAMI AT LARKANA

Mr. Speaker : Next motion is from Rao Khurshid Ali Khan. The member wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment caused due to the recent refusal of the authorities to deseal the free dispensary named "Dawa-khana Faiz-e-Aam" by the defunct Jamaat-e-Islami, Larkana, thereby depriving thousands of poor citizens from getting free medical aid therefrom despite the fact that the office of the defunct Jamaat-e-Islami Larkana, which was included in the official Gazette Notification dated 6th January, 1964 had already been sealed and the said Dawakhana was not included in the Schedule of the relevant Gazette Notification.

Minister of Law (Mr Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : As the motion reads, the Dawa Khana has been sealed in the month of January and the matter is, therefore, not of recent occurrence.

So far as the facts are concerned I have not yet been able to verify as to how the matter stands but I would submit that on the technical ground alone this motion is not in order.

Mr. Speaker : How is it a matter of recent occurrence?

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری ۔ ۳) ۔ یہ seal کب ہوا ۔ میں نے تو اپنی تحریک التوا کی بنیاد ہی اسی پر رکھی ہے ۔ کہ seal ہونے کے بعد ہم متعلقہ افسر کو Move کرتے رہے ہیں ۔ کہ جناب گزٹ نوٹیفیکیشن میں جس دفتر کا ذکر تھا ۔ وہ تو آپ seal کر چکے ہیں ۔ یہ فالتو دفتر آپ کیوں بند کرتے ہیں ۔ لیکن وہ ابھی تک ٹال مٹول کر رہے ہیں ۔ ان سے مایوس ہو کر اب آپکی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں ۔ کہ یہ معاملہ درست ہے ۔ کہ یہ اس گزٹ نوٹیفیکیشن میں شامل نہیں ہے ۔ دوا خانے کی

بات ہے ۔ اور گورنمنٹ ہسپتالوں میں مریضوں کا جو کچھ حال ہے ۔ جو نجی ادارے ہیں ۔ خدا کے بندو کم از کم انکو تو بند نہ کرو ۔

Mr. Speaker : The matter is not of recent occurrence and the motion is therefore, ruled out of order.

راؤ خورشید علی خان ۔ صاحب سپیکر ۔ آپ ہی انہیں کہیں کہ وہ مہربانی کریں کہ دواخانہ کھل جائے ۔ مریضوں کا مطالبہ ہے ۔

Mr. Ali Gohar Khuro : There is no quorum.

Mr. Speaker : Yes, there is no quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

DANCING AND GAMBLING PROGRAMMES IN THE CATTLE SHOW HELD AT RAHIMYAR KHAN

Mr. Speaker : Rao Khurshid Ali Khan wants to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment caused due to the failure of the authorities concerned in checking and prohibiting the dancing and gambling programme in the Cattle Show held quite recently in Rahim Yar Khan despite the fact that the citizens and prominent Ulema of all schools of thought had lodged strong protest and the authorities had given clear assurance to refrain from staging these programmes which were against the clear Islamic injunctions and the spirit of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, as reported in the recent issue of Weekly "Zindgi", Rahim Yar Khan.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : The motion is opposed. The member seems to have become wiser after the event. The motion reads that the authorities have failed to prohibit the dancing and gambling programme in the cattle show held quite recently in Rahim Yar Khan. So, the matter is over.

Mr. Speaker : Does the Minister know when this show was held ?

Minister of Law : I do not know. It is actually for the member to tell us when the show took place. Probably this "recent" has the same meaning as we say "under consideration". According to the information

of the member himself the last two lines of the motion read—"as reported in the recent issue of Weekly 'Zindgi'." We do not know that is the date of that recent issue. Whether it is dated last week or last month or a century old. Therefore, my submission is that this is an indefinite matter and not of recent occurrence. Nothing has been stated in the motion itself to attract the emergency clause of the rules that this be discussed as an adjournment motion. Therefore, it may be ruled out of order.

مسٹر سپیکر - راؤ صاحب ! یہ show کب ہوا تھا -

راؤ خورشید علی خان - یہ ,,زندگی،، کا پرچہ مورخہ ستائیس مارچ کا ہے - یہ رجسٹرڈ لیٹر میرے پاس موجود ہے - مجھے کل معلوم ہوا - اور میں نے آج ہی اسے draft کر کے دے دیا ہے - آپ ملاحظہ فرمائیں - اسکا عنوان قائم کیا گیا ہے - ''رقص ابلیس،، میلہ مویشیاں رحیم یار خان کی ابتدائی تیاریوں کے وقت رحیم یار خان کے چند دردمندوں کے حکام وقت سے گذارش کی تھی - کہ میلے میں مخرب اخلاق کھیلوں کی اجازت نہ دی جائے - اور میلے کو اصل مقصد تک ہی محدود رکھا جائے - چنانچہ زبانی طور پر معززین کی تسلی و تشفی کر دی گئی - میلہ شروع ہونے سے قبل علماء کا ایک وفد پھر حکام سے ملا - انہیں بھی یقین دلایا گیا - کہ جو کچھ گذشتہ سال ہوا تھا - اس سے زیادہ نہ ہوگا - تقریباً ساڑھے تین لاکھ روپے ضائع کر دئیے گئے - عام حالات کے مقابلے میں کہیں زیادہ شراب فروخت ہوئی - تقریباً یک صد طوائفیں باہر سے میلہ کمانے آئی تھیں - مستورات سے چھیڑ خانی کے کئی واقع ہوئے - قوم کی اخلاق باختہ کرنے کے بعد ڈسٹرکٹ کونسل کو فخر ہے کہ ان کو مقابلتاً زیادہ فائدہ ہوا ہے - مشاعرہ بھی مسلمانوں کی غیرت کے لئے کھلا چیلنج تھا -

مسٹر سپیکر - لیکن اس کی ایمرجنسی ختم ہو چکی ہے - کیونکہ میلہ تو ختم ہوچکا ہے -

راؤ خورشید علی خان - آئندہ کیلئے ھی کوئی Assurance دے دیں - ھمیں تو اس پر بھی اطمینان ھوجائیگا -

Mr. Speaker : The matter is not of recent occurrence. Moreover, it has lost its urgency. The motion is ruled out of order.

BILLS

The Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) (West Pakistan Amendment) Bill 1964.

Mr. Speaker : Now the House will take up regular business on the agenda. Yes, Memon Sahib.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): I introduce the Provincial Industrial Development (West Pakistan) (West Pakistan Amendment) Bill 1964.

Mr. Speaker : The Provincial Industrial Development (West Pakistan (West Pakistan Amendment) Bill 1964 stands introduced.

The West Pakistan (Amendment and Revival of Civil Laws) Bill 1963.

Mr. Speaker : Now, the House will resume discussion on the motion that the West Pakistan (Amendment and Revival of Civil Laws) Bill be taken into consideration at once.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I had consulted the Leader of the Opposition and proposed to him that I would agree that this Bill may be referred to a Select Committee if he agrees to further give up the motion which has been moved that this Bill may be circulated for eliciting public opeinion. I have also shown him the names which will constitute the Select Committee and I am grateful to say that he has been very co-operative and has agreed to the personnel of the Committee. If the Leader of the Opposition agrees to the suggestion which I made to him, he might not further press his motion which is under discussion and we may immediately proceed with the other one to have the Select Committee appointed.

Mr. Speaker: After that position is agreed to, then first Mian Abdul Latif shall have to ask leave of the Assembly to withdraw his motion.

خواجہ محمد صفدر - مجھے محترم وزیر قانون سے اس پر مکمل اتفاق ھے کہ اس قانون کو سیلیکٹ کمیٹی کے پاس جلد بھیج دیا جائے اور میں جیسا کہ انہوں نے فرمایا ھے ان کی اس تجویز سے اتفاق کرتا ھوں اور اپنی پارٹی کی جانب کی طرف

سے بھی اسی چیز کا اظہار کرتا ہوں کہ موجودہ موشن جس پر ہم اس وقت بحث کر رہے ہیں واپس لینا ضروری ہو گیا ہے اور جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس کو سیلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیج دینا چاہئیے - اور پہلی تین چار تحاریک خلاف قاعدہ ہیں تو تاریخ گذر چکی ہے یا دی نہیں ہے تو اب آئٹم نمبر ۸ پر چلے جانا چاہئے -

Item No. 8 is :

"The West Pakistan (Amendment and Revival of Civil Laws) Bill 1963, as introduced, be referred to a Select Committee with instructions to report by 30th April, 1964."

Mr. Speaker : Mr. Memon will give those names. I think he has no objection.

Minister of Law : I have no objection to motion No. 8.

خواجہ محمد صفدر - جی اس میں نہیں ہے ابھی دے دیتے ہیں - تو جناب والا - میں اس کے علاوہ یہ درخواست کروں گا کہ ہمارے پاس ابھی وقت کافی ہے اور چند ضروری گذارشات میں اس سٹیج پر کرنی بھی چاہتا ہوں -

وزیر خوراک و زراعت - کریں کریں-بولیں -

خواجہ محمد صفدر - Let me finish the speech کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ سیلیکٹ کمیٹی کے سامنے تمام چیزیں آ جائیں اور انکو پیش نظر رکھتے ہوئے سیلیکٹ کمیٹی اپنی رپورٹ کرے - اس سلسلے میں میں دو تین باتیں عرض کرنی چاہتا ہوں - کوئی لمبی چوڑی تقریر نہیں ہوگی - سب سے پہلے جناب والا - میں اس ایوان کی توجہ لاء کمیشن رپورٹ کی طرف دلانا چاہتا ہوں - کل میں نے اس رپورٹ کے متعلق کچھ پڑھا اور یہ اس علاقے کے متعلق ہے جو کہ ان چار اضلاع پر مشتمل ہے . . . .(قطع کلامیاں) -

Khawaja Muhammad Safdar : Let me finish my speech.

Minister of Agriculture : You can have one hour.

Khawaja Muhammad Safdar : Only 15 minutes.

Minister of Law : It is really not in good taste. The Leader of the Opposition has agreed.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, I have agreed and I have to tell the House.

میرے دوست اصرار کرتے ہیں ۔ میں جناب بیٹھ جاتا ہوں ۔

میاں عبداللطیف ۔ جناب والا ۔ میرا خیال ہے کہ جناب وزیر قانون نے اس قانون اور اس کی خامیوں کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ بات قبول کر لی ہے کہ اس قانون کو دوبارہ غور و خوض کے لئے ترتیب کے لئے سیلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیج دیا جائے ۔ میں اس تجویز کو بے حد خوشی کیساتھ قبول کرتا ہوں اس لئے کہ پہلی موشن جو کہ میرے پاس موجود ہے وہ غیر ضروری ہو جاتی ہے اور میں اس کو واپس لیتا ہوں اور ہاؤس سے درخواست کروں گا کہ مجھے واپسی کی اجازت دی جائے ۔

Mr. Speaker : Has the member leave of the House to withdraw his amendment?

(*The amendment was by leave withdrawn.*)

Mr. Speaker : Now, the amendments Nos. 2 to 7 are ruled out of order.

Chaudhri Muhammad Ibrahim : Sir, there is no quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*) There is no quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That the West Pakistan (Amendment and Revival of Civil Laws) Bill 1963, as introduced, be referred to a Select Committee with instructions to report by the 30th of April, 1964.

Minister of Law : Let us make it 30th May.

Mr. Speaker : Under Rule 134 (2) the report is to be submitted within a month.

Minister of Law : We can extend it by a resolution. That is what I am respectfully submitting.

Mr. Speaker : The Rule reads :

> "Such a report shall be made within a month of the date on which the reference was made to the Select Committee unless the Assembly orders the report to be made sooner".....not later.

Motion moved, the question is :

> That the West Pakistan (Amendment and Revival of Civil Laws Bill 1963, as introduced, be referred to a Select Committee with instructions to report by 30th April, 1964.

(*The motion was carried.*)

Minister of Law : Sir, I move :

That the following members may constitute the Select Committee:—

1. Khan Pir Muhammad Khan.
2. Malik Qadir Bakhsh.
3. Mian Abdul Latif.
4. Mr. Abdur Raziq Khan.
5. Mr. Ahmed Mian Soomro.
6. Sardar Doda Khan.
7. Mr. Muhammad Hanif Siddiqi.
8. Syed Ahmed Saeed Kirmani.
9. Allama Rehmatullah Arshad.
10. Rai Mansab Ali Khan Kharal.
11. Mir Yusuf Ali Khan Magsi.
12. Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan Ansari.
13. Qazi Muhammad Azam Abbasi, and three ex-officios.

Mr. Speaker : What would be the quorum?

Minister of Law : I have been informed by the Secretary that it should fifty per cent plus one.

Mr. Speaker : No, the Assembly has to fix it.

Minister of Finance (Sh. Masood Sadiq) : I propose that the quorum of the Committee should be seven.

(Voices—No objection)

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the following members may constitute the Select Committee:—

1. Khan Pir Muhammad Khan.
2. Malik Qadir Bakhsh.
3. Mian Abdul Latif.
4. Mr. Abdur Raziq Khan.
5. Mr. Ahmed Mian Soomro.
6. Sardar Doda Khan.
7. Mr. Muhammad Hanif Siddiqi.
8. Syed Ahmed Saeed Kirmani.
9. Allama Rehmatullah Arshad.
10. Rai Mansab Ali Khan Kharal
11. Mir Yusuf Ali Khan Magsi.
12. Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan Ansari.
13. Qazi Muhammad Azam Abbasi, and three ex-officios.

The quorum of the Committee will be seven.

(The motion was carried)

THE WEST PAKISTAN GHULAM MUHAMMAD BARRAGE BETTERMENT TAX BILL 1963

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Sir with your permission I beg to move —

That the West Pakistan Ghulam Muhammad Barrage Betterment Tax Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is —

That the West Pakistan Ghulam Muhammad Barrage Betterment Tax Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Minister of Revenue : I think Sir I should be allowed to make a preliminary speech.

Khawaja Muhammad Safdar : You are most welcome.

وزیر مال (خان پیر محمد خاں) ۔ مسٹر سپیکر ۔ اس بل کی غرض و غایت یہ ہے کہ غلام محمد بیراج میں قبولی اراضیات پر Betterment Tax عائد کیا جائے ۔ غلام محمد بیراج پر یعنی جہاں تک ترقیاتی کام کا تعلق ہے مثلاً Mandi Towns--Roads اور Means of communication وغیرہ ۔ جب وہ مکمل ہو جائیں گے تو اس پر اگلے تخمینے کے مطابق ۶۴ کروڑ روپے سے کچھ زائد رقم خرچ ہوگی ۔ اندازہ ہے کہ اس بیراج کے تحت ۲۷ لاکھ ایکڑ سے کچھ زائد رقبہ سیراب ہوگا ۔ اور یہ رقبہ دو قسم کا ہے ۔ ایک وہ جو پہلے Inundated Canals کے ذریعے سیراب ہوتا تھا ۔ اور دوسرا وہ ہے جو اب for the first time irrigation کے تحت آئیگا ۔ اور اس کی آبپاشی ہوگی ۔ یہ ٹیکس دونوں قسم کی اراضیات پر لاگو ہوگا ۔

پھر نہروں کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک Perennial ہے اور دوسری Non-perennial Perennial—Non-perennial کیلئے زیادہ ٹیکس ہے اور کیلئے اس سے کم ہے ۔ اس طرح جہاں پہلی دفعہ آبپاشی ہوگی ۔ اس کے لئے علیحدہ ٹیکس ہے ۔ اور جو پہلے یعنی پرانے رقبہ جات ہیں جو Inundation Canals کے ذریعے سیراب ہوتے ہیں ۔ ان کا ٹیکس بمقابلہ New Areas کم ہے ۔ اندازہ ہے کہ قریباً گیارہ لاکھ ایکڑ سے کچھ زائد Qabuli Lands ہونگی ۔ جن کی private ownership ہے ۔ یہ ایسا رقبہ ہے جہاں ٹیکس صرف Private lands پر ہی عائد ہوگا ۔ اور اس کے دوران جب کہ اس پر discussion ہو رہی تھی تو ہماری پارٹی نے ایک سب کمیٹی بنائی ۔ وہاں ایک بات جو زیر غور آئی یہ تھی کہ وہاں water-logging شروع ہے ۔ چنانچہ اس کے لئے بھی ہم نے provision رکھا ہوا ہے ۔ بل میں اور Rules میں یہ چیز واضح طور پر رکھی گئی ہے کہ جو water-logged area ہوگا ۔ اسپر کوئی ٹیکس نہیں ہوگا ۔ اور وہ اس ٹیکس سے مستثنےٰ ہوگا ۔

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - اگر یہ بات بل میں ہے - تو ٹھیک ہے -

وزیر مال - جناب والا - بل میں تو provision ہے - اس کی وضاحت Rules میں کی گئی ہے - اس بل کی implementation کسی طرح Rules کے بغیر نہیں ہو سکتی -

خواجہ محمد صفدر - we are not concerned with that Rules جناب والا - یہ Rules تو ابھی حکومت بنائیگی -

وزیر مال - Rules کی guiding lines - ان کی کار کردگی اور ان پر عمل پیرا ہونے کے لئے بڑی ضروری ہیں -

The rules should be consistent with the Bill and Act. They should not be inconsistent so far as the principle and the mandatory provision of the Bill are concerned.

اور یہ ایک ابتدا اور introduction ہے ویسے اس معزز ایوان کو معلوم ہے کہ ہم زراعت کی ترقی کے سلسلے میں ابتدائی مراحل سے گذر رہے ہیں - کچھ Dams بنائے گئے ہیں - اور کچھ بننے والے ہیں - چنانچہ مزید Dams بنانے کے لئے ضروری ہے کہ ہمارے پاس ذرائع ہوں - تاکہ ہم اور Dams بنا سکیں - خصوصاً ہمارا جو Water Treaty ہندوستان کے ساتھ ہے - اس کے پیش نظر ضروری ہے کہ ہم جتنا بھی زیادہ خرچ کر سکتے ہیں - کریں - تاکہ ہمارے ہاں independent ذرائع آبپاشی موجود ہوں - یہ رقم یعنی ۶۴ کروڑ روپے قرض پر لی گئی ہے - اور اس پر سود دیا جا رہا ہے -

خواجہ محمد صفدر - کیا اس پر ۶۴ کروڑ روپے خرچ آئیں گے -

وزیر مال - جی ہاں -

مسٹر علی گوہر کھوڑو - جناب والا - جناب وزیر مال صاحب کا Locals اور Non-Locals کے متعلق کیا خیال ہے -

وزیر مال - جناب والا - یہ Locals اور Non-Locals کا معاملہ بعد میں آ جائے گا -

Why interrupt me Mr. Khuhro. You will have ample time and you will get the reply Insha Allah.

جناب والا - میرے ایمان میں لوکل اور غیر لوکل کا کوئی سوال نہیں - اگر آپ کے نزدیک ہو تو اس کا میں کیا علاج کر سکتا ہوں -

تو اصولاً نمبر ۱ جیسا کہ میں نے عرض کیا - wider interests کے پیش نظر جہاں جہاں ہم خرچ کریں - ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ اتنی ہی رقم ہمارے پاس آ جائے تاکہ ہم دوسری جگہ خرچ کرکے مزید ترقی کر سکیں -

علاوہ ازیں ہم جو رقم قرض لیتے ہیں - اس پر سود ادا کرتے ہیں - اس کے لئے بھی ضروری ہے کہ یہ رقم ہمیں جلد recoop ہو جائے -

مزید برآں جو اعدادو شمار ہم نے فراہم کئے ہیں - وہ بتاتے ہیں کہ Pre-Barrage اور Post-Barrage زمینوں کی قیمتوں میں جو نیلام کے ذریعے فروخت ہوئی ہیں - یا ان کی خوش حیثیتی کو پیش نظر رکھتے ہوئے کم از کم اڑھائی سو روپے فی ایکڑ اس کی خوش حیثیتی کی بناء پر یعنی Pre-Barrage قیمت فروخت اور Post-Barrage قیمت فروخت کو مدنظر رکھ کر کم از کم اڑھائی سو روپے فی ایکڑ مالک کو - اگر وہ فروخت کرنا چاہے - خوش حیثیتی کی وجہ سے margin حاصل ہوگی - ان چیزوں کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ جو رقم خرچ ہو - وہ بھی وصول

ہو ۔ اور اگر سالم وصول نہیں ہوتی تو کافی حد تک وصول ہو ۔ جو خوش حیثیتی اس بیراج کی وجہ سے ہوئی ہے ۔ اس میں بھی حکومت حقدار ہے ۔ جہاں تک State Lands کا تعلق ہے ۔ وہ ہم auction کرتے ہیں ۔ اور اس auction سے ہمیں انشاءاللہ کافی رقم آئیگی ۔ کیونکہ State Lands اور Qabuli Lands کا تناسب ساڑھے سولہ لاکھ اور ساڑھے گیارہ لاکھ ایکڑ کے قریب ہے ۔ جو قریباً قریباً ۴ اور ۳ کا تناسب ہے ۔ اگر ہم ۴ اور ۳ کا تناسب لے لیں تو ہمیں تقریباً ساڑھے ستائیس کروڑ روپیہ Qabuli Lands سے وصول ہونا چاہئیے اور ساڑھے چھتیس کروڑ روپیہ Government Lands سے ۔ لیکن اس میں ہم نے کافی رعایت کر دی ہے ۔ یہ بل جو ہم آج پیش کر رہے ہیں ۔ اسے سندھ گورنمنٹ نے ۱۹۵۰ء سے approve کیا ہوا ہے ۔ اور یہ فیصلہ کیا ہوا ہے ۔ کہ ۵۰ روپے فی ایکڑ وصول کئے جائینگے خواہ وہ Qabuli Land ہو یا اس کے علاوہ ہو ۔ اچھی زمین ہو ۔ پرانی زمین ہو یا نئی ہو ۔ خواہ وہ water logged ہی کیوں نہ ہو ۔ اس میں کوئی تخصیص نہ تھی ۔ سب پر ۵۰ روپے فی ایکڑ تشخیص کئے گئے تھے ۔ اور ابھی وہ اسے implement نہ کر پائے تھے کہ One Unit بن گیا اور سال ۱۹۵۵ء سے لے کر اس وقت تک اس پر متعدد Committees بیٹھیں ۔ اور ان میں کم از کم میرا اپنا اندازہ یہ ہے کہ سندھ کا جو مجوزہ taxation تھا ۔ اس میں ہم ۵۰ فیصد کمی کر کے یہ نیا بل لائینگے ۔ چنانچہ ان حالات میں میں زیادہ تفصیل میں جانا مناسب نہیں سمجھتا ۔ وہ موزوں وقت پر اگر آپ اجازت دینگے تو میں اس معزز ایوان کے سامنے عرض کر دوں گا ۔

تو ان حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم یہ بل اس لئے لا رہے ہیں کہ ایسی ایک example پہلے موجود ہے ۔ لیکن

بعض دوست یہ خیال کرینگے کہ بیراج بننے کے بعد پہلی دفعہ ایسا بل آ رہا ہے - جسے Betterment Tax کہتے ہیں - میرے خیال میں بیگم صاحبہ مجھ سے اتفاق کرینگی کہ تھل میں پہلے ہی یہ Betterment Tax لاگو ہے - جو ۱۲۵ روپے فی ایکڑ کے حساب سے لگایا گیا ہے -

اس کے علاوہ میں آپ کی اجازت سے اس چیز کا analysis کرتا ہوں کہ تھل میں اگر کوئی شخص ایک سو ایکڑ کا مالک تھا تو اس وقت سے جب کہ بیراج زیر غور تھا - گورنمنٹ نے پنج سالہ اوسط کے حساب سے ان سے ۷۵ ایکڑ زمین لے لی - اور صرف ۲۵ ایکڑ زمین چھوڑ دی - یعنی ایک چوتھائی حصہ چھوڑ دیا - لیکن یہاں معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے - اور ہم نے کسی private property پر تعرض نہیں کیا - بلکہ ہم State Lands میں بھی ان کیلئے خاص provision رکھتے ہیں -

دوسرے یہ ہے کہ سندھ کے لئے تجویز تھی کہ Rates of Taxes ۱۰ سال میں قابل وصولی ہوں اور مزید رعائتیں یہ دی گئی تھیں کہ ۲۰ سال کی آسان قسطوں میں بھی ادائیگی ہو سکتی ہے - اور اگر کوئی شخص وقت پر ادائیگی کرے گا تو اس سے سود نہیں لیا جائے گا - یا اگر کوئی شخص ایسسمنٹ کی ساری رقم ایک سال میں ادا کر دے تو اس میں ۱۰ فیصدی تخفیف کر دی جائے گی - یعنی جب کہ وہ یکمشت ادا کر دے تو اسے یہ رعایت ہوگی - یہ تو ابتدائی شرائط تھیں - مجھے امید ہے کہ اس معاملہ میں یہ ہاؤس مجھ سے agree کرے گا -

بیگم جہان آرا شاہ نواز - پیشتر اس کے کہ محترم وزیر بیٹھ جائیں میں ان سے ایک سوال تھل پراجیکٹ کے سلسلہ میں دریافت کرنا چاہتی ہوں اور وہ یہ ہے کہ ۱۷ لاکھ ایکڑ

میں سے کتنی زمین Small Land Holders کے پاس تھی - جہاں تک ہمیں معلوم ہے ۱۱ فیصدی Big Land Holders کے پاس ہے - اور ۸۹ فیصدی Small Land Holders کے پاس ہے اور یہ وہ ہیں جس کے پاس ۵۰ ایکڑ سے کم زمین ہے - ان میں سے کتنے Small Land Owners ہیں -

وزیر مال - میرے پاس اس وقت figures تو available نہیں ہیں - اور میں ان کی percentage نہیں بتا سکتا - لیکن اپنے اندازہ اور تجربہ کے مطابق میں یہ عرض کروں گا کہ Small Land Holders کم ہیں - اور ان کی Negligible percentage ہے -

But I can't say appropriately at this stage.

بیگم صاحبہ چاہیں تو اس کا پتہ لگایا جا سکتا ہے

But it will take sometime.

Mr. Ali Gohar Khuhro : I beg to move :

That the West Pakistan Ghulam Muhammad Barrage Betterment Tax Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by 15th May, 1964.

Mr. Speaker : The motion is—

That the West Pakistan Ghulam Muhammad Barrage Betterment Tax Bill 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by 15th May, 1964.

Minister of Revenue : Opposed.

مسٹر علی گوہر کھوڑو (لاڑکانہ - ۲) - جناب والا - وحدت مغربی پاکستان کے بعد یہ پہلا کالا قانون ہے جو سابق صوبہ سندھ پر لگایا جا رہا ہے اور اس سے سابق صوبہ سندھ کی جیبوں کو کاٹا جائے گا - اور لوگوں کو غریب سے غریب تر بنایا جائے گا - یہاں پر جو غلام محمد بیراج کی Betterment کے لئے تجویز کی جا رہی ہے ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں - ہم تمام سندھ کے علاقہ کے

لوگ اس کی اس لئے مخالفت کرتے ہیں کہ ہم اس ٹیکس کو بالکل ناجائز سمجھتے ہیں ۔ اس سے غریب زمینداروں کو تباہ کیا جائے گا اور ان کو مجبور کیا جائے گا کہ وہ اپنی زمینوں کو بیچ دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ یہ ٹیکس کس لیے ناجائز ہے ۔ جیسا کہ خان پیر محمد خان صاحب نے تھل کا حوالہ دیا ہے کہ ایسا ٹیکس وہاں بھی لگایا گیا ہے ۔ میں اپنی تقریر میں حوالے دے کر یہ ثابت کروں گا کہ ٹیکس ناجائز ہے ۔ آپ صرف ایک خاص علاقہ کے ہی نمائندے نہیں بلکہ اس ایوان میں آ کر آپ سارے مغربی پاکستان کے نمائندے ہیں ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ آپ اپنی اکثریت کی بناء پر ہمارے غریب سندھی بھائیوں پر یہ ٹیکس نافذ نہ کریں اس سے وہ تباہ ہو جائیں گے ۔ ان غریب بیچارے زمینداروں کا کوئی نمائندہ یہاں اس ہاؤس میں موجود نہیں ۔ وہ گونگے ہیں ان کی زبان نہیں ۔ اس لئے ان کی نمائندگی ہم کر رہے ہیں ۔ آپ کو چاہئے کہ آپ کان کھول کر سنیں اور مہربانی فرما کر میری باتوں کی طرف توجہ دیں ۔

صاحب صدر ۔ یہ معمولی ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔ ساڑھے گیارہ لاکھ ایکڑ قبولی زمین کی ۶۰ فیصدی average پر ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ اس سے ۵ کروڑ روپیہ بنتا ہے ۔ یہ ۵ کروڑ کا ٹیکس ایک خاص کلاس یعنی Schedule caste شودر پر لگایا گیا ہے ۔

ہمیں اس پر اعتراض ہے یہ شیڈول کاسٹ وہ بد نصیب لوگ ہیں جن کے پاس یہ زمین باپ دادا سے چلی آ رہی ہے اور وہ اس پر بستے ہیں برسوں سے آباد ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو سیلابوں میں ڈوب گئے تھے ۔ انگریزوں کے بعد وہاں protective بند بنے تو ان کو

سیلابوں سے نجات ملی - اور پھر جو وھاں inundated canals تھیں ان سے وہ اپنی زمینیں آباد کر رہے تھے - وہ اسی زمین کے بچے ھیں - وہ اسی سرزمین کی پیدائش ھیں وہ کوئی colonists نہیں ھیں - اور یورپ سے آئے ھوئے نہیں ھیں - اور یہاں آ کر settle نہیں ھوئے - ھیں - بلکہ وہ یہیں کے اصل باشندے ھیں - وہ یہیں پیدا ھوئے اس لئے ان کو اس زمین پر وھاں کے دریا پر ان کو تمام پیدائشی حقوق حاصل ھیں - لیکن ان پر آپ یہ جزیہ لگا رہے ھیں اور ایک کاس بنا کر ان پر یہ زیادتی کر رہے ھیں -

مسٹر سپیکر - جب بیراجیں بنتی ھیں تو وہ حکومت کی کمائی کے لئے نہیں بنتی وہ اس لئے بنتی ھیں تاکہ ملک سرسبز ھو - وہ آدمیوں کی خوشحالی کے لئے بنائی جاتی ھیں - ان کو سہولتیں اور آسانیاں بہم پہنچانے کے لئے ھوتی ھیں - جب یہ بیراجیں بنتی ھیں - تو حکومت کی طرف سے Long Term Investment ھوتی ھے جو کہ آھستہ آھستہ لگان کی صورت میں اور آبیانہ کی صورت میں کاشتکاروں سے وصول کی جاتی ھے - لیکن ایسا نہیں ھوتا - کہ کسی بیراج میں اگر آج کوئی investment ھوئی ھے تو کل ھی بیاج وغیرہ کی صورت میں سود خور کی حیثیت سے واپس لے لیں -

وزیر مال - من ترا حاجی بگوئم تو مرا حاجی بگو

مسٹر علی گوھر کھوڑو - مسٹر سپیکر - ٹیکس لگائیے - ھم سب پر ٹیکس لگائیے - ھمارے سابقہ سندھ کے لوگ یا سارے پاکستان کے لوگ ایسے نہیں کہ ٹیکس دینے کو تیار نہیں ھم ٹیکس دیں گے - کپڑے بیچ کر ٹیکس دینگے - جب ھم نے اس ملک کو بنانا ھے تو پھر ھم کو اس سے گریز نہیں - ھمیں ٹیکس سے گریز نہیں - (ھئیر- ھئیر) -

ھمیں تو اس اصول سے گریز ھے ۔ آپ کا اصول صحیح نہیں نیت صاف نہیں ۔ یہ اس نیت پر حملہ ھے ۔ یہ اس لئے نہیں کہ غلام محمد بیراج پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد یہی ایک بیراج ھمارے ھاں بنی ھے ۔ جس پر اتنا خرچ ھوا ھے ۔ جیسا کہ خان پیر محمد خان صاحب نے بتایا ھے کہ اس پر تین لاکھ روپیہ خرچ ھوا ھے اس کی نہروں کے بنانے پر اتنا خرچ ھوا ھے ۔ یہ سب پیسہ کس لئے خرچ ھوا ھے نئے Settlers کے لئے ۔ اس Privileged class کے لئے پیسے خرچ کرنا نہیں چاھتے ھیں ۔ یہاں اتنے ڈیم بنائے جاتے ھیں ۔ بڑے بڑے شہر بنائے جاتے ھیں ۔ پکی سڑکیں بنائی جاتی ھیں ۔ اور مال مویشیوں کے پانی کے لئے ٹینک بنائے جاتے ھیں ۔ لیکن ان بیچارے غریب آدھے ننگے آدھے بھوکے آدمیوں کے لئے گاؤں میں کچھ بھی نہیں ۔ آپ وھاں چل کر دیکھیں ۔ ۴۰ کروڑ روپیہ منڈی ٹاؤن پر اور سڑکوں پر خرچ ھوا ھے ۔ اور یہ سب کیا اس Privileged Class کے لئے ھے ۔ ان غریبوں کے لئے کچھ بھی نہیں ۔

اس کے بعد آپ کو یہ معلوم ھونا چاھئیے کہ بیراج کے پانی ملنے کے بعد وھاں پر جو لگان یعنی Land Revenue Assessment ھے وہ دگنی ھوگئی ھے جب دریائی نہروں کا پانی ملتا تھا تو ٹیکس Per ایکڑ کوئی ۸—۹ کے حساب سے ھوتا تھا اب آپ اس کے عوض ۱۶—۱۷ روپے کے حساب سے ۳۰ روپے کے حساب سے اور ۴۰ روپے کے حساب سے لے رھے ھیں ۔ آپ یہ نہیں سمجھتے کہ آپ کا یہ خرچ دس سال کے اندر وصول ھو جائے گا اور آپ کے بیراج کا خرچ ٹیکس کے ذریعے ۱۰ سال میں وصول ھو جائیگا ۔ آپ کے پاس ۱۶ لاکھ ایکڑ زمین بیچنے کے لئے موجود ھے اس سے آپ کو ۴۲ لاکھ روپیہ ملیگا ۔

Minister of Revenue : What about the balance ?

مسٹر علی گوہر کھوڑو - بیلنس تو دگنا آپ کو دس سال میں ملے گا اور قیامت تک آپ کو اربوں میں مل جائے گا - آپ کی ہر سال آمدنی بڑھتی رہے گی آپ کروڑوں روپیہ لگان میں وصول کرتے رہیں گے - آپ اپنی جمع بندی پہلے کی دیکھ لیجئے اور بیراج کے کھلنے کے بعد کی جمع بندی دیکھ لیجئے کہ کتنا Difference ہے آپ کو وہ فیگرز آسانی سے مل سکتے ہیں اور آسانی سے آپ انہیں دیکھ سکتے ہیں -

جناب آپ نے جن گونگے اور بہروں کے لئے بیراج بنایا ہے کیا اس سے ان کو کوئی فائدہ بھی پہنچا ہے کاغذ پر تو بہت فائدہ ہے آپ چل کر دیکھئے کہ پانی نئے نئے زمینداروں کو دینے کی وجہ سے رائیٹ بینک ٹھٹھے کی طرف ساری سندھ کی زمین جدا ہو گئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ تھوڑے عرصے میں یہ پاکستان کی Hunting اور Shooting Ground ہو جائے گی پھر ساری دنیا میں یہ مشہور ہو جائے گی ابھی تو صرف پاکستان ہی کے لئے ہے -

یہ دریائی کینال سے جناب سپیکر - جیسا کہ مجھے بتایا گیا ہے کہ قریب قریب وہ زمین جو بد نصیب آدمیوں کی ہے وہاں پہلے بھی دریائی نہریں کینال انڈس بیسن سے سیراب ہوتی تھیں اور وہاں اچھی فصل ہوتی تھی - میرے دوست لغاری صاحب اور پیر علی شاہ صاحب اس علاقے کے رہنے والے ہیں ان کو معلوم ہے کہ ان کی کیسی اچھی فصل اس زمانے میں تھی - یہ فائدہ اس کو پہنچا ہے جو اوپر کی سطح کی زمین ہے جسکو دریائے انڈس کا پانی نہیں مل سکتا تھا اور زیادہ تر ان زمینوں کو فائدہ ہوا ہے جو آپ نے پریولج کلاس کے آدمیوں کو دی ہیں - آپ نے اپنی پارٹی کے ایک ووٹ میں کہا ہے کہ زمین کی پہلے قیمت ایک سو روپیہ تھی اب ساڑھے تین سو روپے ایکڑ ہو گئی ہے اسلئے ہماری طبیعت میں یہ خلش پیدا

ہوگئی کہ سیکنڈ کلاس کے لوگوں کو کیوں فائدہ پہونچے اسلئے انکی جیب سے ۱۰۰ روپے ایکڑ سے لیا جائے۔ میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ آباد ہونے سے پہلے یہ زمین ۵ سو ایکڑ سے کم نہیں ہوتی تھی۔ ٹھٹھے کے باہر سے دریائی نہروں سے جو زمین آباد ہوتی تھی وہ بھی ایک ہزار ایکڑ سے اس زمانے میں کم نہیں تھی اور ابھی بھی۔ پیر علی شاہ وہاں کے علاقے کے بڑے زمیندار ہیں میں ان سے یہ پوچھتا ہوں میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ آپ ہاؤس کو بتائیں کہ آپ کی زمین کی اس وقت کیا value تھی۔ آیا ۱۰۰ روپے ایکڑ تھی یا ۵ سو روپے ایکڑ تھی، ۶ سو روپے ایکڑ تھی۔ آپ ان زمینداروں جن کو آپ ۳۰۰ سو ایکڑ یا ۶ سو ایکڑ زمین دے رہے ہیں کیا آپ ان پر اس لئے ٹیکس نہیں لگا رہے ہیں کہ انہوں نے پہلے گورنمنٹ سے مہنگی زمین خریدی ہے۔ میں پیر محمد خان صاحب کو بتاتا ہوں کہ ریونیو بورڈ نے ان کو Dark میں رکھنے کی کوشش کی ہے آپ کو صحیح چیز نہیں بتائی ہے۔ ساڑھے تین سو ایکڑ والی زمین ان کو ایک ہزار میں جانتے ہیں اس میں کیا کیا گیا ہے سارے Southern ریجن میں امریکن ایڈ کے امریکن ڈیپارٹمنٹ کے وہاں بلڈوزر چلا دئے ہیں اور وہاں ساری زمین میں جس میں بڑے بڑے Beams اور مٹی کے Beams تھے ان کو لیول کر کے ٹھٹھے سے لے کر گھارو تک جہاں دریائے سندھ کا پرانے زمانے کا Basin تھا اور پلیٹو تھا اور اس پر آپ نے ایک ایک ہزار ایکڑ اور دو دو ہزار ایکڑ خرچ کر کے پریولج کلاس کو لیول کر کے راستے بنا کر شہر بنا کر دے دی ہیں ساڑھے تین سو ایکڑ میں۔ میں کہتا ہوں کہ آپ ہم سے یہ ٹیکس وصول کریں ہماری زمین لیول کریں ہماری منڈی ٹاؤن بنائیں پھر یہ ہوگا کہ ہمارے لئے کچھ کیا ہے تو ہم ٹیکس آپ کو دینے

کیلئے تیار ہونگے - ابھی تک ہمارے وہی جنگلی حالات ہیں نہ وہاں دوا ملتی ہے نہ ہی مویشیوں کیلئے وہاں ہسپتال ہیں نہ کوئی راستے ہیں نہ سڑک ہے کچھ بھی نہیں ہے اور ہم آپ کے لئے شکار کا بندوبست کرتے ہیں ہم آپ کے Beaters ہیں ہم آپ کے پرندوں کا شکار کرنے کیلئے ہیں وہ ٹائم دور نہیں ہے کہ ہمارے فاضل دوست جو اس ہاؤس میں ہیں ان کی جگہ کوئی اور آجائیگا اور یہ ہمارے فاضل دوست شکار کی حیثیت سے رکھے جائیں گے زمین اپنی بیچ دیں گے اور پھر لوگ شکار کریں گے - اگر آپ کو ٹیکس لگانا ہے تو آپ سارے پاکستان پر لگائیے سارے Barrages پر لگائیے ۱۹۵۰ء سے جو Barrages بنے ہیں سب کے اوپر ٹیکس لگائیے جو Dams بنے ہیں ان Dams پر ٹیکس لگائیے - آپ نے تھل پروجیکٹ کا حوالہ دیا ہے آپ نے اپنے ووٹ میں لکھا ہے کہ ۶۰ روپے per ایکڑ کے حساب سے تھل میں لیا گیا اور ابھی تک وصول نہیں ہوا - جناب یہ تھل انگریزوں کے زمانے میں بنا تھا اور پاکستان کے بعد پایہ تکمیل کو پہنچا ہے کوئی ۱۹۵۲-۵۳ء میں نہروں میں پانی دیا وہ بالکل بنجر علاقہ تھا آباد نہیں تھا آپ نے اس کو ڈولپ کر کے بنایا تھا - آج بھی آپ نے اپنے ووٹ میں کہا ہے کہ ابھی تک وہ وصول نہیں ہوا ہے -

بیگم جہاں آرا شاہ نواز - وہ ⅔ زمین پر لیا ہے -

Minister of Revenue : What about balance.

مسٹر علی گوہر کھوڑو - وہ زمین خریدی گئی تھی اگر آپ یہ چاہتے ہیں - اس میں صوبائی ذہنیت کسی کی نہیں ہے اگر ہوتی تو ہم اتنے بیوقوف نہ بنتے - میں اس ہاؤس کے سامنے کہتا ہوں کہ یہ ذہنیت ہوتی یہ شکوک ہوتے تو ہم اندھے نہیں بنتے ہم

اتنے بیوقوف نہیں بنتے کہ آپ کے ساتھ اگر ملتے آپ کو ۳۵ کروڑ روپیہ نہ دیتے ۔ ھمنے اپنا دیوالیہ نکال لیا جب آپ کے پاس آئے تو ھماری یہ نیت نہیں تھی ۔ ھم پورے پاکستانی تھے ھم خلوص دل سے آپ کے پاس آئے اور یہ آپ سے توقع ھے کہ ھمارے ساتھ بھائی جیسا سلوک ھو اور بھائی سمجھتے ھوئے سلوک ھوگا اگر آپ نہ کریں گے تو ھمارا یہ پیدائشی حق ھے کہ اپنی آواز بلند کریں ھمارا یہ حق ھے کہ آپ کے بھرے کانوں میں آواز ٹھونسیں جو ھمارے لئے نفرت بنی ھوئی ھے وہ نکل جائے ھمیں آپ کے لئے نفرت نہیں ھے ۔ ھم آپ کو اپنا بھائی سمجھتے ھیں ۔ ھم نے سب کو جگہ دی ھے ۔ ھم نے کسی کو اپنی سر زمین سے نہیں نکالا ھے ۔ یو پی ۔ بہار ۔ مدراس ۔ بنگال کے لوگ وھاں آئے ۔ اور ھم نے انہیں اپنے گھروں میں جگہ دی ھے ۔ انہیں سر آنکھوں پر بٹھایا ھے ۔ آپ کے پنجابی اور پٹھان وھاں پر آباد ھیں ۔ کسی کے ساتھ بھی کوئی برا سلوک نہیں کیا جاتا ۔ ھم سب کے آپس میں برادرانہ تعلقات ھیں ۔ اس لئے آپ بھی برائے مہربانی ھمارے ساتھ اس ایوان میں برادرانہ سلوک کریں ۔ یہاں ھمارے تینتیس ممبر ھیں ۔ جو آپ کو ھی ووٹ دینگے ۔ آپکی Brute Majority ھے آپ پنجابیوں اور پٹھانوں کے زور سے اس بل کو پاس کر لینگے ۔ لیکن ھمیشہ کے لئے دل میں اپنے لئے شکوک پیدا کریں گے ۔ وہ ھمیشہ خدا سے دست بد دعا رھینگے ۔ کہ خدایا انکا ناس کرو ۔ خدایا ان سے بدلہ لو ۔ وہ بیچارے اور تو کچھ نہیں کر سکیں گے ۔ صرف بدعا ھی دینگے ۔ وہ اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کر سکتے ۔ ان پڑھوں کے معاملے میں آپ پر دگنی ذمہ داری عائد ھوتی ھے ۔ سمجھدار سے اچھا سلوک کرنا کوئی برائی کی بات نہیں ھے ۔ اچھائی کی بات تو تب ھے کہ

آپ کا سلوک پسماندہ اور ان پڑھ آدمی سے اچھا ہو ۔ اسکے ساتھ آپ کا سلوک برادرانہ ہو ۔

صاحب صدر ۔ وارسک ڈیم بنا تھا جہاں دو روپے ایکڑ زمین لینے کے لئے کوئی تیار نہ تھا ۔ اور اب میں کہتا ہوں ۔ کہ وہی زمین کوئی بھی شخص دس ہزار روپے فی ایکڑ پر بھی دینے کے لئے تیار نہ ہوگا ۔ میں نے خود جا کر دیکھا ہے ۔ مالاکنڈ ایجنسی میں جہاں آپ نے مالاکنڈ ہائیڈرو الیکٹرک ورکس بنایا ہے ۔ ان اراضیات کے لئے اگر آپ یہ ہائیڈرو الیکٹرک ورکس نہ بناتے تو تخت بھائی تک آپ کی کوئی زمین آباد ہی نہ ہوتی ۔ میں وہاں کی فصلیں دیکھکر حیران ہوا ہوں ۔ کہ اس علاقہ میں ایسا گنا پیدا ہوتا ہے ! اور ایسی زمین موجود ہے میں تو حیران ہی رہ گیا ۔ میں ان علاقے کے آدمیوں سے کہتا ہوں ۔ کہ اگر آپ دو ہزار روپے فی ایکڑ بھی اپنی اراضی کا لینا چاہیں ۔ تو میں لینے کے لئے تیار ہوں ۔ لیکن اسکے لئے آپ نے کونسا Betterment Tax ادا کیا ہے میں پوچھتا ہوں ۔ کہ آپ نے اسکے لئے کیا دیا ہے ۔ اگر آپ کو پیسوں کی ضرورت ہے ۔ اور اس لئے آپ زمینوں کو نیلام کر رہے ہیں ۔ تو آپ سے world market میں نیلام کریں ۔ اس طرح آپ کو زرمبادلہ حاصل ہو جائیگا ۔ یہ زمین باہر کسی کو دیدو ۔ کوئی بھی آکر اسے خرید لے ۔ اور آپ زرمبادلہ کمائیں ۔ کسی بھی حکومت کا یہ مقصد تو نہیں ہوتا ۔ کہ وہ پیسے جمع کرے پیسے کمائے ۔ یہ ہمارے دل کی آواز ہے ۔

جناب والا ۔ اسکے بعد عرض یہ ہے کہ غلام محمد بیراج کے لئے یہ پھانسی آ گئی ہے ۔ اور گدو بیراج والوں کے لئے پھانسی بن رہی ہے ۔ انکے گلے میں بھی پھانسی کا پھندا ڈالا جائیگا ۔

اس بل میں خان پیر محمد خان نے بڑے رعب کے ساتھ فرمایا ہے ۔ کہ اس میں سیلاب زدہ علاقے کے لئے provision رکھی گئی ہے ۔ میں کہتا ہوں ۔ کہ یہ ایک سیاسی رشوت ہوگی ۔ یہ آواز بند کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ کہ رشوت دیکر چند آدمیوں کا منہ بند کر دیا جائے ۔ یہ کلاز اس لئے رکھی گئی ہے ۔ کہ بنجر زمینوں کو آباد بنائینگے ۔ اور انہیں ان کو سیلاب زدہ قرار دینے کا اختیار ہوگا ۔ اور اس طرح اگر وہ چاہیں ۔ تو آباد زمین کو بھی سیلاب زدہ قرار دیدینگے ۔ اس سے کسی صحیح آدمی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا ۔ جو ان کی ہاں میں ہاں ملائینگے ۔ جو انکے ساتھ ووٹ کریں گے ۔ انہیں وہ دو سو ایکڑ کی قید سے مستثنیٰ کریں گے ۔ اور انکی زمین کو سیلاب زدہ کہہ دیں گے ۔ (قطع کلامیاں) یہاں میرے بھائی کا کوئی سوال نہیں ہے ۔ اگر وہ بھی یہاں پر ہوتے تو میں ان کو بھی کہتا ۔ میں کسی سے ڈرنے والا نہیں ہوں ۔ میں صرف خدا سے ڈرتا ہوں ۔ میں اپنے بھائی کو بھی کہتا ہوں کہ ون یونٹ بنانے کا انکا غلط قدم تھا ۔ میں اس کے حق میں نہیں ہوں ۔ کہ اس کو defend کروں ۔ آپ ان سے پوچھیں کہ ون یونٹ بنانا صحیح تھا ۔ یا غلط تھا ۔

Mr. Speaker: The member may please discuss the provisions of the bill.

مسٹر علی گوہر کھوڑو ۔ میں کہتا ہوں کہ ہم کسی کو چھوڑنے والے نہیں ہیں ۔ ہمارے ہاتھ رنگے ہوئے نہیں ہیں ۔ ہمارے ہاتھ کالے نہیں ہیں ۔ ہم کالے ہاتھوں کے ساتھ ایوان میں نہیں آئے ہیں ۔

وزیر مال ۔ یہ رنگین ہاتھ میں بتاؤں گا ۔

خان اجون خان جدون - جناب سپیکر - زروبی کالا باٹ روڈ کا کام نومبر ۱۹۶۱ء میں شروع ہوا تھا اس وقت یہ اسمبلی موجود نہیں تھی - یہ سوال چھ دفعہ آ چکا ہے لیکن میں حیران ہوں کہ ابھی تک اس سلسلہ میں کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا - کوئی روڈ رولر مہیا نہیں کیا گیا - شنگل پر تو کوئی موٹر یا سٹیشن ویگن نہیں جا سکتی -

آپ اندازہ کر لیں کہ نومبر ۱۹۶۱ء سے ابتک کوئی روڈ رولر provide نہیں کیا گیا -

وزیر بنیادی جمہوریت (مسٹر عبدالغفار خان ہاشا) - جہاں تک ٹریفک کا تعلق ہے - اگر سڑک metalled نہ ہو اور صرف شنگل ہو تو موٹر وغیرہ جا سکتے ہیں -

اس وقت ہمارے پاس روڈ رولر نہیں ہے - ہم نے پی اینڈ آر سے مانگا ہے اور اس کے لئے میں نے اپنے دوست جنیجو صاحب سے کہا ہے — کہ وہ جلد از جلد ہمیں ایک روڈ رولر دے دیں تاکہ آپکا کام مکمل کر دیا جائے -

خان اجون خان جدون - یہ غلط ہے کہ وہاں ٹریفک جا سکتی ہے میں خود جیپ پر گیا ہوں - میرے ٹائر ضائع ہو گئے -

وزیر بنیادی جمہوریت - آپ کے ٹائر پرانے ہونگے -

مسٹر عبد الرازق خان - کیا میں وزیر بنیادی جمہوریت کی خدمت میں عرض کروں کہ ڈسٹرکٹ کونسل مردان کے پاس رولر نہ ہونے کی وجہ سے انکی جتنی سکیمیں ہیں ان پر کام نہیں ہو رہا ہے - تو کیا آپ انکو یہ ہدایت کریں گے کہ وہ اپنے فنڈز میں سے خریدیں اور اگر انکے پاس پراویژن نہیں ہے تو آپ مہربانی کر کے انکو رولر خرید دیں گے -

وزیر بنیادی جمہوریت - ہم اپنے فنڈز سے مشینری خریدنا چاہتے ہیں اسمیں رولر بھی ہیں -

---

METALLING OF PAHARIANWALI-JOKALIAN ROAD

***6038. Chaudhri Sai Muhammad** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please refer to answers to my starred questions Nos. 672 and 3177 given on the floor of the House on 5th December 1962 and 2nd July 1963, respectively and state the date on which the additional Chief Engineer Central, Region, Lahore gave technical approval of scheme for metalling Paharianwali-Jokalian Road and whether the work of metalling the said road has been started so far ; if no, reasons thereof and the date by which the said work will be started ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : The attention of the member is invited to the reply already given to Starred Assembly Question 4786, on the floor of the House on 2nd December 1963 in which the position has been explained in detail. The reply to that question is attached. It is added that the investigation by the Anti-Corruption Department would be completed in about three week's time and that it would be possible for the District Council there after to proceed with the construction of this road.

چودھری سعی محمد - کیا میں سیکرٹری صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ میرے سوال کا نمبر جو ۲ دسمبر کو دیا گیا تھا ۶۷۲ اور ۳۱۷۷ ہے - اور جواب پڑھ رہے ہیں وہ ۴۷۸۶ نمبر کا سوال ہے تو کیا یہ پرنٹ کی غلطی ہے یا آپ نے پڑھا ہی نہیں ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت (مسٹر عبدالغفار خان پاشا)- میرے پاس تو آپکا ۴۷۸۶ ہے - میں آن Questions کا جواب معلوم کر کے اگلی Turn پر دونگا -

چودھری سعی محمد - میں سیکرٹری صاحب سے پوچھ رہا ہوں کہ وہ معلوم کر کے ضرور بتائیں گے کہ میرا جو سوال ہے اسمیں صاف طور پر لکھا ہوا ہے کہ ۶۷۲ او ۳۱۷۷ - - - -

مسٹر سپیکر - چودھری صاحب - انہوں نے فرمایا ہے کہ اس سوال کو دریافت کرکے پھر جواب دونگا -

چودھری سعی محمد - میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ سیکرٹری صاحب پہلے معلوم نہیں کرتے بلکہ جو کچھ مل جاتا ہے وہ پڑھکر سنا دیتے ہیں تو اسطرح Questions پورے کیسے ہوں -

---

ENCLOSURE TO QUESTION NO. 6038

METALLING OF PAHRIANWALI-JOKALIAN ROAD

*4786. **Chaudhri Sai Muhammad** : *Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please refer to answer to my starred question No. 3277 given on the floor of the House on 2nd July, 1963 and state :—*

(a) whether the work on the metalling of Paharianwali Jokalian Road has been started;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the date on which the technical sanction for the estimates was received along with the date which the tenders were invited and accepted ;

(c) if answer to (a) above be in the negative, reasons therefor, and the approximate date by which tenders will be invited and the work taken in hand?

ANSWER

(a) Brick soling on this road had been completed as far back as 1955-56 on the sanction of the original estimates amounting to or little over 1 lac.

(b & c) The District Council moved Government for according revised administrative approval for the completion of this road (6½) miles in length at an estimated cost of Rs. 2,63,200, and it was accorded on 25th July, 1963. The District Council fixed 4th November, 1963 for inviting tenders for this work. However, in October, 1963, Anti-Corruption Department on receipt of a complaint regarding the alleged shortage of material, which had already been collected at the spot in pursuance of the original sanction took all the relevant record of the District Council pertaining to this work in custody. Further action for the completion of this road will be taken when the Anti-Corruption Department has concluded its enquiry and returned the relevant record to the District Council.

NAMES OF SCHEMES PERTAINING TO MAILSI AND LODHRAN TEHSILS OF MULTAN DISTRICT INCLUDED IN THE RURAL DEVELOPMENT PROGRAMME FOR 1962-63

***6064. Mr. Atta Hussain Khan Khakwani** : Will the Minister of Basic Democracies be pleased to state :—

(*a*) the names of schemes pertaining to Mailsi and Lodhran Tehsils of Multan District included in the Rural Development Programme, for the fiscal year 1962-63 and the amount allocated for implementation of each of them ;

(*b*) the names of the schemes, out of those mentioned in (*a*) above, which have so far been completed and of those which are still under implementation ;

(*c*) the names of such schemes included in the Rural Development Programme for the year 1963-64 along with the amount allocated for each scheme ;

(*d*) the names of schemes out of those mentioned in (*c*) above which have been completed so far and of those which are still under implementation :

(*e*) in case no scheme has been included in the above said Programme for 1963-64, reasons therefor ;

(*f*) the amount intended to be provided in the budget for 1964-65 for further development of the above-mentioned tehsils ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) (*a*) No schemes under Rural Works Programme were drawn up in the financial year 1962-63 for any tehsil in Multan District as no fund had been provided.

(*b*) Does not arise.

(*c*) The following schemes in the two tehsils have been sanctioned for the year 1963-64 under the Rural Works Programme at estimated costs shown against each :—

TEHSIL MAILSI

		Rs.
1.	Construction of Rural Dispensary, Murad Pur	... 20,000
2.	Construction of Rural Dispensary, Garh Mor	... 20,000
3.	Construction of High School, Tibba Sultanpur	... 20,000
4.	Construction of new building of M.D.C. High School, Mailsi	... 90,000

TEHSIL LODHRAN

5.	Construction of patients ward in Jhandirwah Dispensary	... 15,000
6.	Completion of remaining work of Child Welfare Centre at Jhandirwah	... 8,000
7.	Construction of Mortuary at Lodhran	... 10,000
8.	Construction of Primary School at Chak No. 365/WB	... 25,000
9.	Construction of three rooms in Middle School, Gogran	... 15,000
10.	Construction of Tehsil Council Hall, Lodhran	... 50,000
11.	Construction of rooms in School at Chak 342/EB	... 17,000

(*d*) The schemes at serial Nos. 3, 5, 6, and 7 have been practically completed and the remaining schemes are still under execution.

(*e*) Does not arise.

(*f*) No firm commitment can be made at this stage as this would depend on the amount which is allocated under Rural Works Programme to Multan District in the year 1964-65.

CONSTRUCTION OF AN UNMETALLED ROAD FROM VILLAGE FATEHPUR TO RAILWAY STATION ASHRAF SHAH

***6071. Mr. Atta Hussain Khan Khakwani** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the residents of village Habba in District Multan moved the District Council, Multan that an unmetalled road be construct from village Fatehpur to Railway Station Ashraf Shah;

(*b*) whether it is a fact that 3 Karam wide road between the said places is provided in settlement records but the area on which the said road is to be constructed has not so far been transferred to the District Council;

(*c*) whether it is a fact that in order to widen the said road by 2 Karams the people of the area requested for the acquisition of the adjoining area;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative whether Government intend to make arrangements for the construction and the widening of the said road ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) No.

(*d*) So far the land over which three karam wide road is to be built has not been formally transferred to the District Council. The District Council passed a resolution on the 15th October, 1963 that steps be taken to get the land in Question mutated in its favour. Action to construct three karam wide road would be taken by the District Council soon after the land has been formally transferred to it.

RAISING OF THE STANDARD OF GOVERNMENT MIDDLE SCHOOL, KOTLI NAJABAT TO THAT OF A HIGH SCHOOL

*6074. **Mr. Atta Hussain Khan Khakwani** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Union Council No. 9, District Multan, passed a resolution recommending to Government to raise the standard of Government Middle School, Kotli Najabat, to that of a High School;

(*b*) whether it is a fact that the Tehsil Council concerned also recommended to the Government to upgrade the said School ;

(*c*) whether it is also a fact that the District Council, Multan at its meeting held on 14th January 1963, passed a resolution asking the Government to accede to the request made by the abovesaid Union Council;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative whether Government intend to upgrade the above said School ; if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان ملنگ خان)

(الف) جی ھاں ۔

(ب) جی ھاں ۔

(ج) جی ھاں ۔

(د) محدود وسائل کی وجہ سے آئندہ سال اس سکول کا درجہ بڑھانا ممکن نہ ھوگا ۔ لیکن اس پر تیسرے منصوبہ میں غور کیا جائے گا ۔

UPGRADING OF PRIMARY SCHOOL AT CHAK NO. 136/10-R TO A MIDDLE SCHOOL

*6075. **Mr. Atta Hussain Khan Khakwani** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Union Council, Thatta Badhian, No. 145, recommended to the Government that the Primary School at Chak No. 136/10-R be upgraded to a Middle School ;

(*b*) whether it is a fact that this Tehsil Council, Khanewal also recommended the above-mentioned proposal to the Government ;

(*c*) whether it is a fact that the District Inspector of Schools Multan, at a meeting of the District Council, Multan held on 14th January 1963 held out an assurance to the effect that the aforementioned School would be upgraded during 1964 ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to upgrade the said School; if not, reasons thereof ?

Parliamentary Secretary (Khan Malang Khan) : (*a*) No, the Union Council, Thatta Pawlian (Not Badhian) did not recommend the upgradation of the Primary School Chak No. 136/10-R. Instead, it recommended the opening of technical classes (industrial Arts Courses) at the school.

(*b*) No, the Tehsil Council, Khanewal did not recommend the upgradation of the Primary School Chak No. 136/10-R. Instead, it recommend the proposal as in (*a*) above.

(*c*) No, the District Inspector of Schools, Multan informed the District Council, Multan that the technical classes (Industrial Art Courses) could be recommended for the existing middle schools and since the school at Chak No. 136/10-R is only a primary school, the technical classes (Industrial Art courses) could not be started there. However, he recommended the upgradation of the school in the Annual Development Programme for 1964-65.

(*d*) The recommendations for the schools to be upgraded during the year 1964-65 are under consideration, and the claim of the school will be considered on merit.

TOTAL AMOUNT SPENT BY TOWN COMMITTEE, FORT ABBAS ON THE PURCHASE OF MEDICINES

*6101. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state: —

(*a*) the total amount spent by the Town Committee Fort Abbas on the purchase of medicines along with the names of the medicines purchased and their dates of purchase and consumption ;

(*b*) the procedure adopted by the said Town Committee for the distribution of medicines ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) The total amount spent by the Town Committee Fort Abbas during the year 1962-63 on the purchase of medicines is Rs. 2,675·25 and the dates of their purchase and consumption are as under :—

Serial No.	Name of Medicine	Date on which the medicine was purchased	Date on which the medicine was consumed
1	Gum oxine	... 9th January 1963	... 9th January 1963.
		16th February 1963	... 18th February 1963.
		10th April 1963	... 22nd February 1963.
			24th February 1963.
			26th February 1963.
			15th February 1963.
			20th April 1963.
			30th September 1963.
			31st October 1963.
			7th November 1963.
			8th November 1963.
			10th November 1963.
			15th November 1963.
			16th November 1963.
			17th November 1963.
			25th November 1963.
			26th November 1963.
			27th November 1963.
			12th December 1963.
			20th December 1963.
2	Phenyl	.. 24th April 1963	... 27th April 1963.
			28th April 1963.
			29th April 1963.
			10th May 1963.
			3rd October 1963.
			15th October 1963.
			30th October 1963.
			20th October 1963.
			7th November 1963.
			30th November 1963.
			20th December 1963.
			16th January 1964.
			30th January 1964.
			12th February 1963.
			23rd February 1964.

Serial No.	Name of Medicine	Date on which the medicine was purchased	Date on which the medicine was consumed
3	Diazone	... 9th January 1963	... 9th January 1963.
		... 16th February 1963	10th January 1963
			14th January 1963.
			7th June 1963.
			15th June 1963.
			23rd June 1963.
			30th June 1963.
			30th September 1963.
			1st October 1963.
			27th October 1963.
			15th October 1963.
			25th October 1963.
4	Lime	... 16th February 1963	... 15th October 1963.
			20th November 1963.
			4th December 1963.
			12th January 1964
			26th February 1964
			8th March 1964.
5	Potassium	... 28th May 1960	... 29th May 1962
	Permanganate	... 16th February 1963	... 17th August 1962.
			11th January 1963.
			18th February 1963.
			9th October 1963.
			9th October 1963.
			9th October 1963.
6	Paludrine	... 16th February 1963	... 6th March 1963.
			7th July 1963.
			8th August 1963.
			7th September 1963.
			9th September 1963.
7	Camaquin	... 16th February 1963	... 18th February 1963.
			8th March 1963.
			8th August 1963.
			28th August 1963.
			7th September 1963
			9th September 1963.

(*d*) The medicines after purchase are entered in the stock register. On demand or when the necessity arises, these are distributed for use in the Town through Health and Sanitation Centres and corresponding entry is made in the stock register.

چودھری محمد علی - جناب عالی - میں یہ دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ یہ دوائیں خاص کر آئٹم نمبر ۳ ، ۶ اور ۷ کیوں خریدی جاتی ھیں جبکہ یہ ذمہ داری ھسپتالوں کی ھے -

وزیر بنیادی جمہوریت (مسٹر عبدالغفار خاں پاشا) - جناب چودھری صاحب کا سوال ھے انہیں نے دواؤں کی Quantity پوچھی ھے دواؤں کے نام پوچھے ھیں اتنی انفارمیشن پوچھی ھے کہ ڈاکٹر بھی نہیں بتا سکتا - یہ Requisition ھیلتھ سنٹر سے آتی ھیں وہ دوائیں ڈاکٹروں کو بانٹتے ھیں اور وھی تقسیم کرتے ھیں ھم کیسے بتائیں کہ کونسی دوا کس بیماری کے لئے ھے -

چودھری محمد علی - وہ ٹاؤن کمیٹی جو ھے اس میں کوئی ڈاکٹر ھے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - ڈاکٹر ضرور ھو گا یہ Fresh question ھے ھم نے پوچھا نہیں ھے ڈاکٹر کے بغیر دواؤں کا نسخہ کیسے لکھا جائے گا -

---

NUMBER OF UNION COUNCILS AND TOWN COMMITTEES IN FORT ABBAS TEHSIL

*6131. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the number of Union Councils and Town Committees in Fort Abbas Tehsil ;

(*b*) the amount of taxes collected by the aforesaid Councils and Committees during 1961-62 and 1962-63 ;

(*c*) the amount of taxes collected by the said Councils and Committees till 31st December, 1963 during the current fiscal year alongwith the expenditure incurred by them on the development schemes during 1962 ;

(*d*) the cadre-wise expenditure incurred on pay including allowances, Travelling Allowance, etc., of the Officers and the staff of the Basic Democracies Department in Bahawalnagar from July 1962 to July 1963 ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) - (الف) تحصیل فورٹ عباس میں ۲۲ یونین کونسلیں اور ایک ٹاؤن کمیٹی ہے -

(ب) ۱۹۶۱ - ۱۹۶۲ اور ۱۹۶۲ - ۱۹۶۳ کے دوران میں مذکورہ بالا یونین کونسلوں اور ٹاؤن کمیٹیوں کی جانب سے وصول کردہ ٹیکسوں کی رقوم حسب ذیل ہیں :-

(۱) ۱۹۶۱ - ۱۹۶۲ ۳۱۳۴۴۸٫۳۱ روپے

(۲) ۱۹۶۲ - ۱۹۶۳ ۳۴۶۶۳۵٫۲۴ روپے

(ج) (۱) مذکورہ بالا یونین کونسلوں اور ٹاؤن کمیٹیوں کی جانب سے مالی سال رواں دسمبر ۱۹۶۳ء تک جمع کردہ محصولات کی رقم ۱۹۵۴۱۰٫۸۲ روپے تھی -

(۲) ۱۹۶۲ء کے دوران میں ترقیاتی سکیموں پر خرچ کردہ رقم ۶۸۹۷۲٫۰۰ روپے ہے -

(د) (۱) ضلع بہاولنگر میں جولائی ۱۹۶۲ سے جولائی ۱۹۶۳ تک بنیادی جمہوریتوں کے افسران کی تنخواہوں بشمول سفر خرچ وغیرہ پر صرف کردہ رقم ۱۹۹۷۵٫۰۰ روپے

(۲) ضلع بہاول نگر میں جولائی ۱۹۶۲ سے جولائی ۱۹۶۳ تک بنیادی جمہوریتوں کے عملے کی تنخواہوں بشمول سفر خرچ وغیرہ پر صرف کردہ رقم ۳۳۴۱۴٫۶۹ روپے -

---

OFFICIAL AND NON OFFICIAL MEMBERS OF DISTRICT PRIMARY EDUCATION COMMITTEE, BAHAWALNAGAR

***6159. Chaudhri Muhammad Ali :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the number of official and non-official members of District Primary Education Committee, Bahawalnagar ;

(*b*) names of the members of above mentioned Committee who are M. P. A. as well;

(*c*) whether any criterion has been fixed by the Government for making nominations to the said Committee, if so, its nature;

(*d*) the academic qualifications of non-officials members of the said Committee?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان ملنگ خان) ۔ (الف) اس وقت ڈسٹرکٹ پرائمری ایجوکیشن کمیٹی بہاول نگر ۳ سرکاری اور ۳ غیر سرکاری ممبروں پر مشتمل ہے ۔ حال ہی میں پاس شدہ ڈسٹرکٹ پرائمری ایجوکیشن (ترمیم) بل ۱۹۶۳ء کے تحت جلد ہی دو اور غیر سرکاری ممبروں کا اضافہ ہو جائے گا ۔

(ب) کمیٹی کا کوئی رکن ممبر صوبائی اسمبلی نہیں ہے ۔

(ج) مغربی پاکستان پرائمری ایجوکیشن آرڈی نینس ۱۹۶۲ء کی رو سے تین نام زدہ ممبروں میں سے دو ضلع کی مقامی کونسلوں کے منتخب شدہ ممبروں میں سے لئے جاتے ہیں ۔ لیکن حال ہی میں پاس شدہ ترمیم کے مطابق پانچ نامزدہ ممبروں کے لئے کوئی معیار لیاقت مقرر نہیں ہے ۔

(د) موجودہ غیر سرکاری ممبروں کی تعلیمی قابلیت حسب ذیل ہے ۔

(۱) رانا محمد خان ۔ بی اے ۔ ایل ایل بی ۔

(۲) مسٹر عبدالعزیز غزنوی ایف اے تک تعلیم حاصل کی ہے ۔

(۳) مسٹر فیض‌الحسن عربی ، اردو اور فارسی کے عالم ۔

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی ۔ جناب والا۔ فاضل وزیر تعلیم صاحب ہمارے اس معاملے پر غور کر لیں کہ یہ Question میرا خیال ہے چوتھی بار ہو رہا ہے ۔ اگر اس معزز ایوان کے معزز اراکین کو اس کمیٹی میں لینے میں کوئی رکاوٹ ہو سکتی ہے تو وہ کیوں نہیں کہہ دیتے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ فاضل ممبر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اس سے تو یہ جھلکتا ہے کہ جیسے حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم M.P.As. صاحبان کو نہیں لیں گے یہ غلط فہمی ہے حقیقت یہ ہے کہ پروسیجر یہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر وغیرہ ہی نام تجویز کرتے ہیں ہمیں ان ساری باتوں کو مدنظر رکھنا ہے ۔

CHRISTIAN MISSION SCHOOLS AND COLLEGES IN WEST PAKISTAN

*6160. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the number of Christian Mission Schools and Colleges at present in West Pakistan;

(*b*) the number of students enrolled in the said Schools and Colleges;

(*c*) details of grants in aid and other amenities provided by Government to the said Schools and Colleges ;

(*d*) whether any lands have been provided by Government to the said Schools and Colleges ; if so, the details thereof ;

(*e*) whether the said Schools and Colleges have purchased any lands from Government if so, details of such lands and the sale-proceeds thereof;

(*f*) number of Muslim religious Schools in the Province which are given grants in aid and have been provided with any other amenities ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس کا جواب ابھی تیار نہیں ہوا ۔ اطلاعات جمع کی جا رہی ہیں ان کے مہیا ہونے پر جواب دے دیا جائے گا ۔

OPENING OF AN INTERMEDIATE COLLEGE AT HAROON ABAD

*6190. **Chaudhri Muhammad Ali** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no Intermediate College in Tehsil Fort Abbas, District Bahawalnagar ;

(*b*) whether it is a fact that the said Tehsil is thickly populated and the students belonging to this area have to go to Bahawalnagar and Bahawalpur to seek admission in colleges there, but due to great number of students there they cannot get admission in the said colleges ;

(*c*) whether it is also a fact that the poor zamindars of the said area have to bear heavy expenses on the education of their children in the colleges of Bahawalnagar or Bahawalpur ;

(*d*) whether it is a fact that the people of Fort Abbas Tehsil have been demanding, since long, the opening of an Intermediate College at Haroon abad, which is an important commercial centre and Sub-Tehsil Headquarters and has a population of about forty thousand ;

(*e*) if answers to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to open an Intermediate College at Haroon abad ; if so, the date by which the said college will be opened ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان ملنگ خان) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) تحصیل فورٹ عباس کی آبادی دو لاکھ اٹھاون ہزار پانچ سو بانوے ہے ۔

(ج) جی ہاں ۔ لیکن یہ بات تو ہر دیہاتی علاقے کے متعلق کہی جا سکتی ہے ۔ اس تحصیل کو اس سلسلے میں امتیازی حیثیت نہیں دی جا سکتی ۔

(د) جی ہاں ۔

(لا) ہارون آباد میں کالج کھولنے کی تجویز پر دیگر ایسی تجاویز کے ساتھ تیسرے پانچ سالہ منصوبے کے دوران ہی بہ نظر استحقاق غور کیا جائے گا ۔

ACCUMULATION OF RAIN-WATER IN VILLAGE ZAIDA, TEHSIL SWABI

***6222. Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Basic Democracies be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a large quantity of rain-water remains blocked and stegnates during the whole of the year in village Zaida of Tehsil Swabi due to improper drainage arrangements ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to make some permanent arrangements in the said village for the drainage of rain-water, if so, the steps intends to be taken in this behalf ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) یہ ضلع کونسل مردان اور متعلقہ یونین کونسل کی ذمہ داری ہے کہ وہ اخراج آب کے ضروری انتظامات مہیا کریں ۔ ابھی ایسی کوئی سکیم ضلع کونسل یا یونین کونسل کے زیر غور نہیں ہے ۔ ضلع کونسل کو ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ متعلقہ یونین کونسل کو بارش کے پانی کے اخراج سے متعلق سکیم تیار کرنے میں مشورہ دے ۔

خان اجون خان جدون ۔ چونکہ یونین کونسل کو amount کم الاٹ ہوئی ہے ۔ آپ کو علم ہے ۔ کہ یہ کام بڑا ہے ۔ کیونکہ سارے گاؤں میں بہت پانی جمع ہے ۔ اور اس پر چالیس پچاس ہزار روپیہ خرچ ہوگا ۔ اس لئے یونین کونسل تو اس کو نہیں کر سکتی ۔ کیا آپ P.W.D. اتھارٹیز کو اس کے لئے کہیں گے ۔ یا کوئی زیادہ allocation اس کے لئے کریں گے ۔ کہ یہ کام ہو جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (مسٹر عبدالغفار خان پاشا) - اگر تحصیل کی حالت واقعی اتنی ہی خراب ہو جتنی کہ بتائی گئی ہے - تو میں اس کی تحقیقات کروں گا - کہ آیا ان کے پاس فنڈز موجود ہیں کہ وہ اس سکیم کو take up کریں -

---

IMPLEMENTATION OF INSTRUCTION REGARDING CONSULTATION WITH LOCAL M. P. As.

*6331. **Sardar Inayat-ur-Rehman Khan Abbasi :** Will the Minister of Basic Democracies please refer to the answer of my question No. 1748, dated 11th March 1963 and lay a statement showing the following details on the Table of the House :—

(*i*) names of the Deputy Commissioners and Commissioners who invited the M. P. As. and M. N. As. concerned to attend the meetings held in their respective Districts or Divisions ;

(*ii*) names of the places along with dates on which such meetings were held in case no M. P. As. or M. N. As. was invited to attend such meetings, the reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) - معزز رکن کی توجہ ان کےنشان زدہ اسمبلی سوال نمبر ۶۳۵۰ کے جواب کی جانب مبذول کرائی جاتی ہے جو مورخہ ۱۹ مارچ ۱۹۶۴ء کو دیا گیا تھا -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - میرا سوال یہ تھا کہ ایسے ڈپٹی کمشنروں اور کمشنروں کے نام جنہوں نے اراکین صوبائی اسمبلی اور قومی اسمبلی کو اپنے اپنے اضلاع اور ڈویژنوں میں منعقد ہونے والے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی تھی - یعنی ان کی فہرست مانگی تھی - اور پارٹ (بی) میں ان کی فہرست مانگی تھی - جنہوں نے نہیں بلایا - اور جواباً جو فہرست انہوں نے مجھے دی ہے - اس میں ہر ایک ڈویژنل کونسل اور ڈسٹرکٹ کونسل کے اجلاس کی تاریخ دی ہوئی ہے - میں وزیر صاحب برائے بنیادی جمہوریت سے درخواست کرونگا -

کہ اس چٹھی کا منشاء یہ ہے ۔ سال میں ایک مرتبہ کمشنر اور سال میں دو مرتبہ ڈپٹی کمشنر قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے ممبران کو طلب کرکے ان کو ترقیاتی پروگرام کے متعلق Brief کریں ۔ کیا ایسا کوئی اجلاس بلایا گیا ہے ۔ اگر نہیں بلایا گیا تو کیوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (مسٹر عبدالغفار خان ہاشا) ۔ جہاں تک میرے محکمے کا تعلق ہے اس کے متعلق ہم نے واضح ہدایات جاری کی ہیں ۔ کہ ہمارے معزز اراکین اسمبلی کو ہر ترقیاتی منصوبے کے لئے بلایا جائے ۔ اور اس کے متعلق باقاعدہ D. O. کی شکل میں چٹھی بھیجی گئی ہے ۔ جو کہ فائل میں موجود ہے ۔ تو اگر انہوں نے ایسا نہیں کیا ہے ۔ تو میں ان سے دریافت کروں گا ۔ کہ کیوں انہوں نے ابھی تک ہمارے معزز اراکین اسمبلی کو ترقیاتی منصوبوں کے متعلق associate نہیں کیا ۔ اور ہم آئندہ یہ کوشش کریں گے کہ جتنے بھی ترقیاتی منصوبے ہوں ۔ ان میں قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے ممبران کو اپنے ساتھ associate کریں ۔

سردار عنایت‌الرحمن خان عباسی ۔ جناب والا ۔ میں آپکو وہ حصہ پڑھ کر سناتا ہوں ۔ جو چٹھی صدر صاحب نے بھیجی ہے ۔ وہ یہ ہے کہ

. . . That the Commissioner of the Division should brief the Members.

مسٹر سپیکر ۔ عباسی صاحب ۔ غالباً آپکا مطلب یہ ہے کہ یہ صرف ترقیاتی منصوبوں کے متعلق نہیں ہے ۔ بلکہ ان کو باقاعدہ ہدایات ہیں کہ ان کو Brief کیا جائے ۔

. . . so far as the development schemes in the district are concerned.

Sardar Inayat-ur-Rehman Khan Abbasi : Yes Sir, they should brief us.

Mr. Speaker : In the light of this letter.

سردار عنایت الرحمن خان عباسی - میں جناب وزیر صاحب سے یہ گذارش کروں گا - کہ وہ اس سوال کا جواب مجھے اگلی بار پر دے دیں - کہ ۱۹۶۲ء سے آج تک کس کس کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے Brief کیا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - مجھے دوسرا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے - میں اتنا عرض کر دوں - کہ جنہوں نے ابھی تک نہیں کیا ہے - میں ان سے کہوں گا کہ وہ آپکو باقاعدہ Brief کریں -

---

AMOUNT ALLOCATED FOR DEVELOPMENT PROGRAMME IN SECOND FIVE-YEAR PLAN (1960-65)

*6349. **Master Khan Gul** : Will the Minister of Basic Democracies be pleased to state :—

(*a*) the amount proposed to be allocated to each region of the province for development programme in the Second Five-Year Plan (1960-65);

(*b*) details of the amount actually allocated and spent so far in each region, respectively;

(*c*) schemes under the consideration of the Government on which the rest of the amount will be spent in each region ?

Parliamentary Secretary (Mian Mehraj-ud-Din) : (*a*) and (*b*) in order to work out the real allocation to a particular Region or area of the Province, it is necessary to carry out a complete economic analysis of the Annual Development Budgets for the years concerned. This analysis would include apportionment of outlays and benefits in respect of the schemes which are being implemented on Provincial Basis. This exercise will be a clossal task needing employment of a large economic staff, and the end product will not be commensurate which the effort involved. It is, therefore, regretted that the information cannot be supplied.

(*c*) in view of (*a*) and (*b*) above, question does not arise ?

مسٹر عبدالرازق خان - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مہربانی کر کے اس سوال کو Planning and Development کو transfer کر دیں گے - اور آپ از راہ کرم مجھے یہ بتائیں گے - کہ وہ مجھے اس کا جواب دیں گے -

Planning and Development وزیر بنیادی جمہوریت - یہ سوال ھی کا ھے ۔

Mr. Speaker : Has this question been transferred to that department ?

Minister of Basic Democracies (Mr. Abdul Ghaffar Khan Pasha): Yes Sir.

OPENING OF MORE INTERMEDIATE COLLEGES IN DISTRICT MARDAN

*6398. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the number of Government High Schools along with their locations in Tehsil Swabi and Tehsil Mardan, separately ;

(*b*) the number of students studying in 10th class during the academic year 1963-64 in each of the said Schools ;

(*c*) the number and location of Intermediate and Degree Colleges in Tehsil Swabi and Tehsil Mardan separately;

(*d*) the number of students admitted to the 11th class in each of the said College during the academic year 1963-64;

(*e*) whether Government intend to open more Intermediate Colleges in District Mardan; if so; the date on which the said Colleges will be opened along with their location ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان ملنگ خان) - (الف) تحصیل مردان میں دس ھائی سکول ھیں اور تحصیل صوابی میں سات -

(ب) ان کے نام جائے وقوع اور تعلیمی سال ۱۹۶۳ - ۱۹۶۴ کے دوران دسویں جماعت میں داخل شدہ طلبا کی تعداد درج ذیل ھے :-

۱- گورنمنٹ ھائی سکول نمبر ۱ مردان	۱۰۸
۲- گورنمنٹ ھائی سکول نمبر ۲ مردان	۱۴۳
۳- گورنمنٹ ھائی سکول نمبر ۳ مردان	۱۲۶

۴- گورنمنٹ ہائی سکول ٹکر ۱۲۹

۵- گورنمنٹ پائلٹ ہائی سکول کتلانگ ۸۴

۶- گورنمنٹ ہائی سکول گڑھی کپورا ۱۰۵

۷- گورنمنٹ ہائی سکول رستم ۵۰

۸- گورنمنٹ ہائی سکول لونڈ خور ۶۹

۹- گورنمنٹ ہائی سکول گجرات ۵۰

۱۰- گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مردان ۷۰

صوابی تحصیل

۱- گورنمنٹ ہائی سکول ٹوپی ۵۴

۲- گورنمنٹ ہائی سکول یارحسین ۱۰۵

۳- گورنمنٹ ہائی سکول زیدہ ۷۷

۴- گورنمنٹ ہائی سکول صوابی ۹۸

۵- گورنمنٹ ہائی سکول تور و ھیر ۷۷

۶ -گورنمنٹ ہائی سکول اوان کلی ۱۶۲

۷- گورنمنٹ ہائی سکول مرغوز ۷۱

(ج ، د) ضلع مردان میں تین کالج ھیں - تحصیل مردان میں دو اور تحصیل صوابی میں ایک - ان کی جائے وقوع اور تعلیمی سال ۱۹۶۳ - ۱۹۶۴ء کے دوران گیارھویں جماعت کے داخل شدہ طلباء کی تعداد درج ذیل ھے :-

مردان تحصیل

۱- گورنمنٹ کالج برائے طلبا مردان ۲۹۵

۲- گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج برائے طالبات مردان ۱۹

۳- گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج برائے طلبا صوابی ۶۳

(ہ) گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج برائے طالبات مردان سال ۱۹۶۳ - ۱۹۶۴ کے دوران جاری کیا گیا ہے ۔ دوسرے پانچ سالہ منصوبے میں چونکہ انٹرمیڈیٹ اور ڈگری کالجوں کے لئے محدود گنجائش رکھی گئی تھی ۔ لہذا ضلع مردان میں مزید کالج کھولنے کے سوال پر تیسرے پانچ سالہ منصوبے کے دوران ہی بہ نظر استحقاق غور کیا جا سکتا ہے ۔

CONSTRUCTION OF BOAT-BRIDGE ON RIVER SUTLEJ AT BILADPUR DISTRICT MULTAN

*6416. **Syed Diwan Ghulam Abbas Bukhari** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please refer to the answer to my starred question No. 2533 given by Minister of Communications and Works in the House on 2nd April 1963 and state whether there is any scheme with the District Council, Multan for the construction of a Boat-Bridge on river Sutlej at Biladpur on the southern side of Jalalpur Pirwala, District Multan; if so, the time by which the said bridge will be constructed; if not, reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین)۔ دریائے ستلج بمقام بلاد پور پر کوئی ایسی کشتیوں کا پل بنانے کی سکیم ضلع کونسل ملتان نے منظور نہیں کی اور نہ ہی اس کام کو شروع کرنے کی سفارش کی ہے ۔

RECONSTRUCTION AND WIDENING OF THE BRIDGES ON THE ROAD RUNNING BETWEEN SHUJABAD AND LODHRAN VIA JALALPUR-PIRWALA DISTRICT MULTAN

*6417. **Syed Diwan Ghulam Abbas Bukhari** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please refer to the answer to my starred question No. 2535 given in the House on 5th April 1963 and state :—

(*a*) whether the plans and estimates relating to the reconstruction and widening of the bridges on the road running between Shujabad and Lodhran via Jalalpur Pirwala have since been finalised by Buildings and Roads Department ; if so, the time by which the re-construction and widening of the said bridges will be taken in hand ;

(*b*) in case the above-said plans and estimates have not so far, been finalised by the said Department, reasons therefor and the steps Government intend to take to expedite the matter ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) ۔

(الف) اب تک محکمہ مواصلات وتعمیرات کی جانب سے ان پلوں کے سروے اور تحقیقات سے متعلق ایک تخمینہ موصول ہوا ہے اور انتظامی منظوری حاصل کرنے کی غرض سے ڈسٹرکٹ کونسل ملتان کے آئندہ اجلاس میں اسے پیش کیا جائے گا ۔

(ب) متعلقہ پلوں کی بازتعمیر اور انہیں چوڑا کرنے کے خاکے اور تخمینے محکمہ مواصلات وتعمیرات سے ابھی وصول نہیں ہوئے ہیں ان کو جلد تیار کرنے کے لئے محکمہ مذکور کو یاد دھانی کرائی جا رہی ہے ۔

LINKING OF SHUJABAD-KHANGARH ROAD BY A BOAT-BRIDGE ON RIVER CHENAB

***6418. Syed Diwan Ghulam Abbas Bukhari** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please refer to the answer to my starred question No. 2687 given by Minister of Communications and Works in the House on 15th April, 1963 and state whether there is any scheme with the District Council, Multan, or District Council, Muzaffargarh for the construction of a boat-bridge on river Chenab in order to link Shujabad-Khangarh road; if so, the time by which the said bridge will be constructed ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) جی نہیں ۔

AUDITING OF THE ACCOUNTS OF UNION COUNCILS

*6440. **Sardar Inayat-ur-Rehman Khan Abbasi** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government, be pleased to state :—

(*a*) the designation of the officer responsible for auditing the accounts of Union Councils and the procedure of such audit ;

(*b*) the name of the auditor who audited the accounts of each Union Council in Tehsil Abbottabad and the names of places; where the accounts of each Union Council were audited ;

(*c*) in case the audit of accounts of all the Union Councils was done at the District headquarter; reasons therefor;

(*d*) the names of those Union Councils whose accounts were audited at Abbottabad along with the distance of each of the said Union Council from Abbottabad;

(*e*) the amount of Travelling Allowance received or claimed by each Secretary of the Union Councils mentioned in (*d*) above for going to Abbottabad and (*ii*) the total Travelling Allowance received by Secretaries of all Union Councils of Tehsil Abbottabad in this connection ;

(*f*) whether the said auditors were competent to call the records of the said Union Councils at the District Headquarter; if so, the authority therefor;

(*g*) whether the auditors deputed to audit the accounts of the offices of Assistant Commissioner, Mansehra and Assistant Commissioner, Abbottabad were also empowered to call the records to Abbottabad and Haripur, respectively for audit; if not, reasons empowering the audit officers of the said Union Councils to call the records to District Headquarters ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) - (الف) ایگزامینر لوکل فنڈ آڈٹ یونین کونسلوں کے حسابات کے محاسبے کا ذمہ دار ہے - حسابات کے محاسبے کا طریق کار محکمہ مالیات نے مقرر کیا ہے -

(ب،ج،د،و اور ز) مطلوبہ معلومات لوکل فنڈ آڈٹ پشاور کے ایگزامینر سے حاصل کی جارہی ہیں اور موصول ہونے پر رکن محترم کو پیش کردی جائیں گی -

(ہ) تحصیل ایبٹ آباد کی مختلف یونین کونسلوں کے سیکریٹریوں نے جو سفر خرچ وصول کیا ہے اس کی رقوم ذیل میں پیش ہیں :-

نمبرشمار	یونین کونسل				رقم
۱	سیکریٹری یونین کونسل کاکول				۵۶۵۰ روپے
۲	,,	,,	,,	حویلیاں	۲۶۷۴ روپے
۳	,,	,,	,,	بوائل	۱۶۱۲ روپے
۴	,,	,,	,,	کاکوٹری	۱۱۶۹۰ روپے
۵	,,	,,	,,	ڈالولا	۱۰۶۶۲ روپے
۶	,,	,,	,,	بکوٹ	۲۱۶۳۲ روپے
۷	,,	,,	,,	ملاچہ	۱۴۶۸۷ روپے
۸	,,	,,	,,	چھڈ	۱۰۶۲۱ روپے
۹	,,	,,	,,	ناملی میرا	۷۶۴۸ روپے
۱۰	,,	,,	,,	نگری بالا	۱۱۶۶۲ روپے
۱۱	,,	,,	,,	نارا	۶۶۷۴ روپے

سردار عنایت الرحمان خاں عباسی - اس کے باقی جزوں کے جوابات تو دوسری دفعہ آجائیں گے مگر جو نہیں دئیے گے انکے متعلق کیا ارشاد ہے -

وزیربنیادی جمہوریت ولوکل گورنمنٹ (مسٹر عبدالغفارخاں پاشا) جناب ہم نے جواب دیا ہے - مگر ب ' ج ' د' و اور زجو ہیں انکی اطلاع ہمارے پاس ابھی نہیں آئی - جب پہنچ جائے گی تو جواب دے دیا جائے گا -

سردار عنایت الرحمان خان عباسی - یہ جو جناب سٹیٹمنٹ (ہ) کے متعلق دی گئی ہے یعنی جوہر سیکریٹری نے ٹی اے Draw کیا ہے وہ غلط سٹیٹمنٹ ہے جناب اور یہ میں اس لئے کہتا ہوں کہ ایک یونین کونسل کا میں خود چیئرمین ہوں - اب اس کے سیکریٹری نے ٹی اے Draw کیا ہے لیکن فہرست میں نہیں آیا - تو میں گذارش کرتا ہوں کہ اس کو پھر Take up کرلیں گے تو ٹھیک رہے گا -

وزیر بنیادی جمہوریت ولوکل گورنمنٹ - تو اس کو میں دوبارہ چیک اپ کروں گا اور اگر غلط ہے تو جس شخص نے غلط انفارمیشن دی ہے اس پر ذمہ داری Fix کی جائے گی -

میاں عبداللطیف - جناب سپیکر - جناب وزیر صاحب ہر سوال کے بعد یہ فرماتے ہیں کہ اگر ایسی بات ہوئی تو میں بڑا سخت ایکشن لوں گا - یہ سب کچھ ریکارڈ ہوتا رہے تاکہ ہمیں کم‌از کم پتہ چل جائے کہ آپ لوگوں کے خلاف بعد میں ایکشن لیتے بھی ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - جو کچھ آپ کہہ رہے ہیں یا میں کہہ رہا ہوں وہ ریکارڈ ہورہا ہے -

---

SEPARATE CLERICAL CADRES FOR REGIONAL OFFICES AND OTHER OFFICES OF EDUCATION DEPARTMENT

***6458. Sardar Inayat-ur Rehman Khan Abbasi :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there are separate clerical cadres for the Regional Offices and other Offices of the Education Department ; and the promotion of clerks therein is restricted to the posts in their respective offices; if so, reasons for not prescribing join caders for all offices as is the case in other Departments ;

(*b*) whether it is a fact that clerical staff in Regional Offices of the Education Department get rapid promotions in comparison to staff of other Offices of the said Department;

(*c*) whether it is a fact that the clerical establishment in the offices of the Education Department are not confirmed after a year or two and their cases for confirmation linger on for a considerable time ;

(*d*) if answers to (*c*) above be in the affirmative, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان ملنگ خان) ۔

(الف) جی نہیں ۔ تمام ریجنوں میں ایسا نہیں ہے لیکن لاہور ریجن میں یہ صورت ہے جہاں صدر دفتر اور ماتحت دفاتر کے دو الگ الگ زمرے انضمام کے وقت سے موجود ہیں ۔ ان دونوں دفاتر کے ملازمین کے لئے قواعد ملازمت علیحدہ علیحدہ ہیں ۔ لاہور ریجن میں دو علیحدہ علیحدہ زمروں کی وجہ یہ ہے کہ انضمام سے پہلے سابقہ پنجاب میں صدر دفتر محکمے کے سیکرٹریٹ کے طور پر بھی کام کر رہا تھا ۔ صدر دفتر میں کام کی نوعیت نسبتاً زیادہ ذمہ داری کی حامل تھی ۔ یعنی قواعد ضوابط اور محکمے کی پالیسی کی روشنی میں کیسوں کی چھان بین اور پڑتال کرنا جب کہ ماتحت دفاتر کو زیادہ تر روز مرہ سے معمول کے مطابق کام کرنا ہوتا تھا ۔ اس لئے صدر دفتر میں ملازم عملے کو ریجنل دفتر میں بحسن و خوبی کام سلجھانے کے لئے خصوصی طور تربیت یافتہ ہونا پڑتا تھا ۔ تنظیم نو کے بعد وہی عملہ لاہور اور راولپنڈی کے ریجنل دفاتر میں تعینات کیا گیا ۔ ریجن میں صدر دفتر اور دیگر ماتحت دفاتر کے لئے ایک مشترکہ زمرہ قائم کرنے کا سوال بعض ملازمین کے ملازمتی حقوق کو متاثر کئے بغیر نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ نئے قواعد ملازمت کے اجرا کے ساتھ جنہیں حکومت نے ۲ ستمبر ۱۹۶۳ء سے نافذ کیا ہے صدر دفتر کے عملہ اور ماتحت دفاتر میں کام کرنے والے عملے کے تقدم کو یک جا کیا جا رہا ہے ۔

(ب) جی نہیں - تمام ریجنوں میں ایسا نہیں ہے لیکن لاہور ریجن میں یہ صورت ہے اور اس کی وجوہات اوپر بیان کی جا چکی ہیں -

(ج) عملہ محرری کی مستقلیاں ہر کیس میں بر بنائے استحقاق آزمائشی مدت گذرنے پر دستیاب مستقل آسامیوں کے مقابل کی جاتی ہیں - کوئٹہ اور لاہور کے ریجنوں میں بعض اہلکاروں کی مستقلیاں ابھی تک مندرجہ ذیل (د) میں دئے گئے اسباب کی بنا پر نہیں ہو سکیں -

(د) (۱) جہاں تک کوئٹہ ریجن کا تعلق ہے بعض اہلکار اس بناء پر مستقل نہیں کئے گئے کہ انضمام سے پہلے کوئٹہ ڈویژن میں ایک مشترکہ بلوچستان محرری زمرہ تھا - محکمہ تعلیم میں کام کرنے والے محرری عملہ ریونیو کمشنر کوئٹہ کے زیر انتظام تھا - اب کمشنر کوئٹہ ڈویژن کنٹرولنگ اتھارٹی ہے - عملے کے بعض افراد کو مستقل کر دیا گیا ہے اور بعض کے کیس پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن مستعدی سے غور کر رہے ہیں -

(۲) لاہور ریجن میں صدر دفتر اور ماتحت دفاتر میں کام کرنے والے بیشتر اہلکاروں کو ان قدیم قواعد ملازمت کے تحت جن کے تحت ان کا تقرر ہوا تھا پہلے ہی مستقل کیا جا چکا ہے - کچھ معاملات ایسے ہیں جن میں بعض اہلکاروں کو حکومت کی طرف سے مستقلی پر عائد کردہ پابندی اور نئے قواعد ملازمت کی عدم دستیابی کی وجہ سے مستقل نہیں کیا جا سکا - ان اہلکاروں کی مستقلی کے معاملات پر غور شروع کر دیا گیا ہے اور جلد ہی اس کی تکمیل ہو جائے گی -

RAISING THE STANDARD OF MIDDLE SCHOOL, LAHORE, TEHSIL SAWABI TO HIGH SCHOOL

*6500. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government Middle School, Lahore, Tehsil Swabi is running 9th and 10th classes for the last three years under the arrangements made by the Union Council, Lahore ;

(*b*) whether it is a fact that the inhabitants of village Lahore have constructed six additional rooms, one Headmaster's Office and one staff-room for the above school ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to raise the standard of the said school to a High school and provide funds in 1964-65 for the purpose ; if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان ملنگ خان) ۔

(الف) جی ھاں ۔

(ب) جی ھاں ۔

(ج) زیادہ اھم مطالبات اور محددو وسائل کی وجہ سے ڈائر کٹر تعلیم اس سکول کو سال ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے ترقیاتی پروگرام کی سفارشات میں شامل نہیں کر سکے ۔ اس سکول پر مناسب غور تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں کیا جائے گا ۔

خان اجون خان جدون ۔ یہ جناب پچھلے تین سال میں یہ خود تسلیم کر رہے ھیں کہ لاھور کے لوگ خود سکول کو چلا رہے ھیں ۔ انہوں نے کمرے بھی بنوائے ھیں تو اس پانچ سالہ منصوبہ میں ان کو کسی سال کے ترقیاتی پروگرام میں شامل نہ کرنا کیا یہ ان کے ساتھ زیادتی نہیں ھے ۔ ؟

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا۔ حکومت نے اپنے مالی وسائل کے مطابق فیصلہ جات کرنے ہوتے ہیں اور جیسے اس سے پہلے ایک سوال کے جواب میں عرض کیا جا چکا ہے کہ تحصیل صوابی اور تحصیل مردان میں خاصے گورنمنٹ ہائی سکول پہلے موجود ہیں ۔ باقی علاقوں کو بھی مدنظر رکھا جانا ہے اور مالی وسائل کے مطابق جو وضاحت ہے وہ سوال کے جواب میں کر دی گئی ہے ۔ لیکن جوں ہی حالات اس بات کی اجازت دیں گے اس سکول کو شامل کیا جائے گا ۔ یہ نہیں کہ اس شہر کو نظر انداز کیا جائے گا ۔

مسٹر عبدالرازق خان ۔ جناب کیا میں وزیر صاحب سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ آپ بتائیے کہ ۱۹۶۴-۶۵ء میں آپ مردان ڈسٹرکٹ میں کوئی ہائی سکول کھول رہے ہیں اور اگر کھول رہے ہیں تو کیا لاہور ہائی سکول سے کسی کو آپ فوقیت دے سکتے ہیں جب کہ وہ تین سال سے اپنی مدد آپ کے تحت نویں اور دسویں جماعت چلا رہے ہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ میں یہ بات اس طرح سے نہیں کہہ سکتا کہ میں کہوں کہ سکول کھولے جا رہے ہیں ویسے یہ نیا سوال ہے لیکن جہاں تک حصہ (ج) میں وضاحت کر دی گئی ہے کہ ڈائریکٹر نے اپنے علاقے کے ترقیاتی پروگرام کے مطابق اس سکول کی سفارش نہیں کی ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حالات کے مطابق شاید یہ مناسب نہ تھا ۔

مسٹر عبدالرازق خان ۔ کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم یہ بتائیں گے کہ اگر مردان کے لئے ۱۹۶۴-۶۵ء کے بجٹ میں کسی ہائی سکول کے کھولنے کی پرووِژن رکھی گئی ہو تو کیا اس کو Consider کریں گے کیونکہ ان کا حق سب سے زیادہ ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا یہ اس طرح ضلع کی بنیاد پر یہ گنجائش ممکن نہ ہوگی کیونکہ کوہاٹ کے علاقے میں کتنے عرصہ سے کوئی سکول نہیں کھلا ۔ اس دفعہ وہاں تجویز کی گئی ہے جہاں تک میرے علم کا تعلق ہے یہاں نہیں ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان - اگر ہے تو آپ اس پر سوچیں گے -

وزیر تعلیم - نہیں ہے -

خان اجون خان جدون - اگر پورے ضلع مردان کو آپ نے Ignore کیا ہے تو کیا آپ سارے ضلع کے ساتھ زیادتی نہیں کر رہے -

وزیر تعلیم - اگر میرے فاضل دوست سارے اضلاع کے Facts & Figures اکٹھے کریں اور مردان اور صوابی تحصیل کے Facts & Figures اکٹھے کریں تو میرےخیال میں مقابلہ کرنے کے بعد خود اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ صوابی اور مردان تحصیل سارے ویسٹ پاکستان کے اضلاع سے آگے ہے -

---

NAWABSHAH MUNICIPAL DRAINAGE SCHEME

*6511. **Syed Nazar Shah** : Will the Minister of Basic Democracies be pleased to state whether it is a fact that Government have undertaken to pay 1/3rd of the cost of Nawabshah Municipal Drainage Scheme ; if so whether funds have been made available to the said Municipality by the Government, if not, reasons therefor and the time by which Government intend to provide the said funds ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) - میونسپل کمیٹی نواب شاہ نے مبلغ سترہ لاکھ چوبیس ہزار روپے کی لاگت کی ایک تجویز پانی کی نکاسی کے بارے میں ۱۹۵۹ء میں تیار کی - بعد ازاں سوشل ویلفیئر کے محکمہ نے اس تجویز کو جانچا اور اس میں چند ایک ترمیمیں کیں - میونسپل کمیٹی نے گورنمنٹ سے نہ تو کسی قرضہ یا امداد کی کوئی درخواست کی ہے - میونسپل کمیٹی نے بہر حال گیارہ لاکھ روپے اس سکیم کے لئے علیحدہ مہیا کئے تھے - اور اول مرحلہ جس پر ایک لاکھ چورانوے ہزار روپے خرچ ہوا ہے محکمہ سوشل ویلفیر اور اس کے قائم مقام محکمہ پبلک ہیلتھ انجنیرنگ نے مکمل کر لیا ہے - اگر میونسپل کمیٹی کو اس سکیم کی تکمیل کے لئے گورنمنٹ سے قرضے یا امداد کی ضرورت ہے تو اس کے لئے مناسب ہوگا کہ ایک یا ضابطہ مراسلہ اپنے ڈویژنل کمشنر صاحب کی وساطت سے حکومت کو بھیجے -

مسٹر سلطان محمد اعوان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا ۲۷ تاریخ کو . . . (شور اور قطع کلامیاں) -

Mr. Speaker : Order, please.

مسٹر سلطان محمد اعوان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر ۲۷ تاریخ کو میرا ایک Short Notice Question تھا جو دراصل بنیادی جمہوریت کے محکمہ سے تعلق رکھتا تھا چنانچہ ملک صاحب نے فرمایا تھا کہ یہ بنیادی جمہوریت کے محکمہ کو ریفر کر دیا جائے گا لیکن آج کی جو نشان زدہ سوالات کی لسٹ ہے وہ اس میں درج ہے اور Lapse ہو رہا ہے تو میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس کو قلیل المہلت سوال کے طور پر آج یہاں لایا جائے -

Mr. Speaker : Was that a Short Notice Question ?

Minister of Basic Democracies : Sir, I have got the answer ready.

Mr. Speaker : The member may put the question No. 6747.

خان اجون خان جدون - جناب والا - میری گذارش ہے -

Mr. Speaker : Please let him first put that question.

SHIFTING OF TIMBER MERCHANTS TO NEW TIMBER MARKET, LAHORE

***6747. Mr. Sultan Muhammad Awan :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that all business concerns dealing in timber at Lahore except those having premises in the New Timber Market, Lahore, have been prohibited to do their business within the limits of Lahore Municipal Corporation, with effect from 8th February, 1962 ;

(*b*) whether it is also a fact that the plots in the said New Timber Market have been allotted only to those timber merchants who had their business concerns on the Ravi Road and Hospital Road ;

(*c*) whether it is a fact that some Timber Merchants are still carrying on their business on Misri Shah, Ichhra, Dharampura, Baghbanpura, Mayo Road, Multan Road and Ferozepur Road ;

(*d*) whether it is also a fact that many plots are still lying unoccupied in the New Timber Market ;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, reasons for not shifting the Timber Merchants referred to in (*c*) above to the New Timber Market and whether Government intend to do so in the near future ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) -

(الف) جی ہاں - تاہم ان سوداگران چوب کو اپنے موجودہ احاطوں میں اپنا کاروبار جاری رکھنے کی اجازت ہے جن کے احاطے کمشنر لاہور ڈویژن کی طرف سے خالی کرانا مطلوب نہیں ہیں -

(ب) جی ہاں -

(ج) جی ہاں -

(د) جی ہاں -

(ہ) حکومت اولاً یہ چاہتی تھی کہ وہ علاقہ جو ہسپتال اور راوی روڈ کے کنارے کنارے ہے سوداگران چوب سے خالی کرا لیا جائے چنانچہ ان کو نئی ٹمبر مارکیٹ میں موقعہ جات الاٹ کر دیئے گئے ہیں - شہر کے دوسرے علاقوں میں سے تمام سوداگران چوب کو نئی ٹمبر مارکیٹ میں منتقل کرنے کی تجویز الگ طور پر حکومت کے زیر غور ہے -

مسٹر سلطان محمد اعوان - کیا آرڈیننس کی کسی دفعہ کے تحت یہ صاف طور پر کہا گیا ہے کہ کوئی ٹمبر مرچنٹ میونسپل حدود میں کاروبار نہیں کر سکتا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (مسٹر عبدالغفار خان پاشا) ٹمبر بزنس پورے لاہور میں ہر جگہ پھیلا ہوا ہے - یہ جو

ہسپتال کے پاس راوی روڈ کے قریب تھا اسے اس لئے ہٹایا گیا تھا کہ یہ ہسپتال کے مریضوں کے لئے بڑی تکلیف دہ چیز تھی اور یہ ایک طرح کی Nuisance تھی ۔ اس کو وہاں سے ہٹایا گیا تاکہ ہسپتال کے کاموں میں رکاوٹ نہ ہو اور مریضوں کے لئے تکلیف دہ نہ ہو مگر دوسری سکیم زیر غور ہے کہ سارے اور پورے شہر میں ٹمبر کے سوداگران کے لئے کوئی جامعہ سکیم بنا کر انہیں Settle کیا جائے ۔

مسٹر سلطان محمد اعوان ۔ جناب سپیکر ۔ میں وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ آدھے دوکانداروں کو وہاں سے ہٹانا اور آدھوں کو نہ ہٹانا یہ ٹھیک نہیں ہے ۔ جنکو ہٹایا گیا ہے انکو زیادہ نقصان ہو رہا ہے ۔ میں انکی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ جلد از جلد باقی دوکانداروں کو بھی وہاں سے شفٹ کر کے ٹمبر مارکیٹ میں کریں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ ٹمبر بزنس کے ہسپتال کے قریب ہونے اور لکڑی کی چرائی کیوجہ سے شور مچتا تھا اور یہ چیز مریضوں کے لئے بڑی تکلیف دہ تھی ۔ اس لئے انہیں فوری طور پر وہاں سے ہٹایا گیا ہے اور دوسری پورے شہر کے لئے ایک جامعہ سکیم تیار کر رہے ہیں جس وقت بھی وہ تیار ہو گی تو انکو ہم اٹھائیں گے ۔

Mr. Muhammad Ibrahim Barq : Sir, I had so many questions on the list of questions for today. I am prepared to forego the rest except one.

جس کا جواب اس ہفتہ سے تعلق رکھتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کو اس کا جواب مل چکا ہے ۔ ؟

مسٹر محمد ابراہیم برق ۔ جی نہیں ملا ۔

Mr. Speaker : What is the position about this question ?

Minister of Basic Democracies : May I know the number of the question, Sir.

Mr. Muhammad Ibrahim Barq : The number is 6694

مسٹر سپیکر - کیا اس کے جواب کی ایک کاپی برق صاحب کو پیش کر دی گئی ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جی ہاں - اسکی ایک کاپی چلی گئی ہے -

حاجی عبدالمجید جتوئی - میرا بھی ایک سوال تھا - آپ نے کہا تھا کہ اس کا جواب دوسری turn پر دیں گے - وہ آج کی لسٹ میں داخل نہیں ہے - ابھی ابھی مجھے جواب دے کے گئے ہیں - دوسرا ہمارا آج کا ایک سوال تھا - وہ بھی آخر میں رکھ دیا گیا ہے - ہمارے آپوزیشن کے کوئی بھی سوال پہلے نہیں آتے ہیں - یہ سوال بڑا important ہے - کیونکہ ڈپٹی انسپکٹر رشوتی ہمارے دادو میں ہے - - -

مسٹر سپیکر - جتوئی صاحب - جہاں تک سوالات کے arrange کرنے کا تعلق ہے ، وہ نمبروار arrange کئے جاتے ہیں -

حاجی عبدالمجید جتوئی - میری عرض ہے کہ ہمارے دونوں سوال اگلی turn پر پہلے پہلے رکھ دیں تو پھر مجھے ان کا جواب دیں -

خواجہ محمد صفدر - اس کو اگلی turn پر رکھ لیا جائے اور ان کا مکمل جواب آ جائے تو ان کا گلہ بھی جاتا رہے -

Mr. Speaker : Is it not complete ?

خواجہ محمد صفدر - یہ incomplete ہے -

مسٹر سپیکر - یہ مجھے میرے چیمبر میں تفصیل دیدیں -

حاجی عبدالمجید جتوئی - دوسرے سوال کے متعلق بھی یہی میری عرض ہے کہ لسٹ میں دوسری turn پر اسکو رکھنا چاہئے -

خان اجون خان جدون - سوال نمبر ٦٥٦٠ کا مجھے کوئی جواب نہیں ملا -

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جواب تیار ہے ۔ میں ابھی دے دیتا ہوں ۔

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

VICTORIA GOVERNMENT GIRLS HIGH SCHOOLS, LAHORE

